طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیْضَۃٌ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ

اسلامی بچوں اور بچیوں کے لیے اہم اسلامی معلومات پر مشتمل مفید کتاب

پانچویں جماعت کے لیے

# سُبحانی دینی نِصاب

## حِصّہ پنجم



تالیف

سید محمد اکرام الحق قادری مصباحی
صدر المدرسین دار العلوم محبوبِ سبحانی، کرلا ممبئی

ناشر
شعبۂ اشاعت دار العلوم محبوبِ سبحانی کرلا ویسٹ ممبئی

طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ

اسلامی بچوں اور بچیوں کے لیے
اہم اسلامی معلومات پر مشتمل نہایت مفید کتاب

# سبحانی دینی نصاب حصۂ پنجم

پانچویں جماعت کے لیے

تالیف

سید محمد اکرام الحق قادری مصباحی عفی عنہ

صدر المدرسین: دار العلوم محبوبِ سبحانی، کرلا ممبئی

ناشر: شعبۂ اشاعت، دار العلوم محبوبِ سبحانی، کرلا ویسٹ، ممبئی

# جملہ حقوق بحقِ ناشر محفوظ ہیں


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | سبحانی دینی نصاب حصۂ پنجم |
| مؤلف | : | سید محمد اکرام الحق قادری مصباحی عفی عنہ<br>صدر مدرس: دار العلوم محبوبِ سبحانی کرلا ممبئی<br>فون نمبر 9029249679 |
| کمپوزنگ | : | بدستِ خود |
| نظرِ ثانی | : | حضرت علامہ مفتی محمد فاروق خان مہائمی مصباحی<br>استاد و نائب مفتی ادارہ ہٰذا |
| تزیین | : | حضرت مولانا نصر الدین صاحب سبحانی<br>استاد ادارہ ہٰذا |
| اشاعت بارِ اول | : | شوال ۱۴۴۲ھ مطابق جون ۲۰۲۱ء |
| تعداد | : | ۱۱۰۰ |
| صفحات | : | ۱۳۶ |
| قیمت | : | 300 |
| پیش کش | : | شعبۂ اشاعت دار العلوم محبوب سبحانی، کرلا ویسٹ، ممبئی ۷۰ |

# فہرستِ مضامین


| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر | شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | شرفِ انتساب | ل | ۲۲ | حضور رحمتِ عالم ﷺ کی بردباری | ۶ |
| ۲ | پہلا سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۱ | ۲۳ | آپ ﷺ کے عفو و درگزر کا واقعہ | ۷ |
| ۳ | نجات پانے والا گروہ کون؟ | // | ۲۴ | چھٹی فصل: [گوشۂ اہلِ بیتِ اطہار] | // |
| ۴ | اہلِ سنت و جماعت کی حقیقت | // | ۲۵ | اہلِ بیتِ کرام کا تعارف | // |
| ۵ | ہندوستان میں پائے جانے والے گمراہ فرقے | // | ۲۶ | اہلِ بیتِ اطہار، قرآنِ پاک کی روشنی میں | ۸ |
| ۶ | دوسری فصل: [فقہیات] | ۲ | ۲۷ | اہلِ بیت اطہار، حضور ﷺ کی نظر میں | // |
| ۷ | روزہ کا معنیٰ اور اُس کی شرعی حیثیت | // | ۲۸ | ساتویں فصل: [عام دینی معلومات] | // |
| ۸ | روزے کی تاریخ | // | ۲۹ | حضور ﷺ کے خاص خادموں کے نام | ۹ |
| ۹ | روزے کی قسمیں | ۳ | ۳۰ | حضور ﷺ کے خصوصی محافظین | // |
| ۱۰ | فرض، واجب، اور نفلی روزوں کا مفہوم | // | ۳۱ | کاتبانِ وحیِ الٰہی | // |
| ۱۱ | وہ روزے جو مکروہِ تنزیہی ہیں | // | ۳۲ | دوسرا سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۱۰ |
| ۱۲ | وہ روزے جو مکروہِ تحریمی ہیں | // | ۳۳ | عقیدۂ ختمِ نبوت کا مفہوم | // |
| ۱۳ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | // | ۳۴ | اِس عقیدے کی اہمیت و شان | // |
| ۱۴ | صبر کا معنیٰ اور اس کی شرعی حیثیت | // | ۳۵ | فتنۂ قادیانیت | ۱۱ |
| ۱۵ | صبر کی فضیلت | ۴ | ۳۶ | دوسری فصل: [فقہیات] | // |
| ۱۶ | بے صبری کے نقصانات | // | ۳۷ | روزے کے درجات | // |
| ۱۷ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرتِ پاک] | // | ۳۸ | روزے کے فوائد | ۱۲ |
| ۱۸ | بیعتِ رضوان | // | ۳۹ | جسمانی اعضا کے روزے | // |
| ۱۹ | بیعتِ رضوان کا ذکر، قرآن مجید میں | ۵ | ۴۰ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | ۱۳ |
| ۲۰ | حدیبیہ میں حضور ﷺ کے معجزات | ۶ | ۴۱ | شکر کا معنیٰ | // |
| ۲۱ | پانچویں فصل: [حضور ﷺ کے اخلاق] | // | ۴۲ | شکر کی قسمیں | // |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۴۳ | شکر کی فضیلت | ۱۳ |
| ۴۴ | ناشکری کے نقصانات | ۱۴ |
| ۴۵ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرتِ پاک] | // |
| ۴۶ | صلحِ حدیبیہ | // |
| ۴۷ | اِس کا تاریخی پس منظر | // |
| ۴۸ | عروہ بن مسعود کی دھمکی | ۱۵ |
| ۴۹ | صدیقِ اکبر کا عشقِ رسول | // |
| ۵۰ | عروہ بن مسعود کے تاثرات | // |
| ۵۱ | پانچویں فصل: [حضور ﷺ کے اخلاق] | ۱۶ |
| ۵۲ | آقائے کریم ﷺ کی شانِ سخاوت | // |
| ۵۳ | چھٹی فصل: [گوشۂ اہلِ بیتِ اطہار] | ۱۷ |
| ۵۴ | اہلِ بیتِ اطہار، اَسلاف کی نظر میں | // |
| ۵۵ | اہلِ بیتِ اطہار کی خصوصیات | ۱۸ |
| ۵۶ | ساتویں فصل: [عام دینی معلومات] | // |
| ۵۷ | دربارِ نبوت کے مخصوص شعرا | // |
| ۵۸ | حضور ﷺ کے خصوصی مؤذنین | // |
| ۵۹ | عشرۂ مبشرہ کے اسمائے گرامی | ۱۹ |
| ۶۰ | حضور ﷺ کی مقدس باندیاں | // |
| ۶۱ | تیسرا سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۲۰ |
| ۶۲ | قادیانیت کا بانی کون؟ | // |
| ۶۳ | ختمِ نبوت پر آیتِ کریمہ سے استدلال | // |
| ۶۴ | ختمِ نبوت پر احادیثِ کریمہ سے استدلال | ۲۱ |
| ۶۵ | دوسری فصل: [فقہیات] | // |
| ۶۶ | روزہ نہ رکھنے والوں کا انجام | ۲۱ |
| ۶۷ | روزہ نہ رکھنے کی رخصت کسے؟ | ۲۲ |
| ۶۸ | شیخِ فانی کا معنیٰ | // |
| ۶۹ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | ۲۳ |
| ۷۰ | توبہ کا معنیٰ اور اُس کی شرعی حیثیت | // |
| ۷۱ | توبۂ نصوح کا مفہوم | // |
| ۷۲ | سچی توبہ کرنے والوں کا اجر وثواب | ۲۴ |
| ۷۳ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرتِ پاک] | // |
| ۷۴ | صلح حدیبیہ کے شرائط | // |
| ۷۵ | یہ صلح فتوحات کی کنجی کیسے ثابت ہوئی؟ | ۲۵ |
| ۷۶ | پانچویں فصل: [حضور ﷺ کے اخلاق] | // |
| ۷۷ | ہمارے آقا ﷺ کی شانِ شجاعت | // |
| ۷۸ | بے مثال جسمانی قوت | ۲۶ |
| ۷۹ | یزید پہلوان کی شکستِ فاش | // |
| ۸۰ | چھٹی فصل: [گوشۂ اہلِ بیتِ اطہار] | // |
| ۸۱ | حضور ﷺ کی مقدس اولاد کی تعداد | // |
| ۸۲ | مقدس شہزادوں کا تعارف | ۲۷ |
| ۸۳ | حضرت زینب کا تعارف | // |
| ۸۴ | ساتویں فصل: [عام دینی معلومات] | ۲۸ |
| ۸۵ | چند صحابۂ کرام کے اسمائے گرامی | // |
| ۸۶ | چند مقدس صحابیات کے نام | // |
| ۸۷ | ولایت کا مفہوم | ۲۹ |
| ۸۸ | کیا ولایت کے لیے علمِ دین ضروری ہے؟ | // |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۸۹ | کس امت کے اولیا سب سے افضل؟ | ۲۹ |
| ۹۰ | چوتھا سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۳۰ |
| ۹۱ | فرقۂ وہابیت کا بانی کون؟ | // |
| ۹۲ | اِس فتنے سے متعلق ہمارے نبی کی غیب دانی | // |
| ۹۳ | ابنِ عبدالوہاب نجدی کے عقائد | ۳۱ |
| ۹۴ | دوسری فصل: [فقہیات] | // |
| ۹۵ | سحری کا معنیٰ | // |
| ۹۶ | سحری کی فضیلت | // |
| ۹۷ | روزہ فاسد کرنے والی چیزیں | ۳۲ |
| ۹۸ | روزے کے مکروہات | // |
| ۹۹ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | ۳۳ |
| ۱۰۰ | خوف وامید کا مفہوم | // |
| ۱۰۱ | امید ورجا کی فضیلت | // |
| ۱۰۲ | بخشش کی امید پر گناہ کرنا کیسا؟ | ۳۴ |
| ۱۰۳ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرت پاک] | // |
| ۱۰۴ | حضرتِ مولا علی کا اندازِ محبت | // |
| ۱۰۵ | شاہانِ جہاں کو اسلام کی دعوت | ۳۵ |
| ۱۰۶ | دعوتی خطوط لے جانے والے صحابۂ کرام | // |
| ۱۰۷ | پانچویں فصل: [حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق] | // |
| ۱۰۸ | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفتِ حیا | ۳۶ |
| ۱۰۹ | چھٹی فصل: [گوشۂ اہلِ بیتِ اطہار] | ۳۷ |
| ۱۱۰ | حضرتِ سیدتنا رقیہ کے حالاتِ زندگی | // |
| ۱۱۱ | حضرت سیدتنا ام کلثوم کی سیرتِ پاک | // |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۱۲ | ساتویں فصل: [عام دینی معلومات] | ۳۸ |
| ۱۱۳ | کیا طریقت، شریعت سے جدا ہے؟ | // |
| ۱۱۴ | کوئی بھی ولی احکامِ شرع سے آزاد نہیں ہوسکتا | // |
| ۱۱۵ | اولیاء اللہ کی طاقت وقدرت | // |
| ۱۱۶ | اولیاے کرام کا علمِ غیب | // |
| ۱۱۷ | کرامت کا معنیٰ ومفہوم | ۳۹ |
| ۱۱۸ | پانچواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۴۰ |
| ۱۱۹ | ہندستان میں وہابیت کس نے پھیلائی؟ | // |
| ۱۲۰ | اسماعیل دہلوی کے چند عقائدِ باطلہ | // |
| ۱۲۱ | دوسری فصل: [فقہیات] | ۴۱ |
| ۱۲۲ | اعتکاف کا معنیٰ | // |
| ۱۲۳ | اعتکاف کی قسمیں | // |
| ۱۲۴ | اعتکاف کے شرائط | ۴۲ |
| ۱۲۵ | اعتکاف میں مسجد سے نکلنے کے اعذار | // |
| ۱۲۶ | عورتوں کا اعتکاف | // |
| ۱۲۷ | اعتکاف ٹوٹ جائے تو کیا کرے؟ | // |
| ۱۲۸ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | ۴۳ |
| ۱۲۹ | خوفِ خدا کی حقیقت | // |
| ۱۳۰ | خوفِ خدا کی شرعی حیثیت | // |
| ۱۳۱ | خشیتِ الٰہی کے درجات | // |
| ۱۳۲ | اللہ عزوجل سے ڈرنے والوں کا مقام | // |
| ۱۳۳ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرتِ پاک] | ۴۴ |
| ۱۳۴ | قیصرِ روم کی عقیدت | // |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر | شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۳۵ | خسرو پرویز کی بدبختی | ۴۴ | ۱۵۸ | دنیا کی حقیقت | ۵۳ |
| ۱۳۶ | نجاشی کی سعادت مندی | ۴۵ | ۱۵۹ | محبتِ دنیا کی شرعی حیثیت | // |
| ۱۳۷ | پانچویں فصل: [حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق] | // | ۱۶۰ | دنیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر میں | // |
| ۱۳۸ | آقائے کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شانِ تواضع | // | ۱۶۱ | دنیا کیوں پیدا کی گئی؟ | ۵۴ |
| ۱۳۹ | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفتِ تواضع کی ایک جھلک | ۴۶ | ۱۶۲ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرت پاک] | // |
| ۱۴۰ | چھٹی فصل: [گوشۂ اہلِ بیتِ اطہار] | ۴۷ | ۱۶۳ | شاہِ مصر کا پاکیزہ اخلاق | // |
| ۱۴۱ | حضرتِ خاتونِ جنت کی سیرتِ طیبہ | // | ۱۶۴ | ابورافع یہودی کے قتل کا واقعہ | // |
| ۱۴۲ | سیدتنا فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کے بعض فضائل | // | ۱۶۵ | پانچویں فصل: [حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق] | ۵۵ |
| ۱۴۳ | ساتویں فصل: [عام دینی معلومات] | ۴۸ | ۱۶۶ | آقائے کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خوش طبعی | ۵۶ |
| ۱۴۴ | ولایت کا معیار | // | ۱۶۷ | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خوش طبعی کے چند واقعات | // |
| ۱۴۵ | اولیاء اللہ کی حیاتِ برزخی | // | ۱۶۸ | چھٹی فصل: [گوشۂ اہلِ بیتِ اطہار] | ۵۷ |
| ۱۴۶ | تصوف کے مشہور سلسلوں کے نام | // | ۱۶۹ | حضرت سیدنا امامِ حسنِ مجتبیٰ کی سوانح | // |
| ۱۴۷ | سلسلۂ قادریہ کا مختصر تعارف | // | ۱۷۰ | حضرتِ امام حسن کے فضائل | // |
| ۱۴۸ | چھٹا سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۵۰ | ۱۷۱ | حضرت امام حسن کی چند نمایاں خوبیاں | // |
| ۱۴۹ | گستاخانِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | // | ۱۷۲ | آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت | ۵۸ |
| ۱۵۰ | قاسم نانوتوی کی گستاخی | // | ۱۷۳ | ساتویں فصل: [اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم] | // |
| ۱۵۱ | قاسم نانوتوی کا اعترافِ جرم | ۵۱ | ۱۷۴ | اسماء النبی کا معنیٰ | // |
| ۱۵۲ | دوسری فصل: [فقہیات] | // | ۱۷۵ | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مقدس ناموں کی تعداد | ۵۹ |
| ۱۵۳ | حج کا معنیٰ اور اُس کی شرعی حیثیت | // | ۱۷۶ | اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مع ترجمہ | // |
| ۱۵۴ | استطاعت کے باوجود حج نہ کرنے والے کا حکم | ۵۲ | ۱۷۷ | ساتواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۶۰ |
| ۱۵۵ | حج کی قسمیں | // | ۱۷۸ | رشید وخلیل کی مشترکہ گستاخی | // |
| ۱۵۶ | حج کا مخصوص وظیفہ | // | ۱۷۹ | اشرف علی تھانوی کی بدزبانی | // |
| ۱۵۷ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | ۵۳ | ۱۸۰ | دوسری فصل: [فقہیات] | ۶۱ |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر | شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۸۱ | فرائضِ حج | ۶۱ | ۲۰۴ | دوسری فصل: [فقہیات] | ۷۰ |
| ۱۸۲ | واجباتِ حج | // | ۲۰۵ | حج کی سنتیں | // |
| ۱۸۳ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | ۶۲ | ۲۰۶ | احرام کے ممنوعات | // |
| ۱۸۴ | سب سے بڑا فتنہ | // | ۲۰۷ | مرد و عورت کے احرام میں فرق | ۷۱ |
| ۱۸۵ | محبتِ مال کے نقصانات | ۶۳ | ۲۰۸ | جرم اور اُس کا کفارہ | // |
| ۱۸۶ | کیا مال جمع کرنا عیب کی بات ہے؟ | // | ۲۰۹ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | // |
| ۱۸۷ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرت پاک] | ۶۴ | ۲۱۰ | شہرت کی خواہش کرنا کیسا؟ | // |
| ۱۸۸ | عبد اللہ بن عتیک بارگاہِ رسالت میں | // | ۲۱۱ | جاہ و مرتبے کی چاہت، مذموم ہے | ۷۲ |
| ۱۸۹ | غزوۂ خیبر کی تاریخ | // | ۲۱۲ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرت پاک] | // |
| ۱۹۰ | مقامِ خیبر کا تعارف | // | ۲۱۳ | جنگِ بدر میں یہودیوں کی تیاریاں | // |
| ۱۹۱ | جنگِ خیبر کا سبب | // | ۲۱۴ | جنگ کا آغاز اور اُس کی کیفیت | // |
| ۱۹۲ | پانچویں فصل: [حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق] | ۶۵ | ۲۱۵ | علی کا نام سن کر اب بھی خیبر کانپ جاتا ہے | ۷۳ |
| ۱۹۳ | آقائے کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفقت و رحمت | // | ۲۱۶ | پانچویں فصل: [حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق] | ۷۴ |
| ۱۹۴ | دیہاتی کے ساتھ مشفقانہ برتاؤ | // | ۲۱۷ | جانوروں اور پرندوں پر حضور کی شفقت | // |
| ۱۹۵ | چھٹی فصل: [گوشۂ اہلِ بیتِ اطہار] | ۶۶ | ۲۱۸ | جانور بھی کریں جن کی تعظیم | // |
| ۱۹۶ | سید الشہداء امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی سوانح | // | ۲۱۹ | چھٹی فصل: [گوشۂ اہلِ بیتِ اطہار] | ۷۵ |
| ۱۹۷ | سرکارِ امامِ حسین کے بعض فضائل | ۶۷ | ۲۲۰ | ازواجِ مطہرات کی عظمت و شان | // |
| ۱۹۸ | امامِ عالی مقام کی شہادت | // | ۲۲۱ | ازواجِ مطہرات حقیقی ماں سے بڑھ کر ہیں | // |
| ۱۹۹ | ساتویں فصل: [سورِ قرآنِ کریم] | ۶۸ | ۲۲۲ | ازواجِ مطہرات کی تعداد اور اُن کا نسب | ۷۶ |
| ۲۰۰ | سورۂ شمس مع ترجمہ | // | ۲۲۳ | ساتویں فصل: [عام دینی معلومات] | // |
| ۲۰۱ | آٹھواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۶۹ | ۲۲۴ | سلسلۂ نقش بندیہ کا تعارف | // |
| ۲۰۲ | رافضیوں کے عقائدِ فاسدہ | // | ۲۲۵ | اِس سلسلے کے چند مشہور بزرگوں کے نام | ۷۷ |
| ۲۰۳ | کیا حضرتِ علی رضی اللہ عنہ تقیہ باز تھے؟ | ۷۰ | ۲۲۶ | سلسلہ چشتیہ کا مختصر تعارف | // |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۲۷ | اِس سلسلے کے مشہور مشائخِ کرام | ۷۷ |
| ۲۲۸ | نواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۷۸ |
| ۲۲۹ | رافضیوں کے بعض کفریہ عقائد مع ردّ | // |
| ۲۳۰ | دوسری فصل: [فقہیات] | ۷۹ |
| ۲۳۱ | حجِ تمتع کا طریقہ، مختصر انداز میں | // |
| ۲۳۲ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | ۸۰ |
| ۲۳۳ | پیٹ کی خواہش کا معنیٰ | // |
| ۲۳۴ | کھانے سے متعلق شرعی حدود | ۸۱ |
| ۲۳۵ | کم کھانے کی فضیلت | // |
| ۲۳۶ | پیٹ بھر کر کھانے کے نقصانات | // |
| ۲۳۷ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرتِ پاک] | ۸۲ |
| ۲۳۸ | حضرتِ علی کی جاں بازی | // |
| ۲۳۹ | یہودیوں کے ساتھ حسنِ سلوک | // |
| ۲۴۰ | پانچویں فصل: [حضور ﷺ کے اخلاق] | ۸۳ |
| ۲۴۱ | حضور ﷺ کی شانِ ایفائے عہد | // |
| ۲۴۲ | وعدہ کی پاسداری کے چند واقعات | // |
| ۲۴۳ | چھٹی فصل: [گوشۂ اہلِ بیتِ اطہار] | ۸۴ |
| ۲۴۴ | حضرت سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ کی حیاتِ طیبہ | // |
| ۲۴۵ | حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت | // |
| ۲۴۶ | حضرتِ سیدتنا سودہ بنت زمعہ کی سوانح | ۸۵ |
| ۲۴۷ | ساتویں فصل: [عام دینی معلومات] | // |
| ۲۴۸ | سلسلۂ سہروردیہ کا مختصر تعارف | // |
| ۲۴۹ | اِس سلسلے کے مشہور مشائخِ کرام | // |
| ۲۵۰ | صحابۂ کرام کا اجتہاد | ۸۵ |
| ۲۵۱ | قیاسِ شرعی کا ثبوت | ۸۶ |
| ۲۵۲ | چند ائمۂ مجتہدین کے اسمائے گرامی | // |
| ۲۵۳ | دسواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۸۷ |
| ۲۵۴ | غیر مقلدین کا تعارف | // |
| ۲۵۵ | غیر مقلد اور دیوبندی میں فرق | // |
| ۲۵۶ | تقلید کا معنیٰ | // |
| ۲۵۷ | تقلید کی قسمیں | ۸۸ |
| ۲۵۸ | دوسری فصل: [فقہیات] | // |
| ۲۵۹ | قربانی کا مفہوم اور اُس کی شرعی حیثیت | // |
| ۲۶۰ | قربانی کا جانور کیسا ہونا چاہیے؟ | // |
| ۲۶۱ | قربانی والے جانوروں کی عمر | ۸۹ |
| ۲۶۲ | قربانی کا صحیح طریقہ | // |
| ۲۶۳ | قربانی سے متعلق چند اہم مسائل | // |
| ۲۶۴ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | // |
| ۲۶۵ | شرم گاہ کی شہوت کیا ہے؟ | // |
| ۲۶۶ | اِس شہوت کے مختلف درجات اور ان کا حکم | ۹۰ |
| ۲۶۷ | اِس شہوت سے بچنے والوں کی فضیلت | // |
| ۲۶۸ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرت پاک] | ۹۱ |
| ۲۶۹ | فتحِ مکۂ مکرمہ | // |
| ۲۷۰ | مکۂ مکرمہ فتح کرنے کا سبب | // |
| ۲۷۱ | مکۂ مکرمہ کی جانب حضور ﷺ کی روانگی | ۹۲ |
| ۲۷۲ | پانچویں فصل: [حضور ﷺ کے اخلاق] | // |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۷۳ | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صلہ رحمی | ۹۲ |
| ۲۷۴ | صلہ رحمی کے چند واقعات | // |
| ۲۷۵ | چھٹی فصل: [گوشۂ اہلِ بیتِ اطہار] | ۹۳ |
| ۲۷۶ | حضرتِ سیدتنا عائشہ صدیقہ کی سیرتِ پاک | // |
| ۲۷۷ | حضرتِ عائشہ رضی اللہ عنہا کے مناقب | // |
| ۲۷۸ | آپ رضی اللہ عنہا کی چند خصوصیات | // |
| ۲۷۹ | آپ رضی اللہ عنہا کا وصالِ اقدس | ۹۴ |
| ۲۸۰ | حضرتِ سیدتنا حفصہ رضی اللہ عنہا کی شخصیت | // |
| ۲۸۱ | آپ رضی اللہ عنہا کی چند خوبیاں | // |
| ۲۸۲ | ساتویں فصل: [عام دینی معلومات] | // |
| ۲۸۳ | ائمۂ مجتہدین کے اسمائے گرامی | // |
| ۲۸۴ | اہلِ سنت وجماعت کون؟ | // |
| ۲۸۵ | صرف ایک امام کی تقلید لازم ہے | ۹۵ |
| ۲۸۶ | ایک ساتھ سب اماموں کی تقلید ناجائز کیوں؟ | // |
| ۲۸۷ | تقلید کی حقانیت کی سب سے واضح دلیل | // |
| ۲۸۸ | گیارہواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۹۶ |
| ۲۸۹ | کِن مسائل میں تقلید کی جاتی ہے | // |
| ۲۹۰ | تقلیدِ شخصی کے واجب ہونے کی دلیل | // |
| ۲۹۱ | تقلید کے واجب ہونے کے عقلی دلائل | ۹۷ |
| ۲۹۲ | دوسری فصل: [فقہیات] | // |
| ۲۹۳ | نکاح کا معنیٰ اور اُس کی شرعی حیثیت | // |
| ۲۹۴ | جو لوگ نکاح پر قادر نہ ہوں، وہ کیا کریں؟ | // |
| ۲۹۵ | سنی کا نکاح کسی بدمذہب سے نہیں ہوسکتا | ۹۸ |
| ۲۹۶ | شریعت کے نزدیک ہم سفر کا معیار | ۹۸ |
| ۲۹۷ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | // |
| ۲۹۸ | زہد کی حقیقت | // |
| ۲۹۹ | زہد کے درجات | ۹۹ |
| ۳۰۰ | زہد کے فضائل | // |
| ۳۰۱ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرت پاک] | // |
| ۳۰۲ | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شانِ رحیمی | // |
| ۳۰۳ | فتح مکہ کے دن اسلامی لشکر کا جاہ وجلال | ۱۰۰ |
| ۳۰۴ | فتح مکہ کے بعد ہمارے نبی کا پہلا فرمان | // |
| ۳۰۵ | پانچویں فصل: [حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق] | ۱۰۱ |
| ۳۰۶ | ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شانِ صدقات وامانت | // |
| ۳۰۷ | بعثت سے قبل بھی آپ امین وصادق تھے | // |
| ۳۰۸ | چھٹی فصل: [گوشۂ اہلِ بیتِ اطہار] | ۱۰۲ |
| ۳۰۹ | حضرت امِ سلمہ کے مختصر حالات | // |
| ۳۱۰ | آپ رضی اللہ عنہا کے چند فضائل | // |
| ۳۱۱ | حضرت امِ حبیبہ کی سیرتِ طیبہ | // |
| ۳۱۲ | آپ رضی اللہ عنہا کے نکاح کا واقعہ | ۱۰۳ |
| ۳۱۳ | ساتویں فصل: [عام دینی معلومات] | // |
| ۳۱۴ | بڑے بڑے اولیا نے بھی تقلید کی ہے | // |
| ۳۱۵ | تقلید کرنے والے چند مشائخِ کرام کے نام | // |
| ۳۱۶ | تقلید کرنے والوں کے عرفی نام | ۱۰۴ |
| ۳۱۷ | حضرتِ امامِ اعظم کی مختصر سیرت | // |
| ۳۱۸ | بارہواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۱۰۵ |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۳۱۹ | خلافتِ راشدہ کا معنیٰ | ۱۰۵ |
| ۳۲۰ | خلافتِ راشدہ کی مدت | // |
| ۳۲۱ | خلفاے راشدین میں سب سے افضل کون؟ | // |
| ۳۲۲ | خلفاے راشدین کے بعد افضل کون؟ | // |
| ۳۲۳ | دوسری فصل: [فقہیات] | ۱۰۶ |
| ۳۲۴ | شادی میں جہیز مانگنا کیسا؟ | // |
| ۳۲۵ | شادی بیاہ کی ناجائز رسمیں | // |
| ۳۲۶ | مہر کی حیثیت مع مقدار | ۱۰۷ |
| ۳۲۷ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | ۱۰۸ |
| ۳۲۸ | کسبِ حلال کی شرعی حیثیت | // |
| ۳۲۹ | رزقِ حلال طلب کرنے کی فضیلت | // |
| ۳۳۰ | پاکیزہ رزق کی برکتیں | // |
| ۳۳۱ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرتِ پاک] | ۱۰۹ |
| ۳۳۲ | شانِ رحمۃ للعالمینی | // |
| ۳۳۳ | محسنِ انسانیت کا حسنِ سلوک | // |
| ۳۳۴ | پانچویں فصل: [حضور ﷺ کے اخلاق] | ۱۱۱ |
| ۳۳۵ | ہمارے نبی کی شانِ قناعت | // |
| ۳۳۶ | حضور ﷺ کی زاہدانہ زندگی | // |
| ۳۳۷ | ایک سبق آموز واقعہ | // |
| ۳۳۸ | چھٹی فصل: [گوشۂ اہلِ بیتِ اطہار] | ۱۱۲ |
| ۳۳۹ | حضرت زینب بن جحش کی سیرتِ پاک | // |
| ۳۴۰ | آپ رضی اللہ عنہا کی خصوصیت | // |
| ۳۴۱ | آپ رضی اللہ عنہا کے فضائل | // |
| ۳۴۲ | حضرت زینب بن خزیمہ کے مختصر حالات | ۱۱۳ |
| ۳۴۳ | ساتویں فصل: [عام دینی معلومات] | // |
| ۳۴۴ | امامِ اعظم کی تعلیم و تربیت | // |
| ۳۴۵ | امامِ اعظم یقیناً تابعی تھے | // |
| ۳۴۶ | امامِ اعظم کا تقویٰ | ۱۱۴ |
| ۳۴۷ | آپ رضی اللہ عنہ کی تصانیف | // |
| ۳۴۸ | امام اعظم کا وصالِ جاں کاہ | // |
| ۳۴۹ | تیرھواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۱۱۵ |
| ۳۵۰ | تمام صحابہ عادل و مخلص تھے | // |
| ۳۵۱ | صحابی سے بغض رکھنے والے کا حکم | // |
| ۳۵۲ | کوئی ولی صحابی کے رتبے تک نہیں پہنچ سکتا | ۱۱۶ |
| ۳۵۳ | تمام صحابہ یقیناً جنتی ہیں | // |
| ۳۵۴ | دوسری فصل: [فقہیات] | // |
| ۳۵۵ | طلاق کا معنیٰ اور اس کی شرعی حیثیت | // |
| ۳۵۶ | اقسامِ طلاق کی تشریح | ۱۱۷ |
| ۳۵۷ | الفاظِ طلاق کی تفصیل | // |
| ۳۵۸ | طلاق کی عدّت | // |
| ۳۵۹ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | ۱۱۸ |
| ۳۶۰ | رزقِ حلال کی جستجو پر ایک واقعہ | // |
| ۳۶۱ | رزقِ حلال کے سلسلے میں تقویٰ کے درجات | // |
| ۳۶۲ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرتِ پاک] | ۱۱۹ |
| ۳۶۳ | غزوۂ حنین کا مختصر حال | // |
| ۳۶۴ | غزوۂ تبوک کی تاریخ | // |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر | شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۶۵ | غزوۂ تبوک کے وقت صحابہ کی قربانیاں | ۱۲۰ | ۳۸۵ | امر بالمعروف کا معنیٰ | ۱۲۸ |
| ۳۶۶ | جنگِ تبوک کے نتائج | // | ۳۸۶ | نہی عن المنکر کا مفہوم | // |
| ۳۶۷ | پانچویں فصل: [حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اخلاق] | ۱۲۱ | ۳۸۷ | امر بالمعروف کی چند صورتیں اور اُن کا حکم | // |
| ۳۶۸ | مالکِ کونین کی فاقہ کشی اختیاری تھی | // | ۳۸۸ | برائی سے روکنے فضیلت | // |
| ۳۶۹ | ایک ایمان افروز واقعہ | // | ۳۸۹ | کیا بدعمل نیکی کی دعوت نہیں دے سکتا؟ | // |
| ۳۷۰ | چھٹی فصل: [گوشۂ اہلِ بیتِ اطہار] | ۱۲۲ | ۳۹۰ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرتِ پاک] | ۱۲۹ |
| ۳۷۱ | حضرتِ میمونہ رضی اللہ عنہا کا مختصر تعارف | // | ۳۹۱ | ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا حج، حجۃ الوداع | // |
| ۳۷۲ | حضرتِ جُویریہ رضی اللہ عنہا کے حالات | // | ۳۹۲ | خطبۂ حجۃ الوداع کے مضامین | ۱۳۰ |
| ۳۷۳ | ساتویں فصل: [اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم] | ۱۲۳ | ۳۹۳ | حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا وصالِ اقدس | // |
| ۳۷۴ | حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے مقدس نام، مع ترجمہ | ۱۲۴ | ۳۹۴ | تجہیز و تکفین اور نمازِ جنازہ کی تفصیل | // |
| ۳۷۵ | چوہواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۱۲۵ | ۳۹۵ | پانچویں فصل: [حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اخلاق] | ۱۳۱ |
| ۳۷۶ | کیا صحابۂ کرام معصوم تھے | // | ۳۹۶ | حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شانِ استغفار | // |
| ۳۷۷ | جنگِ صفین کے بارے میں اسلامی عقیدہ | // | ۳۹۷ | سرورِ دوجہاں صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے استغفار کا مفہوم | // |
| ۳۷۸ | یزیدِ خبیث کے بارے میں ہمارا عقیدہ | // | ۳۹۸ | چھٹی فصل: [گوشۂ اہلِ بیتِ اطہار] | ۱۳۲ |
| ۳۷۹ | یزید مردود کے کالے کرتوت | // | ۳۹۹ | سیدتنا صفیہ رضی اللہ عنہا کا مختصر تعارف | // |
| ۳۸۰ | اہلِ بیتِ اطہار کے بارے میں اسلامی عقیدہ | ۱۲۶ | ۴۰۰ | آپ رضی اللہ عنہا کا نکاح | // |
| ۳۸۱ | دوسری فصل: [فقہیات] | // | ۴۰۱ | آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی فضیلت | // |
| ۳۸۲ | طلاقِ احسن، حسن اور بدعی کی وضاحت | // | ۴۰۲ | ساتویں فصل: [سُوَرِ قرآنِ کریم] | ۱۳۴ |
| ۳۸۳ | عورت طلاق کیوں نہیں دے سکتی؟ | ۱۲۷ | ۴۰۳ | سورۂ لیل مع ترجمہ | // |
| ۳۸۴ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | ۱۲۸ | ۴۰۴ | تمت بالخیر | // |

# شرفِ انتساب

مجھ کو عالم وفاضل بنانے کا خواب لے کر ۱۱ر ربیع الآخر ۱۴۲۳ھ کو اس دنیاے فانی سے عالمِ جاودانی کی جانب کوچ کرنے والے والدِ بزرگ وار ''پیرِ طریقت حضرت مولانا سید محمد نشاط حسین صاحب چشتی نقش بندی'' رحمۃ اللہ علیہ

اور

میری تعلیم وتربیت کی راہ میں دل دوز مصائب وآلام برداشت کرنے والی عزیز از جان والدۂ محترمہ

کے نام

اگر آج میں کسی لائق ہوں تو یہ والدین کریمین کی نیک تمناؤں اور ان کی دل سوز دعاؤں کا ثمرہ ہے۔

گر قبول افتد زہے عز وشرف

احقر الزمن: سید محمد اکرام الحق قادری مصباحی عفی عنہ

نَحْمَدُهٗ وَ نُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ
اَمَّا بَعْدُ

# پہلا سبق

## پہلی فصل — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** مسلمانوں میں پائے جانے والے بہت سے فرقوں میں ''کون سا فرقہ'' حق پر ہے؟ وضاحت فرمائیں!

**جواب:** ویسے تو سبھی فرقے حق پر ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں اور اپنی حقانیت پر قرآن و حدیث سے استدلال کرتے ہیں؛ مگر صرف دعویٰ کر لینے سے کسی کو حق پر نہیں مانا جا سکتا؛ جب تک کہ اُس کے عقائد و نظریات قرآن و حدیث کے مطابق نہ ہوں۔ ہمیں یہ دیکھنا چاہیے کہ حضور رحمتِ عالم ﷺ نے اپنی امت کے کس گروہ کو ''نجات پانے والا گروہ'' قرار دیا ہے؛ کیوں کہ حبیبِ کبریا ﷺ نے جس جماعت کو ''ناجی'' [نجات پانے والا] فرمایا ہوگا، وہی حق پر مانی جائے گی [اور باقی جماعتیں ''گمراہ'' تسلیم کی جائیں گی اور اگر اُن کی بَدْ مَذْہَبِیَّت کفر کی حد تک پہنچے گی تو اُنھیں ''کافر و مرتد'' بھی قرار دیا جائے گا۔

**سوال:** حضور ﷺ نے کس جماعت و فرقے کو ''ناجی'' فرمایا ہے؟ حدیثِ پاک کی روشنی میں بتلائیں!

**جواب:** ہمارا تعلق ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ'' اہلِ سنت و جماعت سے ہے۔ اللہ عزوجل کے رسول ﷺ نے ''اہلِ سنت و جماعت'' کو نجات پانے والا ''فرقۂ برحق'' قرار دیا ہے۔ اِس سلسلے میں یہ حدیثِ پاک ملاحظہ فرمائیں! رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- سَتَفْتَرِقُ اُمَّتِیْ ثَلٰثًا وَّ سَبْعِيْنَ فِرْقَةً ، كُلُّهُمْ فِی النَّارِ اِلَّا وَاحِدَةً ۔ قَالُوا: مَنْ هُمْ يَا رَسُوْلَ اللهِ! قَالَ: مَا اَنَا عَلَيْهِ وَ اَصْحَابِیْ [۱]

  ترجمہ: عن قریب میری یہ امت ۷۳؍ فرقوں میں بٹ جائے گی، ایک فرقہ جنتی ہوگا، باقی سب جہنمی۔ صحابۂ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ نجات پانے والا فرقہ کون ہوگا؟ ارشاد فرمایا: نجات پانے والا فرقہ وہ ہوگا جو میری اور میرے صحابہ کی اطاعت کرے گا یعنی سنت کی پیروی کرے گا۔

- چوں کہ بحمد اللہ عزوجل ہمارے ہاتھوں میں دامنِ مصطفیٰ بھی ہے اور دامنِ صحابہ و اہلِ بیت بھی، اِس لیے ''ناجی فرقہ'' اہلِ سنت و جماعت ہی ہے۔ ہم اپنے جملہ ''عقائد و معمولات'' میں صحابۂ کرام و اہلِ بیت

---

[۱] الجامع للامام الترمذی، کتاب الایمان، باب ماجآء فی افتراق ھذہ الأمة، رقم الحدیث: ۲۶۵۰

کرام کے منہج [طریقے] پر سختی سے قائم ہیں، ہمارے کسی بھی عقیدے یا معمول کو کوئی بھی بد مذہب قرآن و حدیث کے خلاف ثابت نہیں کر سکتا۔

**سوال:** حدیثِ پاک سے ثابت کریں کہ جو "جماعتِ اہلِ سنت" سے کٹا وہ دوزخ میں گیا۔

**جواب:** لیجیے! ملاحظہ فرمائیے! آقائے دوعالم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- اِنَّ اللهَ لَا یَجْمَعُ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ [ﷺ] عَلٰی ضَلَالَةٍ وَّیَدُ اللهِ عَلَی الْجَمَاعَةِ وَمَنْ شَذَّ شُذَّ فِی النَّارِ[1]

ترجمہ: بے شک اللہ کبھی بھی محمد [مصطفیٰ ﷺ] کی امت کو ضلالت و گمرہی پر جمع نہیں فرمائے گا، اللہ کا دستِ قدرت جماعتِ اہلِ سنت پر ہے، جو اِس سے کٹا وہ تنہا دوزخ میں جائے گا۔

**سوال:** منہجِ اہلِ سنت سے الگ تھلگ ہو کر اب تک "کتنے فرقے دوزخ کا ایندھن" بن چکے ہیں؟

**جواب:** اہلِ سنت و جماعت سے کٹ کر اب تک بہت سے فرقے گمراہ ہو کر دوزخ کا ایندھن بن چکے ہیں۔ بعض ختم ہو چکے ہیں اور بعض ہیں؛ مگر یہاں ہندستان میں اُن کا کوئی وجود نہیں۔ انڈیا میں پائے جانے والے بعض فرقے یہ ہیں۔

- قادیانی
- دیوبندی
- رافضی
- وہابی [یعنی غیر مقلدین]

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** "روزہ" کسے کہتے ہیں اور اِس کی "شرعی حیثیت" کیا ہے؟

**جواب:** روزہ یہ ہے کہ "مسلمان اللہ عزوجل کی عبادت کی نیت سے صبح صادق سے غروب آفتاب تک خود کو قصداً [جان بوجھ کر] کھانے، پینے اور جماع سے باز رکھے"۔ ماہِ رمضان کے روزے ہر عاقل و بالغ مسلمان پر فرض ہیں۔ اِن کی فرضیت یقینی ہے۔ اِن کی فرضیت کا انکار کرنے والا کافر و مرتد اور بلا عذرِ شرعی نہ رکھنے والے فاسق و فاجر اور سخت عذابِ دوزخ کے مستحق ہیں۔

**سوال:** ماہِ رَمضَان کے روزے "کب فرض ہوئے"؟

**جواب:** رمضان کے روزے "١٠ رشعبان المعظم دو ہجری" کو فرض ہوئے۔

**سوال:** روزوں کی "فرضیت" کا حکم قرآنِ کریم کی کس آیتِ کریمہ میں ہے؟

**جواب:** رمضان المبارک کے روزوں کی فرضیت کا حکم اِس آیتِ کریمہ میں ہے:

- یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَیْكُمُ الصِّیَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ۔[2]

ترجمہ: اے ایمان والو! تم پر [رمضان کے] روزے فرض کیے گئے، جیسے اگلوں پر فرض ہوئے تھے کہ کہیں تمھیں پرہیز گاری ملے۔

---

[1] الجامع للامام الترمذی، کتاب الفتن، باب ماجآء فی لزوم الجماعة، رقم الحدیث: ٢١٧٣

[2] سورۂ بقرہ، آیت نمبر: ١٨٣

**سوال:** روزے کی کتنی ''قسمیں'' ہیں؟

**جواب:** روزے کی پانچ قِسمیں ہیں۔

- فرض
- واجب
- نفل
- مکروہِ تنزیہی
- مکروہِ تحریمی

**سوال:** ''فرض روزے'' سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** اِس سے مراد ''ماہِ رمضان کے روزے ہیں'' جو کہ ہر عاقل و بالغ مسلمان پر فرض ہیں، اگر کوئی مسلمان کسی عذر کی وجہ سے اِنھیں نہ رکھ سکے تو اُس پر بعد میں اُن کی قضا کرنا فرض ہے۔

**سوال:** ''واجب روزوں'' کی وضاحت فرمائیں!

**جواب:** جس کسی مسلمان نے روزَہ رکھنے کی نذر یعنی منّت مانی ہو اُس پر نذر پوری ہوجانے کے بعد روزہ رکھنا واجب ہے

**سوال:** ''نفلی روزے'' سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** فرض اور واجب کے روزوں کے سوا ہر طرح کا روزہ نفلی ہے۔ مثلاً نویں اور دسویں محرم کا روزہ، ہر مہینے کی تیرہویں، چودھویں اور پندرہویں کا روزَہ، پیر اور جمعرات کا روزَہ، نویں ذوالحجہ کا روزہ، ایک دن چھوڑ کر روزَہ رکھنا۔ یہ سب روزے نفلی ہیں۔

**سوال:** کون سا روزَہ ''مکروہِ تنزیہی'' ہے اور کون سا ''مکروہِ تحریمی''؟

**جواب:**

- یہ روزے مکروہِ تنزیہی ہیں:

  صرف سنیچر کے دن روزہ رکھنا۔ روزانہ بلا ناغہ روزہ رکھنا۔ صومِ وصال یعنی روزہ رکھ کر اِفطار نہ کرنا۔ وغیرہ

- یہ روزے مکروہِ تحریمی ہیں:

  عیدین کے دو دن اور ماہِ ذوالحجہ کی گیارہویں، بارہویں اور تیرہویں کو روزے رکھنا۔[۱]

## تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب — تفہیم

**سوال:** ''صَبْر'' سے کیا مُراد ہے؟

**جواب:** نفس جس کام کو ناپسند کرے، اُس کے کرنے پر اُسے مجبور کرنا ''صَبْر'' ہے۔ فرائض وواجبات پر عمل کرنا، گناہوں کو ترک کرنا اور مصائب وآلام برداشت کرنا ''صَبْر'' میں داخل ہے۔

**سوال:** ''صَبْر'' کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

**جواب:** شرعی لحاظ سے ''صَبْر'' کی چار قسمیں ہیں: [۱] فرض [۲] نفل یا مستحب [۳] مکروہ [۴] حرام۔

---

[۱] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ پنجم، روزہ کا بیان

- جن کاموں کو شریعت نے حرام قرار دیا ہے، اُن سے صبر کرنا [یعنی اُن سے باز رہنا] ''فرض'' ہے۔
- جو باتیں شرعاً مکروہ وناپسندیدہ ہیں، اُن سے صبر کرنا [یعنی رُکے رہنا] ''محمود ومستحب'' ہے۔
- مصیبتوں میں گرفتار ہونے کے باجود حرفِ شکایت زبان پر نہ لانا؛ بلکہ برداشت کرنا بھی ''صبرِ مستحب'' میں داخل ہے۔
- شرعاً جو کام مکروہ وناپسندیدہ ہیں، اُن کو روکنے کی قدرت رکھنے کے باوجود نہ روکنا؛ بلکہ صبر کرنا ''مکروہ'' ہے۔
- حرام کاموں کو روکنے کی طاقت وقدرت ہونے کے باوجود نہ روکنا؛ بلکہ صبر کرنا ''حرام وناجائز'' ہے[1]

سوال: صبر کی ''فضیلت'' پر ایک آیتِ کریمہ اور ایک حدیثِ پاک پیش کریں!

جواب: صبر کی فضیلت پر دلالت کرنے والی بے شمار آیتوں میں سے ایک آیتِ مبارکہ یہ ہے۔ رب تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

- اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ[2]

ترجمہ: بے شک صبر کرنے والوں کو اُن کا اجر بے حساب دیا جائے گا۔

صبر کی عظمت پر دلالت کرنے والی متعدد احادیثِ کریمہ میں سے ایک حدیثِ پاک یہ ہے۔ آقائے دوجہاں ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے:

- اَلصَّبْرُ كَنْزٌ مِّنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ[3] ترجمہ: صبر جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔

سوال: ''بے صبری کے نقصانات'' کیا ہیں؟ بیان کریں!

جواب: ''بے صبری'' ایک انتہائی خطرناک بیماری اور پرلے درجے کی نحوست ہے۔ یہ انسان کو ''بدبخت، ناشکرا، نافرمان، فاسق اور بخیل'' بنا دیتی ہے اور اُسے مختلف قسم کی روحانی بیماریوں میں مبتلا کر کے ہلاک و برباد کر دیتی ہے۔ اِسی لیے حضور رحمتِ عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- ترجمہ: انسان کی نیک بختی یہ ہے کہ وہ اللہ کے فیصلے پر راضی رہے اور انسان کی بدبختی یہ ہے کہ وہ اللہ عزوجل سے بھلائی کا سوال نہ کرے اور اللہ عزوجل کے فیصلے سے ناراض ہونا [بھی] انسان کی شقاوت سے ہے[4]
- اللہ عزوجل اپنے حبیب ﷺ کے صدقے میں ہم سب کو صبرِ جمیل کی توفیق مرحمت فرمائے! آمین

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم ﷺ — تفہیم

سوال: ''بیعتِ رضوان'' کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: ''بیعتِ رضوان'' سن چھ ہجری کا سب سے اہم اور شاندار واقعہ ہے۔ اسلامی تاریخ میں اِسے بڑی اہمیت حاصل ہے۔ اِس کا نہایت مختصر تذکرہ یہ ہے کہ ذوالقعدہ ۶ ہجری میں حضورِ اقدس ﷺ چودہ سو صحابۂ کرام کے ساتھ

---

[1] ملخصاً از احیاء العلوم، ج: ۴، ص: ۱۶۱ [2] سورۂ زمر، آیت نمبر: ۱۰ [3] الاسرار المرفوعۃ، ص: ۱۴۵۔ بحوالہ احیاء العلوم، ج: ۴، ص: ۱۴۶
[4] الجامع للامام الترمذی، باب ماجآء فی الرضا بالقضاء، رقم الحدیث: ۲۳۰۴

''عُمرہ کا احرام'' باندھ کر ''مکہ مکرمہ'' کے لیے روانہ ہوئے۔ کفارِ مکہ کو معلوم ہوا تو اُنھوں نے ''عرب کے تمام قبیلوں'' کو جمع کر کے ایک فوج تیار کرلی اور یہ اعلان کر دیا کہ ''ہم ہرگز مسلمانوں کو نہ مکہ میں داخل ہونے دیں گے اور نہ ہی خانۂ کعبہ کا طواف کرنے دیں گے''۔ حضور ﷺ نے ''مَقَامِ حُدَیْبِیَۃ'' میں پڑاؤ ڈال کر کفارِ مکہ کو یہ یقین دِلانے کی پوری کوشش کی کہ ''ہم لوگ جنگ کرنے نہیں صرف عمرہ کرنے آئے ہیں''؛ مگر وہ لوگ اپنی ہٹ دھرمی پر اَڑے رہے۔ بالآخر آپ ﷺ نے ''حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ'' کو مکہ بھیجا۔ حضرت عثمانِ غنی چوں کہ کفارِ مکہ کے نزدیک بڑے معزّز تھے؛ اس لیے اُنھوں نے آپ کا لحاظ کرتے ہوئے کہا:

- ہم آپ کو ''عمرہ'' کرنے کی اجازت دیتے ہیں؛ لیکن محمد اور دوسرے مسلمانوں کو ہم کعبہ کے قریب بھی نہیں آنے دیں گے۔

یہ سن کر حضرتِ عثمان رضی اللہ عنہ نے عمرہ کرنے سے صاف انکار کر دیا اور یہ غیرت مندانہ جواب دیا:

- خدا کی قسم! میں اپنے آقا محمدِ مصطفیٰ ﷺ کے بغیر نہ خانۂ کعبہ کا طواف کروں گا اور نہ ہی صفا و مروہ کی سعی کروں گا۔

یہ جواب سن کر کفارِ مکہ ناراض ہو گئے اور اُنھوں نے حضرت عثمان کو مکہ ہی میں روک لیا۔ اِدھر حدیبیہ میں مسلمانوں میں یہ مشہور ہو گیا کہ کفارِ مکہ نے ''حضرت عثمان کو شہید کر دیا ہے''۔ یہ خبر سُن کر حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- عثمان کے خون کا بدلہ لینا فرض ہے۔ یہ فرما کر آپ ﷺ ایک ببول کے درخت کے نیچے بیٹھ گئے اور صحابۂ کرام سے فرمایا:
- تم سب میرے ہاتھ پر اِس بات پر بیعت کرو کہ تم میرے وفادار اور جاں نثار رہو گے۔ تمام صحابہ نے نہایت جوش و خروش کے ساتھ، جاں نثاری کا عہد کرتے ہوئے اپنے آقا و مولا حضور رحمتِ عالَم ﷺ کے دستِ اقدس پر بیعت کرلی۔ یہی وہ بیعت ہے جس کا نام تاریخِ اسلام میں ''بَیْعَۃُ الرِّضْوَان'' ہے۔[1]

**سوال:** کیا ''بیعتِ رضوان'' کا تذکرہ قرآنِ مقدس میں بھی ہے؟

**جواب:** جی ہاں! اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے کلامِ ازلی میں اِس بیعت کا ''تذکرہ'' بھی ہے اور بیعت کرنے والوں کی ''فضیلت'' کا بیان بھی۔

- ہمارے رب حق جَلَّ مَجْدُہٗ نے سورۂ فتح میں فرمایا:

اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ۔[2]

ترجمہ: اے رسولِ مکرم! جو لوگ تمھاری بیعت کرتے ہیں یقیناً وہ اللہ سے بیعت کرتے ہیں۔ اُن کے ہاتھوں پر اللہ کا دستِ قدرت ہے۔

لیکن ''بیعتِ رضوان'' کے بعد حضرت عثمانِ غنی بخیر و عافیت حضور ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہو گئے۔

---

[1] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۳۷۵۔۳۷۶
[2] سورۂ فتح، آیت نمبر: ۱۰

**سوال:** مقامِ حدیبیہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا کیا "**معجزات**" صادر ہوئے؟

**جواب:** مقامِ حدیبیہ میں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے صادر ہونے والے چند معجزات یہ ہیں:

- جس وقت حضور تاج دارِ انبیا صلی اللہ علیہ وسلم مقامِ حدیبیہ میں پہنچے اُس وقت وہاں پانی کی بے حد کمی تھی۔ صرف ایک کنواں تھا، وہ بھی چند گھنٹوں میں خشک ہو گیا۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ پیاس کی شدت سے بے قرار ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بڑے پیالے میں اپنا "**اپنا بابرکت ہاتھ**" ڈال دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس ہاتھوں کی پاکیزہ انگلیوں سے نہایت شیریں اور انتہائی صاف وشفاف چشمہ جاری ہو گیا۔ صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے اُس مقدس پانی کی خوب برکتیں لوٹیں اور خوب شکم سَیر ہو کر اُسے نَوش فرمایا۔[1]
- محققین فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک انگلیوں سے نکلنے والا پانی، دنیا اور آخرت کے تمام پانیوں سے افضل وبہتر ہے؛ مگر اب یہ دست یاب کہاں۔ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ایسا معجزہ ہے جو کسی بھی نبی کے حصے میں نہ آیا۔ **سبحان اللہ۔**
- اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اِسی حدیثِ پاک کی ترجمانی کرتے ہوئے کہا:

انگلیاں ہیں فَیض پر ٹوٹے ہیں پیاسے جھوم کر　　ندّیاں پنجاب رحمت کی ہیں جاری واہ واہ

- جب صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں حدیبیہ کے کنویں کے خشک ہونے کی شکایت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے "**وضو کا پاکیزہ غُسَالہ اور اپنا مقدس تیر**" اُس میں ڈال دیا۔ اِن دونوں کی برکتوں سے اُس خشک کنویں میں اِس قدر پانی اُبلنے لگا کہ پورا لشکر اور تمام جانور اُس پانی سے مسلسل کئی روز تک سیراب ہوتے رہے۔[2] **سبحان اللہ۔**

## تفہیم — رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اَخلاقِ حَسَنہ — پانچویں فصل

**سوال:** حضور رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا "**عَفو ودَرگُزَر**" اور "**حِلم وبُردباری**" کیسی تھی؟

**جواب:** اللہ ربُّ العزت نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کو "**صبر وتحمل**" اور "**عفو ودرگزر**" کی جس دولت بے بہا سے سرفراز فرمایا وہ بے مثال ہے۔ چناں چہ اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا: **خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِیْنَ**[3]

ترجمہ: اے محبوب! آپ [خطا کاروں کی طرف سے] معذرت قبول کیجیے! نیک کاموں کا حکم دیجیے اور نادانوں کی طرف سے اپنا رُخِ انور پھیر لیجیے!

---

[1] الصحیح للامام البخاری، ج:٢، ص:٥٩٨
[2] الصحیح للامام البخاری، ج:١، ص:٣٧٨
[3] سورۂ اعراف، آیت نمبر:١٩٩

پروردگارِ عالَم نے اِس آیتِ کریمہ میں اپنے محبوب ﷺ کی تربیت کرتے ہوئے، اُنھیں تین مکارمِ اَخلاق اِختیار کرنے کا حکم دیا۔

[۱] جو قصور وار معذرت طلب کرتا ہوا آپ کے پاس آئے، اُسے شفقت سے معاف کر دیجیے، بدلہ اور انتقام لینے پر اصرار نہ کیجیے!

[۲] لوگوں کو مفید اور عمدہ چیزوں کے کرنے کا حکم دیجیے!

[۳] جاہل اور ناسمجھ لوگ اگر آپ کو برا کہیں تو اُن سے نہ اُلجھیے![۱]

**سوال:** حضور امام الانبیاء ﷺ کی **"شانِ عفوودرگزر کا کوئی واقعہ"** بیان فرمائیں!

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں:

اُحُد میں جب حضور ﷺ کا رخِ انور زخمی ہو گیا تو صحابۂ کرام کو بہت تکلیف ہوئی۔ انھوں نے عرض کی: یارسول اللہ! اِن بدکاروں کے لیے اگر آپ بددعا فرما دیتے تو غضبِ خداوندی اِن سب کو ملیا میٹ کر دیتا۔ یہ سن کر رحمتِ دوعالَم ﷺ نے اپنے جاں نثار صحابہ سے فرمایا:

- اے میرے صحابہ! مَیں لعنت بھیجنے کے لیے [یعنی بددعا کرنے کے لیے] نہیں بھیجا گیا؛ بلکہ اللہ تعالیٰ نے مجھے حق کی دعوت دینے والا اسراپا رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

اِس اِرشاد کے بعد حضور رحمتِ دوجہاں ﷺ نے اپنے ہاتھ دعا کے لیے بارگاہِ خداوندی میں اٹھائے اور اُن ظالموں کی تباہی کے بجائے یہ التجا کی:

- اے اللہ! میری قوم کو ہدایت دے۔ اے اللہ! اِن کی ظالمانہ حرکتیں اِس لیے ہیں کہ وہ مجھے جانتے نہیں، اگر وہ مجھے پہچان لیتے تو ہرگز ایسا نہ کرتے۔[۲]

## چھٹی فصل — گوشۂ اہلِ بیتِ اَطہار علیٰ نبینا وعلیہم الصلاۃ والسلام — تفہیم

**سوال:** حضور ﷺ کے **"اہلِ بیتِ کرام"** سے مراد کون پاکباز ہستیاں ہیں؟

**جواب:** اہلِ بیتِ اطہار سے مراد کون لوگ ہیں اِس میں مفسرین کا اختلاف ہے۔ امام بَغَوی، امامِ خازِن اور بہت سے دوسرے مفسرین کے مطابق اہلِ بیت سے مراد "آھلِ عَبَا" یعنی "حضرتِ علی، حضرتِ فاطمہ، حضرتِ امامِ حسن اور حضرتِ امامِ حسین علیٰ نبینا وعلیہم الصلاۃ والسلام" ہیں۔

- مفسرین کی دوسری جماعت کا موقف یہ ہے کہ اہلِ بیت سے مراد **"امہات المومنین"** ہیں۔ مفسرینِ کرام

---

[۱] ملخصاً از ضیاء النبی، ج:۵، ص:۳۰۲

[۲] ضیاء النبی، ج:۵، ص:۳۰۵

کے اِن دونوں گروہوں کے پاس اپنے اپنے موقف پر دلائل ہیں؛ لیکن جمہور علماے امت نے فرمایا کہ "اہلِ بیتِ کرام" میں "پنج تن پاک، امہات المومنین اور آپ ﷺ کی دیگر آل واولاد" سبھی داخل ہیں۔

- مگر تفسیر خازِن میں حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کا یہ قول مذکور ہے کہ اہلِ بیت سے مراد "بنو ہاشم" ہیں۔ اِس قول کے مطابق حضرتِ عباس، حضرت حمزہ اور حضور ﷺ کے دوسرے مسلمان چچازاد بھائی سبھی اہلِ بیت میں داخل ہوں گے۔
- البتہ حضور ﷺ جن کو ہر خاص موقع پر علاحدہ کر کے ذکر کرتے تھے وہ یہی چار نفوسِ قدسیہ "حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت امام حسن، حضرتِ امام حسین" علی نبینا وعلیہم الصلاۃ والسلام ہیں۔ بہر حال تمام اہلِ بیتِ کرام انتہائی عزت وبزرگی اور نہایت عظمت وشان والے ہیں۔ قرآن واحادیث اِن کے فضائل کے بیان سے مالامال ہیں[1]۔

**سوال:** اہلِ بیتِ کرام کی "فضیلت" پر قرآنِ مجید کی ایک آیت کریمہ پیش کریے!

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں! اللہ ربُّ العزت نے ارشاد فرمایا:

- اِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا[2]

ترجمہ: اے نبی کے گھر والو! اللہ تو یہی چاہتا ہے کہ تم سے ہر قسم کی گندگی دور کردے۔

**سوال:** اہلِ بیتِ اطہار کی "فضیلت" پر کوئی حدیثِ پاک پیش فرمائیں!

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں!

- حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ تَرَكْتُ فِيْكُمْ مَا اِنْ اَخَذْتُمْ بِهٖ لَنْ تَضِلُّوْا كِتَابَ اللّٰهِ وَعِتْرَتِيْ اَهْلَ بَيْتِيْ[3]

ترجمہ: اے لوگو! میں نے تمھارے درمیان دو چیزیں چھوڑی ہیں کہ اگر تم اُنھیں پکڑے رہوگے تو کبھی گمراہ نہ ہوگے۔ ایک اللہ عزوجل کی کتاب اور دوسری میری اولاد وذریت یعنی میرے اہلِ بیت پاک۔

## ساتویں فصل — عام دینی معلومات — تفہیم

**سوال:** حضور ﷺ کے "خاص خادموں" کے نام شمار کرائیں!

**جواب:** یوں تو تمام صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین حضور شمعِ رسالت ﷺ کے پروانے تھے اور سبھی حضرات حضور ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں، خدمت گزاری کے لیے، ہمہ وقت تن من دھن کے ساتھ حاضر رہا کرتے تھے؛ لیکن چند

[1] ملخصاً از خطباتِ محرم، ص: ۲۰۵ تا ۲۰۹۔ از حضرت مفتی جلال الدین صاحب علیہ الرحمہ
[2] سورۂ احزاب، آیت نمبر: ۳۳
[3] الجامع للامام الترمذی، باب مناقب أھل بیت النبی ﷺ رقم الحدیث: ۴۱۵۵

ایسے خوش نصیب ہیں جن کا شمار آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے خاص خادموں میں ہوتا ہے۔ اُن خوش نصیبوں میں مندرجہ ذیل حضرات خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں:

- حضرت سیدنا انس بن مالک
- حضرت سیدنا ایمن بن اُمِّ ایمن
- حضرت سیدنا ربیعہ بن کعب اسلمی
- حضرت سیدنا عبداللہ بن مسعود
- حضرت سیدنا عُقبہ بن عامر
- حضرت سیدنا اسلع بن شریک
- حضرت سیدنا ابوذر غفاری
- حضرت سیدنا مہاجر مولیٰ ام سلمہ
- حضرتِ حنین مولیٰ عباس۔ رضی اللہ عنہم اجمعین۔

**سوال:** حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے ''خصوصی محافظین'' کون خوش نصیب حضرات تھے؟

**جواب:** حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے جاں نثار پہرے داروں میں مندرجہ ذَیل صحابۂ کرام خصوصیت کے ساتھ قابلِ ذکر ہیں:

- حضرت سیدنا صدیقِ اکبر
- حضرت سعد بن معاذ
- حضرت سیدنا محمد بن مَسلمہ
- حضرت ذَکوان بن عبدقیس
- حضرت سیدنا زبیر بن عوام
- حضرت سیدنا سعد بن ابووقاص
- حضرت سیدنا عَبّاد بن بِشر
- حضرت سیدنا ابوایوب انصاری
- حضرت سیدنا بلال بن رَباح
- حضرت سیدنا مغیرہ بن شعبہ۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین [1]

**سوال:** اِن حضرات کے پہرہ دینے کی ''کوئی خاص'' وجہ تھی؟

**جواب:** کفار ومشرکین اور یہود ونصاریٰ سبھی حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے ''جانی دشمن'' تھے اور ہر وقت آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو شہید کرنے کی تاک میں رہا کرتے تھے؛ بلکہ بارہا آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر ''قاتلانہ حملہ'' بھی کر چکے تھے۔ اِس لیے جاں نثار صحابۂ کرام باری باری راتوں کو جاگ کر، اپنے ہاتھوں میں ننگی تلواریں لے کر، آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی خواب گاہوں کا پہرہ دیا کرتے تھے [2]

**سوال:** ''کِتَابَتِ وَحی'' [یعنی قرآنِ مقدس اور دوسری خاص تحریروں کو لکھنے] پر کتنے صحابۂ کرام مامور تھے؟

**جواب:** جو صحابۂ کرام قرآنِ مقدس کی نازل ہونے والی آیتوں اور دوسری خاص تحریروں کو حضورِ اقدس صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے حکم کے مطابق لکھا کرتے تھے، اُن معتمَد کاتبوں میں مندرجہ ذَیل حضرات خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں:

- حضرت ابوبکر صدیق
- حضرت عمر فاروق
- حضرت عثمانِ غنی
- حضرت علی مرتضیٰ
- حضرت طلحہ بن عبیداللہ
- حضرت سعد بن ابووقاص
- حضرت زبیر بن عوام
- حضرت عامر بن فہیرہ
- حضرت ثابت بن قیس
- حضرت حنظلہ بن ربیع
- حضرت زید بن ثابت
- حضرت اُبَی بن کعب
- حضرت امیرِ معاویہ
- حضرت ابوسفیان۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین [3]

---

[1] سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۷۰۵۔۷۰۶ [2] ملخصاً از سیرت مصطفیٰ، ص: ۷۰۵]
[3] مدارج النبوۃ، ج: ۲، ص از: ۶۱۰ تا ۶۲۰

# دوسرا سبق

## پہلی فصل ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں تفہیم

**سوال:** ”عقیدۂ ختمِ نبوت“ سے کیا مُراد ہے؟

**جواب:** اِس سے مراد دل وجان سے یہ تسلیم کرنا ہے کہ ”ہمارے پیارے آقا حضور رحمتِ عالم ﷺ اللہ عزوجل کے آخری نبی ہیں“۔ آپ ﷺ کا زمانۂ نبوت تمام نبیوں کے زمانے کے بعد ہے۔ آپ ﷺ کے بعد قیامت تک کوئی نبی نہیں آسکتا۔

**سوال:** جو شخص ”اِس عقیدے کو تسلیم نہ کرے“ اُس کا ”شرعی حکم“ کیا ہے؟

**جواب:** دنیا کے تمام مسلمانوں کا ساڑھے چودہ سو سال سے یہی عقیدہ ہے۔ حضور ﷺ کے زمانے کے بعد جس نے بھی ”اپنے نبی ہونے کا“ دعویٰ کیا یا ”جو بھی دعویٰ کرے“ وہ کذّاب، دجّال، دھوکے باز، شیطان اور کافر و مرتد ہے۔ جو مسلمان اُس کے کافر و مرتد ہونے میں شک کرے وہ بھی کافر و مرتد ہے۔ جو اُس جھوٹے مُدَّعیِ نبوت کی تصدیق کرے گا کافر ہوگا؛ بلکہ جو مسلمان اُس کے پاس جا کر معجزہ طلب کرے گا وہ بھی دینِ اسلام سے خارج ہوگا۔ یہ عقیدہ دورِ صحابۂ کرام سے لے کر آج تک دنیا کے تمام مسلمانوں کا ”قطعی اجماعی یقینی عقیدہ“ ہے۔ مسلمان ہونے کے لیے اِسے ماننا فرضِ عین ہے۔ ”اِسے صدقِ دل سے تسلیم کیے بغیر کوئی بھی شخص مومن نہیں ہوسکتا“۔

**سوال:** اِس عقیدے کی ”اہمیت و شان“ بیان فرمائیں!

**جواب:** اِس عقیدے کی اہمیت و شان کا اندازہ اِس حقیقت سے لگائیں کہ حضراتِ صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے مدعیانِ نبوت ”مسیلمہ کذاب“ اور ”اسود عنسی“ جیسے دجّالوں سے زبردست جہاد فرمایا اور اپنی جان و مال کو قربان کر کے ختمِ نبوت کا تحفظ فرمایا۔

- بعد کے زمانوں میں، جب بھی کسی پاگل نے کسی جگہ اپنے نبی ہونے کا دعویٰ کیا فوراً مجاہدینِ اسلام نے اُس کے خلاف ایکشن لیا اور اُسے کیفرِ کردار تک پہنچانے کی کامیاب کوشش کی۔ مفتیانِ کرام نے مدعیانِ نبوت کے خلاف کفر و ارتداد کے فتوے دیے اور بادشاہِ اسلام نے اُن کذّابوں کے سر قلم کیے۔ کیوں کہ ”ختمِ نبوت“ اسلام کا بنیادی اور اَساسی عقیدہ ہے، اِس پر دینِ متین اور قرآنِ عظیم کی بنیاد قائم ہے۔

- اِس لیے توحید کے متوالوں اور رسول اللہ ﷺ کے سچے عاشقوں نے ''نبوت کا جھوٹا دعویٰ کر کے ختمِ نبوت پر شب خوں مارنے والے دجالوں'' کے ساتھ کسی قسم کی کوئی رعایت نہ برتی؛ بلکہ انھیں بیخ و بُن سے اُکھاڑ پھینکنے کی پوری کوشش کی۔

**سوال:** ''فتنۂ قادیانیت'' کیا ہے؟ آگاہ فرمائیں!

**جواب:** ماضی قریب میں ''مذہب اسلام'' کو جن خطرناک فتنوں کا سامنا کرنا پڑا اُن میں ''فتنۂ قادیانیت'' ایک بہت بڑے فتنے کی شکل میں رونما ہوا ہے۔ یہ لوگ، یہودیوں کی پشت پناہی، اپنی چالاکی، مکّاری اور بے پناہ دولت وثروت کے بل بوتے اپنی جڑیں مسلسل مضبوط کرتے چلے جا رہے ہیں۔

- اِن کے مبلغین، پاکستان، امریکہ، برطانیہ، کناڈا اور دیگر ملکوں میں لاکھوں لوگوں کو کفر وارتداد کے دَل دَل میں ڈال کر اب ہندوستان میں بڑی تیزی کے ساتھ اپنے پیر پسار رہے ہیں۔ کالج و یونیورسٹی کے طلبہ اور دیگر جاہل مسلمانوں کو پکڑ پکڑ کے مختلف بہانوں اور حیلوں کے ذریعے کذّاب وشیطان ''مرزا غلام احمد قادیانی'' کی نبوت کا اقرار کروا رہے ہیں اور اپنی پیہم کاوشوں کے نتیجے میں نہ جانے کتنے مسلمانوں کو ایمان سے محروم کر چکے ہیں۔
- اِس لیے ہماری مشترکہ ذمے داری ہے کہ اب خوابِ غفلت سے بے دار ہو کر اپنے اہل وعیال اور دوست واحباب کے ایمان کی فکر کریں۔ بالخصوص اپنے بچوں کی سخت نگرانی کریں۔ اور انھیں قادیانیوں اور تمام بد مذہبوں سے دور رکھنے کی کامیاب کوشش کریں۔

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** روزے کے ''کتنے دَرَجات'' ہیں؟

**جواب:** روزے کے ''تین درجے'' ہیں۔ ذیل میں تفصیل ملاحظہ فرمائیں:

**عام لوگوں کا روزَہ:** صبح صادق سے غروبِ آفتاب تک کھانے، پینے اور جماع سے رُکے رہنا ہے۔

**خاص لوگوں کا روزہ :** کھانے، پینے اور جماع سے رُکے رہنے کے ساتھ ساتھ کان، آنکھ، زبان اور جسم کے تمام اعضا کو گناہ سے بچانا ہے۔

**اَخصُّ الخواص کا روزہ :** خود کو تمام برائیوں سے روک کر، دنیا و مافیہا سے کٹ کر، صرف اللہ عزوجل کی جانب متوجہ ہو جانا ہے۔

**سوال:** روزہ رکھنے سے "**کون سا فائدہ**" حاصل ہوتا ہے؟

**جواب:** روزہ رکھنے سے "**جسمانی صحت و توانائی اور مختلف قسم کی بیماریوں سے حفاظت کے ساتھ، ایمان میں پختگی، دِل میں خدا کا خوف اور برائیوں سے نفرت**" پیدا ہوتی ہے اور مومن دنیا اور آخرت کی سعادتوں سے مالا مال ہوتا ہے۔ روزہ، مومن کو خدا کی بارگاہ تک پہنچا کر کامیابیوں سے ہم کنار کر دیتا ہے۔ یہ ساری باتیں قرآنِ کریم کی آیتِ کریمہ اور حضور ﷺ کی احادیثِ مبارکہ سے ثابت ہیں۔

**سوال:** "**جسمانی اعضا کے روزے**" سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** روزہ صرف یہ نہیں کہ مومن صبح صادق سے لے کر غروبِ آفتاب تک کھانے، پینے اور جماع سے بچتا رہے؛ بلکہ روزَہ یہ ہے کہ وہ "**اپنی آنکھ، کان، زبان، ہاتھ، پیر وغیرہ جسمانی اَعضا سے گناہوں سے بچے**"۔ جسم کے ہر ہر عضو کا روزہ کیا ہے، ملاحظہ فرمائیں:

**آنکھ کا روزَہ:** یہ ہے کہ اِس سے صرف جائز چیزیں ہی دیکھے، فلمیں ڈرامے نہ دیکھے، کسی ناجائز چیز کی جانب نظر نہ اُٹھائے۔

**کان کا روزَہ:** یہ ہے کہ اِس سے صرف جائز باتیں ہی سنے، گانے باجے، موسیقی، گندے قصے، بے حیائی کی باتیں اور کسی کی چغلی و غیبت ہرگز نہ سنے۔

**زبان کا روزَہ:** یہ ہے کہ اسے جھوٹ، چغلی اور غیبت سے بچائے۔ گالی دینے، کسی کو تکلیف پہنچانے، بے ہودَہ لطیفے سنانے اور بے حیائی کی باتیں کرنے سے دور رکھے۔

**ہاتھ کا روزہ:** یہ ہے کہ اِنھیں ہمیشہ نیک کاموں کے لیے اُٹھائے۔ ظلم کرنے، رشوت لینے یا دینے، چوری کرنے، جھوٹ لکھنے، فضول کھیل مثلاً "شطرنج، لوڈو، ویڈیو گیمز وغیرہ" کھیلنے اور کسی بھی ناجائز کام کے لیے استعمال نہ کرے۔

**پیر کا روزَہ:** یہ ہے کہ اِنھیں صرف نیک کاموں میں استعمال کرے۔ اِنھیں ہرگز ہرگز سینما گھر یا ڈرامہ گاہ کی طرف نہ لے جائے، اور اِن سے ہرگز "**کرکٹ، فٹ بال، اور دیگر ناجائز کھیل**" نہ کھیلے۔ ہاں ورزش مقصود ہو تو "کرکٹ اور فٹ بال" کھیل سکتے ہیں۔

- جو خوش نصیب اِس انداز سے روزَہ رکھتے ہیں درحقیقت وہی روزوں کی حقیقی برکتوں سے سرفراز ہوتے ہیں۔

**سوال:** روزوں کے "**چند فضائل**" بیان فرمائیں!

**جواب:** حضور رحمتِ عالم ﷺ کی زبانِ اقدس سے ماہِ رَمضان کے روزوں کے چند فضائل ملاحظہ فرمائیں:

- جنت میں آٹھ دروازے ہیں، اُن میں ایک دروازِے کا نام "**رَیّان**" ہے۔ اُس سے وہی جائیں گے جو روزہ رکھتے ہیں۔[1]

[1] الصحیح للامام البخاری، باب صفۃ ابواب الجنۃ، رقم الحدیث: ۳۲۵۷

- جس نے اللہ کی راہ میں ایک دن کا روزہ رکھا اللہ عزوجل اُس کے چہرے کو جہنم سے ستّر سال کی مسافت کے برابر دور کردے گا۔[1]
- جب ماہِ رمضان آتا ہے تو رحمت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں، دوزخ کے دروازے بند کر دیے جاتے ہیں اور شیطان زنجیروں میں جکڑ دیے جاتے ہیں۔[2]

## تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق وآداب — تفہیم

**سوال:** ''شکر'' کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** ''شکر'' یہ ہے کہ بندہ اللہ رب العزت کی جانب سے ملنے والی نعمتوں پر ''زبان'' سے، یا ''اعضاے بدن'' سے، یا ''دِل'' سے اُس کی تعریف کرے۔ ''شکر'' کی توفیق اُسے ہی ملتی ہے جس پر خدا کا فضل ہوتا ہے۔

**سوال:** مثالوں کے ذریعے ''شکر کی جملہ قسموں'' کی وضاحت فرمادیں!

**جواب:** زبان سے رب تعالیٰ کا شکر یہ ہے کہ

- ہر حال میں زبان سے ''الحمد للہ'' کہتا رہے اور اللہ عزوجل کی تعریف وتوصیف میں لگا رہے۔

دل سے پروردگارِ عالَم کی شکر گزاری یہ ہے کہ

- دل کو بغض وحسد اور دیگر تمام خرافات سے پاک رکھے، اُس میں اللہ عزوجل اور اُس کے محبوبوں کی محبت کا چراغ روشن رکھے، دین کے دشمنوں سے سچی عداوت رکھے اور تمام معاملات میں مُنعِمِ حقیقی اللہ ربُّ العزت کی جانب متوجہ رہے۔

بدن کے اعضا یعنی ''ہاتھ، پیر، آنکھ، کان'' وغیرہ کا شکر یہ ہے کہ

- اُنھیں محرّمات ومکروہات سے بچا کر فرائض وواجبات اور سُنَن ومستحبات میں مصروف رکھے۔

**سوال:** ''شکر کی فضیلت'' پر ایک آیت کریمہ اور ایک حدیثِ پاک پیش کریں!

**جواب:** شکر کی اہمیت وشان بیان کرنے والی سیکڑوں آیاتِ قرآنیہ میں سے ایک آیتِ کریمہ یہ ہے، رب تبارک وتعالیٰ کا ارشادِ گرامی ہے:

- وَسَنَجۡزِی الشّٰکِرِیۡنَ۔[3]

ترجمہ: اور عن قریب ہم شکر کرنے والوں کو بدلہ دیں گے۔

ہمارے پیارے آقا ساری کائنات کے داتا حضور رحمتِ عالَم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

---

[1] الصحیح للامام البخاری، باب فضل الصوم فی سبیل اللہ، رقم الحدیث: ۲۸۴۰
[2] الصحیح للامام مسلم، باب فضل شہر رمضان، رقم الحدیث: ۱۰۷۹
[3] سورۂ آلِ عمران، آیت نمبر: ۱۴۵

- اَلطَّاعِمُ الشَّاکِرُ بِمَنْزِلَةِ الصَّائِمِ الصَّابِرِ[۱]

ترجمہ: کھانا کھا کر [اللہ عزوجل کا] شکر ادا کرنے والا، صبر کرنے والے روزہ دار کی طرح ہے۔

**سوال:** ناشکری کے ''نقصانات'' کیا ہیں؟ بیان کریں!

**جواب:** ناشکری انتہائی ہلاکت خیز بیماری ہے۔ اِس کے درج ذیل نقصانات ہیں:

- ناشکری سے نعمتیں چھن جاتی ہیں اور انسان غضبِ الٰہی، قہرِ خداوندی اور عذابِ دوزخ کا مستحق بنتا ہے۔

اِس لیے ہم سب کو ہر لمحہ اپنے رب اللہ عزوجل کا ''اپنی زبان، دل اور جسم کے دیگر اعضا'' سے شکر ادا کرتے رہنا چاہیے!

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم — تفہیم

**سوال:** ''صُلحِ حدیبیہ'' کیا ہے؟ اِس پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** ''صُلحِ حدیبیہ'' بھی سن ٦ رہجری کا اہم ترین واقعہ ہے۔ تاریخِ اسلام میں اِس کو بڑی اہمیت حاصل ہے؛ کیوں کہ ٦ رہجری کے بعد اسلام کی تمام ترقیوں اور سربلندیوں کا راز اِسی صلح سے وابستہ ہے۔ ہمارے رب اللہ عزوجل نے قرآنِ مجید میں اِس صلح کو ''فتحِ مبین'' کا لقب عطا فرمایا ہے۔

**سوال:** یہ عظیم الشان صلح کیسے ہوئی؟ اختصار کے ساتھ ''اِس کا تاریخی پس منظر'' [بیک گراونڈ] بیان فرمائیے!

**جواب:** جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم حدیبیہ پہنچے تو سب سے پہلے ''بُدَیل بن ورقا'' نامی ایک غیر مسلم؛ مگر مخلص شخص نے آ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا کہ ''کفارِ مکہ'' آپ سے جنگ کی تیاری میں ہیں۔ اُنھوں نے یہ ٹھان لی ہے کہ وہ آپ کو خانۂ کعبہ تک نہیں پہنچنے دیں گے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس سے کہا کہ تم جا کر ''قریش کے سرداروں'' کو سمجھاؤ! ہم جنگ کرنا نہیں چاہتے۔ قریش کو پہلے ہی کافی کچھ نقصان پہنچ چکا ہے۔ وہ چاہیں تو مجھ سے ایک مدت تک کے لیے ''صلح کا مُعَاہَدہ'' کر لیں۔ یہی اُن کے حق میں بہتر ہے۔ اور اگر انھوں نے مجھ سے جنگ کی تو قسم ہے مجھے اُس ذات کی، جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے کہ میں اُن سے تا دمِ حیات لڑتا رہوں گا۔

- جب بدیل بن ورقا نے مکہ جا کر قریش کے سرداروں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام سنایا تو قریش کے شرارت پسند لونڈے آگ بگولا ہو کر شور مچانے لگے؛ مگر اُن کا ایک تجربہ کار سردار ''عروہ بن مسعود ثقفی'' کھڑا ہوا اور اُن سے اپنی عظمت کا اعتراف کروانے کے بعد بولا: محمد [صلی اللہ علیہ وسلم] نے بڑی اچھی بات پیش کی ہے؛ لہٰذا تم مجھے اُن کے پاس جانے دو؛ تا کہ میں اُن سے صلح کے معاملات طے کر لوں۔ سب نے بیک زُبان ہو کر کہا: ٹھیک ہے، آپ محمد [صلی اللہ علیہ وسلم] کے پاس جا کر معاملات طے کر آئیے! اِس طرح سے ''صلح'' کی زمین ہموار ہوگئی۔[۲]

---

[۱] المسند للامام احمد بن حنبل، ج: ۴، ص: ۳۴۳

[۲] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۲۷۸۔۲۷۹

**سوال:** حضور ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں آنے کے بعد **"عروہ بن مسعود"** نے کیا کہا؟

**جواب:** اُس نے دھمکی آمیز لہجے میں کہا: **اے محمد! [ ﷺ ]** اگر آپ نے لڑ کر اپنی قوم **"قریش"** کو برباد کر دیا تو مجھے بتائیے! کہ کیا آپ سے پہلے کسی **"عرب"** نے اپنی ہی قوم کو برباد کیا ہے؟ اور اگر لڑائی میں قریش غالب آئے تو مَیں یہاں ایسے چہروں کو دیکھ رہا ہوں جو آپ کو تنہا چھوڑ کر بھاگ جانے والے ہیں۔

عروہ کا یہ طنز سن کر یارِ غار حضرت سیدنا صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ ضبط نہ کر سکے اور بے ساختہ پکار اٹھے:

- اے عروہ! خاموش ہو جا! اپنی دیوی **"لات"** کی شرم گاہ چوس! کیا ہم لوگ اپنے آقا و مولا کو بے یار و مددگار چھوڑ کر بھاگ جائیں گے؟

حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ جواب بتلاتا ہے کہ تمام صحابۂ کرام میں عشقِ رسول کا جو مقام اُنھیں حاصل ہے وہ کسی اور کو حاصل نہیں۔

- اِس کے بعد عروہ بن مسعود گھوم گھوم کر صحابۂ کرام کی نقل و حرکت کا جائزہ لینے لگا۔ حضور ﷺ کے سچے غلاموں کی عقیدت و محبت کے بے مثال جذبات دیکھ کر وہ بے حد متأثر ہوا اور قریش کے لشکر میں پہنچ کر اُنھیں تمام تفصیلات سے آگاہ کیا۔

**سوال:** مکہ پہنچ کر عروہ بن مسعود نے **"اپنا تأثر کن لفظوں میں"** بیان کیا؟

**جواب:** اُس نے مکہ والوں سے کہا:

- **اے قریش!** خدا کی قسم مَیں دنیا کے بڑے بڑے بادشاہوں کے دربار میں گیا ہوں؛ مگر محمد [ ﷺ ] کی شان ہی الگ ہے۔ میں نے کسی درباری کو اپنے بادشاہ کی ایسی تعظیم کرتے نہیں دیکھا جیسی تعظیم محمد [ﷺ] کے اَصحاب اُن کی کرتے ہیں۔ اُن کی شان تو یہ ہے کہ صحابہ اُن کے تھوک اور وضو کے دھوون کو اپنے ہاتھوں میں لے کر جسم پر مَل لیتے ہیں، وہ جب بولتے ہیں تو صحابہ بالکل خاموش ہو جاتے ہیں۔ محمد [ﷺ] کے غلاموں کے دلوں میں اُن کی ایسی عظمت ہے کہ وہ اُن کی طرف نظر بھر کر دیکھ بھی نہیں سکتے۔
- **اے قریش!** جنگ تو اُن سے لڑی جاتی ہے جو ہوش و حواس میں ہوں، محمد [ ﷺ ] کے اصحاب تو دیوانے ہیں۔ دیوانوں سے جنگ نہیں لڑی جاتی۔ جو لوگ اپنے آقا کے جسم سے لگنے والے پانی کو زمین پر گرنے نہیں دیتے وہ اُن کے خون کو کیسے گرنے دیں گے؟ خیریت چاہتے ہو تو اُن سے صلح کر لو، اگر تم نے اُن سے جنگ کی تو تباہ و برباد ہو جاؤ گے!
- عروہ بن مسعود کے بعد تحقیق کے لیے قریش نے مزید چند لوگوں کو بھیجا۔ بالآخر اُنھوں نے یہی فیصلہ کیا کہ چند شرائط کے ساتھ محمد [ ﷺ ] سے صلح کر لی جائے۔ اِسی تاریخی صلح کو **"صلحِ حدیبیہ"** کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

# پانچویں فصل — رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اَخلاقِ حَسَنہ — تفہیم

**سوال:** ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی ''شانِ جود وکرم'' کیسی تھی؟

**جواب:** ''سخاوت وفیاضی'' میں کوئی بھی شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمسری کا دعویٰ نہیں کرسکتا۔ آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم کی بے مثال جود وسخاوت کا کوئی بھی باشعور انسان انکار نہیں کرسکتا۔ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کہتے ہیں:

- مَا سُئِلَ النَّبِیُّ ﷺ عَنْ شَیْءٍ وَقَالَ: لَا [1]

ترجمہ: ایسا کبھی نہیں ہوا کہ کسی سائل نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ مانگا ہو اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کے جواب میں ''نہ'' فرمایا ہو۔

- اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ نے کیا ہی خوب فرمایا:

واہ کیا جود و کرم ہے شہِ بطحیٰ تیرا　　''نہیں'' سنتا ہی نہیں مانگنے والا تیرا

**سوال:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ''جود وسخاوت'' سے متعلق ''دو واقعات'' بیان فرمائیں!

**جواب:** حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے:

- ایک شخص نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے دستِ سوال دراز کیا [یعنی کچھ مانگا] تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دستِ جود وسخا نے اُس کو اِتنی بکریاں عطا فرمائیں جن سے دو پہاڑوں کے درمیان کی وسیع وادی بھر گئی۔ لَوٹ کر جب وہ اہلِ وطن کے پاس آیا تو اُن سے کہا:

اَسْلِمُوْا فَاِنَّ مُحَمَّدًا یُعْطِیْ عَطَاءَ مَنْ لَّا یَخْشَی الْفَاقَةَ

تم لوگ وقت ضائع کیے بغیر فوراً اسلام قبول کرلو! کیوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اُس کی طرح دیتے ہیں جسے فاقے کا خوف نہیں رہتا۔

- ایک مرتبہ بارگاہِ رسالت میں نوے ہزار درہم پیش کیے گئے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اِنھیں چٹائی پر رکھ دو! پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم اُنھیں تقسیم فرمانے کے لیے خود کھڑے ہوگئے۔ جو شخص بھی آتا، اُس کی جھولی بھر کر اُسے واپس کرتے، یہاں تک کہ وہ درہم بالکل ختم ہوگئے۔ اُس کے بعد ایک شخص نے آکر طلب کا دامن پھیلایا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا:

- میرے پاس تو اب کوئی چیز نہیں ہے؛ البتہ فلاں دوکان پر جا کر میرے نام پر اپنی ضرورت کی چیزیں خرید لو! رقم مَیں ادا کردوں گا۔

وہاں ایک انصاری صحابی حاضر تھے، انھوں نے کہا:

---

[1] الشفاء، ج:۱، ص:۸۲

- اے اللہ کے پیارے رسول ﷺ! آپ بے دھڑک خرچ کریں اور یہ اندیشہ نہ کریں کہ عرش کا مالک آپ کو تنگ دست کردے گا۔

اپنے غلام کی یہ بات سن کر حضور ﷺ مسکرانے لگے یہاں تک کہ خوشی کے آثار رخِ انور پر دکھائی دینے لگے، پھر فرمایا:

- بِهٰذَا اُمِرْتُ: مجھے اسی بات کا حکم دیا گیا ہے۔[1]

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ جو دولت بھی آقائے دوعالم ﷺ کے حصے میں آتی تھی، سرکار علیہ الصلاۃ والسلام بڑی فراخ دلی سے اُسے فقیروں، محتاجوں، یتیموں اور ضرورت مندوں پر خرچ کردیا کرتے تھے۔ یہ ہے سرکارِ دوعالم ﷺ کی وہ سخاوت جس کی مثال ہمیں کہیں نظر نہیں آتی۔

## چھٹی فصل — گوشۂ اہلِ بیتِ اَطہار علیٰ نبینا وعلیہم الصلاۃ والسلام — تفہیم

**سوال:** اہلِ بیت کی محبت کے سلسلے میں چند اسلاف کے ارشاداتِ عالیہ ذکر کریں!

**جواب:** بزرگانِ دین کی زبانیں، اہلِ بیتِ کرام کی تعریف وتوصیف سے ہمیشہ تر رہی ہیں، اُنھوں نے خود بھی اُن سے بے انتہا محبت کی ہے اور لوگوں کو بھی اُن سے سچی الفت کرنے اور اُن پر جان ومال نچھاور کرنے کی تاکید فرمائی ہے۔ چند اقوالِ زرّیں ملاحظہ فرمائیں!

سید الاکابر سیدنا صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

- رسول اللہ ﷺ کے رشتے داروں کی خدمت کرنا مجھے اپنے رشتے داروں کے ساتھ صلہ رحمی کرنے سے زیادہ محبوب ہے۔

جلیل القدر صحابی حضرت سیدنا عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

- آلِ رسول ﷺ کی ایک دن کی محبت ایک سال کی عبادت سے بہتر ہے۔

حضرت سیدنا امامِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فتویٰ دیا کہ

- اے لوگو! [خلیفہ منصور کے مقابلے میں] حضرت ابراہیم بن عبد اللہ محض بن حسن مثنی بن حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین اور اُن کے بھائی حضرت محمد کا ساتھ دو!۔ اِسی فتوے کی وجہ سے حضرت امامِ اعظم رضی اللہ عنہ خلیفہ منصور کے عِتاب کا شکار ہوئے۔

حضرت سیدنا امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضرات اہلِ بیتِ اطہار سے اِس قدر والہانہ عشق تھا کہ جاہل قسم کے لوگوں نے اُنھیں رافضی تک کہہ دیا تھا۔

---

[1] ملخصاً از ضیاء النبی، ج:۵، ص:۳۲۲۔۳۲۳

- اُنھوں نے اُن نادانوں کو جواب دیتے ہوئے فرمایا تھا:

لَوْ کَانَ رِفْضًا حُبُّ آلِ مُحَمَّدٍ — فَلْيَشْهَدِ الثَّقَلَانِ اَنِّیْ رَافِضِیْ
اگر اہلِ بیت سے محبت ہی کا نام رِفض ہے — تو جن وانس گواہ ہو جائیں کہ اس معنیٰ میں میں رافضی ہوں
يَا اَهْلَ بَيْتِ رَسُوْلِ اللهِ حُبُّكُمْ — فَرْضٌ مِّنَ اللهِ فِی الْقُرْآنِ اَنْزَلَهٗ[1]
رسول اللہ کے گھر والو! آپ لوگوں کی محبت فرض ہے — یہ حکم اللہ رب العزت نے قرآن میں نازل فرمایا ہے

**سوال:** اہلِ بیتِ اطہار کی ''چند خصوصیات'' بیان فرمائیں!

**جواب:** اہلِ بیتِ اطہار کی وہ خصوصیات جو کسی اور میں نہیں پائی جاتیں، یہ ہیں:

- اُن کے لیے زکاۃ اور دیگر صدقاتِ واجبہ حرام ہیں؛ کیوں کہ یہ لوگوں کے مَیل ہیں، اِس لیے اللہ تعالیٰ نے اُنھیں اِن سے محفوظ رکھا ہے۔
- یہ حضرات حسب ونسب میں سارے انسانوں سے افضل واعلیٰ ہیں۔
- سرکار علیہ الصلاۃ والسلام کے نسب کے علاوہ قیامت کے دن سارے نسب بے فائدہ ثابت ہوں گے۔
- اہلِ بیت میں سے جو بے عمل ہوں اُن کی بھی تعظیم واجب ہے، یعنی سید سے جب تک کفر سرزد نہ ہو اُس کی تعظیم واجب ہے۔ وغیرہ[2]

## ساتویں فصل — عام دینی معلومات — تفہیم

**سوال:** دربارِ نبوت کے ''مخصوص شُعَرا'' کتنے ہیں؟

**جواب:** یوں تو بہت سے صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم حضور ﷺ کی مدح وثنا میں قصیدے لکھنے کی سعادت سے سرفراز ہوئے؛ مگر دربارِ رسالت کے ''مخصوص شعرائے کرام تین'' ہیں، جو اپنے شان دار قصیدوں کے ذریعے آقائے دوعالم ﷺ کی تعریف وتوصیف بھی کرتے اور کافروں کے شاعرانہ حملوں کا دنداں شکن جواب بھی دیتے۔ اُن ''تینوں خوش نصیبوں کے نام'' یہ ہیں:

- حضرت حسان بن ثابت۔ - حضرت عبد اللہ بن رواحہ - حضرت کعب بن مالک انصاری رضی اللہ عنہم اجمعین۔

**سوال:** حضور سید المرسلین ﷺ کے ''خصوصی مؤذنوں'' کی تعداد کتنی ہے؟

**جواب:** حضرت ﷺ کے خصوصی مؤذنوں کی تعداد ''چار'' ہے:

- حضرت سیدنا بلال بن رباح رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ آپ مسجدِ نبوی شریف میں مؤذن تھے۔

---

[1] ملخصاً از خطباتِ محرم، ص: ۲۱۷۔ ۲۱۸۔ از حضرت مفتی جلال الدین صاحب امجدی علیہ الرحمہ
[2] ملخصاً از مصدرِ سابق، ص: ۲۲۱ تا ۲۲۳

- حضرت سیدنا عبد اللہ ابن ام مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ آپ بھی مسجدِ نبوی میں اذان دینے کی خدمت پر مامور تھے۔
- حضرت سیدنا سعد بن عائذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ اِنھیں مسجد قُبا میں اذان دینے کا شرف حاصل تھا۔
- حضرت سیدنا ابو محذورہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ آپ مسجدِ حرام میں اذان دیا کرتے تھے۔[۱]

**سوال:** "عَشَرَہ مُبَشَّرَہ" کن نفوسِ قدسیہ کو کہا جاتا ہے؟

**جواب:** چاروں خلفاے راشدین اور مندرجہ ذیل چھ حضرات صحابہ کو "عَشَرَہ مُبَشَّرَہ" کہا جاتا ہے:

- حضرت سیدنا طلحہ بن عبید اللہ
- حضرت سیدنا زُبیر بن عوّام
- حضرت سیدنا عبد الرحمٰن بن عوف
- حضرت سیدنا سعد بن ابو وقاص
- حضرت سیدنا سعید بن زید
- حضرت سیدنا ابو عُبَیدہ بن جَرّاح۔

رضی اللہ عنہم اجمعین

عشرہ مبشرہ کا ترجمہ ہے "وہ دس خوش نصیب جنھیں جنت کی بشارت دی گئی"

**سوال:** حضور ﷺ کی "مقدس باندیاں" کتنی تھیں؟

**جواب:** حضور ﷺ کی چار مقدس باندیاں بھی تھیں۔ اُن مقدس باندیوں کے نام یہ ہیں:

**حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا:** اِن کو مصر و سکندریہ کے بادشاہ نے بارگاہِ رسالت میں چند تحفوں کے ساتھ بطورِ ہبہ نذر کیا تھا۔ یہ انتہائی حسین و جمیل تھیں، یہ رسول اللہ ﷺ کی اُمِّ وَلَد ہیں؛ کیوں کہ آپ ﷺ کے فرزند حضرت سیدنا ابراہیم رضی اللہ عنہ اِنھی کے مبارک بطن سے پیدا ہوئے تھے۔ ۱۵ یا ۱۶ ہجری میں آپ رضی اللہ عنہا کی وفات ہوئی اور جنت البقیع آپ کا مدفن بنا۔

**حضرت رَیحانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا:** یہ یہود کے خاندان "بنو قریظہ" سے تھیں۔ گرفتار ہو کر رسول اللہ ﷺ کی بارگاہِ عالی میں آئیں اور چند دنوں کے بعد اسلام قبول کر کے، تادمِ حیات رسول اللہ ﷺ کی باندی بن کر رہنے کا شرف حاصل کیا۔ آپ رضی اللہ عنہا، حضور ﷺ کے سامنے ہی ۱۰ ہجری میں وفات پا کر جنت البقیع میں مدفون ہوئیں۔

**حضرت نفیسہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا:** یہ پہلے حضرت زینب بنت جحش کی لونڈی تھیں، اُنھوں نے اِن کو حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی خدمت میں بطورِ ہبہ نذر کر دیا اور یہ آقاے کریم ﷺ کے کاشانۂ نبوت میں باندی کی حیثیت سے رہنے لگیں۔

**چوتھی باندی صاحبہ رضی اللہ عنہا:** حضور ﷺ کی ایک چوتھی باندی صاحبہ بھی تھیں؛ مگر اُن کا نام معلوم نہ ہو سکا۔ یہ کسی جہاد میں گرفتار ہو کر بارگاہِ رسالت میں آئیں اور باندی بن کر، رسول اللہ ﷺ کی صحبت سے سرفراز ہوئیں۔[۲]

---

[۱] سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۷۰۸

[۲] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۶۸۵ تا ۶۸۷

# تیسرا سبق

## پہلی فصل — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** فرقۂ قادیانیت کا ''بانی'' کون تھا اور اُس کے ''عقائد'' کیسے تھے؟

**جواب:** اِس فرقے کا بانی ''مرزا غلام احمد قادیانی'' تھا۔ قادیانی اِسی کی پیروی کرتے ہیں۔ اِس شخص نے ''نبوت کا دعویٰ'' کیا اور انبیاے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کی شانِ اقدس میں نہایت بے باکی کے ساتھ گستاخیاں کیں۔ حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام اور اُن کی والدۂ محترمہ حضرت سیدتنا مریم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی ایسی بے ادبیاں کیں کہ اللہ کی پناہ!۔

قادیانیوں کی کتابیں، مثلاً ''اِزالۂ اَوہام، انجامِ آتھم، دافع البلاء، براہینِ احمدیہ، اربعین، معیار، کشتیِ نوح، اعجازِ احمدی'' وغیرہ اُن کے کفری عقائد اور اللہ تعالیٰ کے محبوب بندوں کی شانوں میں گستاخیوں سے بھری پڑی ہیں۔

**سوال:** حضور ﷺ کے ''آخری نبی'' ہونے پر کوئی آیتِ کریمہ پیش کریں!

**جواب:** اللہ ربُّ العزت نے اپنے محبوب ﷺ کی ختمِ نبوت کو درجنوں آیاتِ کریمہ میں، ایسے صاف اور واضح الفاظ میں بیان فرمایا ہے، جن میں کسی قسم کی تاویل یا تخصیص کی کوئی گنجائش نہیں۔ ذیل میں صرف ایک آیت مختصر تفسیر کے ساتھ ملاحظہ فرمائیں:

✵ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَاۤ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا۔[1]

ترجمہ: محمد [ ﷺ ] تمھارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں، لیکن اللہ کے رسول اور سب سے آخری نبی ہیں اور اللہ سب کچھ جانتا ہے۔

✵ **وجہِ استدلال:** اِس آیتِ مبارکہ میں اللہ ربُّ العزت نے اپنے حبیب ﷺ کو ''خاتم النبیین'' کے وصف سے متصف فرمایا ہے۔ اِس کا معنیٰ ہے ''نبوت کا سلسلہ ختم کرنے والا نبی، تمام نبیوں کے آخر میں آنے والا نبی''۔ حضور ﷺ نے ''خاتم النبیین'' کا یہی معنیٰ بیان فرمایا اور صحابۂ کرام کے زمانے سے لے کر آج تک تمام مسلمانوں کے نزدیک اِس کا یہی معنیٰ و مفہوم ہے؛ لہٰذا ''خاتم النبیین'' کا قطعی، یقینی، اجماعی معنیٰ یہی ہے کہ حضور ﷺ اللہ کے آخری پیغمبر ہیں، آپ کے زمانے کے بعد قیامت تک کوئی بھی نبی نہیں آسکتا۔ نہ تشریعی نہ غیر تشریعی، نہ ظلی نہ فرعی، نہ عکسی نہ بُروزی۔ حضور ﷺ کے بعد کسی نبی کے آنے کو جائز قرار دینا، اِس آیتِ کریمہ کا صاف انکار ہے؛ لہٰذا کفر ہے۔

---

[1] سورۂ احزاب، آیت نمبر ۴۰:

سوال: حضور ﷺ کے "خَاتَمُ النَّبِيِّيْن" ہونے پر دو احادیثِ کریمہ پیش کریں!

جواب: جی! ملاحظہ فرمائیں! حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ آقا ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- وَلَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يُبْعَثَ دَجَّالُوْنَ كَذَّابُوْنَ قَرِيْبًا مِنْ ثَلَاثِيْنَ كُلُّهُمْ يَزْعُمُ أَنَّهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ۔[1]

ترجمہ: قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک تیس کے قریب جھوٹے دجال ظاہر نہ ہو جائیں، اُن میں سے ہر ایک یہ گمان کرے گا کہ وہ اللہ کا رسول ہے۔

- بخاری شریف کی اِس روایت سے معلوم ہوا کہ قیامت قائم ہوتے ہوتے تیس ایسے شخص پیدا ہوں گے جو خود کے نبی ہونے کا دعویٰ کریں گے، حالاں کہ وہ سب کے سب جھوٹے، مکار، شعبدہ باز اور دجال ہوں گے۔

- حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسولِ معظم، نبی مکرم ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے:

ترجمہ: بے شک میرے کئی نام ہیں۔ میں "محمد" ہوں۔ میں "احمد" ہوں۔ میں "ماحی" ہوں۔ اللہ تعالیٰ میرے ذریعے کفر کو مٹائے گا اور میں "حاشر" ہوں؛ لوگوں کا حشر میرے قدموں پر ہوگا اور میں وہ "عاقب" ہوں کہ جس کے بعد کوئی نبی نہیں۔[2]

- اِس حدیثِ پاک میں حضور ﷺ نے اپنے پانچ اسمائے گرامی شمار فرمائے ہیں، جن میں اپنا ایک نام "عاقب" بھی بتایا، پھر اِس نام سے موسوم ہونے کی وجہ بیان فرمائی کہ میرے بعد قیامت تک کوئی نبی نہیں آئے گا۔ ثابت ہوا کہ آپ ﷺ پر نبوت و رسالت کے سلسلے کو ختم کر دیا گیا ہے۔ لہٰذا جو بھی "مرزا قادیانی" یا کسی بھی "مدعیِ نبوت" کو نبی مانے گا، اسلام سے بے تعلق ہو کر کافر و مرتد ہو جائے گا۔ اَلْعِيَاذُ بِاللّٰهِ تَعَالٰى مِنْهُ۔

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

سوال: بغیر عذرِ شرعی رَمضان کا روزہ نہ رکھنے پر کیا "وعیدیں" آئی ہیں؟

جواب: روزہ نہ رکھنے والوں کے لیے احادیثِ کریمہ میں سخت ترین وعیدیں آئی ہیں۔ آقائے دو جہاں ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- اُس شخص کی ناک خاک آلود ہو [یعنی وہ شخص ذلیل و رسوا ہو] جس پر رمضان کا مہینہ داخل ہوا، پھر اُس کی بخشش ہونے سے پہلے گزر گیا۔[3]

---

[1] الصحیح للامام البخاری، کتاب المناقب، باب علامات النبوۃ فی الاسلام، رقم الحدیث: ۳۶۰۹
[2] الصحیح للامام مسلم، کتاب الفضائل، باب فی اسماءہ ﷺ، رقم الحدیث: ۶۲۵۲
[3] المسند للامام احمد بن حنبل، ج: ۳، ص: ۶۱، رقم الحدیث: ۷۴۵۵

- جس نے رمضان کے ایک دن کا روزہ بغیر رخصت اور بغیر مرض ترک کیا تو زندگی بھر کا روزہ اُس کی قضا نہیں ہوسکتا، اگر چہ بعد میں رکھ بھی لے۔[۱]

یعنی زندگی بھر روزہ رکھنے کے باوجود اُسے وہ برکتیں نہیں مل سکتیں جو رمضان کا روزہ رکھنے سے حاصل ہوتیں۔

**سوال:** "کِن صورتوں" میں روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے؟

**جواب:** مندرجہ ذیل عُذروں کی بنا پر روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے:

- شرعی مسافر کو روزہ چھوڑنے کی اجازت ہے؛ مگر چوں کہ اِس زمانے میں سفر میں کافی حد تک آسانیاں پیدا ہو چکی ہیں، اِس لیے مسافروں کو روزہ رکھ لینا چاہیے؛ لیکن اگر نہ رکھا تو گنہ گار نہ ہوئے، البتہ بعد میں چھوٹے ہوئے روزوں کی قضا فرض ہے۔
- حمل والی اور دودھ پلانے والی عورت کو اگر اپنی یا اپنے بچے کی جان جانے کا صحیح اندیشہ ہے تو اجازت ہے کہ اُس وقت روزہ نہ رکھے، بعد میں چھوٹے ہوئے روزوں کی قضا کرے۔
- مریض کو مرض بڑھ جانے یا دیر میں اچھا ہونے کا غالب گمان ہو تو اجازت ہے کہ روزہ نہ رکھے؛ البتہ تندرست ہونے کے بعد قضا کرے۔
- حیض اور نفاس والی عورتوں کو روزہ رکھنے کی اجازت نہیں؛ البتہ اِن پر واجب ہے کہ روزہ داروں کی طرح رَہیں اور پاک ہونے کے بعد چھوٹے ہوئے روزوں کی قضا کریں۔[۲]

**سوال:** "شیخِ فانی" کسے کہتے ہیں اور اُس کے بارے میں شرعی حکم کیا ہے؟

**جواب:** "شیخِ فانی" اُس شخص کو کہتے ہیں جو سخت بڑھاپے کے سبب روزہ رکھنے سے بالکل ہی عاجز ہو گیا ہو اور آئندہ روزہ رکھنے کی طاقت آنے کی امید بھی نہ ہو۔ ایسے بوڑھے کو روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے؛ مگر اُس پر ہر روزہ کے بدلے ایک صدقۂ فطر دینا یا ایک مسکین کو دونوں وقت پیٹ بھر کر کھانا کھلانا لازم ہے۔[۳]

- یہی حکم ہر اُس شخص کا ہے جسے کوئی ایسی خطرناک دائمی بیماری لاحق ہو گئی ہو جس نے اُسے روزہ رکھنے سے مکمل طور پر محروم کر دیا ہو؛ لیکن اگر بعد میں بیماری ٹھیک ہو گئی یا روزہ رکھنے کی طاقت آ گئی تو اُس پر چھوٹے ہوئے تمام روزوں کی قضا لازم ہوگی، البتہ اپنے دیے ہوئے صدقوں کا اجر وثواب بھی پائے گا۔

**سوال:** کچھ لوگ "بیماری بڑھ جانے کے محض گمان کے سبب" روزے ترک کر دیتے ہیں، کیا ایسا کرنا صحیح ہے؟

**جواب:** بیماری بڑھ جانے کے صرف وہم کی بنا پر روزہ چھوڑنے کی قطعاً اجازت نہیں۔ ایسا کرنے والے سخت گنہ گار ہیں۔ جب تک بیماری بڑھ جانے کا گمانِ غالب نہ ہو روزہ ترک کرنے کی اجازت نہیں۔ گمانِ غالب کی تین صورتیں ہیں۔ [۱] بیماری بڑھ جانے کی واضح نشانی پائی گئی ہو [۲] اُس شخص کا ذاتی تجربہ ہو [۳] کسی ماہر پرہیز گار مسلمان ڈاکٹر نے کہہ دیا ہو کہ روزہ رکھنے سے مرض بڑھ جائے گا۔

---

۱ الجامع للامام الترمذی، کتاب الصوم، باب ماجآء فی الافطار متعمدا، رقم الحدیث: ۷۲۳

۲ ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ پنجم، ص: ۱۰۰۳۔ ۱۰۰۴

۳ ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ پنجم، ص: ۱۰۰۶

## تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب — تفہیم

**سوال:** ''توبہ'' کا معنیٰ اور اُس کی شرعی حیثیت بیان کریں!

**جواب:** سچی توبہ یہ ہے کہ انسان ''اپنے گناہوں کا اعتراف کرتے ہوئے، اُن پر ندامت کے آنسو بہاتے ہوئے، آئندہ نہ کرنے کے پختہ ارادے کے ساتھ'' اپنے رب اللہ عزوجل کی جانب متوجہ ہو۔ ایسی توبہ کرنے والا انسان، اللہ عزوجل کی جانب سے معافی کا پروانہ پا جاتا ہے۔ خداوندِ قدوس کا فرمانِ عالی شان ہے: فَمَنۡ تَابَ مِنۡۢ بَعۡدِ ظُلۡمِهٖ وَ اَصۡلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوۡبُ عَلَيۡهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ۔[1]

ترجمہ: پس جو شخص [گناہ کے ذریعے] اپنے اوپر ظلم کرنے کے بعد توبہ کر لے اور سُدھر جائے تو بے شک اللہ اپنی رحمت سے اُس کی جانب رجوع فرمائے گا۔ بے شک اللہ بہت بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔

- قرآنِ کریم کی مبارک آیتوں اور حضور ﷺ کی پاکیزہ حدیثوں سے واضح ہوتا ہے کہ گنہ گار شخص پر فوراً توبہ کرنا واجب و ضروری ہے۔ چناں چہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآنِ مجید میں ارشاد فرمایا:
- يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا تُوۡبُوۡۤا اِلَى اللّٰهِ تَوۡبَةً نَّصُوۡحًا ۔[2]

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اللہ عزوجل کی بارگاہ میں خالص توبہ کرو۔ اِس آیتِ کریمہ کی رہ نمائی اِسی بات کی جانب ہے کہ بندۂ مومن پر فوراً سچی توبہ کرنا واجب و ضروری ہے۔

**سوال:** ''تَوۡبَةً نَّصُوۡحًا'' سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** اَلتَّوۡبَةُ النَّصُوۡحُ کا معنیٰ بیان کرتے ہوئے حضرت عمر فاروقِ اعظم نے فرمایا: توبۂ نصوح یہ ہے کہ انسان توبہ کے بعد دوبارہ گناہ کی طرف نہ پلٹے، جس طرح تھن سے نکلا ہوا دودھ دوبارہ اُس میں نہیں جا پاتا۔[3]

**سوال:** جو لوگ ''توبہ نہیں کرتے'' اُن سے متعلق کیا حکم ہے؟

**جواب:** انسان فرشتہ نہیں کہ اُس سے گناہ سرزد نہ ہو، اِس لیے اللہ اپنے بندوں سے یہ توقع نہیں رکھتا کہ وہ گناہ نہ کریں؛ البتہ وہ چاہتا ہے کہ گناہ کے بعد بندے فوراً توبہ کر لیں۔ لہٰذا گناہ اِتنا بڑا ظلم نہیں، گناہ کر کے توبہ نہ کرنا بہت بڑا ظلم ہے۔ اللہ ربُّ العزت نے فرمایا:

- وَمَنۡ لَّمۡ يَتُبۡ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوۡنَ ۔[4] اور جو لوگ توبہ نہ کریں تو وہی ظالم ہیں۔

**سوال:** کیا صرف ''کان پکڑنے اور گال چھونے'' سے توبہ ہو جاتی ہے؟

**جواب:** یہ محض رسمی توبہ ہے، سچی توبہ وہی ہے جس میں یہ چھ چیزیں پائی جائیں:

[۱] اپنے گناہوں پر نادم [شرمندہ] ہو۔
[۲] لوگوں کا حق واپس کرے۔
[۴] جن فرائض سے غفلت برتی ہے اُنھیں ادا کرے۔
[۵] جن کو تکلیف پہنچائی ہے اُن سے معافی مانگے۔

---

[1] سورۂ مائدہ، آیت نمبر: ۳۹
[2] سورۂ تحریم، آیت نمبر: ۸
[3] تفسیر ابن کثیر، ج: ۸، ص: ۱۶۸
[4] سورۂ حجرات، آیت نمبر: ۱۱

[۳] آئندہ اُس گناہ کو نہ کرنے کا عزم کرے۔ [۶] اپنے نفس کو رب تعالیٰ کی فرماں برداری میں گھُلائے۔

**سوال:** ''سچی توبہ کرنے والے'' کس اجر کے مستحق ہوتے ہیں؟

**جواب:** سچی توبہ سے اللہ عزوجل گناہوں کو معاف فرما دیتا ہے۔ وہ اُس شخص کی طرح ہو جاتا ہے جس نے کوئی گناہ کیا ہی نہ ہو۔[۱] لیکن توبہ سے محروم رہنے والے ہلاک ہو جاتے ہیں۔ ہمارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:

- جب کوئی بندہ گناہ کرتا ہے تو اُس کے دل پر ایک سیاہ نقطہ چڑھ جاتا ہے، اگر وہ اُس گناہ سے توبہ کر لیتا ہے تو اُس کا دل صاف ہو جاتا ہے؛ لیکن اگر پھر گناہ کرتا ہے تو اُس نقطے کی سیاہی پھیل کر پورے دل کو سیاہ کر دیتی ہے۔[۲]

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم — تفہیم

**سوال:** صلحِ حدیبیہ کی ''شرطیں'' کیا تھیں؟ بیان فرمائیں!

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں:

- فریقین [قریش اور مسلمانوں] کے درمیان دس سال تک کوئی جنگ نہیں ہوگی۔
- مسلمان اِس سال عمرہ کیے بغیر واپس چلے جائیں، آئندہ سال آئیں اور صرف تین دن مکہ میں ٹھہر کر واپس چلے جائیں۔
- تلوار کے سوا کوئی ہتھیار نہ لائیں، تلوار بھی نیام میں اور نیام تھیلے میں بند ہو۔
- جو مسلمان مکہ میں مقیم ہیں اُنھیں اپنے ساتھ نہ لے جائیں اور جو مسلمان مکہ میں رہنا چاہیں اُنھیں نہ روکیں۔
- اگر کوئی مسلمان یا کافر مدینہ چلا جائے گا تو اُسے واپس کرنا ہوگا؛ لیکن اگر کوئی مسلمان مدینہ سے مکہ چلا جائے گا تو واپس نہیں کیا جائے گا۔
- عرب کے قبیلوں کو اختیار ہوگا کہ وہ فریقین میں سے جس کے ساتھ چاہیں دوستی کا معاہدہ کر لیں۔[۳]

**سوال:** صلحِ حدیبیہ کے شرطیں تو ''مسلمانوں کے خلاف'' تھیں، پھر حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے اُنھیں کیوں کر تسلیم کیا؟

**جواب:** یقیناً وہ شرطیں بظاہر مسلمانوں کے خلاف تھیں، اِسی لیے صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کو اِس صلح سے بڑی سخت ناگواری ہوئی؛ مگر غیب داں نبی حضور رحمتِ عالَم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اپنی نگاہِ نبوت سے دیکھ رہے تھے کہ یہ ''صلح اسلام کی ترویج و اشاعت کا زبردست پیش خیمہ ثابت ہوگی''۔ اور ہوا بھی یہی کہ اِس معاہدے کے بعد لوگ بڑی تیزی کے ساتھ دامنِ اسلام سے وابستہ ہونے لگے۔ اِسی لیے قرآنِ مجید نے اِس صلح کو ''فتحِ مبین'' قرار دیا اور فرمایا:

- اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا۔[۴] ترجمہ: اے حبیب! بے شک ہم نے آپ کو فتحِ مبین عطا کی۔

---

[۱] السنن للامام ابن ماجہ، ابواب الزہد، ص: ۳۲۳ [۲] الجامع للامام الترمذی، باب ومن سورۃ ویل للمطففین، رقم الحدیث: ۳۶۵۴۔ ملخصاً

[۳] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص از ۲۸۱ تا ۲۸۳ [۴] سورۂ فتح، آیت نمبر: ۱

**سوال:** یہ صلح تمام ''فتوحات اور ترقیوں'' کی کنجی کیسے ثابت ہوئی؟

**جواب:** اِس صلح سے پہلے مسلمان اور کافر ایک دوسرے سے الگ تھلگ رہتے تھے، جس کے سبب کافروں کو مسلمانوں کی باتیں سننے کا موقع ہی نہیں مل پاتا تھا۔ بعض کافر مسلمانوں سے ملنا یا دامنِ اسلام سے وابستہ ہونا چاہتے تھے، مگر قریش کی دہشت سے وہ ایسا نہیں کر سکتے تھے۔ جب صلح ہو گئی تو کافروں کو کُھل کر مسلمانوں سے ملنے، اُن سے تبادلۂ خیال کرنے، اُن کی اسلامی تہذیب کو سمجھنے، قرآنِ مجید کو پڑھنے، گہرائی سے اسلامی تعلیمات کا مطالعہ کرنے اور حضور ﷺ کے لائے ہوئے دین کی ''خوبیوں'' کو جاننے کا بھرپور موقع مِلا۔ چناں چہ بت پرست اسلام کی طرف کھنچنے لگے اور عرب کے مختلف قبیلے بہت بڑی تعداد میں حضور ﷺ کی غلامی میں داخل ہوئے۔

- فاتحِ شام حضرت سیدنا خالد بن ولید اور فاتحِ مصر حضرت سیدنا عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی اُسی زمانے میں خود بخود مکۂ معظّمہ سے چل کر مدینۂ منورہ آئے اور دامنِ اسلام سے وابستہ ہوئے۔[1]

## پانچویں فصل — رسولِ اکرم ﷺ کے اَخلاقِ حَسَنَہ — تفہیم

**سوال:** آقائے کریم ﷺ کی ''شانِ شجاعت'' کس کمال کی تھی؟

**جواب:** اللہ ربُّ العزت نے اپنے محبوب ﷺ کو ایسی شجاعت و بہادری اور جسمانی طاقت وقوت سے سرفراز فرمایا تھا جسے دیکھ کر لوگ حیران وششدر رہ جایا کرتے تھے۔ دنیا میں آج تک جتنے بھی بہادر گزرے ہیں، اُن میں سے ہر ایک کا قدم کبھی نہ کبھی پھسلا ضرور ہے۔ صِرف حضور رحمتِ عالم ﷺ کی ذاتِ گرامی ہے جو ''ہر میدانِ جنگ میں، ہر مشکل گھڑی میں اور ہر قسم کے خطرناک حالات میں ثابت قدم رہی''۔

سیرتِ نبوی میں بیسیوں ایسے واقعات درج ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ ازحد خطرناک حالات میں بھی آقائے کریم ﷺ نے سینہ سپر ہو کر مصائب کا مقابلہ کیا ہے۔ سفرِ ہجرت میں، بدر، احد، خندق اور حنین جیسے غزوات میں، دشمنوں کے ہجوم میں، تیروں کی بارش میں، ننگی تلواروں کے جھرمٹ میں، حضور ﷺ نے ہر قسم کے خطروں سے بے نیاز ہو کر بے مثال ثابت قدمی کا مظاہرہ فرمایا ہے۔ کسی بھی موقع پر حضور ﷺ کو پریشان ومضطرب نہیں دیکھا گیا۔ اِسی لیے حضرت سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرمایا کرتے تھے:

- مَیں نے رسولِ کریم ﷺ سے زیادہ نہ کوئی شجاع دیکھا ہے نہ بہادر، نہ سخی دیکھا ہے اور نہ جلد راضی ہونے والا، اور نہ کسی کو کسی صفت میں حضور ﷺ سے بڑھ کر دیکھا ہے۔[2]

**سوال:** حضورِ اقدس ﷺ کی ''جسمانی طاقت وقوت'' سے متعلق دو واقعات بیان کریجیے!

---

[1] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۲۸۶

[2] شمائلِ ترمذی، ص: ۶۲ ۔ بحوالہ ضیاء النبی، ج: ۵، ص: ۳۳۱

جواب: **پہلا واقعہ:** غزوۂ خندق میں جب مدینۂ طیبہ کو مشرکینِ عرب کے لشکرِ جرار کی زَد سے بچانے کے لیے خندق کھودنے کا منصوبہ تیار کیا گیا تو سارے صحابہ اپنے اپنے حصے کی کھدائی میں مصروف ہو گئے، اتفاق سے ایک مقام پر ایک ایسی چٹان آ گئی جس کو تمام مجاہدینِ اسلام ایڑی چوٹی کا زور لگانے کے باوجود توڑ نہ سکے۔ مجبور ہو کر آقائے کونین ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں حاضر ہو کر فریاد کی اور بولے:

- **یا رسول اللہ!** اگر اُس چٹان کو چھوڑ دیا گیا تو غندق کھودنے کی ساری محنت رائگاں جائے گی؛ کیوں کہ دشمن اُسے پل بنا کر مدینۂ طیبہ میں داخل ہو جائیں گے۔

حضور رحمتِ عالم ﷺ وہاں پہنچے، حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے ہتھوڑا لیا "**اللہ اکبر**" کا نعرہ لگایا اور "**تین ضربیں**" لگا کر اُس فولادی چٹان کو ریزہ ریزہ کر دیا۔ وہ چٹان جسے فاتحِ خیبر حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سمیت تمام بہادر صحابہ بھی توڑنے سے قاصر رہے، اُسے حضور ﷺ نے اللہ کا نام لے کر پاش پاش کر دیا۔[١]

**دوسرا واقعہ:** رکانہ پہلوان جو دو سَو پہلوانوں کا تنِ تنہا مقابلہ کیا کرتا تھا، اُسے حضور ﷺ نے چاروں شانے چِت گرایا تھا، یہ واقعہ بڑا مشہور ہے۔ ایک دفعہ رکانہ کا پہلوان بیٹا "**یزید**" حضورِ اقدس ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور آپ کو مقابلے کی دعوت دی۔ ہمارے آقا ﷺ نے اسے تین مرتبہ شکست دی۔

- تیسری مرتبہ شکست کھانے کے بعد یزید بولا: سوائے آپ کے اِس زمین پر کوئی ایسا آدمی نہیں ہے جس نے میری پیٹھ زمین سے لگائی ہو، ایسی جسمانی طاقت کسی پیغمبر ہی کے پاس ہو سکتی ہے۔ وہ حضور ﷺ کی شجاعت سے اِس قدر متأثر ہوا کہ کلمۂ پاک پڑھ کر دامنِ اسلام سے وابستہ ہو گیا۔ حضور ﷺ اُس کے سینے سے اٹھ کھڑے ہوئے اور اُس کی تین سَو بکریاں اُسے واپس کر دیں جو آپ نے مقابلے میں جیتی تھیں۔[٢]

## چھٹی فصل — گوشۂ اہلِ بیتِ اَطہار علیٰ نبینا وعلیہم الصلاۃ والسلام — تفہیم

سوال: حضور ﷺ کی "**مقدس اولاد**" کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: راجح قول کے مطابق حضور ﷺ کی "**مقدس اولاد کی تعداد سات**" ہے۔ تین صاحب زادگان اور چار صاحب زادیاں۔

**صاحب زادگان کے اسمائے گرامی:** [١] حضرتِ قاسم [٢] حضرتِ عبداللہ [٣] حضرتِ ابراہیم۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

---

١ ضیاء النبی، ج: ۵، ص: ٣٣٤

٢ ملخصاً از ضیاء النبی، ج: ۵، ص: ٣٣۵

**صاحب زادیوں کے اسمائے گرامی:** [۱] حضرتِ زینب [۲] حضرتِ رقیہ [۳] حضرتِ ام کلثوم [۴] حضرتِ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنھن اجمعین۔

- اِن ساتوں مقدس اولاد میں سے حضرت سیدنا ابراہیم رضی اللہ عنہ، حضرت ماریَہ قِبطِیہ رضی اللہ عنہا کے شکم سے تَوَلُّد ہوئے تھے اور باقی تمام اولادِ اَمجاد حضرت سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطنِ پاک سے پیدا ہوئیں۔[۱]

**سوال:** حضور ﷺ کے **''تینوں مقدس شہزادوں کا مختصر تعارُف''** پیش فرمائیں!

**جواب:** **حضرت سیدنا قاسم** رضی اللہ عنہ: یہ سب سے پہلے فرزند ہیں جو حضرت بی بی خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی آغوشِ مبارک میں اِعلانِ نبوت سے قبل پیدا ہوئے۔

امام ابن سعد نے کہا کہ دو برس کی عمر میں آپ رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا۔

**حضرت سیدنا عبداللہ** رضی اللہ عنہ: اِنھی کا لقب **''طیِّب و طاہر''** ہے، یہ اعلانِ نبوت سے قبل مکۂ مکرمہ میں پیدا ہوئے اور وہیں بچپن میں وفات پاگئے۔

**حضرت سیدنا ابراہیم** رضی اللہ عنہ: یہ حضور ﷺ کے سب سے آخری فرزند ہیں۔ یہ ذوالحجہ آٹھ ہجری میں مدینۂ منورہ کے قریب مقامِ **''عَالِیَہ''** کے اندر، حضرت ماریہ قبطیہ کے شکمِ مبارک سے پیدا ہوئے۔ اِن کی ولادت کے بعد حضرت جبریلِ اَمین نے نازل ہو کر حضور ﷺ کو بشارت سنائی اور آپ ﷺ کو **''یَا اَبَا اِبْرَاهِیْمَ''** کہہ کر پکارا جس سے حضور ﷺ بے حد خوش ہوئے۔ حضور ﷺ کو اِن سے بے پناہ محبت تھی، اِن کے وصال کے وقت آپ ﷺ کی زبانِ اقدس پر یہ کلمات جاری تھے:

- آنکھ آنسو بہاتی ہے اور دل غم زدہ ہے؛ مگر ہم زبان سے وہی بات نکالتے ہیں جس سے ہمارا رب خوش ہو۔ اور اے ابراہیم! بلا شبہ ہم تمھاری جدائی سے بہت زیادہ غمگین ہیں۔ سترہ یا اٹھارہ ماہ میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال ہوا اور حضور ﷺ نے آپ کو اپنے مقدس ہاتھوں سے جنت البقیع میں دفن کیا۔[۲]

**سوال:** حضور ﷺ کی سب سے بڑی شہزادی **''حضرت سیدتنا زینب رضی اللہ عنہا کا مختصر تعارُف''** پیش کریں!

**جواب:** آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی ولادت اِعلانِ نبوت سے دس سال پہلے ہوئی، اُس وقت حضور ﷺ کی عمرِ پاک تیس سال کی تھی۔ اعلانِ نبوت سے قبل اِن کی شادی، خالہ زاد بھائی ابوالعاص بن ربیع سے ہوئی تھی۔ حضرتِ زینب تو شروع ہی میں مسلمان ہوگئی تھیں؛ مگر ابوالعاص شرک پر اَڑے رہے۔ رمضان دو ہجری میں جب ابوالعاص جنگِ بدر میں گرفتار ہو کر مدینہ آئے، تو حضرت زینب نے اُنھیں قید سے چھڑانے کے لیے مکۂ مکرمہ سے، حضور ﷺ کی خدمتِ اقدس میں وہ ہار بھیجا جو اُن کی ماں سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے اُنھیں دیا تھا۔

---

[۱] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۶۸۷ [۲] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۶۸۸ تا ۶۹۱

- حضور ﷺ نے وہ ہار اپنی بیٹی حضرتِ زینب کے پاس بھجوا دیا اور یہ وعدہ لے کر ابوالعاص کو رہا کر دیا کہ وہ مکہ جا کر زینب کو مدینہ روانہ کر دیں گے، چناں چہ انھوں نے وعدہ نبھایا اور مکہ جا کر حضرت زینب کو حضور ﷺ کے پاس مدینۂ منورہ بھیج دیا۔

حضرت سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے راہِ حق میں بڑی مصیبتیں برداشت کیں، اِسی لیے حضور ﷺ نے اُن کی شان بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

- هِيَ أَفْضَلُ بَنَاتِيْ أُصِيْبَتْ فِيَّ۔ یعنی یہ میری بیٹیوں میں اِس اعتبار سے بہت ہی زیادہ فضیلت والی ہے کہ اِس نے میری وجہ سے بہت بڑی مصیبت برداشت کی۔ ابوالعاص سات ہجری میں مسلمان ہو کر مدینۂ منورہ آ گئے اور حضرت زینب کے ساتھ رہنے لگے۔
- حضرت زینب کے ''علی'' نامی ایک فرزند اور ''اُمامہ'' نامی ایک صاحب زادی تھیں؛ لیکن دونوں بچپن ہی میں انتقال کر گئے تھے۔ حضور ﷺ دونوں سے بڑی محبت فرمایا کرتے تھے، حضرت سیدتنا امامہ سے محبت کا یہ عالَم تھا کہ اُنھیں اپنے دُوشِ مبارک پر اُٹھا کر مسجدِ نبوی تشریف لایا کرتے تھے۔ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال آٹھ ہجری میں ہوا۔ حضور ﷺ نے کفن کے لیے اپنا مبارک تہہ بند عطا فرمایا اور اپنے دستِ مبارک سے اُنھیں قبر میں اتارا۔[۱]

## ساتویں فصل — عام دینی معلومات — تفہیم

**سوال:** حضور ﷺ کے ''چند جاں نثار صحابۂ کرام'' کے اسمائے گرامی شمار کرائیے!

**جواب:** جی! آقائے کریم ﷺ کے چند مقدس صحابہ کے چمکتے دمکتے نام ملاحظہ فرمائیں!

| | | |
|---|---|---|
| حضرتِ خالد بن ولید | حضرتِ سلمانِ فارسی | حضرتِ زید بن حارثہ |
| حضرتِ حنظلہ | حضرتِ ابوایوب انصاری | حضرتِ صہیب رومی |
| حضرتِ عدی بن حاتم | حضرتِ سعد بن معاذ | حضرتِ عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین |

**سوال:** حضور ﷺ کی چند ''مقدس صحابیات'' کے نام بیان فرمائیں!

**جواب:** جی! چند صحابیات کے روشن و تاباں اسمائے گرامی ملاحظہ فرمائیں!

| | | |
|---|---|---|
| حضرتِ ام عطیہ | حضرتِ اسما بنت ابوبکر | حضرتِ ام عمارہ |
| حضرتِ اسما بنت زید | حضرتِ فاطمہ بنت اسد | حضرتِ اسما بنت عمیس |
| حضرتِ ام حرام | حضرتِ ہندہ | حضرتِ ام اَوس رضی اللہ تعالیٰ عنہن اجمعین۔ |

---

[۱] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۶۹۱ تا ۶۹۳

**سوال:** ''وِلَایت'' [اللہ کا ولی ہونے] سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** ''وِلَایت'' قُربِ اِلٰہی کا ایک خاص مقام ہے، جو اللہ عزوجل اپنے بَرگُزِیدہ بندوں کو محض اپنے فضل و کرم سے عطا فرماتا ہے۔

**سوال:** کیا انسان ''وِلَایت'' خود بخود حاصل کرسکتا ہے؟

**جواب:** ولایت وَہبی شے ہے یعنی اللہ عزوجل کی طرف سے عطا کردَہ ایک اِنعام ہے، انسان عبادات و ریاضات اور سخت مشکل اعمال کے ذریعے اِسے خود حاصل نہیں کرسکتا، جب تک کہ اللہ عزوجل عطا نہ فرمائے؛ البتہ اکثر و بیشتر اعمالِ صالحہ اِس کے حصول کا ذریعہ بن جاتے ہیں۔ اور کچھ لوگوں کو اللہ عزوجل کے فضل و کرم سے یہ ولایت ابتداءً مل جاتی ہے۔[۱]

**سوال:** کیا ولایت کے لیے ''علمِ دین'' ضروری ہے؟

**جواب:** جی ہاں! ولایت کسی بے علم کو نہیں ملتی۔ چاہے علم، بطورِ ظاہر حاصل کیا ہو یا ولایت کے مقام پر فائز ہونے سے پہلے اللہ عزوجل نے اُس پر علوم منکشف کردیے ہوں۔ اللہ عزوجل نے کبھی کسی جاہل کو اپنا ولی نہیں بنایا۔ حضرتِ امامِ مالک علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

- عِلْمُ الْبَاطِنِ لَا یَعْرِفُهٗ اِلَّا مَنْ عَرَفَ عِلْمَ الظَّاهِرِ۔[۲]

ترجمہ: علمِ باطن اُسے ہی حاصل ہوگا جس کے پاس علمِ ظاہر ہو۔

**سوال:** کس امت کے اولیا ''سب سے افضل'' ہیں؟

**جواب:** حضور سیدِ عالَم صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت کے اولیا، اولیاے اولین و آخرین میں سب سے افضل ہیں۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے اولیا میں، معرفت اور قُربِ اِلٰہی میں سب سے اونچا مقام ''خلفاے راشدین'' کو حاصل ہے۔[۳]

## مسلمان کا حقیقی حسن وجمال

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهٗ مَا لَا یَعْنِیْهِ.

(الجامع للامام الترمذی، ج:۲ کتاب الزھد، رقم الحدیث: ۲۴۸۷)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ عزوجل کے رسول حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انسان کے اسلام کا حسن و جمال یہ ہے کہ وہ تمام فضول اور لایعنی باتوں کو ترک کردے۔

---

۱ ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ اول، ولایت کا بیان ۲ الحدیقۃ الندیۃ، النوع الثانی، ج:۱، ص:۱۶۵

۳ ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ اول، ولایت کا بیان

# چوتھا سبق

## پہلی فصل — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** "وَھَابِی" فرقے کا بانی کون ہے اور اُس نے مسلمانوں پر کیا کیا ستم ڈھائے؟

**جواب:** یہ ایک نیا فرقہ ہے جو ۱۲۰۹ھ میں وجود میں آیا۔ اِس نئے مذہب کا بانی "محمد بن عبدالوہاب نجدی" نہایت، جاہل و سرکش انسان تھا۔ اُس نے پورے عَرَب میں، خاص طَور سے "حرمِ مکہ" اور "حرمِ مدینہ" میں بہت شدید فتنے پھیلائے۔ سنی اسلامی خلافت "خلافتِ عثمانیہ" کے خاتمے اور اپنی حکومت کے قیام کے لیے، نصرانیوں کی مدد سے، مسلکِ اہلِ سنت و جماعت کے ہزاروں مُقتَدَر علمائے کرام کو نہایت بے دردی کے ساتھ قتل کیا، صحابۂ کرام، اہلِ بیت عِظام، ائمہ، علما اور شہدا، رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی مقدّس قبروں کو کھود ڈالا۔ حضور ﷺ کے روضۂ اطہر کو "صَنَمِ اَکْبَر" یعنی سب سے بڑا بُت کہا اور مسلمانوں پر "شرک" کا فتویٰ جڑ کر، اُن کا قتلِ عام کیا۔[1]

- یہ "محمد بن عبدالوہاب نجدی کے سیاہ کارناموں" کی ایک مختصر سی جھلک ہے، ورنہ اُس کے اِس طرح کے کارنامے حد سے سوا ہے۔

**سوال:** کیا حضور ﷺ نے اپنی امت کو اِس فتنے سے "خبردار" کیا تھا۔

**جواب:** جی ہاں! ہمارے غیب داں نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے اِس کی خبر دی تھی۔ چناں چہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا کہ ایک مرتبہ حضور ﷺ نے یوں دعا مانگی:

- ترجمہ: اے اللہ! ہمارے [ملکِ] شام پر ہمارے سبب برکت نازل فرما! ہمارے یمن پر بھی برکت نازل فرما! نجد کے لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے وطن "نجد" کے لیے برکت کی دعا فرما دیں! یہ مطالبہ سن کر حضور ﷺ نے دوبارہ فرمایا: اے اللہ! ہماری خاطر ہمارے شام میں برکت کا نزول فرما اور ہمارے یمن میں بھی برکت نازل فرما! اہلِ نجد نے پھر درخواست کی کہ حضور! ہمارے نجد کے لیے نزولِ برکت کی دعا فرما دیں! راوی کہتے ہیں: میرا ظنِّ غالب یہ ہے کہ جب انھوں نے تیسری بار دعا کی گزارش کی تو حضور ﷺ نے حقیقت سے پردہ اٹھاتے ہوئے فرمایا: [میں "نجد" کے لیے بھلا کیسے دعا کر دوں] وہاں تو فتنے اٹھیں گے، عقائدِ صحیحہ کو جھنجھوڑنے والے زلزلے آئیں گے اور وہاں سے شیطان کا گروہ نکلے گا۔[2]

---

[1] الدرر السنیۃ فی الاجوبۃ النجدیۃ، کتاب العقائد، الجزأ الاول، ص: ٦٧۔ شرح الصدور لتحریم رفع القبور، ص: ۲۵

[2] الصحیح للامام البخاری، کتاب الفتن، رقم الحدیث: ۷۰۹۴

✪ آقائے کریم ﷺ کے فرمانِ عالی شان کے عین مطابق بارہ سَو سال کے بعد "نجد" کی زمین پر یہ شیطانی گروہ ظاہر ہوا۔ خیال رہے کہ "سعودی حکومت کی راج دھانی ریاض" ہی کا پرانا نام "نجد" ہے۔ دنیا کے مسلمانوں کو دھوکا دینے کے لیے اُنھوں نے اُس فتنوں کی سرزمین کو "ریاض" سے موسوم کیا ہے۔

**سوال:** ابنِ عبد الوہاب نجدی کے "عقائد" کیسے تھے؟

**جواب:** یہ، نہایت گھٹیا قسم کے عقائد رکھتا تھا۔ اِس نے "کِتَابُ التَّوْحِیْد" نامی ایک رُسوائے زمانہ کتاب لکھ کر اُس میں اپنے عقائدِ باطلہ کو بیان کیا ہے۔ اُس کا ایک خطرناک عقیدہ یہ تھا کہ جو اُس کی بات نہ مانے وہ "کافر و مشرک" ہے۔ اِسی لیے اُس نے چھ سَو سال کے تمام مسلمانوں کو بیک جنبشِ قلم کافر و مشرک قرار دیا اور ہزاروں مسلمانوں کا قتلِ عام کیا۔ اِسی کتاب التوحید میں اُس نے بکواس کی کہ

✪ یہ جان لو کہ ہمارے زمانے کی مشرکین "کفر و شرک میں" حضور ﷺ کے زمانے کے کافروں سے آگے نکل چکے ہیں؛ کیوں کہ یہ، فرشتوں، ولیوں اور اللہ کے نیک بندوں کو پکارتے ہیں، اُن سے شفاعت کی درخواست کرتے اور اُن کا قرب چاہتے ہیں اور یہ بھی جان لو کہ خدا کی توحید کا اقرار کرنے کے باجود آج کے مسلمان، مسلمان نہیں ہیں۔ فرشتوں، نبیوں، ولیوں کو پکارنا، اُن سے شفاعت کی امید رکھنا اور اُن کے ذریعے خدا کا قرب چاہنا ایسے کام ہیں جنھوں نے اُن کی جان و مال کو مُبَاح [حلال] کر دیا ہے۔[1]

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** رمضان میں روزہ دار سَحَری کرتے ہیں، "سَحَری" سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** "سَحَری" سے مراد وہ کھانا ہے جو ماہِ رمضان میں رات کے آخری حصے سے صبحِ صادق تک روزہ رکھنے کے لیے کھایا جاتا ہے۔ سحری میں تاخیر کرنا مستحب ہے، یعنی دیر سے سحری کرنے میں زیادہ ثواب ملتا ہے، مگر اِتنی تاخیر بھی نہ کی جائے کہ صبحِ صادق کا شبہ ہونے لگے۔

**سوال:** سحری کی فضیلت پر ایک حدیثِ پاک بیان فرمائیں!

**جواب:** جی ملاحظہ فرمائیں! ہم سب کے آقا حضور رحمتِ عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

✪ سحری کُل کی کُل برکت ہے۔ اِسے نہ چھوڑنا! اگرچہ ایک گھونٹ پانی ہی پی لینا؛ کیوں کہ سحری کھانے والوں پر اللہ عزوجل اور اُس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں۔[2] سبحان اللہ۔

**سوال:** کچھ لوگ "صبحِ صادق کے بعد فجر کی اذان ہونے تک" کھاتے پیتے رہتے ہیں، اُن کے بارے میں کیا حکم ہے؟

**جواب:** جو لوگ صبحِ صادق کے بعد بھی کھاتے پیتے رہتے ہیں اُن کا روزہ نہیں ہوتا، چاہے فجر کی اذان سے پہلے کھائیں یا بعد

---

[1] الدرر السنیۃ فی الاجوبۃ النجدیۃ، ج:۱، ص:۶۷۔۶۹

[2] المسند للامام احمد بن حنبل، مسند ابی سعد الخدری، رقم الحدیث:۱۱۰۸۶

میں؛لہٰذا ہر روزہ دار پر صبحِ صادق سے پہلے کھانا پینا بند کرنا انتہائی ضروری ہے۔ بلکہ احتیاطاً دو تین منٹ پہلے ہی فارغ ہو جائیں۔

**سوال:** ''مفسداتِ صَوم'' کیا ہیں، یعنی کن چیزوں سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

**جواب:** مندرجہ ذیل باتوں سے روزہ فاسد ہو جاتا ہے:

- کھانے پینے اور جماع کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے، جب کہ روزہ دار ہونا یاد ہو۔
- حقہ، سگار، بیڑی، سگریٹ وغیرہ پینے، پان، مسالہ، تمباکو، سُرتی وغیرہ کھانے اور گل منجن کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔
- دانتوں میں کوئی چیز چنے کے برابر پھنسی تھی اُسے کھا گیا یا چنے سے کم تھی؛ مگر منہ سے باہر نکالا پھر کھا گیا تو روزہ فاسد ہو گیا۔
- دانتوں سے خون نکل کر حلق سے نیچے اُتر گیا اور حلق میں اُس کا مزا محسوس ہوا تو روزہ ٹوٹ گیا۔
- آنسو یا پسینہ منہ میں چلا جائے تو اگر اُس کی نمکینی پورے منہ میں محسوس ہو تو روزہ ٹوٹے گا ورنہ نہیں۔
- جان بوجھ کر منہ بھر اُلٹی کرنے سے بھی روزہ ٹوٹ جاتا ہے، جب کہ اُس میں کھانا، کڑوا پانی یا خون آئے اور اگر صرف بلغم آیا تو نہیں ٹوٹے گا۔
- کلی کرنے کی حالت میں بلا اِرادہ پانی حلق سے نیچے اُتر گیا، یوں ہی ناک میں پانی چڑھانے کے وقت بلا قصد پانی دماغ تک چڑھ گیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا، ہاں اگر روزہ دار ہونا بھول گیا ہو تو نہیں ٹوٹے گا؛ اگرچہ جان بوجھ کر ایسا کیا ہو۔[1]

**سوال:** روزے کی حالت میں کون سی باتیں ''مکروہ'' ہیں؟

**جواب:** روزے کی حالت میں جو باتیں مکروہ ہیں اُن میں سے چند یہ ہیں:

- جھوٹ بولنے، چغلی کھانے، غیبت کرنے، گالی دینے، بے ہودہ باتیں بکنے اور کسی کو تکلیف پہنچانے سے روزہ مکروہ ہو جاتا ہے۔ یہ باتیں ویسے بھی حرام ہیں، روزے کی حالت میں اور زیادہ حرام ہو جاتی ہیں۔ اِن کی وجہ سے روزے کی نورانیت ختم ہو جاتی ہے۔
- گانا گانے یا سننے، فلمیں یا ڈرامے دیکھنے، لوڈو، شطرنج یا کوئی اور ناجائز کھیل کھیلنے سے روزہ انتہائی مکروہ ہو جاتا ہے۔
- روزے دار کے لیے کلی کرنے یا ناک میں پانی چڑھانے میں مبالغہ کرنا مکروہ ہے۔
- منہ میں تھوک اکٹھا کر کے نگل جانا بھی مکروہ و ناپسندیدہ عمل ہے۔[2]

---

[1] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ پنجم، روزہ توڑنے والی چیزوں کا بیان

[2] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ پنجم، روزہ کے مکروہات کا بیان

## تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب — تفہیم

**سوال:** "خوف و امید" سے کیا مُراد ہے؟ وضاحت فرمائیے!

**جواب:** "خوف و امید" مومن کے لیے دو ایسے مضبوط بازوؤں کی طرح ہیں جن کی قوت سے وہ بلند مقام تک پہنچ کر کامیابیوں سے ہم کنار رہتا ہے؛ کیوں کہ "قُربِ الٰہی کے مقامات" بہت بلند ہیں "سچی اُمید" کے بغیر اُنھیں طے کرنا نہایت مشکل ہے۔ اِس کے برعکس "نفسانی خواہشات" اُسے اپنی طرف کھینچ کر دوزخ میں لے جانے والی ہیں، خوفِ خدا کے غلبے کے بغیر اُن سے بچ نکلنا ناممکن ہے۔ اِس لیے مومن کے لیے "خوف و امید" کی بڑی اہمیت ہے۔ امید ڈور کی طرح ہے جو اُسے کھینچتی ہے اور خوف کوڑے کے مانند ہے جو اُسے چلاتا ہے۔[1]

**سوال:** "امید و رَجا" کی فضیلت پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** اللہ تعالیٰ کی عبادت "اُس کے کرم کی امید" پر اُس عبادت سے بہتر ہے جو اُس کے خوف سے کی جائے؛ کیوں کہ "امید کا نتیجہ" محبت ہے اور یہ بات ظاہر ہے کہ محبت کے درجے سے بلند کوئی درجہ نہیں۔ چناں چہ ہمارے آقا ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- تم میں سے ہر ایک پر لازم ہے کہ خدائے بزرگ و برتر کے ساتھ نیک گمان کرتا ہوا مرے، یعنی جب مَرے تو خدا کے ساتھ اُس کا گمان نیک ہو۔

اِسی طرح حدیثِ قدسی میں خداوند تعالیٰ نے فرمایا:

- مَیں بندے کے گمان کے قریب ہوں، اُس سے کہو: وہ میرے ساتھ جو گمان رکھنا چاہتا ہے رکھے۔

حضرت علی شیرِ خدا کرَّم اللہ وجہہ الکریم نے ایک شخص کو دیکھا جو اپنے گناہوں کی کثرت سے نہایت خوف زدہ تھا۔ آپ نے فرمایا:

- مایوس مت ہو؛ کیوں کہ خداوندِ تعالیٰ کی رحمت، تیرے گناہوں سے کہیں زیادہ ہے۔[2]

حدیثِ پاک میں آیا ہے کہ ایک شخص دوزخ میں ایک ہزار سال تک رہنے کے بعد کہے گا:

- **یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ!** بحکمِ اِلٰہی جبریلِ اَمین اُسے دوزخ سے نکال کر رب تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کریں گے۔ اللہ تعالیٰ اُس سے فرمائے گا:

تو نے دوزخ کو کیسا پایا؟ وہ کہے گا: بہت بُرا پایا۔ حکم ہوگا کہ اِسے پھر دوزخ میں لے جاؤ! دوزخ کی طرف جاتے ہوئے وہ بار بار پلٹ کر دیکھے گا۔ اللہ فرمائے گا: کیا دیکھتا ہے؟ وہ کہے گا: مجھے امید تھی کہ دوبارہ دوزخ میں نہیں ڈالا جاؤں گا۔ حکمِ اِلٰہی ہوگا: اِس کو جنت میں لے جاؤ! الغرض محض امید کی بنیاد پر اُس کو نجات مِل جائے گی۔[3]

**سوال:** بعض نادان بخشش کی امید پر "گناہ پر گناہ" کرتے رہتے ہیں۔ ایسے لوگوں سے متعلق کیا حکم ہے؟

---

[1] ملخصاً از کیمیائے سعادت، مترجم، ص: ۶۳۷
[2] ملخصاً از کیمیائے سعادت، ص: ۶۳۷-۶۴۷
[3] کیمیائے سعادت، ص: ۶۷۵

جواب: شریعتِ اسلامیہ نے ایسے لوگوں کو "اَحمَق" کہا ہے۔ایسے نادانوں کے بارے میں حجۃ الاسلام امام محمد بن محمد غزالی فرماتے ہیں:

- جس کے پاس یقینِ کامل نہیں، یا یقینِ کامل تو ہے؛لیکن دل بُرے اخلاق سے پاک نہیں اور اُس کے ایمان کا درخت طاعتِ الٰہی کے پانی سے سیراب نہیں۔اُس کا رحمتِ الٰہی کی امید رکھنا حماقت ہے۔

حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص ہر کام میں اپنے نفس کی خواہشات کی پیروی کرے اور رحمتِ الٰہی کی امید رکھے وہ "احمق" ہے۔شیخ یحیٰ بن معاذ نے کہا : کوئی حماقت اِس سے بڑھ کر نہیں ہوگی کہ انسان دوزخ کا بیج بوئے اور جنت کی امید رکھے۔نیکوں کا مقام تلاش کرے اور نافرمانوں کا کام کرے اور خدا کی بندگی کے بغیر ثواب کا طالب ہو۔[۱]

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم ﷺ — تفہیم

سوال: صلحِ حدیبیہ سے متعلق "کوئی ایمان افروز واقعہ" سنائیں!

جواب: جب "حضور ﷺ" اور قریش کے نمائندے "سہیل" کے درمیان چند شرطوں پر اتفاق ہو گیا تو ہمارے آقا ﷺ نے حضرت سیدنا مولا علی رضی اللہ تعالیٰ سے فرمایا: لکھو! هٰذَا مَا قَضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

ترجمہ: یہ وہ شرائط ہیں جن پر قریش کے ساتھ محمد رسول اللہ نے صلح کا فیصلہ کیا۔یہ دیکھ سہیل بھڑک اُٹھا اور بولا: "اگر ہم جان لیتے کہ آپ اللہ کے رسول ہیں تو نہ ہم آپ کو بیت اللہ سے روکتے اور نہ ہی آپ سے جنگ کرتے"۔لہذا "محمد رسول اللہ" کے بجائے "محمد بن عبداللہ" لکھوائیے!

- حضور ﷺ نے فرمایا: خدا کی قسم مَیں "محمد رسول اللہ" اور "محمد بن عبداللہ" دونوں ہوں، اگرچہ تم مجھے رسول نہیں مانتے۔پھر آپ نے حضرت علی سے کہا: اے علی! "محمد رسول اللہ" کو مٹا کر اُس کی جگہ "محمد بن عبداللہ" لکھ دو!

حضرت علی سے زیادہ کون مسلمان حضور ﷺ کا وفادار ہو سکتا ہے؛لیکن محبت کے عالَم میں کبھی کبھی ایسا مقام آجاتا ہے کہ سچی محبت کرنے والا،محبت کے جذبات سے سرشار ہو کر، اپنے محبوب کی بات ماننے سے انکار کر دیتا ہے۔محبتِ رسول کا یہی جذبۂ کامل یہاں بھی کار فرما نظر آتا ہے۔جب حضور ﷺ نے حضرتِ علی سے "محمد رسول اللہ" مٹا کر "محمد بن عبداللہ" لکھنے کے لیے کہا تو حضرت علی نے عرض کیا:

- یا رسول اللہ! میری جان جائے تو چلی جائے؛لیکن مَیں ہرگز ہرگز آپ کے نامِ اقدس کو اپنے ہاتھوں سے نہیں مٹاؤں گا۔یہ سن کر حضور ﷺ نے خود ہی "رسول اللہ" کا لفظ مٹا کر "محمد بن عبداللہ" لکھ دیا۔اور علی کے اِس اندازِ محبت کو پسند فرمایا۔[۲]

---

[۱] ملخصاً از کیمیائے سعادت، ص: ۷۶۵-۷۶۶

[۲] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۲۸۲

**سوال:** حضور ﷺ نے روے زمین کے تمام بادشاہوں کو "اسلام کی دعوت دینے کے لیے" کون سا طریقہ اختیار فرمایا؟

**جواب:** چوں کہ حضور رحمتِ عالم ﷺ کو اللہ رب العزت نے صرف عرب کے لیے نہیں؛ بلکہ پورے عالم کے لیے نبی بنا کر بھیجا ہے۔ اِس لیے سن چھ ہجری میں "صلح حدیبیہ کے بعد" جب جنگ وجدال کے خطرات ٹل گئے اور ہر طرف اَمن و امان کی فضا قائم ہو گئی تو آپ ﷺ نے دنیا کے تمام انسانوں تک "اسلام کا پیغام" پہنچانے کا ارادہ فرمایا۔ اِس مبارک اِرادے کی تکمیل کے لیے آپ ﷺ نے روم کے بادشاہ "قیصر" فارِس کے بادشاہ "کِسریٰ" حبشہ کے بادشاہ "نجاشی" مصر کے بادشاہ "عزیز" اور عرب وعجم کے دوسرے بادشاہوں کے نام خطوط لکھے اور اُن کے سامنے اسلام کی دعوت پیش فرمائی۔

**سوال:** "کون کون سے صحابۂ کرام" حضور ﷺ کے مبارک خطوط لے کر "کِن کِن بادشاہوں" کے دربار میں گئے؟

**جواب:** خطوط لے جانے والے صحابۂ کرام کی فہرست تو کافی طویل ہے؛ البتہ دعوتِ اسلام کے خطوط لکھوا کر، اپنی مہر لگا کر جن چھ قاصدوں کو حضور ﷺ نے مختلف بادشاہوں کے دربار میں بھیجا، اُن کے نام یہ ہیں:

- حضرت دِحیہ کلبی رضی اللہ عنہ ← قیصرِ روم کے دربار میں گئے۔
- حضرت عبد اللہ بن حُذافہ رضی اللہ عنہ ← شاہِ ایران کے دربار میں پہنچے۔
- حضرت حاطِب رضی اللہ عنہ ← عزیزِ مصر کے دربار کا قصد کیا۔
- حضرت عمرو بن امیہ رضی اللہ عنہ ← سلطانِ حبشہ کے دربار میں گئے۔
- حضرت سَلیط بن عمرو رضی اللہ عنہ ← بادشاہِ یمامہ کے دربار میں تشریف لے گئے۔
- حضرت شُجَاع بن وَہَب رضی اللہ عنہ ← والیِ غَسّان کے دربار میں تشریف لے گئے۔

## پانچویں فصل — رسولِ اکرم ﷺ کے اَخلاقِ حَسنہ — تفہیم

**سوال:** حضور ﷺ کی "صفتِ حیا" [شرم وحیا] کس پایہ کی تھی؟

**جواب:** سب سے پہلے یہ سمجھ لیں کہ "شرم وحیا" کسے کہتے ہیں؛ تاکہ حضور ﷺ کی صفتِ حیا کی عظمت وشان سمجھنے میں آسانی ہو۔ حضرت علامہ زینی دحلان علیہ الرحمہ نے "حیا" کی تشریح اِن الفاظ میں کی ہے:

- شریعت کے نزدیک "حیا" اُس صفت کو کہتے ہیں جو انسان کو کسی برے کام سے بچنے پر اُبھارے اور کسی حق دار کے حق کی ادائے گی میں کوتاہی برتنے سے باز رکھے۔[۱]

---

[۱] السیرۃ النبویہ، ج:۳، ص:۲۵۳

حدیثِ پاک میں حیا کو ایمان کا حصہ قرار دیا گیا ہے، چناں چہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- اَلْحَیَآءُ مِنَ الْاِیْمَانِ وَالْحَیَآءُ خَیْرٌ کُلُّہٗ۔ ترجمہ: حیا ایمان کا حصہ ہے اور حیا بتمامہ خیر ہی خیر ہے۔

حیا جس قدر کامل ہوگی "ایمان" کو بھی اُسی قدر کمال حاصل ہوگا، بے حیا اور بے غیرت انسان ایمان کی چاشنی سے محروم ہوتا ہے؛ بلکہ جس انسان کے اندر صفتِ حیا نہ ہو وہ صفتِ انسانیت سے بہت دور جا کر انسان نما حیوان بن جاتا ہے۔
اِسی لیے ہمارے آقا ﷺ نے ارشاد فرمایا:
اِذَا لَمْ تَسْتَحْیِ فَاصْنَعْ مَاشِئْتَ۔ جب تم شرم وحیا کی چادر اتار کر پھینک دو تو پھر جو چاہو کرتے رہو، تمھارا ضمیر کسی حیا سوز حرکت پر تمھیں مَلامت نہیں کرے گا۔[1]

- "شرم وحیا اور پردہ پوشی میں ہمارے نبی حضور رحمتِ عالَم ﷺ تمام انسانوں سے ارفع و اعلیٰ تھے"۔

صفتِ حیا میں نہ آپ جیسا کوئی تھا، نہ ہے اور نہ کبھی ہوسکتا ہے۔ پیکرِ شرم وحیا، حبیبِ کبریا ﷺ اپنی عادتِ کریمہ کے مطابق اگر کسی شخص کو کوئی ناپسندیدہ حرکت کرتے دیکھتے تو اُس کی طرف سے آنکھیں پھیر لیتے۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں:

- اللہ عزوجل کے رسول ﷺ ایک پردہ نشیں کنواری خاتون سے بھی زیادہ حیادار اور شرمیلے تھے، جب کسی چیز کو ناپسند فرماتے تو [زبان سے تو کچھ نہ فرماتے؛ البتہ] اُس [کی وجہ سے ناراضگی] کے آثار چہرۂ اقدس پر نمایاں ہوجاتے [اور صحابۂ کرام سمجھ جاتے کہ مزاجِ اقدس کے خلاف کوئی کام ہوا ہے]۔

حضورِ اقدس ﷺ کی صفتِ حیا کی تفسیر کرتے ہوئے ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا:

- لَمْ یَکُنِ النَّبِیُّ ﷺ فَاحِشًا وَّ مُتَفَحِّشًا وَّلَا صَخَّابًا بِالْاَسْوَاقِ وَلَا یَجْزِی بِالسَّیِّئَۃِ السَّیِّئَۃَ۔ لٰکِنْ یَعْفُوْ وَیَصْفَحُ۔

ترجمہ: نبی کریم ﷺ اپنی زبانِ اقدس پر کبھی بھی کوئی فحش بات نہ لاتے تھے اور نہ بازاروں میں بلند آواز سے بات کرتے تھے۔ آپ ﷺ برائی کا بدلہ برائی سے نہیں دیتے تھے؛ بلکہ عفو ودرگزر سے کام لیتے تھے [معاف فرمادیا کرتے تھے]۔[2]

خلاصۂ کلام یہ کہ ہمارے پیارے آقا ﷺ اپنی دیگر صفاتِ مقدسہ کی طرح صفتِ حیا میں بھی بے مثال ہیں۔ ہمارے پیارے امام اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے کیا ہی خوب کہا:

نیچی آنکھوں کی شرم و حیا پر درود ——— اونچی بینی کی رِفعت پہ لاکھوں سلام

---

[1] ضیاء النبی، ج:۵، ص:۳۳۸۔ بتغیر یسیر
[2] ملخصاً از ضیاء النبی، ج:۵، ص:۳۳۷۔۳۳۹

## چھٹی فصل — گوشۂ اہلِ بیتِ اَطہار علیٰ نبینا وعلیہم الصلاۃ والسلام — تفہیم

**سوال:** حضرت ''سیدتنا رقیہ'' رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ''حالاتِ زندگی'' بیان فرمائیں!

**جواب:** آپ رضی اللہ عنہا اعلانِ نبوت سے سات برس پہلے پیدا ہوئیں، اُس وقت حضور ﷺ کی عمرِ پاک کا تینتیسواں سال تھا۔ آپ رضی اللہ عنہا اِبتداے اسلام ہی میں مشرَّف بہ اسلام ہوگئی تھیں۔ پہلے اِن کا نکاح ابولہب کے بیٹے ''عُتبہ'' سے ہوا تھا؛ مگر رخصتی سے پہلے ''سُوْرَۂ تَبَّتْ یَدَا'' نازل ہوگئی جس نے ابولہب کی سخت مذمت کرتے ہوئے اُس کی دائمی رسوائی کو بیان کیا۔ ابولہب نے آگ بگولا ہوکر اپنے بیٹے کو سیدہ رقیہ کو طلاق دینے پر مجبور کیا، چناں چہ اُس نے طلاق دے دی۔

- اِس کے بعد حضور ﷺ نے حضرت رقیہ کا نکاح حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے کر دیا۔ بدر کے دنوں میں حضرتِ رقیہ اِتنی سخت بیمار ہوئیں کہ حضور ﷺ نے اُن کے شوہر حضرتِ عثمان غنی کو جنگِ بدر میں شرکت سے روک کر اپنی بیٹی کی تیمارداری کرنے کا حکم دیا۔ جس دن حضرت زید بن حارثہ جنگِ بدر میں مسلمانوں کی فتحِ مبین کی خوش خبری لے کر مدینۂ پاک پہنچے، اُسی دن حضرت رقیہ کا بیس سال کی عمرِ مبارک میں انتقال ہوگیا۔
- حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کے شکمِ ناز سے حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہا کے ''عبداللہ'' نامی ایک فرزند بھی پیدا ہوئے تھے؛ لیکن وہ اپنی ماں کے بعد سن ۴ ہجری میں چھ سال کی عمر میں انتقال کر گئے تھے۔[۱]

**سوال:** حضرت ''سیدتنا اُمِّ کلثوم'' رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی ''سیرتِ پاک'' پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** آپ رضی اللہ عنہا حضور ﷺ کی تیسری بیٹی ہیں، یہ حضرت سیدتنا رقیہ رضی اللہ عنہا سے چھوٹی ہیں، اِن کی ولادت بھی اُمُّ المومنین حضرت سیدتنا خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے ہوئی۔ یہ، ابولہب کے دوسرے بیٹے ''عُتَیْبَہ'' کے نکاح میں تھیں؛ لیکن باپ کے کہنے پر اُس بدبخت نے رخصتی سے پہلے اِنھیں طلاق بھی دی اور حضور ﷺ کی شانِ اقدس میں انتہائی گستاخی بھی کی۔ اُس کی گستاخی سے حضور ﷺ کے قلبِ نازک پر انتہائی رنج وصدمہ گزرا اور آپ ﷺ کی زبانِ اَطہر سے یہ الفاظ نکل پڑے:

''اے اللہ! اپنے کتوں میں سے کسی کتے کو اِس پر مسلط فرمادے''۔

- حضور ﷺ کی دعا کا یہ اثر ہوا کہ مقام ''زَرْقَا'' میں ایک خوں خوار شیر نے ''عُتَیْبَہ'' کو چیر پھاڑ کر واصلِ جہنم کر دیا۔ خدا کی شان دیکھیے! طلاق ''عُتْبَہ'' نے بھی دی تھی؛ مگر چوں کہ اُس نے گستاخی نہیں کی تھی، اِس لیے وہ خدائی قہر سے بھی محفوظ رہا اور بعد میں مسلمان ہوکر شرفِ صحابیت سے بھی سرفراز ہوئے۔ لیکن ''عُتَیْبَہ'' نے طلاق دینے کے ساتھ ساتھ گستاخی بھی کی تھی، لہٰذا شیر کا لقمۂ تر بھی بنا اور ایمان سے بھی محروم رہا۔

---

[۱] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۶۹۴ ۔ ۶۹۵

- حضرت سیدتنا رقیہ رضی اللہ عنہا کے وصال کے بعد ماہِ ربیع الاول سن ۳؍ہجری میں حضور ﷺ نے حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا کا نکاح حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ سے کر دیا، اِس نکاح کے ساتھ ہی حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کو وہ شرف مل گیا جو نہ کبھی کسی کے حصے میں آیا نہ آئے گا۔ اب صبحِ قیامت تک اُنھیں ''ذُو النُّوْرَیْن'' جیسے باوقار لقب سے یاد کیا جائے گا۔
- حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا کے شکمِ مبارک سے کوئی اولاد نہیں ہوئی، ماہِ شعبان المعظم سن ۹ ہجری میں آپ رضی اللہ عنہا کا وصال ہوا، حضور ﷺ نے نمازِ جنازہ پڑھائی اور جنت البقیع میں آپ کی تدفین عمل میں آئی۔[1]

## ساتویں فصل — عام دینی معلومات — تفہیم

**سوال:** کیا ''شریعت اور طریقت'' دو الگ الگ چیزیں ہیں؟

**جواب:** طریقت، شریعت ہی کا باطنی حصہ ہے۔ طریقت کو شریعت سے جدا کہنا ''جہالت اور گمرہی'' ہے۔ اِس باطل گمان کے سبب خود کو شریعت سے آزاد سمجھنے والے ''کھلے ہوئے کافر اور مُلحِد'' ہیں۔ اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

- شریعت، طریقت، حقیقت اور معرفت میں، سرے سے کوئی اختلاف ہے ہی نہیں۔ اِس کا دعوے دار اگر بے سمجھے کہے تو نِرا جاہل ہے اور اگر سمجھ کر کہے تو ''گمراہ و بددین'' ہے۔ شریعت، حضور ﷺ کے اقوال ہیں اور طریقت حضور ﷺ کے افعال۔ حقیقت حضور ﷺ کے احوال ہیں اور معرفت حضور ﷺ کے علومِ بے مثال۔[2]

**سوال:** کیا کوئی ولی کبھی ''احکامِ شریعت کی پابندی سے آزاد'' ہوسکتا ہے؟

**جواب:** ہرگز نہیں! کوئی ولی کیسا ہی عظیم ہو، احکامِ شرع کی پابندی سے ''کبھی بھی سبکدوش نہیں ہوسکتا''۔ ایسا کہنا یا سمجھنا کفر و اِلحاد ہے۔

**سوال:** کیا اولیاء اللہ ''طاقت وقدرت'' بھی رکھتے ہیں؟

**جواب:** جی ہاں! وہ اپنے مقام و مرتبے کے لحاظ سے، اللہ عزوجل کی عطا سے بڑی زبردست طاقت رکھتے ہیں۔ یہ حضرات، حضور ﷺ کی نیابت میں، تصرفات و اختیارات کے مالک بنائے جاتے ہیں۔ ضرورت منداور محتاج لوگ اُن سے اپنی مشکلات کا حل طلب کرتے اور راحت کا سامان پاتے ہیں۔

**سوال:** کیا اللہ کے ولیوں پر ''علومِ غیبیہ'' منکشف ہوتے ہیں؟

**جواب:** جی ہاں! اُنھیں ''غیب کی باتوں پر مُطَّلَع'' کیا جاتا ہے۔ بہت سے اولیاے کرام کو ''مَاکَانَ وَ مَایَکُوْنُ'' [یعنی

---

[1] ملخصاً از سیرت مصطفیٰ، ص: ۶۹۵ تا ۶۹۷

[2] ماخوذ از فتاویٰ رضویہ، ج: ۲۱، ص: ۴۶۰

ابتدائے آفرینش سے روزِ قیامت تک جو کچھ ہوا اور جو کچھ ہونے والا ہے، ایک ایک ذرے کے تفصیلی علم] اور "لَوحِ مَحْفُوظ" کے علم سے بھی سرفراز کیا جاتا ہے۔ مگر یہ سب حضور رحمتِ عالَم ﷺ کے واسطے اور عطا ہی سے ہوتا ہے۔ رسول اللہ کے واسطے کے بغیر کوئی غیرِ نبی "کسی غیب" پر مطلع نہیں ہوسکتا۔[۱]

**سوال:** "کرامت" کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** جو خلافِ عادت کام اللہ کے ولی سے صادر ہوا سے "کرامت" کہتے ہیں۔

**سوال:** کیا اللہ کے ولیوں کے لیے کرامت "ثابت" ہے؟

**جواب:** جی ہاں! کرامتِ اولیا حق ہے، یعنی کتاب اللہ عزوجل اور سنتِ رسول اللہ ﷺ سے ثابت ہے۔ اِس کا انکار کرنے والا "گمراہ" ہے۔ مُردہ زِندہ کرنا، مادَرزاد اندھے اور کوڑھی کو شفا دینا، مشرق سے مغرب تک ساری زمین ایک قدم میں طے کرجانا، غرض تمام خلافِ عادت باتیں اولیائے کرام سے ممکن ہیں۔[۲]

## قبر آخرت کی پہلی منزل ہے۔

عَنْ عُثْمَانَ أنه قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ الْقَبْرَ أَوَّلُ مَنَازِلِ الْآخِرَةِ فَإِنْ نَجَا مِنْهُ فَمَا بَعْدَهُ أَيْسَرُ مِنْهُ وَإِنْ لَمْ يَنْجُ مِنْهُ فَمَا بَعْدَهُ أَشَدُّ مِنْهُ۔

(الجامع للامام الترمذی، ج:۲، کتاب الزھد، رقم الحدیث: ۲۴۷۸)

**ترجمہ:** حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ کے حبیب ﷺ نے ارشاد فرمایا: قبر آخرت کی پہلی منزل ہے، اگر اس سے نجات پا گیا تو اس کے بعد والی منزل اس سے زیادہ آسان ہوگی اور اگر اس سے نجات نہ پاسکا تو بعد والی منزل اس سے زیادہ سخت ہوگی۔

---

[۱] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ اول، ولایت کا بیان

[۲] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ اول، ولایت کا بیان

# پانچواں سبق

## پہلی فصل — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** ہندستان میں ''وہابیت'' پھیلانے کا سہرا کس بدبخت کے سَر بندھا ہے؟

**جواب:** یہاں کے ''اسماعیل دہلوی'' نامی ایک سرپھرے شخص نے ابنِ عبد الوہاب نجدی کی کتاب ''کتاب التوحید'' کا اردو میں ترجمہ کرکے اُس کا نام ''تقویۃ الایمان'' رکھا۔ اِسی رُسوائے زمانہ کتاب کے سبب ہندستان کے ''لاکھوں مسلمانوں کا ایمان برباد ہوا''۔ تقویۃ الایمان کے علاوہ دیگر کتابوں کے ذریعے بھی اِس نے ''ہندستانی مسلمانوں کے درمیان'' گندے اور خبیث عقائد پھیلائے۔ لہٰذا اسماعیل دہلوی ہی وہ شخص ہے جس نے ہندستان میں سب سے پہلے وہابیت پھیلا کر یہاں کے مسلمانوں کو لڑانے اور اُنھیں عظیم فتنوں میں مبتلا کرنے کا کارنامہ سرانجام دیا۔

**سوال:** اسماعیل دہلوی اور اُس کے ماننے والوں کے '' چند عقائد'' بیان کریں!

**جواب:** اُس کے عقائدِ باطلہ کی ایک مختصر سی جھلک دیکھیے! اور ''لا حول ولا قوۃ الا باللہ'' پڑھیے!

[۱] حضور ﷺ مَر کر مِٹّی میں مِل گئے۔[۱] معاذَاللہ ربِّ العالَمین۔

✵ حالاں کہ حضور رحمتِ عالَم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اِنَّ اللهَ حَرَّمَ عَلَى الْاَرْضِ أَنْ تَأْكُلَ أَجْسَادَ الْأَنْبِيَآءِ فَنَبِيُّ اللهِ حَيٌّ يُرْزَقُ۔[۲] ترجمہ: اللہ ربُّ العزت نے زمین پر اپنے نبیوں کے جسموں کو کھانا حرام کر دیا ہے، تو اللہ عزوجل کے نبی زندہ ہیں، اُنھیں روزی دی جاتی ہے۔

[۲] ہمارا خالق جب اللہ ہے اور اُس نے ہم کو پیدا کیا تو ہم کو بھی چاہیے کہ اپنے ہر کاموں پر اُسی کو پکاریں اور کسی سے ہم کو کیا کام؟ جیسے جو کوئی ایک بادشاہ کا غلام ہو چکا تو وہ اپنے ہر کام کا علاقہ اُسی سے رکھتا ہے، دوسرے بادشاہ سے نہیں رکھتا اور کسی چوہڑے چمار کا تو کیا ذکر؟[۳]

✵ معاذ اللہ، صد بار معاذ اللہ! اُس مردود نے انبیاے کرام اور اولیاے عظام کو ''چوہڑا چمار'' کہا۔ کیا کوئی مسلمان اِن نفوسِ قدسیہ کی شان میں ایسے گندے اور ملعون الفاظ استعمال کر سکتا ہے؟

[۳] ظُلُمٰتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ کی بِنا پر زِنا کے وسوسے سے اپنی بیوی سے مجامعت کا خیال بہتر ہے اور اپنی توجہ کو پیر اور دیگر معظّم لوگوں کی جانب ''خواہ جناب رسالت مآب [ﷺ] ہی ہوں'' مبذول کرنا اپنے گائے اور

---

[۱] تقویۃ الایمان، بابِ اول، فصل پنجم، شرک فی العبادات کی برائی کا بیان، ص: ۵۷
[۲] السنن للامام ابن ماجہ، باب ذکر وفاتہ ودفنہ ﷺ، رقم الحدیث: ۱۶۳۷
[۳] تقویۃ الایمان، بابِ اول، فصل اول، شرک سے بچنے کا بیان، ص: ۲۸

گدھے کی صورت میں ڈوب جانے سے کئی گُنا زیادہ بدتر [بُرا] ہے؛ کیوں کہ اُن کا خیال تعظیم اور اِجلال کے ساتھ انسان کی دل کی گہرائی میں چپک جاتا ہے اور نماز میں غیر کی تعظیم ملحوظ ہو تو یہ شرک کی طرف کھینچ لیتی ہے۔[۱]

یعنی نماز میں حضور ﷺ کے خیال میں ڈوب جانا اپنے گدھے اور گائے کے خیال میں ڈوب جانے سے بُرا ہے۔ اور نماز میں تعظیم کے ساتھ حضور ﷺ کی جانب لَو لگانے سے مومن "مشرک" ہو جاتا ہے۔ **معاذاللہ**۔

- کیا کوئی مومن ایسی بکواس کرسکتا ہے؟ جس کے دل میں رائی برابر بھی ایمان ہوگا وہ ضرور کہے گا کہ اِس میں حضور ﷺ کی شدید گستاخی ہے۔ مومن کا اعتقاد تو یہ ہے کہ وہ نماز نماز ہی نہیں جو حضور ﷺ کے مقدس تصور سے خالی ہو؛ بلکہ حضور ﷺ کے خیال کے بغیر کوئی بھی مسلمان نماز پڑھ ہی نہیں سکتا۔
- اسماعیل دہلوی نے اِس قسم کی بہت سی بدتمیزیاں کی ہیں، جی بھر کر اللہ عزوجل اور اُس کے پیارے حبیب ﷺ کی شانِ اقدس میں گالیاں بکی ہیں، لہٰذا مسلمانوں کو چاہیے کہ "وہابیوں" سے بچیں، اُن کے جبہ و دستار پر ہر گز نہ جائیں، ایمان سے قیمتی کوئی شے نہیں، ایمان سلامت ہے تو ساری نیکیاں محفوظ ہیں، اگر ایمان سَلب ہو گیا [چھِن گیا] تو تمام نیکیاں مردود و نامقبول ہیں۔

**مسلمانو! یہ** بات لوحِ قلب پر لکھ لو کہ "ایمان" اللہ عزوجل اور اُس کے محبوب ﷺ سے سچی محبت اور اُن کی تعظیم ہی کا دوسرا نام ہے۔ لہٰذا جو بھی گستاخِ خدا اور سول ہو اُسے اپنی زندگی سے یوں نکال دو جس طرح دودھ سے مکھی نکال کر پھینک دی جاتی ہے۔ اللہ توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** "اعتکاف" سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** کسی مسجد میں، نیت کے ساتھ اللہ عزوجل کے لیے ٹھہرنا "اعتکاف" کہلاتا ہے۔ اِس کے لیے مسلمان ہونا، عاقل ہونا اور جنابت سے پاک ہونا شرط ہے۔ بالغ ہونا شرط نہیں، تمیز رکھنے والا نابالغ بچہ بھی اعتکاف کرسکتا ہے۔

**سوال:** کس "مسجد" میں اعتکاف کرنا "سب سے افضل ہے"؟

**جواب:** مسجدِ حرم شریف میں زَادَهُ اللهُ عِزًّا وَّ كَرَامَةً اعتکاف کرنا سب سے افضل ہے، پھر مسجدِ نبوی شریف میں علی صاحبها الصلاۃُ والتّسلیمُ، پھر مسجدِ اقصیٰ میں، پھر اُس مسجد میں جہاں بڑی جماعت ہوتی ہو۔

---

[۱] صراطِ مستقیم، ص: ۸۶

سوال: اعتکاف کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب: اعتکاف کی تین قسمیں ہیں:

- **واجب:** یہ اعتکاف زبان سے کہہ کر منّت ماننے سے واجب ہوتا ہے۔ صرف دل میں ارادہ کرنے سے واجب نہیں ہوتا۔
- **سنتِ مؤکَّدہ:** یہی وہ اعتکاف ہے جو ماہِ رمضان کے پورے آخری عشرے [دس دنوں] میں کیا جاتا ہے۔
- **مستحب:** اِن دونوں کے علاوہ جو اعتکاف کیا جائے وہ مستحب اور سنتِ غیرِ مؤکَّدہ ہے۔

سوال: اعتکاف کی اِن تینوں قسموں کی "شرطیں" بیان فرمائیں!

جواب: اعتکافِ واجب اور اعتکافِ سنت میں روزہ رکھنا شرط ہے، اِن دونوں اعتکافوں میں اعتکاف کرنے والے کو بلا عذر مسجد سے نکلنا حرام ہے۔ اگر نکلے گا تو اعتکاف ٹوٹ جائے گا۔ اعتکافِ نفل کے لیے نہ کوئی شرط ہے نہ وقت۔ جو بھی خوش نصیب مسجد جائے، اعتکاف کی نیت کرلے، جب تک مسجد میں رہے گا اعتکاف کا ثواب پائے گا، ضمناً کھانا پینا بھی جائز ہوجائے گا اور جب مسجد سے باہر آئے گا اعتکاف ختم ہوجائے گا۔[1]

سوال: مُعتَکِف [اعتکاف کرنے والے] کے لیے مسجد سے نکلنے کے "کتنے عذر" ہیں؟

جواب: معتکف کے لیے مسجد سے نکلنے کے دو عذر ہیں۔ [۱] طبعی حاجت [۲] شرعی حاجت۔

**طبعی حاجت:** جیسے پیشاب یا پاخانے کی حاجت، اِسی طرح وضو کرنے یا ناپاک ہونے پر غسل کرنے کی حاجت۔

**شرعی حاجت:** مثلاً نمازِ جمعہ ادا کرنے کے لیے جامع مسجد جانا ہو تو جا سکتا ہے، جب کہ اُس کی مسجد میں جمعہ نہ ہوتا ہو۔ اگر وہاں جمعہ ہوتا ہے تو جمعہ کی ادائے گی کے لیے دوسری مسجد جانے کی اجازت نہیں۔

سوال: کیا "عورتیں" بھی اعتکاف میں بیٹھ سکتی ہیں؟

جواب: جی ہاں! عورتیں بھی اعتکاف کرسکتی ہیں؛ البتہ اُن کا اعتکاف مسجد میں نہیں؛ بلکہ "مسجدِ بیت" [گھر کا وہ روم یا کونہ جسے اعتکاف کے لیے خاص کیا گیا ہو] میں ہوگا۔

سوال: اگر کسی کا اعتکافِ مسنون "ٹوٹ جائے" تو کیا کرے؟

جواب: جس دن ٹوٹا یا توڑا، روزے کے ساتھ اُس ایک دن کی قضا لازم ہوگی، اُس پر دس دنوں کی قضا واجب نہیں۔[2]

---

[1] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ پنجم، اعتکاف کا بیان

[2] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ پنجم، اعتکاف کا بیان

## تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب — تفہیم

**سوال:** ''خوفِ خُدا'' سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** ''خوفِ خُدا'' یعنی خدا کا ڈر، ایسی عظیم الشان صفت ہے کہ جو شخص بھی اِس سے متصف ہو جاتا ہے وہ مومنِ کامل بن کر دونوں جہاں کی سعادتوں سے سرفراز ہو جاتا ہے۔ جن کے ساتھ اللہ عزوجل فَضل کا ارادہ فرماتا ہے، اُنھیں اپنی خشیت کی دولتِ بے بہا سے نوازتا ہے۔[۱]

**سوال:** خوفِ خدا کی ''شرعی حیثیت'' کیا ہے؟

**جواب:** ہر بندۂ مومن پر واجب ہے کہ ہمیشہ اپنے رب اللہ عزوجل سے ڈرتا رہے اور اُس کا دل ہر لمحہ اِس یقین سے معمور رہے کہ خدائے تعالیٰ کی نگاہِ قدرت سے اُس کا کوئی بھی عمل پوشیدہ نہیں، اُسے بروزِ قیامت اپنے ہر عمل کا حساب دینا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

- وَخَافُوْنِ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ۔[۲] ترجمہ: اگر تم مومن ہو تو صرف مجھ سے ڈرو!

اِس آیتِ کریمہ کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے مومنوں پر اپنے خوف کو صرف واجب ہی نہیں؛ بلکہ ایمان کی شرط قرار دیا ہے۔ اِس لیے یہ تصور نہیں کیا جا سکتا ہے کہ کوئی مومن ''خوفِ اِلٰہی'' سے خالی ہوگا۔ ہر مومن کے دل میں خشیتِ اِلٰہی ہوتی ہے، خواہ کتنی ہی کمزور ہو۔ جس کو رب تعالیٰ کی جتنی معرفت ہوگی اُس کا خوف اُتنا ہی قوی ہوگا اور جو معرفتِ اِلٰہی سے جس قدر کورا ہوگا اُس کا خوف اُسی قدر کمزور ہوگا۔ اِسی لیے اللہ عزوجل نے فرمایا:

- اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا۔[۳]

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ سے اُس کے بندوں میں سے علم والے ہی ڈرتے ہیں۔

**سوال:** جو لوگ خدائے ذوالجلال سے ڈرتے ہیں اُنھیں ''کِن نعمتوں'' سے سرفراز کیا جاتا ہے؟

**جواب:** ایسے خوش نصیب اپنے رب کی رضا پا کر حقیقی کامیابی سے شادکام ہو جاتے ہیں۔ رب تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

- رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ۔[۴]

ترجمہ: اللہ تعالیٰ اُن سے راضی ہوا اور وہ اُس سے راضی ہوئے، یہ اُس کے لیے ہے جو اپنے رب سے ڈرا۔

خدا سے ڈرنے والے کائنات کی کسی شے سے نہیں ڈرتے۔ ہمارے آقا ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے، ہر چیز اُس سے ڈرتی ہے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے غیر سے ڈرتا ہے، اللہ تعالیٰ اُسے ہر چیز سے خوف زدہ رکھتا ہے۔[۵]

ہم سب کے دلوں میں خشیتِ اِلٰہی کا چراغ روشن ہو! آمین۔

---

[۱] احیاء العلوم، مترجم، ج: ۴، ص: ۳۵۳ — [۲] سورۂ آلِ عمران، آیت نمبر: ۱۷۵ — [۳] سورۂ فاطر، آیت نمبر: ۲۸
[۴] سورۂ بینہ، آیت نمبر: ۸ — [۵] کنز العمال، ج: ۳، ص: ۱۵۱

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم — تفہیم

**سوال:** جب حضور ﷺ کا مقدّس خط ''روم کے بادشاہ قیصر'' کے پاس پہنچا تو اُس نے کس عقیدت واحترام کا اظہار کیا؟

**جواب:** جب حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور ﷺ کا خط لے کر قیصرِ روم ''ھِرَقْل'' کے دربار میں پہنچے، تو اُس نے ''قریش کے کسی آدمی'' کو تلاش کر کے اپنے دربار میں حاضر کرنے کا حکم دیا۔ اُس وقت ''ابوسفیان'' تجارتی قافلے کے ساتھ وہیں موجود تھے۔ اُنھیں قیصر کے پاس لایا گیا۔ قیصر نے ابوسفیان سے حضور ﷺ کے ''حسب ونسب، عادت و خصلت، وصف وکمال، تعلیم وتربیت اور دعویٰ نبوت ورسالت'' سے متعلق چند سوالات کیے۔ ابوسفیان نے مجبوراً سب کے صحیح جوابات دیے۔ ابوسفیان کے جوابات سن کر ''قیصرِ روم'' نے بے ساختہ کہا:

- اگر تمھاری باتیں صحیح ہیں تو سن لو! وہ عن قریب اِس جگہ کے مالک ہو جائیں گے جہاں اِس وقت میرے قدم ہیں۔ میں جانتا ہوں کہ ایک رسول مبعوث ہونے والے ہیں؛ مگر میرا یہ گمان نہ تھا کہ وہ رسولِ مکرّم عربوں میں سے ہوں گے۔ اگر مَیں اُن کے پاس ہوتا تو اُن کے قدمِ ناز کو دھونا باعثِ صد اِفتخار سمجھتا۔
اِس کے بعد اُس نے حضور ﷺ کا ''نامۂ مبارک'' پڑھوا کر سننے کی سعادت حاصل کی۔

**سوال:** جو خط روم کے بادشاہ کے پاس تشریف لے گیا تھا، ہم اُس کا ''ترجمہ'' پڑھ کر سعادت اندوز ہونا چاہتے ہیں!

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں:

- بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ اللہ کے بندے اور اُس کے رسول محمد [ ﷺ ] کی طرف سے یہ خط ''روم کے بادشاہ ہرقل'' کے نام ہے۔ اُس شخص پر سلامتی ہو جو ہدایت کا پیرو کار رہے۔ اَمَّا بَعۡدُ! میں تجھ کو اسلام کی دعوت دیتا ہوں۔ مسلمان ہو جا! سلامت رہے گا اور خدا تجھ کو دوگنا اجر دے گا۔ اور اگر تو نے رُوگردانی کی تو تیری تمام رِعَایا کا گناہ تجھ پر ہوگا۔ اے اہلِ کتاب! ایک ایسی بات کی طرف آؤ! جو ہمارے اور تمھارے درمیان یکساں ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ ہم خدا کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں اور ہم میں سے بعض لوگ دوسرے بعض لوگوں کو خدا نہ بنائیں۔ اور اگر تم نہیں مانتے تو گواہ ہو جاؤ کہ ہم مسلمان ہیں۔[۱] سبحان اللہ۔

**سوال:** حضور ﷺ کا خط ملنے کے بعد شاہِ ایران ''خسرو پرویز'' نے کیا ردِّعمل ظاہر کیا؟

**جواب:** خط ملنے کے بعد اُس بد دماغ نے شدید گستاخی کا ارتکاب کیا اور حکومت کے نشے میں چور ہو کر، نہایت غرور کے ساتھ بولا: محمد [ ﷺ ] نے میرے نام سے پہلے اپنا نام کیوں لکھا؟ یہ کہہ کر اُس بدبخت نے نہ صرف یہ کہ حضور ﷺ کی دعوت کو ٹھکرا دیا؛ بلکہ مقدس خط کو بھی پھاڑ کر ریزہ ریزہ کر دیا اور زمین پر پھینک دیا۔ جب حضور ﷺ کو اُس کی گستاخی کی اطلاع ملی تو آپ کی زبانِ اقدس پر یہ کلمات جاری ہوئے:

---

۱۔ سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۲۹۴

✪ اُس نے میرے خط کے ٹکڑے کیے، خدا اُس کی حکومت کے ٹکڑے کر دے۔

حضور ﷺ کی یہ دعا بابِ اِجابت سے ٹکرائی اور "خسرو پرویز" کو خود اُس کے "بیٹے" نے پھاڑ کر ہلاک کر دیا۔ اُس کے بعد اُس کی حکومت کئی ٹکڑوں میں تقسیم ہو گئی، یہاں تک کہ حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کے دَورِ خلافت میں اُس کی حکومت کا نام و نشان تک مِٹ گیا۔[1]

**سوال:** حضور ﷺ کا مبارک خط پانے کے بعد حبشہ کے بادشاہ "نَجاشی" نے کیا کہا تھا؟

**جواب:** سن چھ ہجری میں حبشہ کے جس بادشاہ کے پاس حضور ﷺ نے دعوتِ اسلام کا خط روانہ کیا تھا، وہ سچے دل سے مسلمان ہو گئے تھے اور سن نو ہجری میں جب اُن کا انتقال ہوا تو آقائے دو عالم ﷺ نے بذاتِ خود مدینۂ منورہ میں اُن کی غائبانہ نمازِ جنازہ پڑھائی۔ اُن کے بعد حبشہ کے تخت پر جو "نجاشی" بیٹھا، حضور ﷺ نے اُس کے پاس بھی دعوتِ اسلام کا خط روانہ فرمایا تھا؛ مگر اُس کے بارے میں کچھ معلوم نہیں ہو سکا کہ اُس نے اسلام قبول کیا تھا یا نہیں۔ مشہور ہے کہ "یہ دونوں مقدس خطوط" اب بھی حبشہ کے بادشاہوں کے پاس محفوظ ہیں اور وہ لوگ اُن کا بے حد ادب و احترام کرتے ہیں۔[2]

## پانچویں فصل: رسولِ اکرم ﷺ کے اَخلاقِ حَسَنہ — تفہیم

**سوال:** ہمارے نبی ﷺ کی "شانِ تواضع" [عاجزی و انکساری] پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** اہلِ علم جانتے ہیں کہ "تَوَاضُع" اُن پسندیدہ خصلتوں اور عظیم ترین خوبیوں میں سے ایک ہے جن سے متصف ہونے والا بندۂ مومن اللہ عزوجل کا بھی محبوب ہوتا ہے اور اُس کے بندے بھی اُس سے پیار کرتے ہیں۔

✪ اللہ ربُّ العزت نے اپنے محبوب ﷺ کو جن اَرفع و اعلیٰ درجات پر فائز فرمایا وہ کسی پر مخفی نہیں ہیں۔ بارگاہِ رب العالمین میں اِتنا اونچا درجہ پالینے اور ساری مخلوق کے آقا و مولا ہونے کے باوجود حضور ﷺ کی ذاتِ گرامی میں تکبر و غرور کا شائبہ تک نہ تھا۔ آپ ﷺ اپنے ہر قول و فعل میں ہمیشہ عاجزی کا اظہار فرمایا کرتے تھے؛ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ آپ ﷺ کی صفتِ تواضع سب سے نرالی اور انوکھی تھی۔

**سوال:** حضور ﷺ کی "صفتِ تواضع" کی ایک جھلک پیش فرمائیں!

**جواب:** جی! حضور ﷺ کی شانِ تواضع کے "چند جلوے" ملاحظہ فرمائیں: سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

---

[1] الصحیح للامام البخاری، ج:۱، ص: ۴۱۱، ملخصاً

[2] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۲۹۵ تا ۲۹۶

- ایک روز حضور ﷺ حضرت سیدنا جبریلِ اَمین علیہ السلام کے ہمراہ تشریف فرما تھے۔ اچانک حضرت اِسرافیل علیہ السلام بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے:

**یا رسول اللہ!** آپ پر سلام ہو اور آپ کا رب بھی آپ کو سلام فرماتا ہے۔ میں آپ کے رب کی طرف سے آپ کی خدمت میں قاصد کی حیثیت سے حاضر ہوا ہوں۔ میرے اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ مَیں آپ کو یہ اختیار دوں کہ آپ چاہیں تو ایسے **"نبی بنیں جو عبد"** ہے اور چاہیں تو **"ایسے نبی بنیں جو بادشاہ"** ہے۔ حضور ﷺ نے حضرت جبریل علیہ السلام سے مشورہ طلب کرنے کے بعد فرمایا: مَیں **"ایسا نبی بننا چاہتا ہوں جو اپنے خالق و مالک کا بندہ ہو"**۔ **اے عائشہ!** اگر میں ایسا نبی بننا پسند کرتا جو بادشاہ ہو تو یہ پہاڑ سونا بن کر میرے ہمراہ چلتے۔[1]

- حجۃ الوداع کے موقع پر جب کہ جزیرۂ عرب کے گوشے گوشے سے شمعِ رسالت کے پروانے اپنے آقا ﷺ کی زیارت اور اُن کے ساتھ حج کرنے کی سعادت حاصل کرنے کے لیے جمع ہو گئے تھے۔ اُس وقت حضور ﷺ جس اونٹ پر سوار تھے اُس کا کجاوہ پرانا اور بوسیدہ تھا اور جو چادر اُس پر پڑی تھی اُس کی قیمت صرف چار درہم تھی۔ اِس عجز و انکساری کے ساتھ، حضور ﷺ سراپا عجز و نیاز بن کر اپنے مولائے کریم کی بارگاہ میں یوں عرض کر رہے تھے: **اَللّٰھُمَّ حَجَّۃً مَّبْرُوْرَۃً لَا رِیَآءَ وَّلَا سُمْعَۃَ**۔ ترجمہ: اے اللہ! اِس حج کو حجِّ مبرور بنا جس میں کوئی ریاکاری اور شہوت کی خواہش نہ ہو۔[2]

حضور رحمتِ عالم ﷺ کی شانِ تواضع بیان کرتے ہوئے حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں:

- سرکارِ دو عالم ﷺ زمین پر بیٹھ جایا کرتے۔ اُس پر کھانا تناول فرماتے، بکری کی ٹانگیں باندھ کر اُس کو دوہتے، دراز گوش پر سواری فرما لیتے اور اگر کوئی غلام دعوت کے لیے عرض کرتا تو قبول فرماتے۔[3]
- وہ ذاتِ پاک کہ زمین، آسمان اور پہاڑ جس کے ادنیٰ اشارے کے منتظر رہتے ہوں اُس کی **"تواضع"** کی یہ شانیں درحقیقت فخرِ کائنات ﷺ کی حقیقی عظمتوں اور سچی رفعتوں کی شاہدِ عدل ہیں۔ حضور ﷺ یہ سارے کام اِس لیے کرتے؛ تاکہ اپنے امتیوں کو تواضع کا طریقہ سکھائیں اور تکبر سے باز رہنے کی عملی تلقین کریں۔
- اللہ عزوجل اپنے حبیب حضور رحمت ﷺ کے صدقے میں ہم غلاموں کو بھی تکبر و غرور سے محفوظ فرما کر عجز و انکساری کے ساتھ زندگی گزارنے کی توفیق مرحمت فرمائے! آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ۔

---

[1] سبل الہدیٰ، ج: ۷، ص: ۵۴۔ بحوالہ ضیاء النبی، ج: ۵، ص: ۳۴۰۔۳۴۱

[2] ضیاء النبی، ج: ۵، ص: ۳۴۱ [3] ضیاء النبی، ج: ۵، ص: ۳۴۲

## چھٹی فصل — گوشۂ اہلِ بیتِ اَطہار علیٰ نبینا وعلیہم الصلاۃ والسلام — تفہیم

**سوال:** خاتونِ جنت حضرت ''سیدتنا فاطمہ زہراء'' رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی ''سیرتِ طیبہ'' بیان کیجیے!

**جواب:** سیدۃُ نساءِ العالَمین، حضرت خاتونِ جنت رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور ﷺ کی سب سے چھوٹی اور لاڈلی شہزادی ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہا کا نام ''فاطمہ'' اور لقب ''زہرا'' اور ''بتول'' ہے۔ آپ سلام اللہ علیہا کی پیدائش کے سال میں علماے مؤرِّخین کا اختلاف ہے۔ علامہ ابن جوزی رضی اللہ عنہ کے قول کے مطابق، اعلانِ نبوت سے پانچ سال قبل آپ رضی اللہ عنہا کی پیدائش ہوئی۔

- سن ۲ ہجری میں حضرت علی شیرِ خدا کرّم اللہ وجہہ الکریم سے آپ کا نکاح ہوا اور آپ کے شکمِ مبارک سے تین صاحب زادگان ''حضرت سیدنا امام حسن، حضرت سیدنا امام حسین، حضرت سیدنا امام محسن'' رضی اللہ عنہم اجمعین اور تین شہزادیاں ''حضرتِ زینب، حضرت ام کلثوم، حضرت رقیہ'' رضی اللہ عنہن اجمعین پیدا ہوئیں۔ حضرت محسن اور حضرت رقیہ بچپن ہی میں فوت ہو گئے تھے۔ حضرتِ ام کلثوم رضی اللہ عنہا کا نکاح امیر المومنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے ہوا۔ اِن کے شکمِ مبارک سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ایک فرزند ''حضرتِ زید'' اور ایک صاحب زادی ''حضرتِ رقیہ'' کی پیدائش ہوئی اور حضرتِ زینب، حضرت عبداللہ بن جعفر کے نکاح میں آئیں۔
- حضور ﷺ کے وصال شریف کا حضرتِ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے قلبِ مبارک پر بہت ہی جاں کاہ صدمہ گزرا، چناں چہ وصالِ اقدس کے بعد حضرتِ فاطمہ کبھی بھی ہنستی ہوئی نہیں دیکھی گئیں، یہاں تک کہ وصالِ نبوی کے چھ ماہ بعد ۳ رمضان ۱۱ ہجری منگل کی رات میں آپ سلام اللہ علیہا نے داعیِ اَجل کو ''لَبَّیْکَ'' کہا۔ جنت البقیع آپ رضی اللہ عنہا کی آخری آرام گاہ ہے۔[1]

**سوال:** حضرت سیدتنا فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ''بعض فضائل'' بیان کریں!

**جواب:** اَللّٰہُ اَکْبَرُ! اِن کے فضائل ومناقب کا کیا کہنا! اِن کے مراتب و درجات کے حالات سے کُتُبِ اَحادیث کے صفحات مالامال ہیں، بعض روایتیں ملاحظہ فرمائیں!

امام بخاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- فاطمہ میرے گوشت کا ایک ٹکڑا ہے۔ تو جس شخص نے اسے غضب ناک کیا اُس نے مجھے غضب ناک کیا۔ اور ایک روایت میں ہے کہ ناراض کرتی ہے مجھ کو وہ چیز جو فاطمہ کو ناراض کرتی ہے اور اَذِیَّت دیتی ہے مجھ کو وہ چیز جو فاطمہ کو اَذیت دیتی ہے۔[2]

امامِ بخاری رضی اللہ عنہ مزید روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- فَاطِمَۃُ سَیِّدَۃُ نِسَآءِ اَھْلِ الْجَنَّۃِ۔[3]

ترجمہ: حضرتِ فاطمہ جنتی عورتوں کی سردار ہیں۔ عَلٰی اَبِیْھَا وَ عَلَیْھَا الصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ۔

---

[1] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۶۹۷ تا ۶۹۹

[2] الصحیح للامام البخاری، باب مناقب قرابۃ رسول اللہ ﷺ، رقم الحدیث: ۳۷۱۴

[3] الصحیح للامام البخاری، باب مناقب فاطمۃ سلام اللہ علیہا، ج: ۱، ص: ۵۳۲

ساتویں فصل — عام دینی معلومات — تفہیم

**سوال:** کیا شریعت کے خلاف کام کرنے والا بھی "اللہ کا ولی" ہوسکتا ہے؟

**جواب:** ولایت کا معیار ایمان اور تقویٰ ہے۔ اللہ ربُّ العزت نے ارشاد فرمایا:

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ۝ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ كَانُوْا یَتَّقُوْنَ [1]

ترجمہ: سنو! یقیناً اللہ کے ولیوں پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ رنجیدہ ہوں گے، جو ایمان لائے اور ہمیشہ متقی رہے۔ لہٰذا نہ کوئی کافر ولی ہوسکتا ہے اور نہ شریعت کی مخالفت کرنے والا کوئی مومن ولایت کے مقام پر فائز ہوسکتا ہے۔

**سوال:** کیا اولیاء اللہ اپنی اپنی قبروں میں "زندہ" ہیں؟

**جواب:** جی ہاں! اولیائے کرام اپنی اپنی قبروں میں حیاتِ ابدی کے ساتھ زندہ ہیں۔ وصال کے بعد "اِن کے علم، فہم، سماعت اور بصارت" پہلے کی بہ نسبت زیادہ قوی ہیں۔ اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

- اہلِ سنت کے نزدیک انبیائے کرام و شہدائے عظام رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اپنے مقدس جسموں کے ساتھ زندہ ہیں۔ جس طرح انبیائے کرام کے مقدس جسم زمین پر حرام کیے گئے ہیں، اسی طرح شہدا و اولیا کے اَبدان و کفن بھی قبروں میں سلامت رہتے ہیں، یہ حضرات روزی و رِزق پاتے ہیں۔ [2]

**سوال:** تصوف و طریقت کے "مشہور سلسلوں" کے نام بتائیں!

**جواب:** تصوف کے متعدد سلاسل میں مندرجہ ذیل چار سلسلے زیادہ مشہور ہیں۔

- سلسلۂ قادریہ — سلسلۂ سہروردیہ — سلسلۂ چشتیہ — سلسلۂ نقش بندیہ

**سوال:** سلسلۂ قادریہ کا "مختصر تعارف" کرتے ہوئے اُس کے "چند بزرگوں کے نام" شمار کرائیں!

**جواب:** سلسلۂ قادریہ روحانیت کا ایک عظیم ترین سلسلہ ہے، اِس کے پیروکار "قادری" کہلاتے ہیں۔ لفظِ "قادری" سرکارِ غوثِ اعظم حضرت محبوبِ سبحانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے اسمِ گرامی "عَبْدُ الْقَادِر" سے لیا گیا ہے۔ ولیوں کے سردار، بڑے پیر، دست گیر حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی بغدادی رضی اللہ عنہ کی جانب منسوب ہونے کی وجہ سے "قادری سلسلہ" تمام سلسلوں سے افضل و اعلیٰ مانا جاتا ہے۔ اِس سلسلے کے چند مشہور مشائخِ عظام یہ ہیں:

- حضرتِ علی شیرِ خدا
- سید الشہداء حضرت امام حسین
- سیدنا امام زین العابدین
- سیدنا امام محمد باقر
- سیدنا امام جعفر صادق۔
- سیدنا امام موسیٰ کاظم
- سیدنا امام علی رضا
- سیدنا معروف کرخی۔
- سیدنا سَرِی سَقَطی
- سیدنا جنید بغدادی
- سرکارِ غوثِ اعظم عبد القادر جیلانی۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

---

[1] سورۂ یونس، آیت نمبر: ۶۲ ۔ ۶۳
[2] ملخصاً از فتاویٰ رضویہ ج: ۹، ص: ۴۳۱

**سوال:** ’’سرزمینِ ہند‘‘ میں آرام فرما اِس سلسلے کے ’’چند مشہور بزرگوں‘‘ کے نام بتائیں!

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں!

- حضرت شیخ ابراہیم ایرجی
- حضرت شیخ قاضی ضیاء الدین
- حضرت سید شاہ محمد
- حضرت سید شاہ احمد
- حضرت سید شاہ برکت اللہ
- حضرت سید شاہ آلِ محمد
- حضرت سید شاہ حمزہ
- حضرت سید شاہ آلِ احمد اچھے میاں
- حضرت سید شاہ آلِ رسول احمدی
- حضرت امام احمد رضا خان
- حضور مفتی اعظم مصطفیٰ رضا خان
- تاج الشریعہ مفتی اختر رضا خان۔

رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔

## دوزخ کی تیرہ وتاریک آگ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: أُوقِدَ عَلَى النَّارِ أَلْفَ سَنَةٍ حَتَّى احْمَرَّتْ ثُمَّ أُوقِدَ عَلَيْهَا أَلْفَ سَنَةٍ حَتَّى ابْيَضَّتْ ثُمَّ أُوقِدَ عَلَيْهَا أَلْفَ سَنَةٍ حَتَّى اسْوَدَّتْ فَهِيَ سَوْدَاءُ مُظْلِمَةٌ۔ (الجامع للامام الترمذی، ج:۲، کتاب صفۃ جہنم، رقم الحدیث: ۲۷۹۴)

**ترجمہ:** حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دوزخ کی آگ کو ایک ہزار سال تک بھڑکایا گیا تو وہ نہایت سرخ ہوگئی، پھر اسے ایک ہزار سال تک جلایا گیا تو وہ انتہائی سفید ہوگئی، پھر اسے ایک ہزار سال تک بھڑکایا گیا تو وہ بالکل سیاہ ہوگئی۔ [اب اس میں روشنی کا نام ونشان تک نہیں ہے]

# چھٹا سبق

## پہلی فصل — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** دیوبندیوں کے اُن علما کے نام بتائیں، جن پر "حضور ﷺ کی گستاخی" کرنے کے سبب "حکمِ کفر" ہے۔

**جواب:** مولوی اسماعیل دہلوی کے علاوہ جن چار مولویوں نے وہابیت کو پھیلانے اور لاکھوں مسلمانوں کے ایمان پر ڈاکہ ڈالنے کا سیاہ کارنامہ انجام دیا ہے، وہ یہ ہیں:

[۱] مولوی قاسم نانوتوی۔ [۲] مولوی رشید احمد گنگوہی۔
[۳] مولوی خلیل انبیٹھوی۔ [۴] مولوی اشرف علی تھانوی۔

- اِنھوں نے اپنی اپنی کتابوں میں اللہ عز وجل اور اُس کے پیارے حبیب ﷺ کی شانِ اقدس میں گستاخیوں بھری باتیں کہیں، جن کے سبب حرمینِ شریفین اور ایشیا کے سیکڑوں علماے کرام نے بیک زبان ہو کر فرمایا: یہ سب دائرۂ اسلام سے خارج ہیں، جو اِن کے کافر و مرتد ہونے میں شک کرے وہ بھی کافر ہو کر دائرۂ اسلام سے خارج ہے۔ اِس کی تفصیل "حُسَامُ الْحَرَمَین" میں درج ہے۔
- اِن چاروں کے کفریہ عقائد پر یقینی اطلاع پانے کے باوجود جو اِنھیں اپنا امام و پیشوا کہیں یا کم از کم اِنھیں مسلمان جانیں یا اِن کے جیسے خبیث عقیدے رکھیں وہ بھی کافر و مرتد ہیں۔ اِن سب کو ہماری عرف میں "دیوبندی" کہا جاتا ہے۔

**سوال:** مولوی قاسم نانوتوی نے "کس گستاخی" کا ارتکاب کیا؟

**جواب:** اُس نے عقیدۂ ختمِ نبوت کا انکار کر کے حضور ﷺ کی شانِ اقدس میں گستاخی کی۔ اُس نے اپنی کتاب "تحذیر الناس" میں بہت سے کفریات بکے ہیں۔ آپ کی معلومات کے لیے اُس کے چند کفر پیش کیے جا رہے ہیں:

**پہلا کفر:** ہم حضور ﷺ کو اِس لحاظ سے "خاتم النبیین نہیں مانتے" کہ آپ آخری نبی ہیں اور آپ کا زمانہ تمام نبیوں کے زمانے کے بعد ہے۔[۱]

- یہ صریح کفر ہے؛ کیوں کہ "خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ" کا اجماعی اور قطعی معنیٰ یہی ہے کہ آپ ﷺ کا زمانۂ نبوت تمام نبیوں کے زمانے کے بعد ہے اور آپ ﷺ سب سے آخری نبی ہیں۔ متعدد احادیثِ کریمہ میں حضور ﷺ نے اِس آیتِ کریمہ کا یہی معنیٰ ارشاد فرمایا اور صحابۂ کرام نے اِسی معنیٰ پر اجماع

---

[۱] ملخصاً از تحذیر الناس، خاتم النبیین کا معنیٰ، ص: ۴-۵

فرمایا۔ تو اِس کا انکار کر کے نیا معنیٰ گڑھنا درحقیقت اجماع کا انکار کرنا ہے، لہٰذا یہ کفر ہے۔

**دوسرا کفر:** اگر حضور ﷺ کے زمانے کے بعد کوئی نبی پیدا ہو جائے تو بھی "خَاتَمِیَّتِ مُحَمَّدِیْ" میں کچھ فرق نہ آئے گا۔[1]

- حضور ﷺ کے زمانۂ اقدس کے بعد کسی نبی کے آنے کو جائز قرار دینا کھلا ہوا کفر ہے۔

**تیسرا کفر:** انبیا اپنی امت سے ممتاز ہوتے ہیں تو علوم ہی میں ممتاز ہوتے ہیں، باقی رہا عمل، تو اِس میں بسا اوقات اُمّتی مُساوی [برابر] ہو جاتے ہیں؛ بلکہ بڑھ جاتے ہیں۔[2]

- یہ کہنا کہ امتی عمل میں نبی کے برابر؛ بلکہ بسا اوقات اُس سے بڑھ جاتا ہے "کلمۂ کفر" ہے۔ کوئی یہ نہ کہے کہ مولوی قاسم صاحب نے یہ باتیں بزرگوں سے نقل کی ہوں گی؛ کیوں کہ یہ ساری خرافات خود اُسی کی ایجاد کردہ ہیں۔ خود اُسی نے اعتراف کرتے ہوئے کہا ہے:

**اعترافِ جرم:** اگر بوجہِ کم التفاتی بڑوں کا فہم کسی مضمون تک نہ پہنچا تو اُن کی شان میں کیا نقصان آ گیا؟ اور کسی طفلِ نادان نے کوئی ٹھکانے کی بات کہہ دی تو کیا اِتنی بات سے وہ عظیم الشان ہو گیا۔[3]

- اِن کُفرِیات کے علاوہ بھی کتابِ مذکور میں بہت سی بکواس بھری باتیں کہی گئی ہیں۔ اللہ عزوجل ہم سب کے ایمان و عقائد کی حفاظت فرمائے۔ آمین۔

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** "حج" کسے کہتے ہیں اور اِس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

**جواب:** "حج" نام ہے احرام باندھ کر ۹ ذوالحجہ کو میدانِ عَرَفات میں ٹھہرنے اور کعبۂ معظّمہ کے طواف کا۔ اِس کے لیے ایک خاص وقت مقرر ہے کہ اُس میں یہ اَفعال [کام] کیے جائیں تو "حج" ہے۔ حج ۹ ہجری میں فرض ہوا۔ اِس کی فرضیت قطعی ہے، جو اِس کی فرضیت [فرض ہونے] کا انکار کرے کافر ہے؛ مگر عمر بھر میں صرف ایک بار فرض ہے۔[4]

**سوال:** کیا حج کرنا ہر مسلمان پر "فرض" ہے؟

**جواب:** جی نہیں! حج صرف اُنھی لوگوں پر "فرض" ہے جو صاحبِ استطاعت ہوں۔ یعنی اُن کے پاس اِتنا مال ہو جس سے وہ حج کے لیے جانے کا خرچ اور سفر کی مدت میں اپنے اہل و عیال کے اِخراجات آسانی سے نکال سکیں۔ چناں چہ فرمانِ باری تعالیٰ ہے:

---

[1] ملخصاً از تحذیر الناس، روایت حضرت عبداللہ بن عباس کی تحقیق، ص: ۳۴
[2] تحذیر الناس، نبوت کمالاتِ علمی میں سے ہے، ص: ۷
[3] تحذیر الناس، روایت حضرت عبداللہ ابن عباس کی تحقیق، ص: ۳۵
[4] بہارِ شریعت، حصۂ پنجم، حج کا بیان

وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا ۔[1]

ترجمہ: اور اللہ ہی کے لیے اُن لوگوں پر خانۂ کعبہ کا حج کرنا فرض ہے جو وہاں تک جاسکیں۔

**سوال:** جو مومن ”استطاعت رکھنے کے باوجود حج نہ کرے“ اُس سے متعلق کیا حکم ہے؟

**جواب:** ایسے بدنصیب شخص کے بارے میں ہمارے آقا حضور جانِ عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

جسے حج کرنے سے نہ حاجتِ ظاہرہ مانع ہوئی، نہ ظالم بادشاہ، نہ کوئی ایسا مرض جو روک دے، پھر بغیر حج کیے مر گیا تو چاہے یہودی ہو کر مرے یا نصرانی ہو کر۔[2]

یعنی ایسے شخص کے ایمان کی کوئی گارنٹی نہیں۔ العیاذ باللہ تعالیٰ۔

**سوال:** ”حج کی فضیلت“ پر کوئی ایک حدیثِ پاک پیش فرمائیں!

**جواب:** حضورِ اقدس ﷺ نے حج کی بے شمار فضیلتیں بیان فرمائی ہیں۔ ایک روایت ملاحظہ فرمائیں! مدنی تاج دار ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے:

حاجی کو بخش دیا جاتا ہے اور حاجی جس کی بخشش کی دعا کردے اُسے بھی معاف کر دیا جاتا ہے۔[3]

**سوال:** حج کی کتنی قسمیں ہیں؟ مختصر تشریح کے ساتھ ہر ایک کو بیان کریں!

**جواب:** حج کی تین قسمیں ہیں۔ [۱] حجِّ قِران [۲] حجِّ تمتُّع [۳] حجِّ اِفراد۔

**حجِّ قِران:** حجِّ قران یہ ہے کہ حاجی ایک ساتھ ”حج اور عمرہ“ کا احرام باندھے۔

**حجِّ تمتُّع:** حجِّ تمتع یہ ہے کہ حاجی حج کے مہینے میں عمرہ کرے پھر اُسی سال حج کا احرام باندھے۔

**حجِّ اِفراد:** حجِّ افراد یہ ہے کہ حاجی حج کے مہینے میں صرف حج کرے۔

احناف کے نزدیک سب سے افضل حج ”حج قران“ ہے؛ کیوں کہ حضور ﷺ نے حج قران فرمایا تھا؛ چوں کہ لمبی مدت تک احرام کی پابندیاں برداشت کرنا سب کے بس کی بات نہیں، اِس لیے اب آسانی کے لیے زیادہ تر لوگ ”حج تمتع“ کرتے ہیں۔

**سوال:** ”تلبیہ“ کیا ہے؟ ترجمہ کے ساتھ بیان کریں!

**جواب:** ”تلبیہ“ حالتِ احرام میں پڑھے جانے والے ایک مخصوص وظیفے کا نام ہے اور وہ یہ ہے:

لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ ۔ لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ ۔

ترجمہ: میں حاضر ہوں، اے اللہ! مَیں حاضر ہوں۔ مَیں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں، مَیں حاضر ہوں۔ بے شک تمام تعریفیں، نعمتیں اور ملک تیرے لیے ہیں۔ تیرا کوئی شریک نہیں۔

---

[1] سورۂ آل عمران، آیت نمبر: ۹۷

[2] سنن الدارمی، کتاب المناسک، باب من مات ولم حج، رقم الحدیث: ۱۷۸۵

[3] مجمع الزوائد، ج: ۳، ص: ۴۸۳

## تفہیم — تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق وآداب

**سوال:** ''دنیا کی حقیقت'' کیا ہے؟

**جواب:** دنیا ''لوگوں کو اپنی جانب مائل کرنے والی ایک فتنہ پرور خوب صورت عورت'' کی طرح ہے، جو اپنی طرف مَیلان رکھنے والوں کو، اپنی جھوٹی محبت کے جال میں پھانس کر ہلاک و برباد کر دیتی ہے۔ یوں سمجھ لیں کہ یہ دنیا بہت جلد داغِ فُرقت دینے والے ایک بے وفا دوست کی طرح ہے۔[1]

دنیا کی محبت تمام برائیوں کی جڑ ہے۔ لوگ دنیا کی محبت میں گرفتار ہو کر اپنے رب کو بھول جاتے ہیں اور اپنے حقوق و فرائض سے غفلت برتتے ہیں۔ ایسے ہی لوگوں کو ''دنیا کا کتا'' کہا گیا ہے۔ امامِ اہلِ سنت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا:

بہرِ شبلی شیرِ حق دنیا کے کتوں سے بچا     ایک کا رکھ عبدِ واحد بے ریا کے واسطے

**سوال:** دنیا سے محبت کی ''شرعی حیثیت'' کیا ہے؟

**جواب:** شریعت کے دائرے میں رہ کر دنیاوی ساز و سامان سے محبت کرنا اور اُن سے نفع اٹھانا جائز و درست ہے؛ لیکن اگر انسان کے دل و دماغ پر دنیا و مافیہا کی محبت اِس قدر غالب آجائے کہ وہ شرعی حقوق و فرائض سے غافل ہو کر حرام کاریوں میں مبتلا ہو جائے تو یہ ''سخت ناجائز و حرام ہے''۔ دنیا کی محبت میں حلال و حرام کی تمیز نہ کرنے والے بعض اوقات اپنی آخرت کا بھی سودا کر ڈالتے ہیں۔ ایسے ہی لوگوں کے بارے میں ہمارے رب نے فرمایا:

- اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ اشْتَرَوُا الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا بِالْاٰخِرَةِ٘ فَلَا یُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ یُنْصَرُوْنَ۔[2]

ترجمہ: یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے آخرت کے بدلے دنیا کی زندگی کو خریدا، پس اُن سے عذاب ہلکا نہیں کیا جائے گا اور نہ ہی اُن کی مدد کی جائے گی۔

**سوال:** ''دنیا کی مذمت'' میں کوئی حدیثِ پاک پیش فرمائیں!

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں! ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

- اَلدُّنْیَا مَلْعُوْنَةٌ وَمَلْعُوْنٌ مَّا فِیْهَا اِلَّا مَا كَانَ لِلّٰهِ مِنْهَا۔[3]

ترجمہ: دنیا ملعون ہے اور جو کچھ اِس میں ہے وہ بھی لعنت کے قابل ہے، سوائے اُس کے جو اللہ تعالیٰ کے لیے ہو۔

**سوال:** جب دنیا قابلِ نفرت ہے تو اللہ تعالیٰ نے اِسے ''پیدا ہی کیوں فرمایا''؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے دنیاوی نعمتوں کو ہماری آزمائش کے لیے پیدا فرمایا ہے؛ تا کہ آزمائش میں کامیاب ہو کر ہم اُخروی

---

[1] ملخصاً از احیاء العلوم، ج: ۳، ص: ۴۵۳    [2] سورۂ بقرہ، آیت نمبر: ۸۶
[3] السنن للامام ابن ماجہ، ابواب الزہد، ص: ۳۱۲

سعادت سے بہرہ مند ہوں۔ اِسی لیے اُس نے قرآنِ مقدس میں فرمایا:

وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ۔ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ۔[۱]

ترجمہ: دنیا کی زندگی کھیل کود کے سوا کچھ بھی نہیں، بے شک آخرت کا گھر اُن کے لیے بہتر ہے جو ڈرتے ہیں۔تو کیا تمھیں سمجھ نہیں۔

اور حضور رحمتِ عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

کثرتِ مال کی خواہش نے تمھیں غافل کر دیا ہے۔ انسان کہتا ہے: میرا مال، میرا مال۔تیرا مال تو وہی ہے جو تو نے کھا کر فنا کر دیا، یا پہن کر پرانا کر دیا، یا صدقہ کر کے باقی رکھا۔[۲]

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم ﷺ — تفہیم

**سوال:** مصر کے بادشاہ نے حضور ﷺ کا پاکیزہ خط پاکر ''کس اخلاق'' کا مظاہرہ کیا؟

**جواب:** وہ مسلمان تو نہ ہوا؛ البتہ اُس نے بڑی عقیدت واحترام کا مظاہرہ کیا اور حضور ﷺ کے قاصد ''حضرت حاطب بن ابو بلتعہ'' کے ساتھ بڑے حسنِ اخلاق کے ساتھ پیش آیا، نیز حضور ﷺ کے لیے اُس نے گراں قدر تحفے بھی روانہ کیے۔ اُن تحفوں میں ''ایک ہزار مثقال سونا، ایک غلام، کچھ شہد، کچھ کپڑوں'' کے ساتھ ''ماریہ قبطیہ اور سیرین'' نامی دو باندیاں بھی بھیجیں۔ یہ وہی ''ماریہ قبطیہ'' ہیں جو حضور ﷺ کے حرم میں داخل ہوئیں اور اُن سے آپ ﷺ کے سب سے چھوٹے فرزند ''حضرت سیدنا ابراہیم'' رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے۔[۳]

اِن کے علاوہ اور بھی کئی بادشاہوں کے پاس آپ ﷺ نے دعوتی خطوط روانہ کیے، اُن میں بعض نے انکار کیا، جب کہ بعض، مسلمان ہو کر دارین کی سعادتوں سے بہرہ مند ہوئے۔

**سوال:** گستاخِ رسول ''ابو رافع یہودی'' کے قتل کے واقعے پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** خبیث ابو رافع یہودی کا نام ''عبد اللہ بن ابو الحقیق'' تھا، یہ بہت ہی مال دار تاجر تھا۔ اسلام کا سخت دشمن اور آقائے کریم ﷺ کا بدترین گستاخ تھا۔ یہ بدبخت اسلام کو مٹانے، مسلمانوں کو نیست ونابود کرنے اور حضور ﷺ کو تکلیف پہنچانے کے لیے طرح طرح کی سازشیں کرتا رہتا تھا۔ اِس لیے حضور رحمتِ عالم ﷺ کے غلاموں کی یہ دیرینہ خواہش تھی کہ ''کعب بن اشرف یہودی'' کی طرح ''ابو رافع یہودی'' کو بھی واصلِ جہنم کیا جائے؛ تاکہ مسلمانوں کو اُس کی سازشوں سے نجات مل جائے۔ چناں چہ یہ سعادت انصار کے عظیم الشان قبیلہ ''قبیلۂ خزرج'' کے حصے میں آئی۔

---

[۱] سورۂ انعام، آیت نمبر: ۳۲ [۲] الصحیح للامام مسلم، باب قولہ ﷺ الدنیا سجن للمومن، رقم الحدیث: ۷۶۰۹
[۳] مدارج النبوہ، ج: ۲، ص: ۲۲۹

- چناں چہ اِس خواہش کی تکمیل کے لیے ''حضرت عبداللہ بن عتیک'' اپنے چند ساتھیوں کے ساتھ حضور جانِ عالَم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی بارگاہِ اقدس میں حاضر ہوئے اور ''ابورافع'' کو قتل کرنے کی اجازت چاہی۔آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے اِس شرط کے ساتھ اجازت دے دی کہ عورتوں اور بچوں کو نقصان نہ پہنچایا جائے۔عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ ابورافع یہودی کے محل کے پاس آکر اپنے ساتھیوں سے فرماتے ہیں کہ تم لوگ یہیں بیٹھ کر میرا انتظار کرو! مَیں اندر جاکر اُس کا کام تمام کرکے آتا ہوں۔
- آپ رضی اللہ عنہ خفیہ تدبیروں سے ''اُس مردود'' کے محل میں داخل ہوکر اُس کے ''ناپاک بستر'' کے بالکل قریب پہنچ جاتے ہیں اور موقع پاتے ہی رات کے سنّاٹے میں اُسے قتل کرکے زمین کو اُس کے ناپاک وجود سے نجات دے دیتے ہیں۔اُس کے قتل ہوجانے سے اسلام ہمیشہ کے لیے ''اُس کی سازشوں'' سے محفوظ ہوگیا۔حضرت عبداللہ بن عتیک جب محل سے نکلنے لگے تو سیڑھی سے گر پڑے،جس کے سبب اُن کے پاؤں کی ہڈی ٹوٹ گئی؛لیکن آپ رضی اللہ عنہ گھبرائے نہیں؛ بلکہ فوراً پیر کو اپنی پگڑی سے باندھ کر تیزی کے ساتھ محل کے دروازے تک پہنچ گئے اور پھر اپنے ساتھیوں کی مدد سے مدینہ منورہ میں حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہوگئے۔[1]

## پانچویں فصل — رسولِ اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے اَخلاقِ حَسنہ — تفہیم

**سوال:** حضورِ اقدس صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی ''خوش طبعی'' کس شان کی تھی؟ بیان فرمائیں!

**جواب:** ''خوش طبعی'' انسان کے مُنکسِرُ المزاج ہونے کی واضح دلیل ہے۔حضورِ اقدس صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اپنے جاں نثار صحابہ کے ساتھ ''انتہائی پاکیزہ خوش طبعی'' کے ساتھ پیش آیا کرتے تھے۔اُن کے ساتھ بلا تکلُّف گفتگو فرماتے، اُن سے میل جول رکھتے، اُن کے بچوں سے کھیلتے اور اُن کو اپنی مقدس گود میں بٹھاتے تھے۔اِن خوبیوں کے سبب تمام مسلمان حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو اپنے باپ جیسا سمجھتے اور حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی محبت میں اپنا سب کچھ قربان کرنے کو باعثِ صد افتخار سمجھتے تھے۔اللہ ربُّ العزت نے اپنے محبوب کی اِس ادائے دل نوازی کو اِس آیتِ کریمہ میں بڑے پیارے انداز میں بیان فرمایا ہے:

- فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَا نْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ۔[2]

ترجمہ: پس اللہ کی بے پایاں رحمت کے سبب آپ اُن کے لیے نرم دل واقع ہوئے ہیں، اگر آپ تند مزاج اور سخت دل ہوتے تو یہ لوگ آپ کے آس پاس سے منتشر ہوجاتے۔

**سوال:** حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی خوش طبعی سے متعلق ''چند واقعات'' بیان فرمائیے!

---

[1] ملخصاً از سیرتِ مصطفی، ص: ۳۷۷ [2] سورۂ آلِ عمران، آیت نمبر: ۱۵۹

جواب: جی! ملاحظہ فرمائیں!

- ”زہیر بن حرام“ نامی حضور ﷺ کے ایک محبوب دیہاتی صحابی تھے ۔ یہ جب بھی حاضر ہوتے، صحرا کی عمدہ سبزیاں اور لذیذ پھل حضور ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں بطورِ ہدیہ پیش کرتے ۔حضور ﷺ اُنھیں شہر کی قیمتی چیزیں عنایت فرماتے ۔ ایک مرتبہ حضور ﷺ بازار تشریف لے گئے، دیکھا کہ ”زُہَیر“ سامان فروخت کر رہے ہیں۔حضور ﷺ نے اپنے اُس غلام کو پیچھے سے اپنے بازوؤں میں لے لیا۔زہیر نے توجہ کی تو معلوم ہوا کہ آقائے کریم ﷺ اُس کے ساتھ لطف و کرم فرما رہے ہیں ۔ یہ دیکھ کر زہیر حصولِ برکت کے لیے کافی دیر تک اپنی پشت حضور ﷺ کے مقدس سینے سے رگڑتے رہے۔حضور ﷺ بھی اپنے اُس غلام سے خوش طبعی فرماتے رہے۔ پھر حضور ﷺ نے فرمایا:

ہے کوئی جو اِس غلام کو خریدے؟

زہیر نے کہا: یارسول اللہ! اگر آپ مجھے فروخت کریں گے تو مجھے کھوٹا پائیں گے جس کی کوئی قیمت نہ ہوگی۔ یہ سن کر حضور ﷺ نے ازراہِ بندہ نوازی فرمایا: اے زہیر! تم کھوٹے نہیں؛ بلکہ اللہ عزوجل کے نزدیک تم بڑے قیمتی ہو۔[1]

- یہ تھی کائنات کے آقا ﷺ کی شانِ تواضع کہ معاشرہ میں جن بدّوؤں کی کوئی قدر و قیمت نہ تھی، جنھیں نظرِ حقارت سے دیکھا جاتا تھا حضور ﷺ اُن کے ساتھ لطف و کرم فرما کر اُن کی حوصلہ افزائی فرمایا کرتے تھے۔
- ”عبداللہ“ نامی ایک عاشقِ رسول کا طریقۂ کار یہ تھا کہ جب بھی بارگاہِ رسالت میں حاضری دیتے، ایک کُپّی گھی یا شہد قرض لا کر حضور ﷺ کی بارگاہ میں پیش کر دیتے۔ جب اُس کُپّی کا مالک قیمت طلب کرتا تو وہ عاشق حضور ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کرتے: حضور! جو شہد میں نے پیش کیا تھا، یہ اُس کا مالک ہے، یہ قیمت کا مطالبہ کر رہا ہے۔ حضور! قیمت بھی آپ ہی ادا فرما دیجیے! آقائے کریم ﷺ اپنے غلام کی اِس ظرافت پر ناراضگی کا اظہار نہ فرماتے؛ بلکہ مسکرا کر اُس کی دل جوئی فرماتے اور حکم دیتے کہ قیمت ادا کر دی جائے۔[2]
- حضور ﷺ کو اللہ ربُّ العزت نے وہ رُعب و دبدبہ عطا فرمایا تھا کہ جو شخص بھی سامنے آتا وہ شدتِ خوف سے لرزنے لگتا۔ اس لیے اگر حضور ﷺ صحابۂ کرام سے خوش طبعی کا مظاہرہ نہ فرماتے تو لوگ خوف کے مارے آپ کے قریب آنے کی بھی جرأت نہ کر پاتے۔

---

[1] ملخصاً از ضیاء النبی، ج ۵،ص: ۳۵۴

[2] ضیاء النبی، ج: ۵،ص: ۳۵۵

## چھٹی فصل — گوشۂ اہلِ بیتِ اَطہار علیٰ نبینا وعلیہم الصلاۃ والسلام — تفہیم

**سوال:** ”حضرتِ سیدنا امام حسنِ مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کی سیرتِ پاک“ کے چند گوشے اُجاگر کریں!

**جواب:** حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت سیدتنا فاطمہ زہرا اور حضرتِ علی شیرِ خدا رضی اللہ عنہما کے بڑے صاحب زادے اور حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے بڑے بھائی ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ کی پیدائش رمضان المبارک ۳رہجری میں ہوئی۔ آپ کی پیدائش کے بعد حضرت سیدنا جبریلِ امین نے حضور ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا:

- **یا رسول اللہ!** اِس شہزادے کی پیدائش پر اللہ عزوجل نے آپ کو مبارک بادی بھیجی ہے اور وہ فرماتا ہے کہ اِس کا نام حضرت ہارون علیہ السلام کے بیٹے ”شبر“ کے نام پر رکھیے! چوں کہ شبر کا معنیٰ ”حسن“ ہے، اِس لیے حضور ﷺ نے اِن کا نام ”حسن“ رکھا، ساتویں دن عقیقہ کیا، بال منڈوائے اور بالوں کے وزن کے برابر چاندی صدقہ کرنے کا حکم دیا۔
- آپ رضی اللہ عنہ شکل وصورت میں اپنے نانا جان حضور رحمتِ عالم ﷺ سے ”سر سے لے کر سینے تک“ مشابہ تھے۔ آپ کے فضائل ومناقب سے حدیث کی کتابیں بھری پڑی ہیں۔[1]

**سوال:** حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فضائل پر ”کوئی ایک حدیث“ بیان فرمائیں!

**جواب:** حضرت سیدنا صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

- میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ منبر پر رونق افروز ہیں اور حضرتِ حسن رضی اللہ عنہ آپ کے پہلو میں ہیں۔ حضور ﷺ کبھی صحابہ کو دیکھتے کبھی حضرتِ حسن کو، پھر آپ ﷺ نے فرمایا: میرا یہ بیٹا سردار ہے، امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اِس کے ذریعے مسلمانوں کے دو گروہوں کے درمیان مصالحت کرادے گا۔[2]

**سوال:** حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ”چند نمایاں خوبیاں“ بیان فرمائیں!

**جواب:** آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ربِّ ذوالجلال نے بے شمار اوصاف وکمالات سے نوازا تھا، چند اوصاف ملاحظہ فرمائیں!

- آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اعلیٰ قسم کے اونٹ ہونے کے باوجود بغیر سواری کے پاپیادہ ۲۵ رحج ادا فرمائے۔
- آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سخاوت میں بے مثال تھے، بسا اوقات ایک ایک شخص کو ایک ایک لاکھ درہم عطا فرمادیا کرتے تھے۔

---

[1] ملخصاً از خطباتِ محرم، ص: ۲۴۶-۲۴۷، فقیہ ملت حضرت مفتی جلال الدین صاحب علیہ الرحمہ

[2] الصحیح للامام البخاری، ج:۱، ص: ۵۳۰

- آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بڑے بردبار اور حلیم الطبع تھے، اپنی برائی سن کر خاموش رہتے؛ لیکن غلط بات دیکھنے پر فوراً تنبیہ فرماتے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پانچویں خلیفۂ راشد ہیں۔

**سوال:** آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ''شہادت'' کیسے واقع ہوئی؟

**جواب:** بیان کیا جاتا ہے کہ دشمنوں نے آپ کو پانچ بار زہرِ ہلاہل دیا؛ مگر ہر بار اُس کا اثر زائل ہو گیا۔ چھٹی بار ہیرے کی کنی پیسی ہوئی، آپ کی صُراحی میں ڈالی گئی، جس کا پانی پیتے ہی ایسا معلوم ہوا کہ حلق سے ناف تک پھٹ گیا ہے اور دل ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ مرغِ بسمل کی طرح تڑپنے لگے، دست و قے کے ذریعے جگر اور انتڑیوں کے ٹکڑے کٹ کر گرنے لگے۔

- اِس حادثے کے بعد، ۴۵/سال چھ ماہ چند روز کی عمر میں، مدینۂ منورہ میں، ۵/ربیع الاول ۴۹/ہجری میں آپ نے وفات پائی اور جنت البقیع میں اپنی والدۂ محترمہ حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پہلو میں دفن ہوئے۔[۱] انا للہ وانا الیہ راجعون

## ساتویں فصل — اَسمآءُ النَّبِیِّ ﷺ — تحفیظ

**سوال:** ''اسماء النبی'' ﷺ سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** ''اسماء النبی'' سے مراد حضور رحمتِ عالم ﷺ کے وہ مقدس نام ہیں جو آپ ﷺ کی عظمت وشان اور لاتعداد اوصاف وکمالات پر دلالت کرتے ہیں۔

**سوال:** حضور ﷺ کے مقدّس ومعطّر ناموں کی ''تعداد'' کتنی ہے؟

**جواب:** قرآنِ کریم اور احادیثِ نبویہ میں، مختلف مقامات پر آپ ﷺ کے نام، چمکتے موتیوں کے مانند بکھرے پڑے ہیں۔ اُن کی تعداد کے سلسلے میں علما کے مابین اِختلاف ہے۔ امام قسطلانی نے فرمایا: اسماء النبی کی تعداد ''۳۳۷'' ہے۔[۲]
امام سیوطی نے فرمایا: حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے نام ''۳۴۰'' ہیں۔[۳]

---

[۱] ملخصاً از خطباتِ محرم۔ ص: ۲۵۲۔ ۲۵۳ [۲] المواہب اللدنیہ، ج: ۲، ص: ۱۱
[۳] الریاض الانیقہ، ص: ۳۵۹

جب کہ امام ابن فارس نے "١٢٠٠" نام بتائے ہیں۔[1]

- مگر اِس پر سب کا اتفاق ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ذاتی نام صرف دو ہیں [١] **محمد** [٢] **احمد**۔ باقی نام وصفی ہیں جو کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نمایاں اوصاف پر دلالت کرتے ہیں۔

## اَسْمَاءُ النَّبِیِّ ﷺ مَعَ تَرْجَمَہ

| | | |
|---|---|---|
| مُحَمَّدٌ ﷺ [مخلوق میں ہر وقت سَراہے ہوئے] | اَحْمَدُ ﷺ [اللہ عزوجل کی سب سے زیادہ حمد کرنے والے] | حَامِدٌ ﷺ [اللہ تعالیٰ کی شایانِ شان حمد وثنا کرنے والے] |
| مَحْمُوْدٌ ﷺ [حمد والے۔ تعریف کیے ہوئے] | قَاسِمٌ ﷺ [تقسیم کرنے والے] | عَاقِبٌ ﷺ [بعد میں آنے والے] |
| فَاتِحٌ ﷺ [کھولنے والے] | شَاهِدٌ ﷺ [مشاہدہ کرنے والے] | حَاشِرٌ ﷺ [لوگوں کو جمع کرنے والے] |
| رَشِیْدٌ ﷺ [ثابت قدم، ہدایت دینے والے] | مَشْهُوْدٌ ﷺ [جن کی گواہی دی جائے] | بَشِیْرٌ ﷺ [خوش خبری سنانے والے] |
| نَذِیْرٌ ﷺ [ڈر سنانے والے] | دَاعٍ ﷺ [حق کی جانب بلانے والے] | شَافٍ ﷺ [شفا دینے والے] |
| هَادٍ ﷺ [ہدایت دینے والے] | مَهْدِیٌّ ﷺ [ہدایت یافتہ] | مَاحٍ ﷺ [کفر وشرک کو مٹانے والے] |
| مُنْجٍ ﷺ [نجات دینے والے] | نَاهٍ ﷺ [روکنے والے] | رَسُوْلٌ ﷺ [پیغام بَر] |
| نَبِیٌّ ﷺ [غیب کی خبریں بتانے والے] | اُمِّیٌّ ﷺ [دنیوی ذریعۂ علم سے نہ پڑھنے والے] | تِهَامِیٌّ ﷺ [تہامہ کے رہنے والے] |
| هَاشِمِیٌّ ﷺ [خاندانِ ہاشم سے تعلق رکھنے والے] | اَبْطَحِیٌّ ﷺ [وادیٔ ابطح، مکہ کے رہنے والے] | عَزِیْزٌ ﷺ [جن پر امت کی مشقت گراں ہو] |
| حٰمٓ ﷺ [یہ اسمِ پاک حروفِ مقطعات سے ہے] | مُصْطَفٰی ﷺ [چُنے ہوئے] | یٰسٓ ﷺ [یہ اسمِ پاک حروفِ مقطعات سے ہے] |
| اَوْلٰی ﷺ [مومنوں سے سب سے زیادہ قریب] | مُزَّمِّلٌ ﷺ [چادر لپیٹنے والے] | وَلِیٌّ ﷺ [مددگار۔ سرپرست۔ متولی] |
| مُدَّثِّرٌ ﷺ [کمبل اوڑھنے والے] | مَتِیْنٌ ﷺ [نہایت مضبوط جسم والے] | مُصَدِّقٌ ﷺ [تصدیق کرنے والے] |
| طَیِّبٌ ﷺ [پاک وعمدہ] | نَاصِرٌ ﷺ [معین ومددگار] | مَنْصُوْرٌ ﷺ [مدد یافتہ] |
| مِصْبَاحٌ ﷺ [ہدایت کے چراغ] | اٰمِرٌ ﷺ [نیکی کا حکم دینے والے] | حِجَازِیٌّ ﷺ [حجازِ مقدس سے تعلق رکھنے والے] |

[1] نسیم الریاض، ج: ٣، ص: ٢٤١

# ساتواں سبق

## پہلی فصل — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** ''مولوی رشید احمد گنگوہی'' اور ''مولوی خلیل احمد انبیٹھوی'' نے حضور ﷺ کی شانِ اقدس میں کیا ''گستاخی'' کی؟

**جواب:** ''مولوی خلیل احمد انبیٹھوی'' نے اپنے استاذ و شیخ ''مولوی رشید احمد گنگوہی'' کے حکم سے ''براہین قاطعہ'' نامی ایک کتاب لکھی۔ اِس منحوس کتاب میں آقائے دوجہاں ﷺ کے عظیم الشان علم کے حوالے سے یہ بکواس کی:

**گستاخی:** الحاصل غور کرنا چاہیے کہ شیطان اور مَلَکُ الموت کا حال دیکھ کر علم محیطِ زمین کا فخرِ عالَم [ ﷺ ] کو [کے لیے] بلا دلیل، محض قیاسِ فاسدہ سے ثابت کرنا شرک نہیں تو کون سا ایمان کا حصہ ہے، کہ شیطان و مَلَک الموت کو یہ وسعتِ علم نص [قرآن کی آیت] سے ثابت ہوئی۔ فخرِ عالَم کی وسعتِ علم کی کون سی نصِّ قطعی ہے کہ جس سے تمام نصوص کو رد کر کے ایک شرک ثابت کرتا ہے۔[۱]

- اِس ایمان سوز اور گستاخانہ عبارت کے ذریعے یہ ثابت کرنے کی ناپاک کوشش کی گئی ہے کہ حضور ﷺ کا علم **معاذ اللہ** شیطان اور مَلَکُ الموت کے علم سے کم ہے؛ کیوں کہ پوری روئے زمین کا علم شیطان اور ملک الموت کو حاصل ہے، مگر حضور ﷺ کو حاصل نہیں۔ اِس قائل نے جہالت کی حد پار کرتے ہوئے یہاں تک لکھ مارا کہ شیطان و ملک الموت کا علم قرآنِ مقدس سے ثابت ہے، جب کہ حضور ﷺ کے علم کی وسعت قرآنِ مقدس کی کسی آیت سے ثابت نہیں۔ اِس قائل نے گستاخی کی تمام حدیں پھلانگتے ہوئے یہاں تک لکھ مارا کہ حضور ﷺ کے وسعتِ علم کو ماننا شرک ہے۔ **معاذ اللہ۔**
- ہر مسلمان اپنے ایمان کی آنکھوں سے دیکھے کہ اِن دونوں نے شیطانِ لَعین اور مَلَکُ الموت کے علم کو حضور ﷺ کے علم سے زائد بتایا، یا نہیں؟ ضرور زائد بتایا! اِن دونوں نے شیطانِ خبیث اور ملک الموت کو خدا کا شریک مانا یا نہیں مانا؟ ضرور مانا۔! کیا اب بھی کوئی مسلمان ''**خلیل احمد اور رشید احمد کے کافر ہونے میں شک کرے گا**''؟

**سوال:** مولوی ''اشرف علی تھانوی'' کی گستاخی بیان کریے!

**جواب:** مولوی اشرف علی تھانوی نے تو ایسی شدید گستاخی کی ہے کہ اُسے بیان کرنا تو درکنار کوئی بھی مومن اُسے سُن بھی نہیں سکتا۔ اِس لَعین نے شیطانِ خبیث کے اِلقا سے حضور ﷺ کے علمِ غیب کے بارے میں یہ بکواس کی:

---

[۱] براہینِ قاطعہ، بجواب انوارِ ساطعہ، مسئلۂ علمِ غیب، ص: ۵۵

**گستاخی:** آپ[ ﷺ ] کی ذاتِ مقدسہ پرعلمِ غیب کا حکم کیا جانا اگر بقولِ زید صحیح ہوتو دریافت طلب یہ اَمر ہے کہ اُس غیب سے مُراد بعض غیب ہے یا کُل غیب؟ اگر بعض علومِ غیبیہ مراد ہیں تو اِس میں حضور کی کیا تخصیص ہے؟ ایسا علمِ غیب تو زید وعمرو؛ بلکہ ہر صبی[ بچے ] ومجنون[ پاگل ]؛ بلکہ جمیع حیوانات[ تمام جانور ] و بہائم[ تمام چوپایوں ] کے لیے بھی حاصل ہے۔[1]

**مسلمانو!** غور کرو کہ اِس شخص نے ہمارے غیب داں آقا ﷺ کی شانِ اقدس میں کیسی کھلی گستاخی کی ہے۔ اِس گستاخ نے کہا کہ جیسا علم حضور ﷺ کو ہے ویسا علم تو ہر بچے، پاگل؛ بلکہ تمام جانوروں اور چوپایوں کے لیے بھی حاصل ہے۔ کیا ایمان رکھنے والے دِل ایسے شخص کے کافر ہونے میں شک کر سکتے ہیں؟

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** حج میں کتنی باتیں ''فرض'' ہیں؟

**جواب:** حجِّ بیت اللہ میں مندرجہ ذیل باتیں فرض ہیں، اِن کے بغیر حج نہیں ہوسکتا۔

[۱] احرام۔ [۲] نویں ذوالحجہ کے سورج ڈھلنے سے دسویں کی صبحِ صادق سے پہلے تک کسی وقت میں میدانِ عرفات میں ٹھہرنا۔ [۳] طوافِ زیارت [۴] نیت [۵] ترتیب یعنی پہلے احرام باندھنا، پھر وقوفِ عرفہ، پھر طوافِ زیارت کرنا۔ [۶] ہر فرض کا اپنے وقت پر ہونا [۷] مکان، یعنی میدانِ عرفات میں وقوف کرنا اور مسجدِ حرام شریف میں کعبہ کا طواف کرنا۔

**سوال:** حج میں کتنی باتیں ''واجب'' ہیں؟

**جواب:** حج کے واجبات ذَیل میں درج ہیں، اگر اِن میں سے کوئی واجب چھوٹ جائے تو ایک بکرے کی قربانی واجب ہوگی۔

- میقات سے احرام باندھ کر گزرنا۔
- صفا اور مروَہ کے درمیان سعی کرنا۔
- سعی کی ابتدا صفا سے کرنا۔
- عذر نہ ہو تو پیدل سعی کرنا اور سعی کا طواف کے بعد ہونا۔
- غروبِ آفتاب تک وقوفِ عرفہ کرنا۔
- وقوف میں رات کا کچھ حصہ بھی شامل کرنا۔
- مزدلفہ میں ٹھہرنا۔
- مغرب وعشا کی نمازیں مزدلفہ میں عشا کے وقت میں ایک ساتھ پڑھنا۔
- دسویں ذی الحجہ کو صرف جمرۂ عَقَبہ پر رمی کرنا۔ گیارہویں اور بارہویں کو تینوں جَمَرات پر رمی کرنا یعنی شیطان کو کنکریاں مارنا۔

---

[1] حفظ الایمان، جواب سوالِ سوم، ص: ۱۳

- پہلے دن جمرۂ عقبہ کی رمی کا حلق سے پہلے ہونا۔
- ہر روز کی رمی کا اُسی دن ہونا۔
- حلق [سر منڈانا] یا تقصیر [بال کتروانا]
- حلق یا تقصیر کا قربانی کے دنوں میں ہونا۔
- حلق یا تقصیر کا حرم شریف میں ہونا ۔
- حجِّ قران اور تمتع والے کو قربانی کرنا۔
- اُس قربانی کا حرم شریف میں قربانی کے دنوں میں ہونا۔
- طوافِ زیارت کے اکثر حصے کا قربانی کے دنوں میں ہونا۔
- طواف کا حطیم کے باہر سے ہونا۔
- دائیں جانب سے طواف شروع کرنا۔
- اگر عذر نہ ہو تو پاؤں سے چل کر طواف کرنا۔
- پاک اور باوضو ہو کر طواف کرنا۔
- طواف کے دوران ستر کا چھپا ہوا ہونا۔
- طواف کے بعد دو رکعت نماز پڑھنا۔
- کنکریاں مارنے، قربانی کرنے اور سر منڈانے میں ترتیب کا خیال رکھنا یعنی پہلے کنکریاں مارے، پھر قربانی کرے، پھر سر منڈائے۔
- طوافِ رخصت کرنا۔ یہ طواف میقات سے باہر رہنے والوں پر واجب ہے۔ اِسی کو طوافِ صدر یا طوافِ وِداع کہتے ہیں۔
- وقوفِ عرفہ سے سر منڈانے تک جماع نہ کرنا۔
- حالتِ احرام میں جن چیزوں سے منع کیا گیا ہے اُن سے بچنا۔

**سوال:** حج کرنے والا اگر بھول کر واجب چھوڑ دے تو کیا تب بھی دم لازم آئے گا؟

**جواب:** جی ہاں! واجب کے ترک سے بہر حال دَم لازم آئے گا۔ قصداً ترک کرے یا سہواً۔ وہ شخص اُس کا واجب ہونا جانتا ہو یا نہیں۔ ہاں اگر جان بوجھ کر ترک کرے گا تو گنہگار ہوگا؛ مگر واجب کے ترک سے حج باطل نہیں ہوگا۔[۱]

## تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب — تفہیم

**سوال:** دنیا کے فتنوں میں "سب سے بڑا فتنہ" کیا ہے؟

**جواب:** دنیا کے فتنوں کی بے شمار وسیع و عریض شاخیں ہیں، اُن میں سب سے بڑا فتنہ "مال کا فتنہ" ہے۔ مال کی فراوانی سے بڑا خطرہ اور اِس سے بڑا فتنہ کوئی نہیں۔ آج دنیا میں جس قدر بھی قتل و غارَت گری، خون ریزی، بے حیائی و فحاشی اور معصوم عزتوں کی نیلامی ہو رہی ہے اُن سب کی پشت پناہی "دولت کی کثرت" ہی کر رہی ہے۔ آج کے دور میں کوئی بھی ناجائز کام ایسا نہیں جو پیسے کے بل بوتے پر نہ کرایا جاسکتا ہو۔ اِسی خطرے کے پیشِ نظر آج سے چودہ صدیوں پہلے ہمارے غیب داں نبی حضور رحمتِ عالم ﷺ نے فرما دیا تھا۔

---

[۱] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ ششم، حج کا بیان

- ہر امت کے لیے ایک فتنہ و آزمائش ہے، میری امت کے لیے فتنہ [ آزمائش کا سامان ] مال ہے۔[1]

**سوال:** مال کی محبت کے ”نقصانات“ کیا ہیں؟ بیان کریں!

**جواب:** مال و دولت کے بے شمار نقصانات میں سے چند یہ ہیں:

- مال و دولت کی فراوانی سے ”آوارگی، عیاشی اور سود خوری“ کو عملی جامہ پہنایا جاتا ہے۔
- مال و دولت کی کثرت سے ”زناکاری، سینمابینی اور جوابازی“ کو فروغ دیا جاتا ہے۔
- دولت و ثروت کی طاقت سے لوگوں پر ”ظلم و ستم“ کیا جاتا ہے اور اُنھیں ”حقارت بھری نظروں“ سے دیکھا جاتا ہے۔ دولت و ثروت کی زیادتی کے سبب ”دین کی طے کردہ حدوں“ سے تجاوز کیا جاتا ہے۔
- مال و دولت ہی کے سبب ”فرائض و واجبات“ سے غفلت اور لوگوں کی ”حق تلفی“ کی جاتی ہے۔

محتاجی اور ناداری کی حالت میں اِن برائیوں کا چوتھائی حصہ؛ بلکہ عُشرِ عَشیر [ دسواں حصہ ] بھی نہیں پایا جاتا۔ اِس لیے حضور جانِ عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- بخدا مجھے تمھارے اوپر فقر و فاقہ کا خوف نہیں؛ بلکہ اِس بات کا خوف ہے کہ تم پر دنیا کشادہ ہو جائے جیسا کہ تم سے پہلی امتوں پر ہو چکی ہے، پھر تمھارا اس میں دل لگنے لگے جیسا کہ ان کا لگنے لگا تھا، پھر یہ چیز تمھیں بھی ہلاک کر دے جیسا کہ پہلی امتوں کو ہلاک کر چکی ہے۔[2]

**سوال:** تو کیا مال و دولت جمع کرنا ”باعثِ نقصان اور عیب کی بات“ ہے؟

**جواب:** مال کے اگرچہ زہریلے اثرات ہیں؛ لیکن اِس کا مطلب ہر گز یہ نہیں کہ وہ فی ذاتہ ”ناپاک یا عیب کی چیز“ ہے۔ اگر مال کے بہت سے نقصانات ہیں تو اِس کے بے شمار فائدے بھی ہیں۔ چند فائدے ملاحظہ فرمائیں!

- مال کی فراوانی سے مومن ”حج اور زکاۃ“ جیسی عبادتیں اور بہت سے دینی کا سرانجام دے سکتا ہے۔
- فقرا، مساکین اور محتاجوں پر صدقہ کر کے اُن کی نیک دعائیں حاصل کر سکتا ہے۔
- احباب، اقارب اور پڑوسیوں پر خرچ کر کے اُن سے خوش گوار تعلقات قائم رکھ سکتا ہے۔
- مدارسِ اسلامیہ اور طالبانِ علومِ نبویہ کی مالی امداد کر کے رب تعالیٰ کی رضا حاصل کر سکتا ہے۔

اس لیے ہمیں ”جائز طریقوں سے دولت جمع کر کے نیک کاموں میں صرف کرنے کی کوشش کرنی چاہیے“! ۔ اللہ توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

---

[1] الجامع للامام الترمذی، کتاب الزہد، رقم الحدیث: ۲۵۰۷

[2] الصحیح للامام البخاری، کتاب الرقاق، باب مایحذر من زہرۃ الدنیا والتنافس فیھا، رقم الحدیث: ۶۴۲۴

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم — تفہیم

**سوال:** حضرت عبداللہ بن عتیک کو بارگاہِ رسالت سے کیا "تحفہ" مِلا؟

**جواب:** جب آپ رضی اللہ عنہ بارگاہِ رسالت میں پہنچے اور "ابورافع یہودی" کو ہلاک کرنے کی خوش خبری سنائی اور ساتھ ہی یہ بھی بتایا کہ اِس کام کو انجام دینے میں اُن کے پیر کی ہڈی ٹوٹ گئی ہے تو کائنات کے طبیب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

- اے عبداللہ! اپنا ٹوٹا ہوا پیر پھیلاؤ!

اُنھوں نے پاؤں پھیلایا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس پر اپنا دستِ شفا پھیر دیا، ہاتھ لگتے ہی ٹوٹی ہوئی ہڈی جڑ گئی اور اُن کا پیر بالکل صحیح وسالم ہو گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ڈھیروں دعاؤں سے نوازنے کے ساتھ اپنے غلام کا ٹوٹا ہوا پیر بھی درست فرما دیا۔[1] سبحان اللہ۔

اُن کے نثار! کوئی کیسے ہی رنج میں ہو — جب یاد آ گئے ہیں سب غم بھلا دیے ہیں

**سوال:** "غزوۂ خیبر" کس سن میں پیش آیا؟

**جواب:** اِس بات پر تو تمام مؤرِّخین کا اتفاق ہے کہ "غزوۂ خیبر" محرم الحرام کے مہینے میں پیش آیا؛ مگر کس سن میں پیش آیا؟ اِس میں اختلاف ہے۔ بعض نے کہا کہ سن چھ ہجری میں پیش آیا جب کہ بعض نے سن سات ہجری کا دعویٰ کیا ہے۔[2]

**سوال:** "مقامِ خیبر" کا کچھ تعارف پیش فرمائیے!

**جواب:** "خیبر" ایک شہر ہے، جو مدینۂ منورہ سے تقریباً تین سو بیس کیلومیٹر کی دوری پر واقع ہے۔ عرب کے یہودیوں کا سب سے بڑا "ہیڈ کوارٹر" یہی تھا۔ یہ علاقہ بڑا زرخیز تھا، یہاں بڑی عمدہ قسم کی کھجوریں بہت بڑی تعداد میں پیدا ہوتی تھی۔ خیبر کے یہودی عرب میں سب سے زیادہ مال دار اور جنگ جو تھے۔ یہ لوگ اسلام کے بدترین دشمن تھے، اُنھیں اپنی طاقت وقوت پر بڑا ناز تھا۔ یہودیوں نے خیبر میں "آٹھ نہایت شان دار اور مضبوط قلعے" بنا رکھے تھے۔ دراصل اُنھی آٹھوں قلعوں کا مجموعہ "خیبر" کہلاتا تھا۔[3]

**سوال:** جنگِ خیبر کا "سبب" کیا تھا؟ روشنی ڈالیے!

**جواب:** یہودی دراصل مسلمانوں کے اَزَلی دشمن ہیں۔ مسلمانوں کے خلاف طرح طرح کی سازشیں کرنے کے بعد بھی اُن کے سینوں کی آگ ٹھنڈی نہیں ہوئی؛ بلکہ ہر محاذ پر شکست کا منہ دیکھنے کے بعد اُن کے سینوں میں دشمنی کی آگ اور زیادہ بھڑکنے لگی اور اُنھوں نے "مدینۂ منورہ" پر "غزوۂ خندق" سے بڑا حملہ کرنے کی تیاریاں زور وشور سے شروع کر دیں۔ اپنے اِس ناپاک منصوبے کی تکمیل کے لیے اُن خبیثوں نے عرب کے نہایت طاقت ور اور جنگ جو قبیلہ "غطفان" کو شامل کر لیا۔ اِن دونوں نے مِل کر مدینہ پر حملہ کر کے مسلمانوں کو تہس نہس کرنے کا پلان بنا لیا۔ اُن کی یہ خطرناک تیاریاں "جنگِ خیبر" کا پیش خیمہ ثابت ہوئیں۔

---

[1] الصحیح للامام البخاری، باب قتل ابی رافع، رقم الحدیث: ۴۰۳۹ [2] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۳۰۳
[3] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۳۰۳

سوال: یہودیوں کی تیاریوں کی اطلاع ملنے کے بعد ''حضور ﷺ نے کیا تدبیر اختیار فرمائی''؟
جواب: جب رسولِ خدا ﷺ کو اطلاع ملی کہ خیبر کے یہودی، قبیلۂ غطفان کی فوج کے ساتھ مل کر مدینۂ منورہ پر حملہ کرنے والے ہیں تو آپ ﷺ اُن کے حملے کو روکنے اور اُنھیں ذلت کا مزہ چکھانے کے لیے ''سولہ سو صحابۂ کرام کو لے کر خیبر کی جانب روانہ ہوئے''۔

## پانچویں فصل — رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اَخلاقِ حَسَنہ — تفہیم

سوال: آقائے کریم ﷺ کی ''شفقت و رحمت'' کس شان کی تھی؟ بیان فرمائیں!
جواب: اللہ ربُّ العزت نے اپنے محبوب دانائے غیوب ﷺ کو ساری کائنات کے لیے سراپا رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ اِسی لیے حضور رحمتِ عالم ﷺ نے خلقِ خدا پر انتہائی شفقت کا معاملہ فرمایا۔ اپنے تو خیر اپنے ہیں، غیروں کو بھی آپ ﷺ کی صفتِ رحمت سے حصہ وافر ملا ہے۔ آج دنیا میں جہاں کہیں بھی رحمت و شفقت کے جلوے نظر آرہے ہیں، یہ حضور اقدس ﷺ کی تعلیمات کا صدقہ اور آپ کے ارشادات کا فیض ہے۔ قرآنِ کریم کی بہت سی آیاتِ کریمہ میں حضور ﷺ کی اِس صفتِ جلیلہ کو بیان کیا گیا ہے۔ دو آیاتِ کریمہ ملاحظہ فرمائیں:

- عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْكُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ۔[1]

ترجمہ: [اے میرے بندو!] تمھارا مشقت میں مبتلا ہونا میرے محبوب پر گراں گزرتا ہے۔ وہ تمھاری بھلائی کے بہت زیادہ خواہش مند ہیں۔ مومنوں کے ساتھ بڑی مہربانی فرمانے والے اور ہمیشہ رحم کرنے والے ہیں۔

- وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ۔[2]

ترجمہ: اے محبوب! ہم نے آپ کو سارے جہانوں کے لیے سراپا رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

سوال: حضور ﷺ کی ''شانِ شفقت و رحمت'' پر کوئی واقعہ بیان فرمائیں!
جواب: مندرجہ ذیل واقعہ اگر ایک جانب خلقِ خدا پر حضور ﷺ کی شفقت و رحمت کو واضح کر رہا ہے تو دوسری جانب اُس انتہائی گہرے تعلُّق کو بھی اُجاگر کر رہا ہے جو حضور ﷺ کو اپنی پیاری امت سے ہے۔ ملاحظہ فرمائیں:

- ایک مرتبہ ایک دیہاتی حضور ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا: مجھے کوئی چیز دی جائے! حضور ﷺ نے اُسے دے کر دریافت کیا: ''میں نے تیرے ساتھ کوئی احسان کیا''؟ اُس نے کہا: نہ آپ نے میرے ساتھ کوئی احسان کیا اور نہ ہی کوئی قابلِ تعریف بات کی۔ اُس کے اِس گستاخانہ جملے کو سُن کر صحابۂ کرام اُس کا سر قلم کرنے کے لیے دوڑے؛ مگر حضور ﷺ نے اُنھیں روکتے ہوئے فرمایا:

---
[1] سورۂ توبہ، آیت نمبر: ۱۲۸ [2] سورۂ انبیا، آیت نمبر: ۱۰۷

- خبردار! کوئی آگے نہ بڑھے۔ اِس ارشاد کے بعد حضور ﷺ اُس بدّو کو لے کر کاشانۂ اقدس [گھر] پر تشریف لائے اور اُس کو اِتنا دیا کہ اُس کی جھولی بھر گئی۔ اب حضور ﷺ نے اُس سے دریافت کیا: کیا اب مَیں نے تیرے ساتھ کوئی احسان کیا؟ اُس نے کہا: ہاں! **یا رسول اللہ!** آپ نے بڑا احسان کیا، اللہ تعالیٰ آپ کو میرے اہل وعیال اور میرے قبیلے کی جانب سے جزائے خیر عطا فرمائے! یہ سن کر حضور رحمتِ عالم ﷺ نے فرمایا: تمھاری بات سے میرے صحابہ کو بڑا دُکھ پہنچا ہے، لہٰذا تم یہی بات اُن کے سامنے کہہ دو؛ تا کہ اُن کے دلوں سے خَلِش نکل جائے۔
- پھر حضور ﷺ نے اُسے اپنے صحابہ کے درمیان لا کر فرمایا: اِس نے کل جو بات کہی تھی تم نے سنی تھی؛ لیکن مَیں نے گھر لے جا کر اِسے اور دیا ہے اور اب یہ مجھ سے راضی ہو گیا ہے۔ پھر حضور ﷺ اُس سے مخاطب ہوئے: کیا میری بات درست ہے؟ اُس نے کہا: ہاں! **یا رسول اللہ! مَیں** راضی ہو گیا ہوں۔ **جَزَاكَ اللهُ مِنْ اَهْلٍ وَّ عَشِيْرَةٍ خَيْرًا۔ حضور!** جو آپ نے عطا فرمایا ہے، اُس سے میرے قبیلے کی محتاجی دور ہو جائے گی۔ اِس کے بعد حضور ﷺ نے امتی اور اپنی امت کی ایک مثال بیان فرمائی، مثال بیان کرنے کے بعد ارشاد فرمایا:
- کل اِس شخص کی گستاخانہ بات سُن کر تم اِسے قتل کرنے کے لیے دوڑے تھے، اگر مَیں درمیان میں رکاوٹ نہ بنتا اور تم اِسے قتل کر دیتے تو اِس کا ٹھکانہ جہنم ہوتا۔ میں نے حکیمانہ انداز سے اِسے بارگاہِ رسالت کی تعظیم بتائی، جس کے سبب یہ جہنم سے بچ کر رحمتِ الٰہی کا مستحق قرار پایا۔[1]

## چھٹی فصل — گوشۂ اہلِ بیتِ اَطہار علیٰ نبینا وعلیہم الصلاۃ والسلام — تفہیم

**سوال:** حضور سید الشہداء سرکارِ امامِ حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا "**مختصر تعارف**" پیش فرمائیں؟

**جواب:** حضرتِ امام حسین رضی اللہ عنہ کی ولادتِ مبارکہ ۵ رشعبان المعظم، سن ۴ ہجری کو مدینۂ منورہ میں ہوئی۔ سرکارِ دو عالم ﷺ نے آپ کے کان میں اذان دی، منہ میں لعابِ دہن ڈالا اور دعا فرمائی، پھر ساتویں دن آپ کا نام "حسین" رکھا اور عقیقہ کیا۔ آپ کی ولادتِ پاک کے حوالے سے حدیث کی کتابوں میں ایک بڑا ایمان افروز واقعہ مذکور ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ حضور ﷺ کی چچی اور حضرتِ عباس رضی اللہ عنہ کی اہلیہ محترمہ "**ام الفضل بنت الحارث**" رضی اللہ عنہا ایک مرتبہ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئیں:

- **یا رسول اللہ!** آج میں نے ایک ایسا خوف ناک خواب دیکھا ہے جس کو بیان کرنے کی مجھ میں جرأت نہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنا خواب بیان کرو! انھوں نے کہا: یا رسول اللہ! میں نے دیکھا کہ آپ

---

[1] ملخصاً از ضیاء النبی، ج:۵، ص:۳۵۷ تا ۳۵۹

کے جسمِ اقدس کا ایک ٹکڑا کاٹ کر میری گود میں رکھا گیا ہے۔ یہ سن کر آپ ﷺ نے فرمایا: تمھارا خواب بہت اچھا ہے، ان شاء اللہ میری بیٹی فاطمہ کے یہاں ایک بیٹا ہوگا اور وہ تمھاری گود میں دیا جائے گا۔

- چناں چہ ایسا ہی ہوا، حضرتِ امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ پیدا ہوئے اور اُن کی گود میں دیے گئے۔[1]

**سوال:** حضرت سرکارِ امام حسین رضی اللہ عنہ کے "فضائل" پر دو حدیثیں بیان فرمائیں!

**جواب:** آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فضائل و مناقب بہت سی حدیثوں میں بیان کیے گیے ہیں، دو روایتیں ملاحظہ فرمائیں! حضرتِ یعلیٰ بن مرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- حُسَيْنٌ مِنِّي وَاَنَا مِنَ الْحُسَيْنِ۔ اَحَبَّ اللّٰهُ مَنْ اَحَبَّ حُسَيْنًا۔ حُسَيْنٌ سِبْطٌ مِّنَ الْاَسْبَاطِ۔[2]

ترجمہ: حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں، اللہ عزوجل نے اُس سے محبت کی جس نے حسین سے محبت کی، حسین میرا عظیم نواسہ ہے۔

اِس حدیثِ پاک سے واضح ہوا کہ امام حسین رضی اللہ عنہ سے محبت حضور ﷺ سے محبت ہے، امامِ حسین رضی اللہ عنہ کا ذکر حضور ﷺ کا ذکر ہے، امامِ حسین رضی اللہ عنہ سے دوستی حضور ﷺ سے دوستی اور امامِ حسین رضی اللہ عنہ سے دشمنی حضور ﷺ سے دشمنی ہے۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور تاجدارِ کائنات ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- اَلْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ۔[3]

ترجمہ: بے شک حسن اور حسین جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں۔ سبحان اللہ۔

**سوال:** حضور سید الشہداء امامِ حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت "کب اور کیسے" ہوئی؟

**جواب:** بچپن ہی میں حضرتِ امامِ حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کی شہرت ہوگئی تھی۔ حضرتِ علی شیرِ خدا، حضرتِ سیدہ فاطمہ زہرا، صحابۂ کبار اور اہلِ بیتِ کرام کے جاں نثار سبھی لوگ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانۂ شیر خوارگی ہی میں جان گئے تھے کہ یہ شہزادہ ظلم و ستم کے ہاتھوں شہید کیا جائے گا اور اِس کا خون میدانِ کربلا میں نہایت بے دردی کے ساتھ بہایا جائے گا۔

- چناں چہ امامِ عالی مقام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے، دس محرم الحرام ٦١ رہجری کو، ٥٦ رسال، ٥ رماہ، ٥ ردن کی عمرِ مبارک میں، میدانِ کربلا میں، ناموسِ اسلام کے خاطر، یزیدی خبیثوں کے خلاف جہاد کرتے ہوئے، اپنے بھائیوں، بیٹوں، بھتیجوں، بھانجوں اور جاں نثاروں کے ساتھ، حالتِ سجدہ میں، جامِ شہادت نوش فرمایا۔ اناللہ وانا الیہ رٰجعون۔

اُس شہیدِ بلا شاہِ گلگوں قبا — بے کسِ دشتِ غربت پہ لاکھوں سلام

---

[1] مشکاۃ المصابیح، ص: ٥٧٢] [3] مشکاۃ المصابیح، ص: ٥٧٠]
[2] الجامع للامام الترمذی، باب مناقب الحسن والحسین، رقم الحدیث: ٤١٤٤]

ساتویں فصل — سورِ قرآنِ کریم — تحفیظ

سُوْرَۃُ الشَّمْسِ مَکِّیَّۃٌ وَهِیَ خَمْسَ عَشْرَۃَ اٰیَۃً

سورۂ شمس مکی ہے، اِس میں پندرہ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ۞ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ۞ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا ۞

ترجمہ: سورج کی قسم اور اُس کی روشنی کی ۞ اور چاند کی قسم جب وہ اُس کے پیچھے آئے ۞ اور دن کی قسم جب وہ سورج کو نمایاں کرے ۞

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰهَا ۞ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا ۞ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰهَا ۞

اور رات کی قسم جب وہ اُس کو چھپائے ۞ اور آسمان کی قسم اور جس نے اُس کو بنایا ۞ اور زمین کی قسم اور جس نے اُس کو پھیلایا ۞

وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ۞ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰهَا ۞

اور نفس کی قسم اور جس نے اُس کو درست بنایا ۞ پھر اُس نفس کو اُس کے بُرے کام اور اُس سے بچنے کا طریقہ سمجھا دیا ۞

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا ۞ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا ۞

جس نے اپنے نفس کو گناہوں سے پاک کرلیا وہ کامیاب ہوگیا ۞ اور جس نے اپنے نفس کو گناہوں سے آلودہ کرلیا وہ ناکام ہوگیا ۞

كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰىهَا ۞ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ۞

قومِ ثمود نے اپنی سرکشی کے سبب [اپنے رسول کو] جھٹلایا ۞ جب اُس قوم کا سب سے بدبخت اٹھا ۞

فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ۞

سو، اللہ کے رسول نے اُن سے کہا: اللہ کی اونٹنی اور اُس کے پینے کی باری کی حفاظت کرو ۞

فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۙ۬ فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ۞

انھوں نے اپنے رسول کو جھٹلایا اور اُس [اونٹنی] کی کونچیں کاٹ دیں تو ان کے رب نے اُن کے گناہ کی وجہ سے اُن کو ہلاک کر کے اُن کی بستی کو ہموار کردیا ۞

وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۞

اور اُن سے انتقام لینے میں اُسے کوئی خوف نہیں ہے ۞

# آٹھواں سبق

## پہلی فصل — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** ''رافضی فرقے'' یعنی شیعوں کے باطل عقائد و نظریات پر روشنی ڈالیے۔

**جواب:** رافضیوں کے باطل عقائد و نظریات بے شمار ہیں۔ جسے تفصیل درکار ہو وہ حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی بے نظیر کتاب ''تحفۂ اثنا عشریہ'' کا مطالعہ کرے۔ یہ اپنے موضوع پر لاجواب کتاب ہے۔ حضرت نے رافضیوں کے باطل نظریات کے پرخچے اُڑا دیے ہیں۔ اِن کے چند خبیث عقائد یہ ہیں:

- یہ لوگ صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی شانِ اقدس میں بڑی شدید گستاخیاں کرتے ہیں۔ اُن حضرات پر لعن طعن کرنا اِن کا عام شیوہ ہے۔ شیعوں کا عالم ملا باقر مجلسی اپنی کتاب ''حق الیقین'' میں لکھتا ہے:
  دوزخ کے سات دروازے ہیں، ایک دروزے سے داخل ہونے والے ''فرعون، ہامان اور قارون'' ہیں، یہ ''ابو بکر، عمر اور عثمان'' سے کنایہ ہے۔ اور دوسرے دروازے سے بنو امیہ داخل ہوں گے، جو اُن کے ساتھ مخصوص ہے۔[1] معاذ اللہ۔
- یہ لوگ چند صحابۂ کرام کو چھوڑ کر سب کو معاذ اللہ کافر قرار دیتے ہیں؛ چناں چہ اِن کی معتبر کتابوں میں دَرج ہے کہ
  ابو جعفر علیہ السلام بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے وصال کے بعد تین شخصوں کے سِوا سب مرتد ہو گئے تھے۔ راوی نے کہا: میں نے پوچھا: وہ تین کون ہیں؟ انھوں نے کہا: ''مقداد بن اسود، ابوذر غفاری اور سلمان فارسی''۔[2]
- یہ ناہنجار ''حضرت سیدنا ابو بکر، حضرت سیدنا عمر فاروقِ اعظم اور حضرت سیدنا عثمان غنی'' رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی خلافتِ راشدہ کو ''خلافتِ غاصبہ'' کہتے ہیں۔ جب اِن سے کہا جاتا ہے کہ حضرتِ علی شیرِ خدا رضی اللہ عنہ نے اِن تینوں کی تعریف و توصیف کی اور اِن کی خلافت کو تسلیم کیا تو تم کیوں نہیں مانتے؟ تو کہتے ہیں کہ

---

[1] حق الیقین، ص: ۵۰۰

[2] رجال الکشی، ص: ۱۲۔ احتجاج طبرسی ج: ۱، ص: ۱۱۳

حضرتِ علی رضی اللہ عنہ نے ایسا یا تو "بزدلی" کی وجہ سے کیا تھا یا "تَقِیَّہ" کی وجہ سے۔[1]

**تعجب ہے!** اِن کی عقل پر! حضرتِ علی کو "شیرِ خدا" بھی مانتے ہیں اور اُنھیں بزدلی کا طعنہ بھی دیتے ہیں۔ کیا منافقین ومشرکین کے ہاتھ پر بیعت کرنا اور عمر بھر اُن کی تعریف وتوصیف میں رطب اللسان رہنا "شیرِ خدا" کی شان ہوسکتی ہے؟ قرآنِ مقدس کی آیتوں نے تینوں خلفا کے قصیدے پڑھے، اُن کی عظمتیں بیان کیں، خود آقاے دو جہاں ﷺ نے اپنی مقدس زبان سے اپنے تینوں جاں نثاروں کی شانیں بیان فرمائیں اور یہ مردود اُنھیں "کافرو منافق" کہتے نہیں تھکتے۔ **لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔**

**اِنھیں شرم نہیں آتی!** خود مولاے کائنات علی شیرِ خدا نے اپنی بیٹی "حضرت ام کلثوم" کو برضا ورغبت [اپنی مرضی سے] حضرت فاروقِ اعظم کے نکاح میں دیا تھا؛ لیکن اُن سے محبت کا دَم بھرنے والے یہ جاہل شیعہ کہتے ہیں کہ انھوں نے ایسا تقیۃً کیا تھا۔ کیا کوئی مسلمان اپنی بیٹی کسی کافر کے نکاح میں دے سکتا ہے؟

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** حج کی "سنتیں" بیان فرمائیں!

**جواب:** جی! حج کی سنتیں ملاحظہ فرمائیں:

- طواف کا حجرِ اسود سے شروع کرنا۔
- طوافِ زیارت میں رَمَل کرنا۔
- سعی کے دوران دو سبز نشانوں کے درمیان دوڑنا۔
- آٹھویں ذوالحجہ کو فجر کے بعد مکہ سے روانہ ہونا؛ تاکہ ظہر سے نویں کی فجر تک کی پانچ نمازیں منٰی میں پڑھ لی جائیں۔
- نویں ذوالحجہ کی رات منٰی میں گزارنا۔
- سورج نکلنے کے بعد منٰی سے عرفات کی جانب روانہ ہونا۔
- وقوفِ عرفہ کے لیے غسل کرنا۔
- عرفات سے واپسی میں مزدلفہ میں رات گزارنا۔
- سورج نکلنے سے پہلے مزدلفہ سے منٰی کو چلا جانا۔
- گیارہویں اور بارہویں شب کو منٰی میں گزارنا۔

**سوال:** احرام کی حالت میں کون کون سی باتیں "حرام" ہیں۔

**جواب:** احرام کی حالت میں بہت سی باتیں حرام ہیں۔ جن حرام باتوں میں عوام عام طور پر مبتلا ہوجاتی ہے وہ یہ ہیں:

- کسی سے دنیوی جھگڑا کرنا۔
- اپنا یا دوسرے کا ناخن کترنا، یا دوسرے سے اپنا کتروانا۔
- سر سے پاؤں تک کہیں سے کوئی بال جدا کرنا۔
- کسی چیز سے منہ یا سَر چھپانا۔
- دستانے، موزے یا جوتے پہننا۔
- سِلا ہوا کپڑا پہننا۔
- خوش بو دار چیز مثلاً زعفران، جاوتری، لونگ، الائچی وغیرہ کھانا۔
- خوش بو لگانا۔
- زیتون یا تِل کا تیل بالوں میں یا بدن میں لگانا۔
- کسی کا سر مونڈنا، اگرچہ اُس کا احرام نہ ہو۔

---

[1] جلاء العیون، ج:۱، ص:۲۱۶

**سوال:** مرد اور عورت کے احرام میں ''کیا فرق ہے''؟

**جواب:** حالتِ احرام میں عورتوں کے لیے درج ذیل باتیں جائز ہیں۔

- عورت کے لیے سَر چھپانا جائز ہے؛ بلکہ نمازیں اور غیر محرم کے سامنے سر چھپانا فرض ہے۔
- اُس کے لیے دستانے، موزے اور سِلے ہوئے کپڑے پہننا جائز ہے۔
- وہ اتنی بلند آواز سے تلبیہ نہ پڑھے کہ غیر محرم تک آواز جائے۔[1]

**سوال:** جس سے حالتِ احرام میں ''کوئی جرم سرزد ہو جائے'' وہ کیا کرے؟

**جواب:** احرام والے شخص نے اگر بغیر کسی عذر کے جان بوجھ کر جرم کیا، مثلاً سِلا ہوا کپڑا پہنا، تو گنہگار بھی ہوگا اور اس پر کفارہ بھی لازم ہوگا۔ لہٰذا صرف کفارہ سے پاک نہ ہوگا جب تک توبہ نہ کرے۔ اور اگر بغیر قصد و ارادہ کے، یا کسی عذر کی وجہ سے، جرم واقع ہو گیا تو کفارہ کافی ہے۔

- یہ بھی خیال رہے کہ جرم میں کفارہ ہر حال میں لازم ہوتا ہے، یاد سے ہو یا بھول چوک سے۔ خوشی سے ہو یا مجبوراً۔ سوتے میں ہو یا بیداری میں۔ البتہ کس جرم میں کیا کفارہ لازم ہوگا، یہاں اِس کی تفصیل کی بالکل گنجائش نہیں۔ بہارِ شریعت کے چھٹے حصے میں ملاحظہ فرمالیں!

## تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب — تفہیم

**سوال:** ''جاہ و مرتبے اور شہرت'' کی خواہش کرنا کیسا ہے؟

**جواب:** ''جاہ و مرتبے'' کی خواہش اور مخلوق میں مشہور ہونے کی چاہت ''انتہائی مذموم صفت'' ہے، اِس نے نہ جانے کتنوں کو ہلاک کر دیا ہے۔ یہ خواہش جب کسی مومن پر غلبہ حاصل کر لیتی ہے تو اُس کی دین داری میں خَلَل واقع ہو جاتا ہے اور ایسا انسان تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔ یہ ایسی قبیح صفت ہے جس میں بڑے بڑے عبادت گزار علما اور آخرت کی منزل طے کرنے والے صوفیا بھی مبتلا کر دیے جاتے ہیں۔ وہ نفس کے فریب میں آ کر بسا اوقات یہ سمجھنے لگ جاتے ہیں کہ اگر وہ خواہشات سے بچ کر عبادات میں سخت مشقتیں برداشت کریں گے تو:

- لوگوں کی زبانوں پر اُن کی تعریف جاری ہوگی اور وہ اُنھیں عزت کی نگاہ سے دیکھیں گے۔
- اُن سے ملاقات اور اُن کی زیارت کو باعثِ خیر و برکت جانیں گے۔
- وہ اُنھیں جہاں دیکھیں گے خدمت کریں گے اور جھک جھک کر سلام پیش کریں گے۔
- اور اُن کے سامنے تواضع کرتے ہوئے خود کو چھوٹا اور حقیر ظاہر کریں گے۔

ایسے لوگ سمجھتے ہیں کہ اُن کی زندگی اللہ تعالیٰ کی مرضی کے مطابق گزر رہی ہے اور اُنھیں قربِ الٰہی حاصل

---

[1] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ ششم، احرام کا بیان

ہو رہا ہے؛ حالاں کہ اُن کی عبادتیں اور نیکیاں ضائع ہو جاتی ہیں اور اُن کا نام منافقوں کی فہرست میں لکھ دیا جاتا ہے۔[۱]

**سوال:** اِس ہلاکت خیز مذموم صفت کی ''**مذمت**'' پر ایک آیتِ کریمہ اور ایک حدیثِ پاک پیش کریں!

**جواب:** جاہ و مرتبے کی چاہت کی مذمت کرتے ہوئے ہمارے رحیم و کریم رب اللہ عزوجل نے فرمایا:

- مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ۔ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبَاطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۔[۲]

ترجمہ: جو لوگ دنیا کی زندگی اور اُس کی زینت چاہتے ہیں ہم اُنھیں اُن کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیں گے اور اُن کے لیے اُس میں کمی نہیں کی جائے گی۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے لیے آخرت میں جہنم کے سوا کچھ بھی نہیں۔ انھوں نے جو کچھ بنایا وہ ضائع ہو گیا اور اُن کے اعمال بھی برباد ہو گئے۔

ہمارے پیارے آقا حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

- دو درندے بھیڑیے جو بکری کے ریوڑ پر چھوڑے جائیں وہ اُتنی جلدی اُس ریوڑ کو خراب نہیں کرتے جتنی جلدی مرتبے اور مال کی محبت مسلمان کے دین کو خراب کرتی ہے۔[۳]
- الحاصل یہ کہ جاہ و حشم کی محبت اور مخلوقِ خدا میں مشہور ہونے کی چاہت انسان کو ''**منافقت، ریاکاری، کذب بیانی، فریب کاری، قتل و غارت گری اور بغض و حسد**'' جیسی روحانی بیماریوں میں مبتلا کر کے دنیا و آخرت میں ذلیل و رسوا کر دیتی ہے۔ اِس لیے ہمیں جاہ و مرتبے کی خواہش اور نفس کی پُر فریب چالوں سے اللہ کی پناہ مانگنی چاہیے!

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم — تفہیم

**سوال:** جب یہودیوں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کی اطلاع ملی تو اُنھوں نے ''**کیا تیاریاں**'' کیں؟

**جواب:** سب سے پہلے اُنھوں نے اپنی عورتوں اور بچوں کو ایک مضبوط قلعے میں محفوظ کیا، پھر کھانے اور پینے کے سامان ''**ناعم**'' نامی قلعہ میں جمع کیے، اُس کے بعد اپنے بیس ہزار کے لشکرِ جرار کو کئی قلعوں میں اکٹھا کر کے آمادۂ جنگ ہوئے۔ اُن کا سب سے مضبوط قلعہ ''**قموص**'' تھا۔ ایک ہزار سپاہیوں کے برابر مانا جانے والا ''**یہودی پہلوان مرحب**'' اِسی قلعے کا سردار تھا۔[۴]

**سوال:** ''**جنگ کا آغاز**'' کیسے ہوا؟

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے غلاموں نے سب سے پہلے ''**قلعۂ ناعم**'' پر حملہ کیا اور یہاں کے یہودیوں سے خوب جم کر

---

[۱] ملخصاً از احیاء العلوم، ج: ۳، ص: ۶۱۶۔۶۱۷ [۲] سورۂ ہود، آیت نمبر: ۱۵۔۱۶ [۳] کنز العمال، ج: ۱۵، ص: ۲۲۰

[۴] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۳۰۵۔۳۰۶

لڑے۔ ''حضرتِ محمود بن مسلمہ'' نے بڑی بہادری کے ساتھ جنگ لڑی ؛ مگر ایک یہودی نے قلعہ کی چھت سے اُن کے سر پر ایک بڑا پتھر پھینک کر اُنھیں شہید کر دیا۔ اِس جنگ میں پچاس مسلمان زخمی ہوئے ؛ مگر بالآخر ''ناعم'' فتح ہو گیا۔ ناعم کے بعد دوسرے قلعے بھی آسانی کے ساتھ فتح ہوتے گئے اور جاں باز مجاہدینِ اسلام کے سامنے یہودیوں کی بزدل فوج ٹِک نہ سکی۔

**سوال:** خیبر کا سب سے مضبوط قلعہ ''قموص'' پر حملے کی کیفیت بیان کیجیے؟

**جواب:** ''قموص'' مضبوط اور بڑا قلعہ تھا، یہاں یہودیوں کی فوجیں بھی بہت زیادہ تھیں اور یہودیوں کا سب سے بڑا پہلوان ''مَرْحَبْ'' بذاتِ خود اِس قلعہ کی حفاظت کر رہا تھا۔ اِن اسباب کی بِنا پر ''قموص'' کو فتح کرنا آسان کام نہ تھا۔ اِسے فتح کرنے کے لیے حضور ﷺ نے سب سے پہلے ''حضرت سیدنا صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کی قیادت میں'' لشکر بھیجا، یہ حضرات بڑی جاں بازی اور دلیری کے ساتھ لڑتے رہے ؛ مگر یہودیوں نے قلعے کی دیواروں سے ایسی تیراندازی اور سنگ باری کی کہ مسلمان قلعہ تک نہیں پہنچ سکے اور رات ہو گئی۔

- دوسرے دن آقائے دوعالَم ﷺ نے ''حضرت عمر فاروقِ اعظم کی قیادت میں'' لشکر بھیجا، اِن حضرات نے بھی بڑی شجاعت و گرم جوشی کے ساتھ حملہ کیا ؛ مگر رات تک قلعہ فتح نہیں ہو سکا۔ قلعہ بھلا کیسے فتح ہوتا؟ ''فاتحِ خیبر'' ہونا تو ''کسی اور'' کا مقدّر تھا۔ چناں چہ حضور ﷺ نے فرمایا:
- کل مَیں اُس شخص کو جھنڈا دوں گا جس کے ذریعے اللہ ربُّ العزت ہمیں فتح سے سرفراز فرمائے گا۔ وہ شخص اللہ و رسول سے محبت کرتا ہے اور اللہ و رسول بھی اُس سے محبت کرتے ہیں۔ (عزوجل و ﷺ) [1]

**سوال:** ''فاتحِ خیبر'' ہونے کی عظیم الشان دولت ''کس خوش نصیب'' کے حصے میں آئی۔

**جواب:** یہ دولتِ گراں مایہ ''حضرت علی شیرِ خدا'' رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حصے میں آئی۔ چناں چہ صبح کو حضور ﷺ نے فرمایا: علی کہاں ہیں؟ لوگوں نے کہا: حضور! علی کو آشوبِ چشم لاحق ہو گیا ہے۔ آپ نے فرمایا: اُنھیں بلایا جائے۔ علی آئے تو حضور ﷺ نے اُن کی دکھتی آنکھوں میں اپنا ''لعابِ دہن'' ڈال دیا۔ لعابِ دہن لگتے ہی اُن کی آنکھیں ایسی صحیح ہو گئیں گویا کہ اُنھیں کوئی تکلیف ہی نہ تھی۔ پھر آپ ﷺ نے انھیں اپنا ''عَلَمِ نَبَوِیْ'' عطا فرما کر دعاؤں سے نوازا اور یہ تنبیہ فرمائی:

- تم سکون و اطمینان کے ساتھ جا کر یہودیوں کو اسلام کی دعوت دو اور اُنھیں اِسلامی حقوق سے آگاہ کرو! خدا کی قسم! تمھاری کوشش سے اگر ایک شخص بھی مسلمان ہو گیا تو یہ تمھارے لیے ''سُرخ اونٹوں'' سے بہتر ہے۔ [2]

---

[1] الصحیح للامام البخاری، ج: ۲، ص: ۶۰۵
[2] الصحیح للامام البخاری، ج: ۲، ص: ۶۰۵۔ ملخصاً

# پانچویں فصل — رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اَخلاقِ حَسَنہ — تفہیم

**سوال:** کیا ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم صرف ''انسانوں'' پر رحمت وشفقت فرماتے ہیں؟

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ شفقت ورحمت صرف اپنوں تک محدود نہیں؛ بلکہ غیروں پر بھی آپ کا ابرِ رحمت جھما جھم برستا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چشمۂ رحمت سے صرف انسان ہی سیراب نہیں ہوتے؛ بلکہ اُس سے پرندے اور دیگر حیوان بھی خوب خوب فیض یاب ہوتے ہیں۔ دو واقعات ملاحظہ فرمائیں:

حضرت سیدنا عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں:

- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مقام پر قیام فرمایا۔ وہاں ایک چڑیا کا گھونسلا تھا۔ کسی شخص نے اُس گھونسلے سے اُس کے انڈے اُٹھالیے۔ وہ چڑیا اپنی فریاد لے کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سرِ اقدس پر چکر لگانے لگی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے غلاموں سے پوچھا: کس نے اِس کے انڈے اٹھا کر اِسے تکلیف پہنچائی ہے؟ ایک صحابی نے عرض کی: **یا رسول اللہ!** اِس کے انڈے مَیں نے اُٹھائے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جاؤ اور اِس کے انڈے اِس کے گھونسلے میں رکھ دو۔[1]

حضرت عبد اللہ بن ابو بکر بن حزم رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں:

- ایک بار حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ایک انصاری صحابی کے باغ میں تشریف لے گئے، وہاں ایک اونٹ کھڑا ہوا زور زور سے چلا رہا تھا، جب اُس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو ایک دَم بلبلانے لگا [اپنی زبان میں فریاد کرنے لگا] اور اُس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قریب جا کر اُس کے سَر اور کنپٹی پر اپنا دستِ شفقت پھیرا تو وہ سکون پا کر بالکل خاموش ہوگیا۔

پھر آپ نے لوگوں سے دریافت فرمایا کہ اِس اونٹ کا مالک کون ہے؟ لوگوں نے ایک انصاری کا نام بتایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فوراً اُس کو بلوا کر فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اِن جانوروں کو تمھارے قبضے میں دے کر اِن کو تمھارا محکوم بنا دیا ہے؛ لہٰذا تم پر اِن جانوروں پر رحم کرنا لازم وضروری ہے۔ اِس اونٹ نے مجھ سے تمھاری شکایت کی ہے کہ تم اِس کو بھوکا رکھتے ہو اور اِس کی طاقت سے زیادہ کام لے کر اِسے تکلیف پہنچاتے ہو۔[2]

- حدیث اور سیرت کی کتابوں میں اِس قسم کے سیکڑوں واقعات موجود ہیں جن سے نہ صرف یہ کہ حضور رحمتِ عالَم صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ شفقت ورحمت ثابت ہوتی ہے؛ بلکہ یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ
- تمام حیوانات حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو جانتے، پہچانتے اور مانتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نبی آخر الزماں اور خاتَمِ پیغمبراں ہیں۔
- جملہ حیوانات تسلیم کرتے ہیں کہ ہر طرف آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے امر ونہی کی حکمرانی اور اقتدار وتصرفات کی سلطانی قائم ہے۔

---

[1] ضیاء النبی، ج: ۵، ص: ۳۶۲

[2] السنن للامام ابی داؤد، باب مایؤمر بہ من القیام علی الدواب والبھائم، رقم الحدیث: ۲۵۵۰

- جملہ حیوانات و بہائم آپ ﷺ کے ہر فرمان کو اپنے لیے واجب الایمان اور لازم العمل سمجھتے ہیں۔
- جملہ چرند و پرند حضور ﷺ کے اعزاز و اکرام اور آپ ﷺ کی تعظیم و تکریم کو اپنے لیے سرمایۂ حیات تصور کرتے ہیں۔

**اے کاش!** اِس زمانے کے کلمہ پڑھنے والے مسلم نُما انسان بھی اِن بے زبان جانوروں سے رسولِ پاک صاحبِ لولاک ﷺ کے ادب واحترام کا درس لیتے اور دل وجان سے آپ ﷺ کی عظمت و شان پر قربان ہوتے۔

## چھٹی فصل — گوشۂ اہلِ بیتِ اَطہار علیٰ نبینا وعلیہم الصلاۃ والسلام — تفہیم

**سوال:** حضور ﷺ کی **''اَزواجِ مطہّرات''** [مقدس بیویوں] کا مقام ومرتبہ بیان فرمائیں!

**جواب:** حضور رحمتِ عالم ﷺ کی مبارک نسبت کی وجہ سے، اَزواجِ مطہرات کا مقام و مرتبہ بہت ہی بلند ہے۔ قرآنِ مقدس کی بہت سی آیتوں اور حضور ﷺ کی بے شمار حدیثوں میں اَزواجِ مطہرات کی عظمت و شان بیان کی گئی ہے۔

**سوال:** ازواجِ مطہرات کی **''عظمت وشان''** پر دو آیاتِ کریمہ پیش کریں!

**جواب:** خداوندِ قدوس نے اِن کی شان بیان کرتے ہوئے فرمایا:

- يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ[1]

ترجمہ: اے نبی کی بیویو! تم اور عورتوں کی طرح نہیں ہو، اگر اللہ عز وجل سے ڈرو!

اَزواجِ مطہرات بھی **''اہلِ بیتِ کرام میں داخل ہیں''** اور اہلِ بیت کی عظمت بیان کرتے ہوئے قرآنِ مجید نے اعلان کیا ہے:

- ترجمہ: اے نبی کے گھر والو! اللہ کا یہی ارادہ ہے کہ وہ تم سے ہر قسم کی گندگی دور فرما دے اور تمھیں مکمل طور پر پاک کردے۔[2]

**سوال:** کیا حضور ﷺ کی مقدس بیویاں امت کے لیے **''حقیقی ماں''** کی طرح ہیں؟

**جواب:** جی ہاں! ہمارے آقا ﷺ کی مقدس بیویاں ہمارے لیے حقیقی ماں کی طرح ہیں۔ اُن کی تعظیم و تکریم ہر امتی پر فرض ہے؛ بلکہ وہ مقدس بیویاں ہماری حقیقی ماؤں سے بڑھ کر لائقِ تعظیم اور واجب الاحترام ہیں۔ ہمارے رب نے ارشاد فرمایا:

- اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗۤ اُمَّهٰتُهُمْ[3]

ترجمہ: نبی، ایمان والوں کی جانوں کے، اُن سے زیادہ مالک ہیں اور نبی کی بیویاں مومنوں کی مقدس

---

[1] سورۂ احزاب، آیت نمبر: ۳۲ [2] سورۂ احزاب، آیت نمبر: ۳۳
[3] سورۂ احزاب، آیت نمبر: ۶

مائیں ہیں۔

سوال: ازواجِ مطہرات کی ''تعداد'' پر روشنی ڈالیے!

جواب: ازواجِ مطہرات کی تعداد ''گیارہ'' ہے۔[1]

سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ ظاہری میں کتنی ازواجِ مطہرات کا ''انتقال'' ہوگیا تھا؟

جواب: حضرت سیدتنا خدیجہ اور حضرت سیدتنا زینب بنت خُزیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا وصال حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ ظاہری میں ہوگیا تھا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفاتِ اقدس کے وقت نَو ازواجِ مطہرات موجود تھیں۔[2]

سوال: گیارہ مقدس ماؤں میں سے کتنوں کا ''تعلق خاندانِ قریش'' سے تھا؟

جواب: اُن مقدس ماؤں میں سے ''چھ کا تعلق'' خاندانِ قریش سے تھا، اُن چھ کے مقدس نام یہ ہیں:

- حضرت خُدَیجہ بنت خُوَیلد
- حضرت عائشہ بنتِ صدیقِ اکبر
- حضرت حفصہ بنتِ فاروقِ اعظم
- حضرت اُمِّ حبیبہ بنتِ ابوسفیان
- حضرت اُمِّ سلمہ بنت ابوامیہ
- حضرت سَودہ بنت زُمعہ۔

رضی اللہ عنہن اجمعین

سوال: باقی چار ازواجِ مطہرات کا تعلق ''کن قبیلوں'' سے تھا؟

جواب: باقی ازواجِ مطہرات میں سے چار کا تعلق ''عرب کے دوسرے قبیلوں'' سے تھا، وہ چار یہ ہیں:

- حضرت زینب بنت جَحْش۔ حضرت میمونہ بنت حارث۔ زینب بنت خزیمہ۔ اُمُّ المساکین جُوَیرِیہ۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہن اجمعین۔

اور ایک بیوی یعنی حضرت صفیہ بنت حی، ''عربی النسل نہیں تھیں''؛ بلکہ خاندانِ بنی اسرائیل کی ایک شریف النسل رئیس زادی تھیں۔[3]

## ساتویں فصل — عام دینی معلومات — تفہیم

سوال: ''سلسلۂ نقش بندیہ کا مختصر تعارف'' پیش کرتے ہوئے، اِس کے ''چند مشہور بزرگوں'' کے نام بتائیں!

جواب: سلسلۂ نقش بندیہ روحانیت کے مشہور سلسلوں میں سے ایک ہے، اِس سلسلے کے پیروکار ''نقش بندی'' کہلاتے ہیں۔
اِس سلسلے کے بانی ''حضرت شیخ بہاء الدین نقش بند'' رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ہیں، آپ کی وجہ سے اِس سلسلے کو قبولیتِ عام اور شہرتِ تام ملی، آپ رحمۃ اللہ علیہ کی بے پناہ جدوجہد کی وجہ سے یہ سلسلہ آپ کی جانب منسوب ہو کر ''سِلْسِلَۂ نَقْش بَنْدِیَہ'' کے نام سے مشہور ہوا۔ اِس روحانی سلسلے کے چند مشہور بزرگ یہ ہیں:

---

[1] سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۵۰۹ [2] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۵۰۹
[3] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۵۰۹

- حضرت سیدنا صدیقِ اکبر
- حضرت سیدنا سلمانِ فارسی
- حضرت امام قاسم بن محمد
- حضرت امام جعفر صادق
- حضرت خواجہ بایزید بسطامی
- حضرت خواجہ ابوالحسن خرقانی
- حضرت خواجہ ابو یوسف ہمدانی
- حضرت خواجہ بہاء الدین نقش بند بخاری۔ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔

**سوال:** ''ہندستان'' میں آرام فرما اِس سلسلے کے ''چند مشہور بزرگوں'' کے نام بتائیں!

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں:

- حضرتِ امام ربانی مجدد الف ثانی
- حضرت خواجہ محمد معصوم فاروقی
- حضرت خواجہ سیف الدین فاروقی
- حضرت خواجہ نور محمد بدایونی
- حضرت خواجہ محمد محسن دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔

**سوال:** ''سلسلۂ چشتیہ'' کا مختصر تعارف پیش کرتے ہوئے، اِس کے ''چند مشائخ کرام'' کے نام بیان کریں!

**جواب:** یہ سلسلہ، طریقت ومعرفت کے مشہور سلسلوں میں سے ایک ہے۔ اِس سلسلے کے بانی ''شیخ المشائخ حضرت ابو اسحٰق چشتی'' رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ہیں، اوّلاً اِس کی اشاعت ''شہرِ چشت'' سے ہوئی، پھر سنجان، دمشق، سجستان اور نیشاپور سے ہوتا ہوا ''حضرت سیدنا سرکار خواجہ غریب نواز'' رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ذریعے یہ سلسلہ ہندستان تشریف لایا۔ حضرت خواجہ غریب نواز کے ذریعے ''لاکھوں لوگ'' دامنِ اسلام سے وابستہ ہو کر ''سلسلۂ چشتیہ'' کے فیضان سے مالا مال ہوئے، یہاں تک کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ ہی کو ''اِس سلسلے کا بانی'' کہا جانے لگا۔ اِس سلسلے کے چند مشہور بزرگ یہ ہیں:

- حضرتِ علی شیرِ خدا
- حضرت خواجہ حسن بصری
- خواجہ فضیل بن عیاض
- خواجہ ابراہیم بن ادہم
- خواجہ ابو ہبیرہ بصری
- خواجہ ابو اسحٰق شامی
- خواجہ ابو احمد ابدال
- خواجہ عثمان ہاروَنی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔

**سوال:** ''سرزمینِ ہند'' میں آرام فرما اِس سلسلے کے ''چند مشہور بزرگوں'' کے نام بتائیں!

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں:

- خواجہ معین الدین چشتی
- خواجہ قطب الدین بختیار کاکی
- خواجہ نظام الدین اولیا
- خواجہ امیر خسرو
- خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔

## موت کو یاد کرو

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: أَكْثِرُوا ذِكْرَ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ. يَعْنِي الْمَوْتَ.

(الجامع للامام الترمذی، ج: ۲، کتاب الزھد، رقم الحدیث: ۲۳۰۷)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: لذتوں کو ختم کردینے والی شے یعنی موت کو یاد کیا کرو۔

# نواں سبق

## پہلی فصل — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** ''رافضیوں'' کے ''کچھ کفریہ عقیدے'' بیان کیجیے!

**جواب:** رافضیوں کے متعدد کفریہ عقائد میں سے چند یہ ہیں:

- یہ احمق حضرت سیدنا صدیقِ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحابیت وخلافت کا انکار کرتے ہیں اور اُن سے اِس قدر بغض رکھتے ہیں کہ اُن کا نام سننا بھی گوارا نہیں کرتے۔ حالاں کہ اُن کی صحابیت نصِّ قطعی [ آیت قرآن مجید ] سے اور خلافتِ راشدہ اجماعِ صحابہ سے ثابت ہے۔ نصِّ قطعی یا اجماع کا انکار کرنا کفر ہے۔
- اِن بے وقوفوں کا ایک عقیدہ یہ ہے کہ ائمۂ اَطہار [ اہلِ بیتِ کرام ] رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین، حضراتِ انبیاے کرام علیہم الصلاۃ والسلام سے افضل ہیں[1]

  اہلِ سنت وجماعت کے یہاں کسی غیرِ نبی کو نبی سے افضل کہنا بالاجماع کفر ہے[2]
- اِن کا ایک نہایت گھٹیا عقیدہ یہ ہے کہ قرآنِ مجید محفوظ نہیں ہے؛ بلکہ اُس میں سے کچھ پارے، یا سورتیں یا آیتیں یا کچھ الفاظ امیر المومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ اور دیگر صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے نکال دیے۔ **معاذاللہ رب العالمین۔**

چناں چہ اِن کا جاہل مولوی ابوجعفر کلینی لکھتا ہے :

- ہشام بن سالم بیان کرتے ہیں کہ ابوعبداللہ علیہ السلام نے بیان فرمایا: بے شک جس قرآن کو جبریل علیہ السلام محمد ﷺ کی طرف لے کر آئے وہ سترہ ہزار آیتوں پر مشتمل ہے۔[3]
- رافضی عالم ابوجعفر کلینی کی اِس روایت سے پتہ چلا کہ اصل قرآن کی سترہ ہزار آیتیں تھیں۔ اِس لیے شیعہ حضرات کے نزدیک قرآنِ مقدس ناقص ہے، اِس عقیدے کے ذریعے اِنھوں نے سرے سے دینِ اسلام ہی کا انکار کر دیا؛ کیوں کہ اسلام کی بنیاد قرآنِ مقدس پر قائم ہے، جب قرآن ہی محفوظ نہیں رہا تو اسلام اپنی اصل صورت پر کیسے باقی رہ سکتا ہے؟ **معاذاللہ رب العالمین۔**
- ایسا عقیدہ رکھنا بالاجماع کفر ہے؛ کیوں کہ قرآنِ مجید میں ایک حرف کی بھی کمی بیشی ممکن نہیں۔ قرآن نازل

---

[1] تحفۂ اثنا عشریہ، مترجم، باب: ۶، عقیدہ نمبر: ۲، ص: ۳۱۲
[2] الشفاء، فصل فی بیان ماھو من المقالات کفر، الجزء الثانی، ص: ۲۹۰
[3] اصولِ کافی، للشیخ ابوجعفر محمد بن یعقوب کلینی، ج: ۲، ص: ۶۴۳

فرمانے والے ہمارے رب نے اِس کی حفاظت کا اعلان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:
اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا الذِّکۡرَ وَ اِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوۡنَ [1] ترجمہ: بے شک ہم نے ہی قرآن اتارا اور بے شک ہم ہی اِس کی حفاظت فرمانے والے ہیں۔
جب قرآنِ مجید کی حفاظت رب تعالیٰ نے اپنے ذمۂ کرم پر لے لی تو کس کی مجال کہ اُس میں کمی بیشی یا ردّ و بدل کر سکے؛ لہٰذا اِس عقیدے سے قرآنِ مقدس کا کِذب و اِنکار لازم آرہا ہے اور قرآنِ پاک کی کسی آیت کو جھٹلانا یا انکار کرنا کفر ہے۔

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** ''حجِّ تمتع'' کا طریقہ مختصر انداز میں بیان فرما دیں!

**جواب:** جیسا کہ عرض کیا گیا کہ ''حجِّ تمتع'' میں پہلے ''عمرہ'' کا اِحرام باندھا جاتا ہے، پھر آٹھ ذوالحجہ کو حرم شریف سے ''حج'' کا احرام باندھا جاتا ہے۔ اِس لیے انتہائی اختصار کے ساتھ عمرہ اور حج کا طریقہ ترتیب وار لکھا جا رہا ہے۔

**عُمرَہ کا مختصر طریقہ:** میقات سے پہلے، خوب اچھی طرح طہارت حاصل کر کے احرام باندھیں اور سر پر احرام کی چادر رکھ کر دو رکعت نماز پڑھیں۔ نماز سے فارغ ہوتے ہی چادر سر سے ہٹا کر یوں نیت کریں: **اے اللہ!** میں عمرہ کا ارادہ کرتا [کرتی] ہوں، تو اِسے میرے لیے آسان فرما اور اسے میری جانب سے قبول فرما۔ میں نے عمرہ کی نیت کی اور خاص اللہ عزوجل کے لیے احرام باندھا۔

- پھر بلند آواز سے تین بار تلبیہ [لَبَّیۡکَ] پڑھیں۔ تلبیہ پڑھتے ہی احرام کی پابندیاں شروع ہو جائیں گی۔ تلبیہ پڑھتے، دعائیں مانگتے اور اپنی قسمت پر ناز کرتے ہوئے حرم شریف تشریف لائیں، اضطباع کریں، رکنِ اسود کے پاس آکر حجرِ اسود کا استلام کریں اور تلبیہ موقوف کر کے طواف کا آغاز کریں۔ درودِ پاک پڑھتے، حجرِ اسود کا استلام کرتے اور طواف کے جملہ اَحکام کا لحاظ کرتے ہوئے سات پھیرے مکمل کریں۔
- طواف کے بعد دو رکعت واجب الطواف ادا کریں، پھر آبِ زم زم نوش فرما کر، دعائیں پڑھتے ہوئے صفا اور مروہ کے درمیان سات چکر لگائیں۔ سعی سے فارغ ہو کر حلق یا تقصیر کرا کے احرام کھول دیں اور حرم شریف میں آکر دو رکعت نفل ادا فرمائیں۔ لیجیے! **الحمد للہ** آپ کا عمرہ مکمل ہو گیا۔

**حج کا مختصر طریقہ:** ۸ رذوالحجہ کو مکۂ مکرمہ میں حج کا احرام باندھ کر، طلوعِ آفتاب کے بعد ''منیٰ'' روانہ ہوں۔ آٹھویں کی ''ظہر سے نویں کی فجر تک'' کی پانچ نمازیں ''منیٰ'' میں ادا فرمائیں! نویں ذوالحجہ کو طلوعِ آفتاب کے بعد

---

[1] سورۂ حجر، آیت نمبر: ۹

''میدانِ عرفات'' کا رخ کریں! غروبِ آفتاب تک وہاں قیام کریں! اور رحمت و انوار کی بارش میں نہاتے ہوئے، دعائیں مانگتے ہوئے، توبہ و استغفار کرتے ہوئے، خوب گریہ وزاری کے ساتھ اپنے رحیم و کریم رب کو منانے کی کوشش کریں۔

- نویں ذوالحجہ کو، غروبِ آفتاب کے بعد عرفات سے ''مزدَلِفہ'' کے لیے روانہ ہوں اور مزدَلِفہ شریف پہنچ کر ''مغرب اور عشا'' کی نمازیں ''عشا کے وقت میں'' ایک ساتھ باجماعت اِس طرح ادا کریں کہ ایک ہی اذان اور ایک ہی اقامت سے، پہلے مغرب کی نمازِ فرض پڑھیں، سلام پھیرتے ہی عشا کی نمازِ فرض ادا کریں، پھر مغرب کی سنتیں مع نفل اور پھر عشا کی سنتیں مع وتر و نفل ادا فرمائیں۔
- ''دسویں کی نمازِ فجر'' مزدَلِفہ میں ادا کرنے کے بعد ''منٰی'' روانہ ہوں، ''منٰی'' پہنچ کر ''جَمْرَۃُ الْعَقَبَۃ'' یعنی بڑے شیطان کو سات کنکریاں ماریں۔ کنکریاں مارنے کے بعد ''قربانی کریں'' یا کروائیں۔ قربانی کے بعد مرد حضرات ''حلق یا قصر'' کروائیں، جب کہ ''عورتیں صرف قصر'' کروائیں۔ حلق یا قصر کرواتے ہی ''احرام کی پابندیاں'' ختم ہو جاتی ہیں، اب مرد حضرات بھی سِلے ہوئے کپڑے پہن سکتے ہیں۔ اب چاہیں تو ''طوافِ زیارت'' ابھی کرلیں یا آرام کرلیں اور ۱۲/ ذوالحجہ کے سورج غروب ہونے سے پہلے جب بھی موقع میسَّر آئے کرلیں۔
- طوافِ زیارت کے بعد گیارہ، بارہ اور تیرہ ذوالحجہ کی تین راتیں منٰی شریف میں گزاریں کہ یہ سنت ہے۔ ''گیارہ اور بارہ'' تاریخ کو سورج ڈھلنے کے بعد پہلے ''چھوٹے شیطان'' کو، پھر ''درمیان والے شیطان'' کو، اُس کے بعد ''بڑے شیطان'' کو کنکریاں ماریں کہ یہ واجب ہے۔ اب ماشاء اللہ آپ کا حج مکمل ہو گیا۔ اللہ رب العزت ہم سب کو اپنے حبیب ﷺ کے طفیل بار بار زیارتِ حرمین شریفین کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین بجاہ حبیبہ المصطفی الامین ﷺ۔[1]

## تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب — تفہیم

**سوال:** ''پیٹ کی شہوت'' سے کیا مُراد ہے؟

**جواب:** ''پیٹ کی شہوت'' سے مراد ''کھانے کی خواہش'' ہے۔ یہ خواہش عمدہ قسم کے لذیذ کھانوں اور اعلیٰ قسم کے خوش بودار شربتوں سے پوری ہوتی ہے۔ اِسے پورا کرنے کے لیے ہماری مقدس شریعت نے جو حدیں مقرر فرمائی ہیں اُن میں رہنا ہر مسلمان پر لازم وضروری ہے۔ جو لوگ اِس معاملے میں شرعی حدود سے تجاوز کرتے ہیں اُن کے اندر مختلف قسم کی برائیاں جنم لے لیتی ہیں جو اُنھیں بارگاہِ خداوندی سے بہت دور کر دیتی ہیں۔

---

[1] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ ششم، حج کا بیان

**سوال:** ”کھانے کی خواہش“ پوری کرنے کے سلسلے میں شریعت نے ہمیں کیا حکم دیا ہے؟

**جواب:** شریعتِ اسلامیہ نے ہمیں یہ حکم دیا ہے کہ ”ہم کسی بھی حال میں اپنے حلق سے حرام لقمہ نہ اتاریں“۔ رزقِ حلال ملنے کے بعد اُسے اعتدال کے ساتھ کھائیں۔ نہ اِس قدر زیادہ کھائیں کہ معدہ بھی پناہ مانگنے لگے اور نہ ہی اِس قدر کم کھائیں کہ صحت وتوانائی جاتی رہے۔ یہ دونوں باتیں دین ودنیا دونوں لحاظ سے نقصان دہ ہیں۔

**سوال:** ”کم کھانے“ کی فضیلت اور ”زیادہ کھانے“ کی مذمت پر چند روایتیں بیان فرمائیں!

**جواب:** جی! چند روایتوں کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں! ہمارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:

- بھوک اور پیاس کے ذریعے اپنے نفس کے ساتھ جہاد کرو؛ کیوں کہ اِس کا ثواب اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کرنے والے کے ثواب جیسا ہے اور اللہ تعالیٰ کو [اپنے بندوں کی] بھوک اور پیاس سے بڑھ کر کوئی عمل پسند نہیں۔
- جو شخص اپنے پیٹ کو بھر لیتا ہے آسمان کے فرشتے اُس کے پاس نہیں آتے۔
- اپنے دلوں کو زیادہ کھانے پینے سے مردہ مت کرو؛ کیوں کہ دل کھیتی کی طرح ہے جو زیادہ پانی سے خراب ہو جاتی ہے۔[۱]

**سوال:** کم کھانے کے ”فائدے“ اور پیٹ بھر کر کھانے کے ”نقصانات“ بیان کریں!

**جواب:** کم کھانے کے متعدد فائدوں اور معدہ بھرنے کے بے شمار نقصانات میں سے چند یہ ہیں:

- کم کھانے سے دل صاف، طبیعت تیز اور بصیرت کامل ہوتی ہے؛ جب کہ سیر ہو کر کھانا دماغ کو کُند کر دیتا ہے۔
- کم کھانے سے دل نرم اور روشن ہوتا ہے اور خوب دبا کر کھانا دل کو تاریک اور سخت کر دیتا ہے۔
- کم کھانے سے نشاط اور تواضع جیسی مقدّس صفات پیدا ہوتی ہیں، جو مومن کو ربِّ ذوالجلال کے سامنے سر بسجود ہونے پر آمادہ کرتی ہیں؛ جب کہ پیٹ بھر کر کھانے سے سستی اور اکڑپن جیسی قابلِ نفرت صفات جنم لیتی ہیں جو انسان کو رب کے حضور سجدہ ریز ہونے سے روکتی ہیں۔
- کم کھانے سے بدن کی صحت برقرار رہتی ہے؛ جب کہ معدہ بھر کر کھانے والے مختلف قسم کی بیماریوں سے دوچار رہتے ہیں۔
- کم کھانے والا اللہ تعالیٰ کی آزمائش اور اُس کے عذاب سے ڈرتا ہے اور بھوکے لوگوں کو نہیں بھولتا؛ جب کہ پیٹو انسان اللہ عزوجل کے عذاب سے بھی غافل رہتا ہے اور بھوکے انسانوں کو بھی فراموش کر دیتا ہے؛ بلکہ سرے سے بھوک ہی کو بھول جاتا ہے۔[۲]

---

[۱] احیاء العلوم، ج: ۳، ص: ۱۸۳۔ ۱۸۴

[۲] ملخصاً از احیاء العلوم، ج: ۳، ص: ۱۹۱ تا ۱۹۶

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم — تفہیم

**سوال:** حضرت مولا علی رضی اللہ عنہ نے خیبر کے سب سے مضبوط قلعہ "قموص" کو کس جاں بازی کے ساتھ فتح کیا؟

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم کے مطابق حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جا کر یہودیوں کے سامنے اسلام کی دعوت پیش کی؛ مگر انھوں نے اُس دعوت کا جواب **"اینٹ اور پتھر"** سے دیا اور اُن کا سب سے بڑا پہلوان "مرحب" بڑے طنطنہ کے ساتھ، ہتھیار سے لیس ہو کر **"شیرِ خدا"** سے مقابلہ کرنے آیا اور بڑے طمطراق سے آگے بڑھ کر شیرِ خدا پر وار کیا۔ شیرِ خدا نے اُس کا وار روک کر، اُس کے سر پر اِس زور کی تلوار ماری کہ ذوالفقارِ حیدری "خود" کو کاٹتے اور سر کو چیرتے ہوئے دانتوں تک اُتر گئی، مرحب کا سارا غرور خاک میں مِلا اور وہ بد بخت وہیں زمین پر ڈھیر ہو گیا۔[۱]

- مرحب کو مرتا دیکھ کر یہودیوں کی پوری فوج مَولا علی پر ٹوٹ پڑی؛ مگر ذوالفقارِ حیدری نے **"اُن کی صفوں کی صفیں اُلٹ دیں اور بڑے بڑے سورماؤں کو گاجر مولی کی طرح کاٹ کر رکھ دیا"**۔ لڑتے لڑتے حضرت علی کی ڈھال کٹ گئی تو آپ نے **"قموص کا پھاٹک"** اُکھاڑ کر، بائیں ہاتھ میں لے کر اُسے ڈھال بنا لیا اور اُس سے دشمنوں کے حملے روکتے رہے۔ یہ پھاٹک اِتنا بھاری تھا کہ جنگ کے بعد چالیس طاقت ور آدمی بھی اُس کو ٹس سے مَس نہ کر سکے۔ بہر حال حضرت شیرِ خدا کی بے مثال شجاعت و بہادری کے سامنے یہودیوں کی فوج ٹِک نہ سکی اور "خیبر" فتح ہو گیا۔ اِس جنگ میں ترانوے یہودی مارے گئے جب کہ پندرہ مسلمانوں نے جامِ شہادت نوش فرمایا۔[۲]

**سوال:** خیبر کی فتح کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودیوں کے ساتھ **"کیسا سلوک"** فرمایا؟

**جواب:** حضور رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے شکست خوردہ یہودیوں کو **"مکمل امن و امان عطا فرمایا اور اُنھیں طرح طرح کی نوازشوں سے نوازا"**؛ مگر یہ قوم اپنی خباثت سے باز نہ آئی اور "زینب" نامی ایک یہودی عورت نے گوشت میں زہر مِلا کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ معجزہ تھا کہ گوشت کی بوٹی نے بتا دیا کہ مجھ میں زہر مِلا ہوا ہے، چناں چہ ایک لقمہ کھا کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ کھینچ لیا؛ لیکن ایک صحابی نے بھوک کی شدت کی وجہ سے پیٹ بھر کر کھا لیا تھا، جس کے سبب وہ شہید ہو گئے۔ اِتنا سب ہو جانے کے باوجود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے زینب سے کچھ نہیں کہا؛ لیکن جب صحابیِ رسول شہید ہو گئے تو اُن کے قصاص میں **"اُسے قتل کر دیا گیا"**۔[۳]

---

[۱] الصحیح للامام مسلم، ج:۲، ص:۱۱۵۔ ملخصاً [۲] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص:۳۱۰۔۳۱۱

[۳] الصحیح للامام البخاری، ج:۲، ص:۲۴۲۔ ملخصاً

## تفہیم — پانچویں فصل — رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے اَخلاقِ حَسَنہ

**سوال:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلّم کی ”شانِ اِیفائے عہد“ [وعدہ کی پاسداری] پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** وعدہ کی پابندی کرنا بھی درختِ اَخلاق کی ایک بہت ہی اہم اورنہایت ہی ہری بھری شاخ ہے ۔ اِس سے محروم انسان نہ ہی ایمان کے کمال تک پہنچ پاتا ہے اور نہ ہی معاشرے میں سرخ روئی حاصل کر پاتا ہے ۔ اِس صفتِ جلیلہ میں بھی حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلّم اپنی مثال آپ ہیں ۔ حدیث وسیرت کی کتابیں رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کے شانِ ایفاے عہد کے کئی نورانی واقعات سے چمک رہی ہیں ۔

حضرت ابوالحمساء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں:

- اعلانِ نبوت سے پہلے میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلّم سے کچھ سامان خریدا ، اِس سلسلے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلّم کی کچھ رقم میرے ذمے باقی رہ گئی ۔ مَیں نے کہا کہ آپ یہیں ٹھہریے! مَیں گھر سے رقم لاکر ابھی اِسی جگہ آپ کو دیتا ہوں ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلّم نے اُسی جگہ ٹھہرے رہنے کا وعدہ فرمالیا ؛ مگر مَیں گھر آ کر اپنا وعدہ بھول گیا ۔ تین دن کے بعد مجھے اچانک یاد آیا کہ مَیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلّم کے ساتھ وعدہ کر کے آیا ہوں کہ ”**آپ میرا انتظار کریں، مَیں بقیہ رقم لاکر دیتا ہوں**“ ۔ جب رقم لے کر مَیں اُس جگہ پہنچا تو [میری حیرت کی انتہا نہ رہی، مَیں نے] دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلّم اُسی جگہ میرا انتظار فرمارہے ہیں ۔ مجھے دیکھ کر حضور رحمتِ عالَم صلی اللہ علیہ وسلّم کی پیشانیِ اقدس پر ذرا بھی بَل نہیں آیا ۔ نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم نے کسی ناراضگی کا اظہار کیے بغیر اپنے مَن موہنے والے انداز میں صرف اتنا فرمایا: **يَا فَتٰى قَدْ شَقَقْتَ عَلَيَّ وَ اَنَا هٰهُنَا مُنْذُ ثَلَاثٍ اَنْتَظِرُكَ** ۔ ترجمہ: اے نوجوان! تم نے تو مجھے مشقت میں ڈال دیا ؛ کیوں کہ مَیں اپنے وعدے کے مطابق تین دن سے یہاں تمھارا انتظار کررہا ہوں ۔[1]
- صفوان بن امیہ کا شمار اسلام کے سرگرم مخالفین میں ہوتا تھا ۔ ایک موقع پر اُس نے عُمیر بن وہب کے ساتھ مل کر حضور رحمتِ عالَم صلی اللہ علیہ وسلّم کو **معاذ اللہ** شہید کرنے کا منصوبہ بنایا ؛ لیکن منصوبے کی تکمیل سے پہلے عمیر نے مدینہ آ کر اسلام قبول کرلیا ۔ فتحِ مکہ کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلّم نے جن دشمنانِ دین کو واجب القتل قرار دیا تھا اُن میں صفوان بن امیہ کا نام بھی شامل تھا ۔ صفوان کو معلوم ہوا تو وہ وہاں سے فرار ہوکر جدہ چلا گیا ۔ عمیر نے حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کی بارگاہِ اقدس میں صفوان کی سفارش کی ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلّم نے عمیر کی سفارش پر دینِ اسلام کے کٹر دشمن صفوان کو بخش دیا اور وعدہ فرمالیا کہ اگر صفوان آیا تو اُس کو امان عطا کی جائے گی ۔ عمیر جدہ تشریف لے گئے اور صفوان کو ساتھ لے کر حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کی بارگاہِ اقدس میں حاضر ہوئے ۔ بارگاہِ رسالت میں حاضر ہونے کے بعد صفوان نے کہا : کیا آپ نے واقعی مجھے امان دی ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا: ہاں یہ سچ ہے اور مَیں ہر حال میں ”**اپنا وعدہ پورا کرتا ہوں**“ ۔ اِس کے بعد صفوان نے اسلام قبول کرلیا ۔[2]

---

[1] الشفا، ج:۱، ص:۱۶۵ [2] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص:۳۵۸

- جنگِ بدر کے موقع پر حضرت حذیفہ اور حضرت ابو حسیل نامی دو صحابی کہیں سے آرہے تھے۔ راستے میں کفار نے اِنھیں روکا اور کہا: تم دونوں محمد [ ﷺ ] کی مدد کرنے جا رہے ہو۔ اُنھوں نے انکار کیا اور جنگ میں شریک نہ ہونے کا عہد کیا۔ جب یہ دونوں حضور ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور پورا واقعہ بیان کیا تو حضور ﷺ نے اُنھیں صفوں سے الگ کر دیا اور کہا: ہم ہر حال میں عہد کی پاسداری کریں گے۔[۱]
- دشمنوں کے عظیم الشان لشکر کے سامنے ایک ایک سپاہی کتنا قیمتی ہوتا ہے یہ دنیا جانتی ہے؛ مگر تاج دارِ کائنات ﷺ نے اپنی کمزور فوج کو دو بہادر مجاہدوں سے محروم رکھنا تو پسند فرمالیا؛ مگر کوئی مسلمان کسی کافر سے بھی بد عہدی کرے اِسے گوارا نہ کیا۔

## چھٹی فصل — گوشۂ اہلِ بیتِ اَطہار علی نبینا وعلیھم الصلاۃ والسلام — تفہیم

**سوال:** ہمارے نبی ﷺ نے سب سے پہلے کس **"خوش نصیب خاتون"** سے نکاح فرمایا؟

**جواب:** ہمارے نبی ﷺ نے سب سے پہلے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح فرمایا اور جب تک وہ زندہ رہیں آپ ﷺ نے کسی دوسری عورت سے نکاح نہیں فرمایا۔[۲]

**سوال:** حضرت سیدتنا خدیجہ رضی اللہ عنہا کی **"سیرتِ پاک"** پر مختصر روشنی ڈالیے!

**جواب:** یہ حضور ﷺ کی سب سے پہلی رفیقِ حیات ہیں۔ اِن کے والد کا نام **"خُوَیلِد"** اور والدہ کا نام **"فاطمہ"** ہے۔ یہ خاندانِ قریش کی بہت ہی معزّز خاتون تھیں، اِن کی پاک دامنی کی وجہ سے اہلِ مکہ اِنھیں **"طاہرہ"** کے لقب سے یاد کرتے تھے۔

- امام ذہبی کا بیان ہے کہ امت کا اِس بات پر اجماع ہے کہ رسول اللہ ﷺ پر سب سے پہلے یہی ایمان لائیں اور انتہائی خوف ناک اور نہایت خطرناک حالات میں جس تن مَن دَھن کے ساتھ اِنھوں نے بارگاہِ رسالت میں قربانیوں کا نذرانہ پیش کیا، امہات المومنین میں اُس کی کوئی نظیر نظر نہیں آتی۔
- حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا پچیس سالوں تک حضور ﷺ کی خدمت گزاری سے سرفراز رہیں۔ ہجرت سے تین سال قبل، ۶۵ ربرس کی عمر پا کر، ماہِ رمضان میں، مکۂ مکرمہ کے اندر آپ رضی اللہ عنہا نے وفات پائی اور حضور ﷺ نے مکۂ مکرمہ کے مشہور قبرستان **"جنت المعلی"** میں بہ نفسِ نفیس اُن کی قبر میں اتر کر اپنے مقدس ہاتھوں سے اُنھیں سپردِ خاک فرمایا۔[۳]

**سوال:** حضرت سیدتنا خدیجہ رضی اللہ عنہا کی **"فضیلت"** پر کوئی حدیثِ پاک پیش فرمائیں!

**جواب:** اِن کے فضائل میں متعدد اَحادیثِ کریمہ وارد ہیں، ایک روایت ملاحظہ فرمائیں:

- حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

---

[۱] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۷۸
[۲] سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۵۰۹
[۳] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۵۱۰ تا ۵۱۲

حضرت سیدنا جبریل علیہ السلام حضور ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں تشریف لائے اور عرض کیا: **یارسول اللہ!** یہ خدیجہ ہیں جو آپ کے پاس ایک برتن میں کھانا لارہی ہیں، جب یہ آجائیں تو آپ ان سے اِن کے رب کا اور میرا سلام کہہ دیں اور یہ خوش خبری سنا دیں کہ جنت میں اِن کے لیے موتی کا ایسا گھر ہے جس میں نہ کوئی شور ہوگا، نہ کوئی تکلیف۔[1]

**سوال:** حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے وصال کے بعد، حضور ﷺ نے **''کسے شرفِ زوجیت''** سے سرفراز فرمایا؟

**جواب:** حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے وصال کے بعد، آپ ﷺ نے حضرت **''سودہ بنت زُمعہ''** رضی اللہ عنہا کو شرفِ زوجیت بخشا۔ یہ، اپنے شوہرِ اوّل حضرت **''سکران بن عمرو''** کے ساتھ ابتداے اسلام ہی میں مسلمان ہوگئی تھیں اور ان دونوں نے حبشہ کی طرف ہجرت کرنے کا شرف بھی حاصل کیا تھا۔ ایک رات حضرت سودہ نے خواب دیکھا کہ ایک چاند ٹوٹ کر اُن کے سینے پر گرا ہے۔ اُنھوں نے اِس خواب کا ذکر اپنے شوہر سے کیا۔ شوہر نے کہا: اگر یہ خواب سچا ہے تو عن قریب میرا انتقال ہوجائے گا اور پیغمبرِ آخر الزماں ﷺ تم سے نکاح فرمائیں گے۔

- اُسی دن حضرت سکران بن عمرو بیمار ہوئے اور چند دنوں کے بعد وفات پا گئے۔ شوہر کی وفات کے بعد حضرت سَودَہ رضی اللہ عنہا کو ازواجِ مطہرات کے مقدس زُمرے میں داخل ہونے کا شرف مِلا۔ یہ مقدس خاتون زندگی بھر، انتہائی والہانہ عقیدت و احترام کے ساتھ آقاے کریم ﷺ کی خدمت کرتی رہیں۔ آپ رضی اللہ عنہا کا وصال ۲۳ رہجری میں مدینۂ منورہ میں ہوا۔

## ساتویں فصل — عام دینی معلومات — تفہیم

**سوال:** **''سلسلۂ سہروردیہ''** کا مختصر تعارف کراتے ہوئے، اِس کے **''چند بزرگوں''** کے اسماے گرامی ذکر کریں!

**جواب:** یہ، روحانیت کا **''چوتھا مشہور سلسلہ''** ہے۔ شیخ وجیہ الدین ابوحفص علیہ الرحمہ کے مرید وخلیفہ **''شیخ ضیاء الدین ابونجیب سہروردی''** علیہ الرحمہ اِس خانوادۂ طریقت کے بانی ہیں؛ لیکن اِس سلسلے کی کماحقہ اشاعت شیخ ضیاء الدین علیہ الرحمہ کے مرید وخلیفہ **''شیخ المشائخ حضرت خواجہ شہاب الدین سہروردی''** رحمۃ اللہ علیہ کے ذریعے ہوئی، اِس لیے عام طور پر شیخ شہاب الدین ہی کو اِس سلسلے کا بانی تصور کیا جاتا ہے۔ اِس کے مشہور مشائخِ کرام میں سے چند یہ ہیں:

- حضرت علی شیرِ خدا
- حضرت خواجہ حسن بصری
- حضرت خواجہ عبد الواحد بن زید
- حضرت شیخ ابوشفیق بلخی
- حضرت شیخ حاتم اصم
- حضرت شیخ ابوتراب بخشی
- حضرت شیخ ابومحمد جعفر
- حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی۔ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔

**سوال:** صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین **''درپیش مسائل کا حل''** کس طرح تلاش کیا کرتے تھے؟

**جواب:** آقاے کریم ﷺ کی حیاتِ ظاہری میں صحابۂ کرام کو مسائل اور فتاویٰ کے سلسلے میں کوئی دشواری نہیں تھی، جب بھی

---
[1] الصحیح للامام البخاری، باب تزویج النبی ﷺ ج:۱، ص: ۵۳۹

کوئی مسئلہ درپیش ہوتا فوراً حضور ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوکر اُس کا حل تلاش کر لیتے۔

**سوال:** حضور ﷺ کے وصالِ ظاہری کے بعد صحابۂ کرام نے "نَو واردمسائل" [پیش آنے والے نئے مسائل] کیسے حل کیے؟

**جواب:** حضور ﷺ کے عہدِ مبارک کے بعد صحابۂ کرام کے سامنے کچھ ایسے مسائل آئے جن کا ثبوت قرآن وحدیث سے نہیں مل سکا تو اُنھوں نے قرآن وحدیث کی تعلیمات کو مدِّ نظر رکھ کر، اجتہاد وقیاس سے [یعنی خوب غور وفکر کر کے] اُن کا حل تلاش کیا۔

**سوال:** صحابۂ کرام کے بعد مسلمانوں نے "نئے مسائل" کے حل کے لیے کیا کیا؟

**جواب:** صحابۂ کرام کے بعد تابعین اور ائمۂ مجتہدین کا دَور آیا، اُنھوں نے قرآنِ مجید کی آیتوں، رسول اللہ ﷺ کی مقدس حدیثوں اور صحابۂ کرام کے ارشادات کے مطابق فتوے دیے، نیز "قرآن وحدیث اور اجماع وقیاس" کی مدد سے نَو پید مسائل کا استنباط کیا [حل کیے]۔

**سوال:** قرآن وحدیث سے مسائلِ شرعیہ نکالنے کے "اصول وقوانین" کس زمانے میں مقرَّر کیے گئے؟

**جواب:** تابعین اور ائمۂ مجتہدین کے زمانۂ مسعود میں "استنباطِ مسائل" کے اصول وضوابط وضع کیے گئے؛ تاکہ اُن کی روشنی میں مفتیانِ کرام صبحِ قیامت تک پیدا ہونے والے جدید مسائل حل کرتے رہیں؛ کیوں کہ نئے مسائل قیامت تک پیدا ہوتے رہیں گے۔

**سوال:** کن علما نے اپنی اجتہادی صلاحیتوں کو استعمال کر کے مسائل کا استخراج فرمایا [نکالا] اور اُنھیں آسان کر کے عوام کے سامنے پیش فرمایا؟

**جواب:** جن مبارک ہستیوں نے "قرآن، حدیث، اجماع اور قیاس" کے گہرے سمندر میں غوطہ لگا کر، اُس سے شرعی مسائل کے نادرونایاب موتی نکال کر اُمت کو عطا کیے، اُن میں یہ حضرات زیادہ مشہور ہیں:

- حضرت سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت۔
- حضرت سیدنا امام مالک بن انس۔
- حضرت سیدنا امام محمد بن ادریس شافعی۔
- حضرت سیدنا امام احمد بن حنبل۔
- حضرت سیدنا امام ابن ابی لیلیٰ۔
- حضرت سیدنا امام سفیان ثوری۔
- حضرت سیدنا امام عبدالرحمٰن اوزاعی۔
- حضرت سیدنا سعد بن عبدالرحمٰن۔
- حضرت سیدنا امام ابو یوسف۔
- حضرت سیدنا امام محمد۔ رضی اللہ عنہم اجمعین۔

# دسواں سبق

## پہلی فصل ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں تفہیم

**سوال:** ''غیر مقلّدِین'' کن لوگوں کو کہا جاتا ہے؟

**جواب:** غیر مقلدین درحقیقت ''وہابیت'' ہی کی ایک شاخ ہے۔ یہ نادان تقلیدِ شخصی ''یعنی فقہی مسائل میں چاروں اماموں میں سے کسی مخصوص امام کی پیروی کرنے کو'' بدعتِ قبیحہ اور حرام کہتے ہیں اور تقلید کرنے والے ''حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی'' حضرات کو بدعتی اور فاسق سمجھتے اور اُن پر لعن وطعن کرنے کو بڑی عبادت تصور کرتے ہیں۔ یہ احمق سوائے چند عقائد کے باقی تمام عقائدِ باطلہ میں ''وہابیوں اور دیو بندیوں'' کے ساتھ شریک ہیں، اِسی لیے یہ بے وقوف دیو بندیوں کو کافر نہیں کہتے، جب کہ اُن کے بارے میں علماے اہلِ سنت کا متفق علیہ فتویٰ ہے کہ ''جو بھی دیو بندیوں کے عقائدِ باطلہ پر یقینی اطلاع پا کر اُنھیں کافر نہ کہے یا اُن کے کفر میں شک کرے وہ کافر ہے''۔

- یہ لوگ ائمۂ دین یعنی ''حضرت امامِ اعظم ابوحنیفہ، حضرت امام مالک، حضرت امام شافعی، حضرت امام احمد بن حنبل'' رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین میں سے تو کسی کی تقلید نہیں کرتے؛ البتہ شیطانِ لعین اور اپنے نفسِ خبیث کی خوب تقلید کرتے ہیں۔

**سوال:** ''غیر مقلد اور دیو بندی'' میں کیا فرق ہے؟ بیان کریں!

**جواب:** مولوی اسماعیل دہلوی سے عقیدت رکھنے والے ''دو گروہوں'' میں تقسیم ہوئے۔ ایک گروہ نے اسماعیل دہلوی کے عقیدے قبول کیے؛ لیکن اماموں کی تقلید کا انکار اور شیطان کی تقلید کا اقرار کیا، اِنھیں ''غیر مقلد یا وہابی'' کہا جاتا ہے۔ دوسرے گروہ نے بھی اسماعیل دہلوی کے عقیدے اختیار کیے؛ مگر عوام الناس کو دھوکا دینے کے لیے اِس نے ''حضرت امامِ اعظم ابوحنیفہ'' رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تقلید کا ڈنڈھورا پیٹا۔ اِس گروہ کو ''گلابی وہابی'' یا ''دیو بندی'' کہا جاتا ہے۔

**سوال:** ''تقلید'' کسے کہتے ہیں؟ واضح کریں!

**جواب:** تقلید کے دو معنیٰ ہیں: [۱] لغوی معنیٰ [۲] شرعی معنیٰ۔ دونوں معنوں کی وضاحت ملاحظہ فرمائیں!

- **لغوی معنیٰ:** قِلادَہ در گردن بَستَن۔ یعنی اپنی گردن میں ہار یا پٹّا ڈالنا۔
- **شرعی معنیٰ:** کسی امام کے قول یا فعل کو اپنے اوپر شرعاً لازم جاننا، یہ سمجھ کر کہ وہ امام شرعی محقّق

ہے؛لہٰذا اُس کا کلام اور اُس کا کام ہمارے لیے دلیل ہے۔[۱]

- جیسا کہ ہم حنفی حضرات شرعی مسائل میں، امام الائمہ، کاشف الغمہ حضرت سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تقلید کرتے ہیں، اُنھیں شرعی محقِّق یقین کر کے اُن کے ہر قول وفعل کو اپنے لیے حجت سمجھتے ہیں۔ اِسی کا نام ہے ''تقلید''۔تقلید کرنے والوں کو ''مُقَلِّد'' کہا جاتا ہے۔

**سوال:** تقلید کی ''کتنی قسمیں'' ہیں؟

**جواب:** تقلید کی دو قسمیں ہیں۔ [۱] تقلید شرعی [۲] تقلید غیر شرعی۔

**تقلیدِ شرعی:** یہ ہے کہ شریعت کے فقہی احکام میں کسی امام کی پیروی کی جائے، جیسے: اہلِ سنت، نماز، روزہ، حج، زکاۃ وغیرہ میں ائمۂ دین کی پیروی کرتے ہیں۔

**تقلیدِ غیر شرعی:** یہ ہے کہ دنیاوی باتوں میں کسی کی پیروی کی جائے، جیسے: طبیب لوگ علمِ طب میں بوعلی سینا کی، شاعر لوگ معروف شعرا کی اور نحوی یا صرفی حضرات امام سیبویہ وغیرہ کی پیروی کرتے ہیں۔

تقلیدِ غیرِ شرعی اگر شریعت کے خلاف ہو تو حرام ہے اور اگر خلافِ اسلام نہ ہو تو جائز ہے؛لیکن تقلیدِ شرعی واجب وضروری ہے۔[۲]

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** ''قربانی'' کسے کہتے ہیں؟ اور اِس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

**جواب:** مخصوص جانور کو مخصوص دن [یعنی ۱۰، ۱۱، ۱۲ ذوالحجہ] میں، قُربِ خداوندی کے حصول کی نیت سے ذبح کرنے کا نام ''قربانی'' ہے۔کبھی کبھی اُس جانور کو بھی ''اُضْحِیۃ'' یعنی قربانی کہتے ہیں جو ذبح کیا جاتا ہے۔''قربانی'' ہر اُس بالغ مقیم مسلمان مرد وعورت پر واجب ہے، جو مالکِ نصاب ہو۔[۳]

**سوال:** قربانی کا جانور ''کیسا ہونا چاہیے''؟

**جواب:** قربانی کے جانور کا ''بے عیب ہونا'' واجب ہے، حدیثِ پاک میں آیا ہے کہ قربانی کے لیے چار قسم کے جانور درست نہیں:

- ایسا کانا کہ جس کا کانا پن بالکل ظاہر ہو۔
- ایسا بیمار کہ جس کی بیماری بالکل ظاہر ہو۔
- ایسا لنگڑا کہ جس کا لنگڑا پن بالکل ظاہر ہو۔
- ایسا کمزور کہ جس کی ہڈیوں میں مغز یعنی گودا نہ ہو۔[۴]

یوں سمجھ لیں کہ اگر تھوڑا عیب ہوگا تو کراہیت کے ساتھ قربانی ہو جائے گی؛لیکن اگر عیب زیادہ ہوگا تو قربانی ہوگی ہی نہیں۔

---

[۱] ملخصاً از جاء الحق، ج:۱، ص:۱۸ [۲] ملخصاً از جاء الحق، ج:۱، ص:۱۹ [۴] المسند للامام احمد بن حنبل، رقم الحدیث: ۱۸۵۳۵

[۳] الفتاوی الھندیہ، کتاب الاضحیہ، الباب الاول، ج:۵، ص:۲۹۲

سوال: قربانی کے جائز ہونے کے لیے ''کس جانور کی کتنی عمر'' ہونا ضروری ہے؟

جواب: اونٹ، اونٹنی پانچ سال کے؛ بھینس، گائے، بیل دو سال کے؛ بکری، بکرا، دُنبہ، دُنبی ایک سال کے ہونے لازم ہیں۔ عمر اِس سے زیادہ ہو تو صرف جائز نہیں؛ بلکہ افضل ہے؛ لیکن اِس سے کم ہو تو قربانی جائز نہیں۔[1]

سوال: ''قربانی کرنے کا طریقہ'' بیان فرمائیں!

جواب: جی ملاحظہ فرمائیں! جانور ذبح کرنے والا، ذبح سے پہلے یہ دعا پڑھے:

- اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ. اِنَّ صَلَاتِیْ وَ نُسُكِیْ وَ مَحْیَایَ وَ مَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ. لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَ بِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَ اَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ.

پھر جانور کو قبلہ رُو لٹا کر، اُس کی گردن کے قریب پہلو پر اپنا سیدھا پاؤں رکھ کر

- اَللّٰهُمَّ لَكَ وَ مِنْكَ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ.

پڑھ کر تیز چھری سے تیزی کے ساتھ ذبح کر دے۔ ذبح سے فارغ ہو کر یہ دعا پڑھے:

- اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّیْ كَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ خَلِیْلِكَ اِبْرَاهِیْمَ عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَ حَبِیْبِكَ مُحَمَّدٍ ﷺ.

اور اگر قربانی کسی دوسرے کی جانب سے ہو تو ''مِنِّیْ'' کی جگہ ''مِنْ'' کہہ کر اُس کا نام مع ولدیت لے۔

سوال: قربانی سے متعلق ''چند اہم مسائل'' پر روشنی ڈالیے!

جواب: جی! چند اہم مسائل ملاحظہ فرمائیں!

- بڑے جانور مثلاً اونٹ، بھینس وغیرہ میں سات قربانیاں ہو سکتی ہیں، یعنی سات لوگ شریک ہو سکتے ہیں۔
- سب کی نیت قربانی ہی کی ہو، اگر کسی ایک کی نیت گوشت کھانے کی ہوئی تو ساتوں کی قربانی ضائع ہو جائے گی۔
- ساتوں شرکا میں کوئی بھی بدمذہب نہ ہو، اگر ایک بھی بدمذہب شریک ہوا تو کسی کی قربانی نہیں ہوگی۔

## تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب — تفہیم

سوال: ''شرم گاہ کی شہوت'' پر روشنی ڈالیے!

جواب: یہ ایک قسم کی ''خواہش'' ہے جو نسلِ انسانی کی بقا اور حصولِ لذّت کے لیے مرد اور عورت دونوں پر مسلّط کی گئی ہے؛ مگر ہماری شریعت نے اِس خواہش کی تکمیل کے لیے جو حدیں مقرر فرمائی ہیں اُن سے تجاوز کرنا سخت نقصان دِہ؛ بلکہ ہلاکت کا باعث ہے۔ یوں سمجھیں کہ انسان اگر اِس خواہش کو کنٹرول کر کے اِسے حالتِ اعتدال پر نہیں رکھتا تو یہ

[1] درِّمختار، کتاب الاضحیہ، ج:۹، ص: ۵۳۳

اُس کی دنیا اور آخرت دونوں کو تباہ کر دیتی ہے۔

**سوال:** اِس شہوت کے "کتنے درجات" ہیں اور اُن میں کون سا درجہ پسندیدہ ہے؟

**جواب:** اِس کے تین درجے ہیں [۱] درجۂ اِفراط [۲] درجۂ تفریط [۳] درجۂ اِعتدال۔

**درجۂ افراط:** اِس درجے میں انسان شہوت میں مکمل طور پر غرق ہو جاتا ہے، اگر جائز طریقے سے شہوت پوری نہیں ہو پاتی تو ناجائز طریقے اختیار کرتا ہے اور شریعت کا خیال رکھے بغیر "زنا، بدکاری، اِغلام بازی یا مشت زنی" جیسے فسق میں مبتلا ہو کر اپنی تباہی کا سامان کر لیتا ہے۔ اس لیے یہ درجہ انتہائی خطرناک اور سخت قابلِ مذمت ہے۔ جو شخص شہوت کے اِس مقام پر ہو اُس پر فرض ہے کہ نکاح کرے، اگر نکاح کی استطاعت نہیں تو روزے رکھے، دل و دماغ کو پاک رکھے اور بے حیائی کی باتوں سے، بالخصوص تنہائی اختیار کرنے سے گریز کرے۔ یوں "شہوت کی تباہ کاریوں" سے نجات حاصل کر سکتا ہے۔

**درجۂ تفریط:** اِس درجے میں انسان شہوت سے مکمل طور پر محروم ہو جاتا ہے اور اُس کے اندر جماع کرنے کی بالکل قدرت باقی نہیں رہتی۔ یہ درجہ بھی شرعاً ناپسندیدہ ہے؛ کیوں کہ اِس سے آدمی کی نسل منقطع ہو جاتی ہے اور وہ بہت سی نیکیوں سے محروم ہو جاتا ہے۔ ایسے انسان پر صحت یابی تک "نکاح کرنا" حرام ہے اور اگر شادی شدہ ہے تو بیوی کو "طلاق دینا" واجب ہے جب کہ صحت یابی کی کوئی امید نہ ہو۔

**درجۂ اعتدال:** اِس درجے میں آدمی کے اندر شہوت تو ہوتی ہے؛ مگر وہ اُس پر مکمل کنٹرول رکھتا ہے اور اُس کی شہوت ہمیشہ اُس کے سامنے مغلوب رہتی ہے۔ شہوت کا یہ درجہ "سب سے عمدہ" ہے، اِس درجے میں انسان پر "شادی کرنا سنتِ مؤکدہ" ہے۔[۱]

**سوال:** کچھ لوگ فحش [گندی] فلمیں دیکھ کر یا دوائیاں لے کر اپنی شہوت کو بیدار کرتے ہیں، ایسا کرنا کیسا ہے۔

**جواب:** فلمیں دیکھنا ویسے بھی ناجائز ہے، فحش فلمیں دیکھنا تو اور زیادہ حرام ہے۔ شادی شدہ اور غیر شادی شدہ مرد و عورت کسی کے لیے بھی جائز نہیں۔ فلمیں دیکھنے کے بعد ناجائز طریقے سے قضائے شہوت کرنا دوسرا فعلِ حرام ہوگا؛ لہٰذا اِس سے بچنا لازم ہے۔ اور قوّتِ باہ بڑھانے والی دواؤں کا استعمال بوقتِ ضرورت جائز ہے، ہاں بلا ضرورت، محض مزہ لینے کے لیے اُنھیں استعمال کرنے کی اجازت نہیں۔

**سوال:** شرم گاہ کی شہوت سے بچنے والوں کی "فضیلت" پر کوئی روایت بیان فرمائیں!

**جواب:** حضور جانِ عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- سات آدمی ایسے ہیں جنھیں قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اپنے عرش کے سایے میں جگہ دے گا، جب کہ اُس دن اُس سایے کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔ اُن ساتوں میں وہ شخص بھی ہے جسے کوئی خوب صورت اور حسب و نسب والی عورت اپنی طرف بلائے اور وہ کہے کہ میں اللہ سے ڈرتا ہوں جو تمام جہانوں کا رب ہے۔[۲]

---

[۱] ملخصاً از احیاء العلوم، ج:۳، ص:۲۲۵ تا ۲۲۷ [۲] الصحیح للامام البخاری، ج:۱، ص:۱۹۱

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم — تفہیم

**سوال:** ''فتحِ مکہ'' کا عظیم الشان واقعہ کس ''سن ہجری'' میں پیش آیا؟

**جواب:** ''ماہِ رمضان سن ۸ھ مطابق جنوری ۶۳۰ء'' کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فاتحِ اعظم کی شان و شوکت کے ساتھ شہرِ مکہ میں نزولِ اِجلال فرمایا اور کعبۃ اللہ میں داخل ہو کر اپنے سجدوں کے جمال و جلال سے خدا کے مقدس گھر کی عظمت کو سرفراز فرمایا۔

**سوال:** وہ کون سا ''سبب'' تھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اہلِ مکہ کے سامنے ''ہتھیار اٹھانے'' کی ضرورت پیش آئی؟

**جواب:** حدیبیہ کے ''صلح نامہ'' میں یہ طے کیا گیا تھا کہ ''فریقین کے درمیان دس سالوں تک کوئی جنگ نہیں ہوگی اور عرب کے تمام قبیلوں کو قریش اور مسلمانوں سے معاہدہ کرنے کی کھلی آزادی حاصل ہوگی''؛ لیکن صرف دو سالوں کے بعد ''قریش'' نے اِس معاہدہ کو توڑ دیا اور اپنے حلیف ''قبیلۂ بنو بکر'' کے ساتھ مل کر، مسلمانوں کے حلیف ''قبیلۂ بنو خزاعہ'' پر حملہ کر کے اُن کے تیس آدمیوں کو حرمِ کعبہ میں نہایت بے دردی کے ساتھ قتل کر دیا۔

- یہ حملہ، قریش کی طرف سے صلحِ حدیبیہ کی کھلی مخالفت تھی، نیز بنو خزاعہ پر حملہ کرنا درحقیقت مسلمانوں پر حملہ کرنے جیسا تھا؛ کیوں کہ وہ مسلمانوں کے حلیف تھے۔ اِس حادثے کے بعد قبیلۂ بنو خزاعہ کے سردار عمرو بن سالم چالیس آدمیوں کے ساتھ فریاد کرنے اور مدد طلب کرنے کے لیے مدینۂ منورہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں حاضر ہوئے۔ اِس واقعے کے بعد اہلِ مکہ کے سامنے ہتھیار اٹھانا اور مکۂ مکرمہ کو فتح کرنا نہایت ضروری ہو گیا۔[1]
- اِس کے باوجود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کفارِ مکہ پر فوراً حملہ نہیں کیا؛ بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کے پاس اپنا ایک قاصد بھیج کر اُن کے سامنے یہ تین شرطیں پیش فرمائیں۔ [۱] قریش، بنو خزاعہ کے مقتولوں کا خون بہا ادا کرے۔ [۲] یا قبیلۂ بنو بکر کی حمایت سے الگ ہو جائے۔ [۳] یا پھر یہ اعلان کر دے کہ حدیبیہ کا معاہدہ ٹوٹ گیا اور فرمایا کہ قریش اِن تینوں شرطوں میں سے جو شرط چاہیں منظور کر لیں۔
- یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی امن پسندی تھی کہ ایسے سنگین حالات میں بھی آپ نے حتی الامکان جنگ ٹالنے کی کوشش کی؛ مگر قریش نے نہایت سختی کے ساتھ یہ جواب دیا کہ نہ ہم خون بہا ادا کریں گے اور نہ ہی بنو بکر کا ساتھ چھوڑیں گے، ہاں ہم یہ اعلان کرتے ہیں کہ حدیبیہ کا معاہدہ ٹوٹ گیا۔

**سوال:** جب قریش نے ''صلحِ حدیبیہ کا معاہدہ توڑ ڈالا'' تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ''کیا فیصلہ کیا''؟

**جواب:** اُس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انتہائی خاموشی اور راز داری کے ساتھ مسلمانوں اور اپنے حلیف قبیلوں کو جنگ کی تیاری کرنے کا حکم دیا اور امّ المومنین حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ کو جنگ کے ہتھیار نکالنے کا حکم دیا؛ مگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم

[1] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۳۲۷۔۳۲۸

نے کسی سے یہ نہیں بتایا کہ جنگ کن سے کرنی ہے۔ مقصد یہ تھا کہ اہلِ مکہ کو مسلمانوں کی تیاری کی خبر نہ ہونے پائے اور اُن پر اچانک حملہ کر دیا جائے۔[۱]

**سوال:** ''کس تاریخ میں کتنے مجاہدین کے ساتھ'' حضور صلی اللہ علیہ وسلم مدینۂ منورہ سے مکۂ مکرمہ کی طرف روانہ ہوئے؟

**جواب:** ۱۰؍رمضان ۸ھ کو حضور رحمتِ عالم، فخرِ بنی آدم صلی اللہ علیہ وسلم دس ہزار کا لشکرِ پُر انوار لے کر مکۂ مکرمہ کی طرف روانہ ہوئے؛ لیکن وہاں پہنچتے پہنچتے اِس لشکر کی تعداد بڑھ کر بارہ ہزار ہوگئی۔[۲]

## پانچویں فصل: رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اَخلاقِ حَسَنہ — تفہیم

**سوال:** حضور رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ''صلہ رحمی'' کس اعلیٰ شان کی تھی؟ رہنمائی فرمائیں!

**جواب:** حضور رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ازواجِ مطہرات، اپنے اَصحاب، اپنے اَحباب، اپنے رشتے داروں اور اپنے پڑوسیوں کے ساتھ حتیٰ کہ اپنے رشتے داروں کے احباب کے ساتھ بھی صلہ رحمی فرماتے تھے اور سب کے ساتھ ایسی مِلن ساری کا برتاؤ کرتے تھے کہ ہر ایک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اَخلاقِ حسنہ کا گرویدہ اور مدّاح تھا۔ خادِمِ خاص حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ

- مَیں نے دس سال تک سفر و حضر [وطن] میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کا شرف حاصل کیا؛ مگر کبھی بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ مجھے ڈانٹا، نہ جھڑکا اور نہ کبھی یہ فرمایا کہ تو نے فلاں کام کیوں کیا اور فلاں کام کیوں نہیں کیا؟[۳]

**سوال:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صلہ رحمی سے متعلق ''چند واقعات'' بیان کریں!

**جواب:** حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

- بارگاہِ رسالت میں جب کوئی شخص ہدیہ پیش کرتا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے: یہ فلاں خاتون کو پہنچا دو؛ کیوں کہ وہ میری شریکۂ حیات خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی سہیلی تھی اور وہ خدیجہ سے محبت کرتی تھی۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے، آپ فرماتی ہیں:

- ایک دن ایک خاتون حاضرِ خدمت ہوئیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کی آمد پر بڑی مسرت کا اظہار فرمایا اور اُن کے حالات اَحسن طریقے سے دریافت کیے۔ جب وہ چلی گئیں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ وہ خاتون ہے جو [میری بیوی] خدیجہ رضی اللہ عنہا کے زمانے میں اکثر حاضر ہوا کرتی تھی۔[۴]

جو پیغمبر اپنی مقدس بیویوں کی سہیلیوں کے ساتھ اِس قدر حسنِ سلوک کا مظاہرہ کرتے ہوں، وہ خود اپنی بیویوں کے ساتھ کس حسنِ معاشَرت سے پیش آتے ہوں گے، اِس کا اندازہ بخوبی لگایا جاسکتا ہے۔

---

[۱] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۳۳۳
[۲] ملخصاً من شرح الزرقانی علی المواہب، ج: ۲، ص: ۳۰۰
[۳] شرح الزرقانی، ج: ۴، ص: ۲۶۶
[۴] ضیاء النبی، ج: ۵، ص: ۳۶۴

- غزوۂ ہوازِن کے جنگی قیدیوں میں حضور ﷺ کی رضاعی بہن شیما بھی شامل تھیں۔ اُنھوں نے حضور ﷺ کی بارگاہ میں آکر عرض کیا:

حضور! مَیں آپ کی رضاعی بہن شیما ہوں۔ یہ سن کر حضور ﷺ نے اُن کے لیے اپنی چادر بچھائی، اُن کو چادر کے اوپر بٹھایا، پھر اُن سے فرمایا:

- اگر تم پسند کرو تو ہمارے پاس ہی قیام کرو، ہم تمھاری عزت و تکریم کریں گے اور تمھارا پورا خیال رکھا جائے گا اور اگر واپس اپنے گھر والوں کے پاس جانا چاہو تو ہم انعام و اکرام کے ساتھ واپس کر دیں گے۔

انھوں نے عرض کی:

- **یا رسول اللہ!** مَیں اپنے اہلِ خانہ کے پاس جانا چاہتی ہوں۔ حضور ﷺ نے ساز و سامان دے کر اُنھیں عزت و احترام کے ساتھ واپس جانے کی اجازت دے دی۔[1]

## چھٹی فصل — گوشۂ اہلِ بیتِ اَطہار علیٰ نبینا وعلیہم الصلاۃ والسلام — تفہیم

**سوال:** حضور ﷺ کی تیسری زوجۂ محترمہ **"حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ"** رضی اللہ عنہا کی سیرتِ پاک اختصاراً بیان کریے!

**جواب:** حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ، حضرت سیدنا صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہا کی نورِ نظر ہیں۔ حضور ﷺ نے اِعلانِ نبوت کے دسویں سال، ماہِ شوّال المکرم میں، ہجرت سے تین سال قبل، اِن سے نکاح فرمایا۔ ازواجِ مطہرات میں تنہا یہی کنواری تھیں اور بارگاہِ نبوت میں سب سے زیادہ محبوب بھی۔

**سوال:** اُمُّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ کی **"فضیلت"** بیان کریں!

**جواب:** تمام اَزواجِ مطہرات میں **"فقہ و حدیث"** کے علوم میں اِن کا درجہ سب سے بلند ہے۔ اِن سے دو ہزار دو سو دس حدیثیں مروی ہیں، جن میں ایک سَو چوہتر حدیثیں بخاری و مسلم میں ہیں، چوّن حدیثیں صرف بخاری میں ہیں اور اَڑسٹھ حدیثیں تنہا امام مسلم نے روایت کی ہیں۔ باقی حدیثیں حدیث کی دوسری کتابوں میں مذکور ہیں۔[2]

**سوال:** آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی چند **"خصوصیات"** شمار کرائیں!

**جواب:** آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی متعدّد خصوصیات میں سے چند یہ ہیں:

- آپ رضی اللہ عنہا کے علاوہ ازواجِ مطہرات میں سے کسی کے ماں باپ دونوں کو ہجرت کا شرف نہیں مِلا۔
- اللہ رب العزت نے آپ رضی اللہ عنہا کی پاک دامنی پر قرآنِ مقدس کی آیتیں نازل فرمائیں۔
- آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی گود میں حضور ﷺ نے وصال فرمایا اور آپ ہی کا حجرۂ مقدسہ حضور ﷺ کا مدفن بنا۔[3]

---

[1] ملخصاً از ضیاء النبی، ج: ۵، ص: ۳۶۵
[2] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۵۱۵
[3] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، : ۵۱۵۔۵۱۶

**سوال:** حضرتِ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا ''وصال'' کب اور کہاں ہوا؟

**جواب:** آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال ۱۷ ؍رمضان المبارک سن ۵۷ ؍ہجری منگل کے دن، مدینۂ منورہ میں ہوا، حضرت سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نمازِ جنازہ پڑھائی اور جنۃ البقیع میں، دیگر ازواجِ مطہرات کے پہلو میں دفن کیا گیا۔[1]

**سوال:** ام المؤمنین ''حضرت سیدتنا حفصہ بنت فاروقِ اعظم'' رضی اللہ عنہا کی شخصیت پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** آپ رضی اللہ عنہا، خلیفۂ دوم حضرت عمر فاروقِ اعظم اور حضرت زینب بنت مظعون رضی اللہ عنہما کی دخترِ نیک اختر ہیں۔ اِن کے شوہر ''حضرت خنیس بن حذافہ'' جنگِ بدر یا جنگِ احد میں زخمی ہو کر وفات پا گئے تھے۔ اِن کی قسمت کا ستارا چمکا اور تین ہجری میں سیدِ کائنات ﷺ نے اِن سے نکاح فرما کر اِنھیں ''امہات المؤمنین'' کے مبارک زمرے میں شامل فرمایا۔

**سوال:** حضرت سیدتنا حفصہ رضی اللہ عنہا کی ''چند خوبیاں'' بیان فرمائیں!

**جواب:** آپ رضی اللہ عنہا انتہائی بلند ہمت اور سخاوت شعار خاتون تھیں۔ صوم وصلاۃ، تلاوتِ قرآن مجید اور قسم قسم کی عبادتوں میں مصروف رہا کرتی تھیں، بہت بڑی عبادت گزار ہونے کے ساتھ ساتھ ''فقہ وحدیث'' میں بھی ایک ممتاز درجہ رکھتی تھیں۔ اِن سے رسول اللہ ﷺ کی ساٹھ حدیثیں مروی ہیں جو مختلف کتبِ احادیث میں مذکور ہیں۔ ترسٹھ برس کی عمر میں، ماہِ شعبان المعظم ۴۵ھ میں، مدینۂ منورہ میں وفات پا کر جنۃ البقیع میں مدفون ہوئیں۔[2]

## ساتویں فصل — عام دینی معلومات — تفہیم

**سوال:** وہ چار ہستیاں کون سی ہیں [فقہی مسائل میں] جن کی تقلید [پیروی] دنیا کے تقریباً تمام مسلمان کرتے ہیں؟

**جواب:** وہ چار برگزیدہ ہستیاں یہ ہیں:

- امامِ اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت — امام مالک بن انس
- امام محمد بن ادریس شافعی — امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

جب ''ائمۂ مجتہدین'' یا ''ائمۂ اربعہ'' کہا جاتا ہے تو یہی چار ہستیاں مراد ہوتی ہیں۔

**سوال:** کیا اِنھی چاروں کی پیروی کرنے والے ''اہلِ سنت وجماعت'' [سنی] کہلائیں گے؟

**جواب:** جی ہاں! جو شخص اِن چاروں میں سے کسی ایک کی پیروی کرے وہ سنی ہے، بشرطے کہ اُس کے عقیدے درست ہوں، چوں کہ دیگر اِماموں کا ''فقہی مسلک'' محفوظ نہیں، اِس لیے اِن چار کے علاوہ کسی بھی ''امام مجتہد'' کی تقلید جائز نہیں۔

**سوال:** کیا ''سنی'' ہونے کے لیے اِن چاروں میں سے کسی ایک کی پیروی کرنا لازم ہے؟

---

[1] سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۵۱۷ [2] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۵۱۸

جواب: علمائے کرام کا اتفاق ہے کہ اہلِ سنت پر اِن چاروں میں سے کسی ایک کی پیروی کرنا لازم ہے، اگر کسی نے اِن کے علاوہ کسی اور کی پیروی کی تو اُس کی گمراہی یقینی ہے۔

سوال: کیا ایک ساتھ "اِن چاروں" کی پیروی نہیں کر سکتے؟

جواب: ایک ساتھ چاروں کی پیروی نہیں ہوسکتی؛ کیوں کہ مثلاً ایک چیز سے کسی امام کے نزدیک وضو فاسد ہوجاتا ہے، جب کہ اُسی چیز سے دوسرے امام کے نزدیک فاسد نہیں ہوتا۔ ظاہر ہے کہ ایک مقلد، ان دونوں باتوں پر عمل نہیں کرسکتا۔

سوال: کیا یہ ممکن ہے کہ بعض مسائل میں ایک امام کی اور بعض دوسرے مسائل میں دوسرے امام کی تقلید کی جائے؟

جواب: یہ ممکن تو ہے؛ مگر جائز نہیں۔ ایسا کرنے سے دین مذاق بن کر رہ جائے گا، ایسا کرنے سے کئی خرابیاں لازم آئیں گی:

**پہلی خرابی:** یہ ہے کہ یہ، حقیقت میں امام کی نہیں؛ بلکہ اپنے نفس کی تقلید ہوگی۔ کسی مسئلے میں امام ابوحنیفہ کا اجتہاد پسند آیا تو اُن کی پیروی کرلی اور کسی دوسرے مسئلے میں امام شافعی کا اجتہاد پسند آیا تو اُن کی تقلید کرلی۔ یہی تو "نفس کی پیروی" ہے۔

**دوسری خرابی:** یہ ہے کہ، اِس فعل کا حرام ہونا قرآنِ مجید کی نص سے ثابت ہے؛ کیوں کہ قرآن نے ہمیں ایک ہی طریقہ اختیار کرنے اور چند راستوں کی پیروی نہ کرنے کا حکم دیا ہے۔ ارشاد فرمایا: لَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيْلِهٖ [1]

ترجمہ: چند راستوں پر مت چلو ورنہ اُس کے راستے سے ہٹ جاؤ گے۔

- اور یہ طے شدہ بات ہے کہ ایک ساتھ کئی راستوں پر چلنے والا منزلِ مقصود تک نہیں پہنچ پاتا۔ لٰہذا رب تعالیٰ کی بارگاہ تک رَسائی "صرف ایک امام کی پیروی" سے حاصل ہوگی۔

سوال: "تقلید کے حق ہونے" کی سب سے واضح دلیل کیا ہے؟

جواب: تقلید کے حق اور واجب ہونے کی بے شمار دلیلوں میں سے ایک واضح دلیل یہ ہے کہ ہمارے نبی ﷺ نے فرمایا:

- اللہ تعالیٰ میری امت کو گمراہی پر جمع نہ کرے گا، اللہ کی نصرت وحمایت بڑی جماعت کے ساتھ ہے، جو جماعت سے الگ ہوگا اُسے دوزخ میں پھینک دیا جائے گا۔[2]
- اِس سے ثابت ہوا کہ تقلید کرنے والے حق پر ہیں؛ کیوں کہ پورے عالمِ اسلام کے مسلمان چاروں اماموں میں سے کسی نہ کسی امام کے مقلد ضرور ہیں اور اوپر کی حدیث بتا رہی ہے کہ مسلمان کبھی بھی گمراہی پر جمع نہیں ہوسکتے۔

---

[1] سورۂ انعام، آیت نمبر: ۱۵۳

[2] الجامع للامام الترمذی، باب ماجآء فی لزوم الجماعۃ، رقم الحدیث: ۲۳۲۰

# گیارہواں سبق

## پہلی فصل — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** ''کن مسائل میں'' تقلید کی جاتی ہے اور کن مسائل میں نہیں کی جاتی؟

**جواب:** شرعی مسائل تین طرح کے ہیں [۱] عقائد [۲] وہ احکام جو قرآن و حدیث سے واضح طور پر ثابت ہوں اور اُن میں اجتہاد کی گنجائش نہ ہو۔ [۳] وہ احکام جو صراحت کے ساتھ قرآن و حدیث سے ثابت نہ ہوں؛ بلکہ ائمۂ مجتہدین نے اُنھیں اجتہاد یعنی خوب غور وفکر کرنے کے بعد نکالا ہو۔

- ''عقائد'' میں کسی کی تقلید جائز نہیں؛ لہٰذا اگر کوئی سوال کرے کہ ''توحید و رسالت تم نے کیسے مانی''؟ تو یہ نہیں کہا جائے گا کہ ''امام اعظم'' علیہ الرحمہ کے فرمانے سے مانی؛ بلکہ یوں کہا جائے گا کہ ''توحید و رسالت پر دلالت کرنے والی آیات و احادیث سے ہم نے توحید و رسالت کو مانا''۔ کیوں کہ عقائد میں تقلید نہیں ہوتی۔
- ''صریح احکامِ شرع'' میں بھی کسی کی تقلید جائز نہیں۔ پانچ نمازیں، نماز کی رکعتیں، تیس روزے، روزوں میں کھانے اور پینے کا حرام ہونا ایسے مسائل ہیں جن کا ثبوت قرآن و حدیث سے صراحتاً ہے؛ لہٰذا یہ نہیں کہا جائے گا کہ ''ہم پانچ نمازیں اسی لیے مانتے ہیں کہ ہمارے امام نے فرمایا ہے''؛ بلکہ اِس کے ثبوت کے لیے قرآنِ پاک کی آیت یا حدیثِ پاک پیش کریں گے۔
- جو مسائل قرآن و حدیث یا اِجماعِ امت سے اِجتہاد کرکے نکالے گئے ہیں اُن میں غیر مجتہد پر ''کسی مجتہد'' کی تقلید و پیروی کرنا لازم و ضروری ہے۔ اِس تفصیل سے معلوم ہو گیا کہ کون سے مسائل ''تقلیدیہ'' ہیں اور کون سے نہیں۔[۱]

**سوال:** ''تقلیدِ شخصی کے واجب ہونے پر'' کوئی دلیل پیش کریں!

**جواب:** تقلیدِ شخصی کے وجوب پر علمائے اہلِ سنت کے پاس دلائل کے انبار ہیں، صرف ایک دلیل ملاحظہ فرمائیں!

مشکاۃ المصابیح اور صحیح بخاری کے اندر یہ روایت ہے کہ حضرت سیدنا ابو موسیٰ اشعری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے حضرت سیدنا عبد اللہ بن مسعود رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں ارشاد فرمایا:

- لَا تَسْئَلُوْنِیْ مَا دَامَ هٰذَا الْحِبْرُ فِیْكُمْ[۲]

---

[۱] ملخصاً از جاء الحق، ج:۱، ص:۲۱

[۲] الصحیح للامام البخاری، کتاب الفرائض، باب میراث ابنۃ ابن مع ابنۃ، رقم الحدیث: ۶۷۳۶

ترجمہ: جب تک تم میں یہ ''علامہ'' رہیں، تم لوگ مجھ سے شرعی مسائل نہ پوچھا کرو۔

- اِس روایت سے پتہ چلا کہ صحابۂ کرام بھی مسائلِ فقہیہ میں ایک دوسرے کی پیروی کیا کرتے تھے، چناں چہ حضرت ابوموسیٰ اشعری نے لوگوں کو حضرت عبداللہ بن مسعود کی تقلید کرنے کا حکم دیا۔

**سوال:** تقلید کے واجب ہونے پر ''عقلی دلیل'' پیش کریں!

**جواب:** انسان دنیا کا کوئی بھی کام دوسرے کی پیروی کیے بغیر نہیں کرسکتا۔ ہر فن میں ''ماہرینِ فن'' ہی کی پیروی کی جاتی ہے۔ دین کا معاملہ تو دنیا سے بہت زیادہ اہم اور مشکل ہے؛ لہٰذا دین کے معاملات میں بھی اُنھی کی پیروی کرنی ہوگی جو دین کے ماہر ہیں۔

- جس طرح علمِ حدیث میں محدثین کی پیروی میں حدیثوں کو ضعیف یا صحیح کہا جاتا ہے، جس طرح قرآنِ مجید کی قراءت میں ائمۂ قراءت کی تقلید کی جاتی ہے اور جس طرح نماز میں ایک امام کی اقتدا کی جاتی ہے، اِسی طرح فقہی مسائل میں بھی کسی ایک امام و مجتہد کی تقلید کی جائے گی؛ کیوں کہ انسان ہر کام میں مقلد ہے۔ ''میرا چیلنج ہے کہ تقلید کا انکار کرنے والے ایک کام بھی کسی کی تقلید کیے بغیر انجام نہیں دے سکتے''۔

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

''نکاح'' سے کیا مراد ہے اور اِس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

''نکاح'' اُس خاص عَقْد [معاملے] کو کہتے ہیں جو مَرد اور عورت کے مابین [درمیان] اِس لیے قائم ہوتا ہے؛ تاکہ دونوں کے درمیان زوجیت [میاں بیوی ہونے] کا تعلق قائم ہوجائے۔ جو شخص حقِّ مہر اور نفقہ کی قدرت رکھتا ہو اُس کے نکاح کرنے کی تفصیل یہ ہے کہ

- اگر اُسے یقین ہو کہ نکاح نہ کرنے کی صورت میں اُس سے معاذ اللہ زِنا سرزد ہوجائے گا تو نکاح کرنا ''فرض'' ہے۔
- اگر یقین نہیں صرف اَندیشہ [خوف] ہے تو نکاح کرنا ''واجب'' ہے۔
- اگر شہوت کا بہت زیادہ غلبہ نہ ہو؛ بلکہ اعتدال کی حالت ہو تو نکاح کرنا ''سنتِ مؤکَّدہ'' ہے۔
- اگر اِس بات کا اندیشہ ہے کہ نکاح کرے گا تو نان و نفقہ نہ دے سکے گا یا نکاح کے بعد سَر پر آنے والی ذمے داریوں کو ادا نہ کرسکے گا تو نکاح کرنا ''مکروہ'' ہے۔
- اور اگر یقین ہو کہ نان و نفقہ برداشت نہ کرسکے گا تو نکاح کرنا ''حرام'' ہے۔[۱]

**سوال:** جو لوگ نان و نفقہ پر قادر نہ ہوں؛ لیکن ''شہوت کا غلبہ اور زِنا میں مبتلا ہوجانے کا خوف ہو'' وہ کیا کریں؟

---

[۱] انوار الحدیث، ص: ۲۶۴

**جواب:** ایسے لوگ روزہ رکھا کریں۔ روزے اُن کی شہوت کو توڑ کر اُنھیں زِنا جیسی ہلاکت خیز معصیت سے بچائیں گے۔ ہمارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:

- اے نوجوانو! تم میں سے جو شخص نکاح کرنے کی استطاعت رکھتا ہو وہ نکاح کرے؛ کیوں کہ نکاح نگاہ کو [اجنبی عورتوں سے] روکنے والا اور شرم گاہ کی حفاظت کرنے والا ہے اور جس میں نکاح کرنے کی استطاعت نہ ہو وہ روزہ رکھے، اِس لیے کہ روزہ شہوت کو توڑ دیتا ہے۔[1]

**سوال:** نکاح ''کس طرح کے زَوجین'' کے مابین قائم ہوسکتا ہے؟

**جواب:** عقدِ نکاح خوش عقیدہ مسلمان مرد اور عورت کے درمیان ہی قائم ہوسکتا ہے۔ کسی مومن مرد و زَن [عورت] کا نکاح نہ کسی دوسرے مذہب والے سے ہوسکتا ہے اور نہ کسی زِندیق و مرتد سے۔ خود کو مسلمان کہنے والے ''وہابیوں، دیو بندیوں، رافضیوں، قادیانیوں'' جیسے بد دینوں سے بھی کسی خوش عقیدہ سنی مسلمان کا نکاح ہر گز نہیں ہوسکتا۔

**سوال:** ''ہم سفر'' کے انتخاب میں کس چیز کو ''معیار'' [کسوٹی] بنانا چاہیے!

**جواب:** شریعتِ اسلامیہ نے نکاح کے ذریعے ہم سفر منتخب کرنے میں ''دین داری'' کو معیار قرار دیا ہے۔ لہٰذا مرد اور عورت دونوں کو ایسا ''ہم سفر'' چُننا چاہیے جو ''نیک سیرت اور دین دار'' ہو۔ رسولِ پاک صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:

- اَلدُّنْیَا کُلُّهَا مَتَاعٌ وَخَیْرُ مَتَاعِ الدُّنْیَا اَلْمَرْأَةُ الصَّالِحَةُ۔[2]

ترجمہ: ساری دنیا ایک متاعِ زندگی ہے اور دنیا کی بہترین متاع نیک عورت ہے۔

## تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب — تفہیم

**سوال:** ''زُھد'' کی حقیقت کیا ہے؟

**جواب:** دنیا کی مرغوب [پسندیدہ] چیزوں سے بے رغبت [بے تعلق] ہو کر مالکِ حقیقی کی طرف رغبت کرنے کا نام ''زُھد'' ہے۔ یہ صفت مومن کو دنیا کی تباہ کاریوں سے بچا کر رب تعالیٰ کا محمود و مقبول [پیارا] بندہ بناتی ہے۔ جو خوش نصیب مومن اِس عظیم الشان خوبی سے مُتَّصِف ہوتا ہے اُسے ''زاہد'' کہا جاتا ہے۔

**سوال:** ''زُھد'' کے ''کتنے درجات'' ہیں؟

**جواب:** ''زُھد'' کے مندرجہ ذیل ''تین درجات'' ہیں:

- **پہلا درجہ:** یہ ہے کہ مومن دنیا سے بے رغبت ہونے کے لیے مجاہدہ [محنت] تو کرے؛ لیکن اُسے دنیا کی تمنا ہو۔ ایسے شخص کو ''مُتَزَهِّد'' کہا جاتا ہے اور متزہد خطرے میں ہوتا ہے؛ کیوں کہ کبھی کبھی اُس پر نفس غالب آجاتا ہے۔ لہٰذا یہ ''زُھد'' کا سب سے ادنیٰ درجہ ہے۔

---

[1] الصحیح للامام البخاری، ج:۲، ص:۷۵۸ [2] الصحیح للامام مسلم، ج:۱، ص:۴۷۵

- **دوسرا درجہ:** یہ ہے کہ مومن اپنی خوشی سے دنیا کو ترک کرے یعنی آخرت کے مقابلے میں دنیا کو حقیر سمجھتے ہوئے چھوڑ دے اور خود کو "زاہد" تصور کرے۔ یہ "زُھد" کا دوسرا درجہ ہے۔ یہ درجہ بھی خطرناک ہے؛ کیوں کہ بعض اوقات زاہد خود پسندی کا شکار ہو جاتا ہے اور اپنے "زُھد" پر اِترانے لگ جاتا ہے۔
- **تیسرا درجہ:** یہ ہے کہ مومن اپنی خوشی سے زہد اختیار کرے اور اپنے زہد میں بھی زہد اختیار کرے یعنی اپنے زہد کی طرف بالکل متوجہ نہ ہو۔ یہ "زُھد" کا سب سے اعلیٰ درجہ ہے اور ایسا انسان "زاہدِ کامل" کہلاتا ہے۔[1]

**سوال:** "زُھد" کی فضیلت پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** مندرجہ ذیل آیات واحادیث سے "زُھد" کی فضیلت ثابت ہوتی ہے۔

- اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۔[2]

ترجمہ: بے شک ہم نے زمین کی تمام چیزوں کو زمین کے لیے زینت بنایا؛ تاکہ ہم اُنھیں [لوگوں کو] آزمائیں کہ اُن میں سے کون اچھا عمل کرتا ہے۔

- ترجمہ: جو شخص آخرت کی کھیتی کا ارادہ کرے ہم اُس کی کھیتی میں اضافہ کریں گے اور جو دنیا کی کھیتی چاہتا ہے ہم اُسے اُس میں سے دیں گے اور اُس کے لیے آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہوگا۔[3]

حضور رحمتِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

- اگر تم چاہتے ہو کہ اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرے تو دنیا میں زہد یعنی دنیا سے بے رغبتی اختیار کرو۔[4]
- جو شخص دنیا میں "زُھد" اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اُس کے دل میں حکمت داخل کر کے، اُس کی زبان پر اُسے جاری فرما دیتا ہے، نیز اُسے دنیا کی بیماری اور اُس کے علاج کی پہچان کرا دیتا ہے اور اُسے دنیا سے صحیح و سالم نکال کر سلامتی کے گھر پہنچا دیتا ہے۔[5]

## چوتھی فصل: گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم — تفہیم

**سوال:** راستے میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جس "شانِ رحیمی" کا مظاہرہ فرمایا، اُسے بیان فرمائیے!

**جواب:** راستے میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچا حضرت سیدنا عباس رضی اللہ عنہ، اپنے بھائی حارث بن عبد المطلب کے بیٹے "ابو سفیان بن حارث" اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پھوپھی زاد بھائی "عبد اللہ بن ابو امیہ" کو لے کر بارگاہِ رسالت میں حاضر

---

[1] ملخصاً از احیاء العلوم، ج: ۴، ص: ۵۰۴-۵۰۵ [2] سورۂ کہف، آیت نمبر: ۷ [3] سورۂ شوریٰ، آیت نمبر: ۲۰
[4] السنن للامام ابن ماجہ، ابواب الزہد، ص: ۳۱۱ [5] ملخصاً از احیاء العلوم، ج: ۴، ص: ۴۹۵

ہوئے؛ مگر آقائے کریم ﷺ نے اِن دونوں سے ملاقات کرنے سے انکار کر دیا؛ کیوں کہ انھوں نے آپ ﷺ کو بہت زیادہ اِیذائیں پہنچائی تھیں، خصوصاً ابوسفیان بن حارث نے تو آپ کی شانِ اقدس میں سخت ترین گستاخیاں کی تھیں، جن سے آپ کا دل انتہائی زخمی ہوا تھا۔

- جب حضور ﷺ نے اِنھیں اپنی بارگاہ میں آنے کی اجازت نہیں دی تو اُن دونوں نے حضرت ام المومنین ام سلمہ اور شیرِ خدا مولا علی رضی اللہ عنہما کی بارگاہ میں آکر سفارش کی درخواست کی۔ اِن دونوں کی پرزور سفارش سے حضور ﷺ کے رحمت بھرے دل میں عفو و درگزر کے سمندر موجیں مارنے لگے اور آپ ﷺ نے اِنھیں معافی کا پروانہ عطا فرماتے ہوئے اپنی زبانِ اقدس سے یہ جملے ارشاد فرمائے:
- جاؤ! آج تم سے کوئی مواخذہ نہیں ہے، اللہ تمھیں معاف کرے، وہ ارحم الراحمین ہے۔ **سبحان اللہ۔**

**سوال:** فتحِ مکہ کے دن **"اسلامی لشکر کا جاہ وجلال"** کیسا تھا؟ اختصار کے ساتھ بیان کریے!

**جواب:** فتحِ مکہ کے موقع پر اِسلامی لشکر کا جاہ وجلال **"قابلِ دید"** تھا۔ مجاہدینِ اسلام کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر دیکھ کر کفارِ مکہ کے **"کلیجے خوف ودہشت سے پھٹے جا رہے تھے"**۔ لشکرِ اسلام ایسی نرالی آن بان سے چلا جا رہا تھا کہ دیکھنے والوں کے دل دہل رہے تھے اور بڑے بڑے سورماؤں کے پِتّے پانی ہوئے جا رہے تھے۔ **"اللہ اکبر"** کی پُر انوار صداؤں سے مکۂ مکرمہ کے گلی کوچے منوّر ہو رہے تھے۔

**سوال:** مکۂ مکرمہ میں داخل ہونے کے بعد آقائے دوجہاں ﷺ نے **"سب سے پہلے کون سا فرمان"** جاری کیا؟

**جواب:** بانیِ کعبہ کے جانشیں حضور رحمتِ عالم ﷺ نے نہایت شان وشوکت کے ساتھ مکۂ مکرمہ میں نزولِ اِجلال فرما کر سب سے پہلے جو فرمان صادر فرمایا اُس کے لفظ لفظ سے رحمتوں کے دریا موجیں مار رہے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

- جو شخص ہتھیار ڈال دے اُس کے لیے اَمان ہے۔ جو شخص اپنا دروازہ بند کر لے اُس کے لیے امان ہے۔
- جو کعبہ میں داخل ہو جائے اُس کے لیے امان ہے۔ جو ابوسفیان کے گھر میں داخل ہو جائے اُس کے لیے بھی امان ہے۔

اِس کے بعد آپ ﷺ حضرت علی کی بہن **"اُمِّ ہانی بنت ابوطالب"** کے مکان پر تشریف لائے، غسل فرمایا اور آٹھ رکعت نمازِ چاشت پڑھی۔ حضور ﷺ کے مطالبے پر حضرت اُمِّ ہانی نے نمک اور سرکہ کے ساتھ سوکھی روٹیاں پیش کیں۔ آپ ﷺ نے پانی سے نرم کرنے کے بعد اُنھیں تناول فرمایا، خدا کا شکر ادا کیا اور حرم شریف تشریف لا کر، کعبۂ مقدسہ کا طواف کیا اور حجرِ اسود کو بوسہ دیا، پھر کعبہ کو بتوں سے پاک فرمایا اور اندر جا کر دو رکعت نماز ادا فرمائی۔[1]

---

[1] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۳۴۵-۳۴۶

## پانچویں فصل — رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اَخلاقِ حَسَنہ — تفہیم

**سوال:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ''شانِ صداقت وامانت'' پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** اِعلانِ نبوت سے پہلے ہی آقائے کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے معاشرہ میں ''امین وصادق'' کے القاب سے مشہور ومعروف تھے۔ امانت، پاکیزگی، سچائی اور عدل محبوبِ ربُّ العالمین کی وہ صفات ہیں کہ اُن کے خون کے پیاسے اور اسلام کا نام ونشان مٹانے کے لیے جان کی بازی لگانے کے لیے ہمہ وقت تیار رہنے والے کٹّر دشمنانِ دین بھی اِن صفات کا انکار نہیں کرسکتے تھے؛ بلکہ ببانگ دہل یہ تسلیم کرتے تھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ سچا اور امین کوئی نہیں ہے۔

**سوال:** کم از کم دو ایسے شواہد پیش کریے! جن سے ثابت ہوتا ہو کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اعلانِ نبوت سے قبل ہی ''امین وصادق'' کے گراں قدر القاب سے مشہور تھے۔

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں:

**شاہدِ اوّل:** جب کعبہ شریف کی پہلی عمارت پے در پے سیلابوں سے شکستہ ہوگئی تو اہلِ مکہ نے کعبہ کو از سرِ نَو تعمیر کرنے کا پروگرام بنایا۔ جب اُس کی بنیادیں مقامِ حجرِ اسود تک پہنچ گئیں تو ہر قبیلہ حجرِ اسود کو اُس کے مقام پر رکھنے کا شرف حاصل کرنے کا خواہش مند ہوا۔ بات اِس قدر بڑھی کہ اُن کے درمیان خون ریز جنگ ہونے کی نوبت آ گئی۔ بالآخر سب نے اِس تجویز سے اتفاق کیا کہ کل صبح جو سب سے پہلے حرم میں داخل ہوگا وہ جو فیصلہ کرے گا تمام قبیلے والے اُسے دل وجان سے قبول کریں گے۔

چناں چہ سب لوگ شدت کے ساتھ صبح کا انتظار کرنے لگے، جب صبح ہوئی تو کیا دیکھتے ہیں کہ حرم میں سب سے پہلے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوئے ہیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ کر سب کے دل مطمئن ہوگئے اور وہ سب کے سب یک زبان ہوکر بے ساختہ پکار اُٹھے:

- هٰذَا مُحَمَّدٌ الْاَمِيْنُ قَدْ رَضِيْنَا بِهٖ۔ یہ محمد مصطفیٰ ہیں جو امین ہیں، ہم اِن کے فیصلے سے راضی ہیں۔

یہ اِس بات کی پختہ دلیل ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شہر میں اپنا بچپن، لڑکپن اور جوانی گزاری تھی اُس شہر کے لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت وامانت کے قائل تھے۔[1]

**شاہدِ دوم:** ابوجہل جیسا دشمنِ حق بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت کو تسلیم کرتا تھا۔ سیدنا علی مولائے کائنات رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ایک دن ابوجہل حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں حاضر ہوا اور کہنے لگا: ہم آپ کو نہیں جھٹلاتے؛ بلکہ اُس دین کو جھٹلاتے ہیں جو آپ لے کر آئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اُس کی اِس بات کی تصدیق کرتے ہوئے یہ آیتِ کریمہ نازل کی:

---

[1] ملخصاً از ضیاء النبی، ج:۵، ص:۳٦٨

فَاِنَّهُمۡ لَا یُکَذِّبُوۡنَکَ وَلٰکِنَّ الظّٰلِمِیۡنَ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ یَجۡحَدُوۡنَ ۔[1]

ترجمہ: اے محبوب! وہ آپ کی تکذیب نہیں کرتے؛ لیکن یہ ظالم لوگ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں۔

## چھٹی فصل — گوشۂ اہلِ بیتِ اَطہار علیٰ نبینا وعلیہم الصلاۃ والسلام — تفہیم

**سوال:** ام المومنین "حضرت سیدتنا ام سلمہ" رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مختصر حالات بیان فرمائیں!

**جواب:** آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نام "ھِنۡد" ہے؛ مگر آپ اپنی کنیت "اُمِّ سلمہ" سے زیادہ مشہور ہیں۔ آپ کے والد کا نام "حُذَیفہ" اور بعض کے نزدیک "سُہَیل" ہے، جب کہ والدہ کا نام "عاتکہ بنت عامر" ہے۔ اِن کے پہلے شوہر حضور ﷺ کے رضاعی بھائی "حضرت ابوسلمہ عبداللہ بن اسد" تھے۔ یہ دونوں میاں بیوی اعلانِ نبوت کے بعد بہت جلد دامنِ اسلام سے وابستہ ہوگئے، اسلام لانے کے بعد اِنھوں نے حبشہ اور اُس کے بعد مدینۂ منورہ کی جانب ہجرت کرنے کا شرف بھی حاصل کیا۔

- جب ۴ر ہجری میں اِن کے شوہر حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہا کا وصال ہوگیا تو حضور ﷺ نے اِن کی قربانیوں کی بنیاد پر، چند بچوں کی ماں ہونے کے باوجود، اِن سے نکاح فرمایا اور اِس طرح سے یہ "ام المومنین" کے معزز لقب سے سرفراز ہوئیں۔[2]

**سوال:** حضرت بی بی ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے "چند فضائل" بیان کریں!

**جواب:** حضرت سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا حسن و جمال کے ساتھ فہم و فراست کا بھی ایک بے مثال نمونہ تھیں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی رائے ہمیشہ درست ثابت ہوتی تھی۔ فقہ و حدیث میں بھی آپ کو بڑا کمال حاصل تھا۔ آپ رضی اللہ عنہا نے حضور ﷺ سے تین سو اٹھتر حدیثیں روایت کی ہیں اور حدیث کے معاملے میں بہت سے صحابہ و تابعین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین آپ رضی اللہ عنہا کے شاگرد ہیں۔

- آپ رضی اللہ عنہا چوراسی برس کی عمر پا کر مدینۂ منورہ میں فَوت ہوئیں اور جنت البقیع شریف میں ازواجِ مطہرات کے پہلو میں مدفون ہوئیں۔[3]

**سوال:** حضور ﷺ کی چھٹی زوجۂ کریمہ حضرت "سیدتنا ام حبیبہ" رضی اللہ تعالیٰ عنہا کون تھیں؟

**جواب:** آپ رضی اللہ عنہا کا اصلی نام "رملہ" ہے، آپ کے والد حضرت ابوسفیان بن حرب اور والدہ صفیہ بنت العاص ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہا پہلے "عبیداللہ بن جحش" کے نکاح میں تھیں، میاں بیوی دونوں نے اسلام قبول کیا اور دونوں ہجرت کر کے حبشہ چلے گئے تھے؛ مگر حبشہ میں عبیداللہ بن جحش پر نحوست طاری ہوئی اور وہ مرتد ہو کر شراب پینے کی حالت میں مر گیا؛ لیکن حضرت سیدتنا ام حبیبہ اسلام پر استقامت کے ساتھ ثابت قدم رہیں۔

---

[1] سورۂ انعام، آیت نمبر: ۳۳
[2] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۵۱۹۔۵۲۰
[3] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۵۲۱

- جب حضور ﷺ کو اُن کی حالت معلوم ہوئی تو آپ کے قلبِ نازک پر بے حد صدمہ گزرا اور اُن کی دل جوئی کے لیے آپ ﷺ نے اُنھیں اپنی زوجیت کا شرف بخشا۔

**سوال:** حضرت اُمِّ حبیبہ رضی اللہ عنہا "کس طرح آقائے کریم ﷺ کے نکاح میں آئیں"؟

**جواب:** آپ ﷺ نے ایک خط کے ذریعے حبشہ کے بادشاہ "نَجَاشِی" کو اپنے نکاح کا وکیل بنا دیا۔ نجاشی نے حضرت ام حبیبہ تک پیغام پہنچایا، پیغام سن کر اُن کی خوشی کا ٹھکانا نہ رہا، فوراً اپنے ماموں زاد بھائی خالد بن سعید کو اپنے نکاح کا وکیل بنا کر نجاشی کے پاس بھیج دیا۔

- نجاشی نے حبشہ میں موجود صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کو اپنی مجلس میں بلوا کر، اُن کے سامنے خطبۂ نکاح پڑھا اور چار سَو دینار مہر مقرر کر کے حضور ﷺ کا حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ نکاح کر دیا۔ نکاح کے بعد اُس نے اپنے پاس سے مہر کی رقم بھی ادا کی اور صحابۂ کرام کی پُر تَکلُّف دعوت بھی کی۔ اِس طرح سے حضرت ام حبیبہ کو "ام المومنین" کا معزز لقب مِلا۔[1]
- ۴۴ ہجری میں مدینۂ پاک کے اندر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات ہوئی اور جنت البقیع شریف میں ازواجِ مطہرات کے ساتھ مدفون ہوئیں۔[2]

## ساتویں فصل — عام دینی معلومات — تفہیم

**سوال:** کیا "اللہ کے ولیوں اور دین کے بزرگوں" نے بھی تقلید کی ہے؟

**جواب:** جی ہاں! آج تک جتنے بھی اولیاء اللہ اور بزرگانِ دین ہوئے ہیں وہ سب کسی نہ کسی امام کے "مقلد" تھے۔ دنیا کے تمام مسلمان جن کی ولایت پر متفق ہیں اُنھوں نے خود کو "ائمۂ مجتہدین کی تقلید" سے بَری نہیں سمجھا تو بھلا ہم اور آپ تقلید سے کیسے بَری ہوسکتے ہیں؛ بلکہ اگر تحقیق کی جائے تو کوئی بھی بزرگ ایسا نہ ملے گا جو واقعی بزرگ ہو اور تقلید کا انکاری ہو۔

**سوال:** چند عظیم بزرگوں کے نام شمار کرائیں "جنھوں نے تقلید اختیار کی ہو"۔

**جواب:** ابھی عرض کیا گیا ہے کہ تمام بزرگوں نے تقلید اختیار کی ہے، اب چند بزرگانِ دین کے اسمائے گرامی ملاحظہ فرمائیں!

- غوثِ اعظم شیخ عبد القادر جیلانی حنبلی۔
- حجۃ الاسلام امام محمد بن محمد غزالی شافعی۔
- امام المحدثین حضرت امام ابن جوزی حنبلی۔
- حضرت شیخ ابو اسحاق شیرازی شافعی
- حضرت داتا گنج بخش علی حنفی۔
- حضرت ابو البرکات احمد بن محمد مالکی۔
- سلطان الہند حضرت خواجہ غریب نواز حنفی۔
- حضرت قاضی محمد بن احمد مالکی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین

[1] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۵۲۱ تا ۵۲۳
[2] سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۵۲۳

سوال: چاروں اماموں کے مقلدین کو "کیا کہا جاتا ہے"؟

جواب: چاروں اماموں کے مقلدوں کو اُنھی کی جانب "منسوب" کیا جاتا ہے، مثلاً:

- حضرت سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ کے مقلد کو "حَنَفِی"
- حضرت سیدنا امام مالک بن انس کے مقلد کو "مَالِکِی"
- حضرت سیدنا امام محمد بن ادریس شافعی کے مقلد کو "شَافِعِی"
- اور حضرت سیدنا امام احمد بن حنبل کے مقلد کو "حَنْبَلِی" کہا جاتا ہے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

سوال: حضرت سیدنا امام اعظم رضی اللہ عنہ کا "نام، کنیت" اور "لقب" بیان کریں!

جواب: آپ کا نام "نعمان بن ثابت"، کنیت "ابوحنیفہ" اور لقب "امام اعظم" ہے۔

سوال: حضرت امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے "آبائی وطن" پر روشنی ڈالیں!

جواب: آپ رضی اللہ عنہ کے وطن سے متعلق متعدد روایتیں منقول ہیں۔ آپ کے دادا "کابل" یا "انبار" یا "ترمذ" کے رہنے والے تھے۔

سوال: آپ رضی اللہ عنہ کی "ولادت" کس سن میں ہوئی؟

جواب: ولادت سے متعلق خود امام اعظم ارشاد فرماتے ہیں: "مَیں ۸۰ ھجری" میں پیدا ہوا اور ۹۴ ھجری میں حضرت عبد اللہ بن اُنَیس کوفہ آئے تو مَیں نے اُنھیں دیکھا اور اُن سے حدیث سنی، اُس وقت میں "۱۴ سال" کا تھا۔

سوال: امام اعظم رضی اللہ عنہ نے چودہ سال کی عمر میں صحابی رسول حضرت عبد اللہ بن اُنیس سے "کون سی حدیث سنی"؟

جواب: آپ رضی اللہ عنہ نے اُنھیں فرماتے ہوئے سنا:

- میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: کسی شے سے محبت تمھیں اُس کا عیب دیکھنے سے اندھا اور سننے سے بہرا بنا دیتی ہے۔[۱]

## اللہ تبارک وتعالیٰ سے ملاقات کی خواہش رکھو!

عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللهِ أَحَبَّ اللهُ لِقَاءَهُ وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللهِ كَرِهَ اللهُ لِقَاءَهُ۔ (الجامع للامام الترمذی، ج:۲، کتاب الزھد، رقم الحدیث: ۲۴۷۹)

ترجمہ: حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مومن اللہ سے ملاقات کو پسند کرتا ہے اللہ عزوجل بھی اس سے ملاقات کو محبوب رکھتا ہے اور جو شخص اللہ عزوجل سے ملنا گوارا نہیں کرتا اللہ عزوجل بھی اس سے ملنا پسند نہیں کرتا۔

---

[۱] ملخصاً از تذکرۃ ائمۂ اربعہ، ص: ۳۰

# بارہواں سبق

## پہلی فصل — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** ''خلافتِ راشِدہ'' کسے کہتے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد ''خلافتِ راشِدہ'' کتنے سالوں تک رہی؟

**جواب:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد خلیفۂ برحق و اِمام مُطلَق حضرت سیدنا ابوبکر صدیق، پھر حضرتِ عُمرِ فاروق، پھر حضرت عثمانِ غنی، پھر حضرتِ مولا علی، پھر چھ مہینے کے لیے حضرت امام حسنِ مجتبیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہوئے۔ اِن حضرات کو ''خلفاے راشدین'' اور اِن کی ''تیس سالہ'' خلافت کو ''خلافتِ راشدہ'' کہتے ہیں، کیوں کہ اِنھوں نے آقاے دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی سچی نیابت کا پورا حق ادا کر دیا۔ [1]

**سوال:** خلفاے راشدین میں ''سب سے افضل'' کون ہے؟

**جواب:** انبیا و مرسَلین کے بعد، اللہ عزوجل کی جملہ مخلوقات میں، سب سے افضل حضرتِ سیدنا صدیقِ اکبر، پھر حضرت عمر فاروقِ اعظم، پھر حضرت عثمانِ غنی، پھر حضرتِ مولا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین ہیں۔ [2]

جو شخص حضرتِ مولا علی رضی اللہ عنہ کو حضرت صدیقِ اکبر یا حضرت فاروقِ اعظم سے افضل بتائے وہ گمراہ و بدمذہب ہے۔ [3]

- یہی اہلِ سنت و جماعت کا مذہب و عقیدہ ہے۔ اِس مقدس عقیدے پر قرآنِ مقدس کی آیاتِ کریمہ، حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیثِ مبارکہ، شیرِ خدا حضرتِ مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے ارشاداتِ جلیلہ، ائمۂ اہلِ بیتِ اطہار کے اقوالِ زریں اور اولیاے امت کی تصریحات اِس قدر کثرت کے ساتھ موجود ہیں کہ اُن کا شمار نہیں ہو سکتا۔

**سوال:** کیا خلفاے راشدین ''مُرسَلِینِ مَلٰئِکَہ'' سے بھی افضل ہیں؟

**جواب:** جی نہیں! بلکہ مرسلینِ ملائکہ یعنی ''حضرت سیدنا جبریل، حضرت سیدنا میکائیل، حضرت سیدنا عزرائیل، حضرت سیدنا اسرافیل'' علیہم الصلاۃ والسلام، حضراتِ خلفاے راشدین سے افضل ہیں۔

**سوال:** کیا خلفاے راشدین کی فضیلت ''بر ترتیبِ خلافت'' ہے؟

**جواب:** جی نہیں! اِن حضرات کی فضیلت بر ترتیبِ خلافت نہیں کہ یوں کہا جائے کہ صدیقِ اکبر سب سے افضل اِس لیے ہیں کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلے خلیفہ ہیں۔ بلکہ اِن کی خلافت، بر ترتیبِ فضیلت ہے، یعنی اللہ عزوجل کے نزدیک اِن

---

[1] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ اول، ص: ۲۴۱ [2] شرح العقائد النسفیۃ، مبحث افضل البشر بعد نبینا ص: ۱۴۹
[3] فتح القدیر، باب الامامۃ، ج: ۱، ص: ۳۰۴

چاروں میں جو سب سے بزرگ ہے اُسے حضور ﷺ کی نیابت وخلافت پہلے حاصل ہوئی۔

**سوال:** خلفاے راشدین کے بعد ''کن حضرات کے لیے فضیلت'' ثابت ہے؟

**جواب:** خلفاے راشدین کے بعد بقیہ عشرۂ مبشَّرہ [یعنی حضرت طلحہ، حضرت زبیر، حضرت عبد الرحمٰن بن عوف، حضرت سعد بن ابی وقاص، حضرت سعید بن زید اور حضرت ابو عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہم اجمعین] اِن کے بعد حضرت سیدنا امام حسن و حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہما، اِن کے بعد اصحابِ بدر [غزوۂ بدر میں شرکت کرنے والے صحابۂ کرام] اِن کے بعد اصحابِ اُحد [غزوۂ احد میں شریک ہونے والے خوش نصیب] اِن کے بعد اصحاب بیعۃ الرضوان [بیعتِ رضوان میں حاضر ہونے والے سعادت مند] سب سے افضل ہیں۔[1]

- یہ سب قطعی یقینی جنتی ہیں۔ اللہ عزوجل اور اُس کے پیارے حبیب ﷺ نے متعدد مقام پر اِن نفوسِ قدسیہ کے لیے جنت کی بشارت دی ہے۔

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** شادی میں لڑکے والوں کی طرف سے ''گاڑی یا نقدی یا کسی اور شکل میں جہیز'' کی مانگ کی جاتی ہے کیا ایسا کرنا درست ہے؟

**جواب:** اپنی یا اپنے لڑکے کی شادی میں لڑکی والوں سے ''گاڑی یا نقد مال یا کسی اور شکل میں جہیز کا مطالبہ کرنا سخت ناجائز و حرام'' ہے۔ مگر افسوس! کہ بہت سے پڑھے لکھے اور دین دار نظر آنے والے لوگ بھی اِس لعنت میں گرفتار ہیں۔ یاد رکھیے! جہیز مانگنا ''بھیک مانگنے یا ڈاکہ ڈالنے یا رشوت لینے'' کے زُمرے میں آتا ہے اور یہ تینوں کام حرام و ناجائز ہیں۔ لہٰذا جہیز کا مطالبہ کرنے والے ''لعنتِ خداوندی'' اور دوزخ کے ''سخت عذاب'' کے حق دار ہیں۔

- ہاں اگر لڑکی والے نمائش [دکھاوے] اور کسی جبر و اکراہ [زور و زبردستی] کے بغیر محض اپنی مرضی سے، اپنی بیٹی کو یا داماد کو کچھ دیں تو اِس میں شرعاً کوئی حرج نہیں۔

**سوال:** ''شادی بیاہ کی رسموں'' پر روشنی ڈالتے ہوئے اُن کا حکمِ شرع بیان کیجیے!

**جواب:** شادی میں ادا کی جانے والی بعض رسمیں جائز ہیں؛ جب کہ بعض ناجائز و حرام ہیں۔ وہ حرام رسمیں جنھیں ہمارے ملک

---

[1] منح الروض الأزهر، افضلیۃ الصحابہ بعد الخلفاء، ص: ۱۱۹

ہندستان میں بڑی پابندی سے نبھایا جاتا ہے یہ ہیں:

- رَت جگا میں عورتوں کا ڈھول بجابجا کر گلگلے پکانا، گیت گانا اور صبح کو گھی کے چراغ جلا کر گاتے ہوئے مسجد میں جانا۔
- بینڈ باجے کے ساتھ شور شرابا کرتے، ناچتے اور گاتے ہوئے بارات لے جانا۔
- دولھے میاں کا غیر محرم عورتوں سے اُبٹَن مَلوانا اور اپنے ہاتھوں اور پیروں میں مہندی لگانا یا لگوانا۔
- دولھے کو مکان کے اندر بلا کر بے پردہ عورتوں کے سامنے بٹھانا، پھر سالیوں یا بیوی کی سہیلیوں کا اُس سے مذاق کرنا۔ آتش بازی کرنا۔ دولھے کے جوتے چرانا وغیرہ۔
- عورتوں کا میک اَپ کر کے، نہایت ہلکے لباس پہن کر، انتہائی بے حیائی اور بے پردگی کے ساتھ اجنبی مردوں کے سامنے دندناتے پھرنا۔

اللہ ربُّ العزت مسلمانوں کو اِس قسم کی تمام خرافات سے محفوظ فرمائے اور حضور ﷺ کی پیاری سنتوں کے مطابق نکاح کی تقریبات منعقد کرنے کی توفیق مرحمت فرمائے۔ آمین۔

**سوال:** ''مہر'' کی شرعی حیثیت اور اُس کی ''مقدار'' بیان فرمادیں!

**جواب:** ''مہر مقرر کرنا شرعاً واجب وضروری'' ہے۔ اِس کی کم سے کم مقدار ''دس درہم'' ہے، جس کا موجودہ وزن ''تیس گرام چھ سو اٹھارہ ملی گرام'' چاندی ہے۔ لہٰذا اِتنی چاندی کے جتنے روپے بنتے ہوں اُس سے کم مہر مقرر کرنا صحیح نہیں۔ زیادتی کی جانب اِس کی کوئی مقدار مقرر نہیں ہے۔ پچاس ہزار، لاکھ، دو لاکھ جتنا چاہیں مقرر کرلیں؛ لیکن راہِ اعتدال اختیار کرنا چاہیے۔ یعنی مہر نہ ہی بہت کم ہو، نہ ہی بہت زیادہ۔

- لیکن سخت افسوس ہے کہ آج کل بڑے بڑے اہلِ ثروت حضرات بھی نہایت غفلت کا شکار ہو کر اپنی حیثیت سے ''انتہائی کم مہر'' مقرر کرتے ہیں۔ بعض حضرات تو اقلِّ مقدار سے بھی کم مہر یعنی فقط ۷۸۶ روپے مقرر کرنے میں فخر محسوس کرتے ہیں؛ جب کہ ہم سب کے آقا حضور رحمتِ عالم ﷺ نے تقریباً اپنی تمام ازواجِ مطہرات کا مہر ۵۰۰ درہم یعنی چاندی کے سکے مقرر فرمائے اور اپنی لختِ جگر حضرت سیدتنا فاطمہ رضی اللہ عنہا کا مہر ''چار سو مثقال'' یعنی ایک کلو، سات سو اُنچاس گرام، چھ ملی گرام چاندی مقرر فرمایا۔[1]
- بیٹے کی شادی کی تمام تقریبات حتّٰی کی ناجائز رسموں میں نہایت ڈھٹائی کے ساتھ فضول خرچی کرنے والے یہ نام نہاد سیٹھ جب ''دُلہن کا حقِّ مہر'' مقرر کرتے ہیں تو اُن کے کلیجے پھٹنے لگ جاتے ہیں۔ اللہ اُنھیں ہدایت نصیب کرے۔ آمین۔

---

[1] انوار الحدیث، ص: ۲۷۰

## تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب — تفہیم

**سوال:** ''رزقِ طَیِّب'' اور ''کَسبِ حَلَال'' کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

**جواب:** ہر مومن پر حلال اور پاک وطیّب رزق تلاش کرنا اور حرام خوری سے بچنا فرض ہے۔ اللہ ربُّ العزت نے اپنے کلامِ اَزَلی میں ارشاد فرمایا:

- يَاأَيُّهَا النَّاسُ كُلُوا مِمَّا فِي الْأَرْضِ حَلَالًا طَيِّبًا ۔وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ۔[۱]

ترجمہ: اے لوگو! زمین کی پاکیزہ حلال چیزیں کھاؤ اور شیطان کے نقشِ قدم پر مت چلو! بے شک وہ تمہارا کھلا ہوا دشمن ہے۔

اور ہمارے نبی آقائے دوعالم ﷺ نے فرمایا:

- طَلَبُ الْحَلَالِ فَرِيْضَةٌ بَعْدَ الْفَرِيْضَةِ ۔[۲]

ترجمہ: حلال کمائی دیگر فرائض کے بعد ایک اور فریضہ [فرض] ہے۔

**سوال:** حلال رِزق طلب کرنے کی ''فضیلت'' بیان کریے!

**جواب:** رزقِ حلال طلب کرنے کی فضیلت پر چند روایتیں ملاحظہ فرمائیں! حضور خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا:

- جو شخص حرام چیز کی آمیزش کے بغیر مسلسل چالیس روز تک حلال کھائے، اللہ تعالیٰ اُس کے دل کو نور سے بھر کر اُس دل میں حکمت و دانائی کے چشمے جاری کر دیتا ہے۔
- بہت سے لوگ ایسے ہیں جن کا کھانا اور کپڑا حرام کا ہوتا ہے، یہ لوگ ہاتھ اُٹھا اُٹھا کر رب تعالیٰ سے دعائیں کرتے ہیں؛ مگر اُن کی دعائیں کیسے قبول ہو سکتی ہیں؟
- بیت المقدس میں خدائے تعالیٰ کا ایک فرشتہ ہے جو ہر شب آواز دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ حرام کھانے والے کا نہ فرض قبول کرتا ہے نہ سنت۔
- جو شخص رزقِ حلال کی تلاش میں تھک کر رات کو گھر آتا ہے اُسے سونے سے پہلے بخش دیا جاتا ہے۔[۳]

**سوال:** حلال کمائی اور پاکیزہ رزق کی ''برکتوں'' پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** حلال کمائی اور پاکیزہ رزق کی دنیوی اور اُخروی برکتیں بے شمار ہیں۔ چند برکتیں ملاحظہ فرمائیں:

- رزقِ حلال کھانے والا اللہ کے نزدیک مقبول و مستجاب الدعوات بن جاتا ہے۔
- رزقِ طیب کھانے سے روح پاکیزہ، دل منور اور دماغ روشن ہوتا ہے۔
- حلال رزق انسان کو شیطانِ لعین کی پکڑ سے محفوظ اور نفس کے شر سے دور کر دیتا ہے۔

---

۱۔ سورۂ بقرہ، آیت نمبر: ۱۶۸ ۲۔ فیض القدیر، ج: ۴، ص: ۲۷۰

۳۔ ماخوذ از کیمیاے سعادت، مترجم، ص: ۳۰۰۔۳۰۱

- رزقِ حلال تلاش کرنے والوں کو نیک، صالح اور فرماں بردار اولاد کی خوشیاں حاصل ہوتی ہیں۔

لہٰذا ہم پر حرام چیزوں سے اور ناجائز ذرائع سے حاصل ہونے والے رزق سے بچنا انتہائی ضروری ہے۔ اللہ ہم سب کو توفیق عطا فرمائے! آمین۔

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم — تفہیم

**سوال:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے "اسلام کے کٹر دشمنوں کے ساتھ" کیسا سلوک کیا؟

**جواب:** فتحِ مکہ کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حرمِ الٰہی میں اپنا سب سے پہلا دربارِ عام منعقد فرمایا، جس میں اسلامی فوج کے علاوہ کفار و مشرکین کا ایک زبردست مَجمَع تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خطاب فرما کر اُنھیں اسلامی تعلیمات اور دین کے بنیادی اَحکام سے آگاہ فرمایا۔ اُس کے بعد شہنشاہِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے ہزاروں کے مجمع میں ایک نگاہ ڈالی تو دیکھا کہ سر جھکائے، نگاہیں نیچی کیے ہوئے "قریش کے کافر سردار کھڑے ہو کر تھر تھر کانپ رہے ہیں"۔ اُن ظالموں اور جفا کاروں میں وہ لوگ بھی تھے:

- جنھوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے راستے میں کانٹے بچھائے تھے۔
- جو بارہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر پتھروں کی بارش کر چکے تھے۔
- وہ خوں خوار بھی تھے جنھوں نے بار بار آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر قاتلانہ حملے کیے تھے۔
- وہ بے رحم بھی تھے جنھوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک دانت کو شہید اور مقدس چہرے کو لہولہان کیا تھا۔
- وہ اَوباش [گنڈے] بھی تھے جنھوں نے سالہا سال تک اپنی شرم ناک گالیوں سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قلبِ مبارَک کو زخمی کیا تھا۔
- وہ پاپ کے پتلے بھی تھے جنھوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بڑی بیٹی حضرت زینب کو نیزہ مار کر اونٹ سے گرا دیا تھا اور اُن کا حمل ساقط ہو گیا تھا۔
- اُس مجمع میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو شہید کرنے اور اُن کے مقدس جسم کے ٹکڑے کرنے والے بھی تھے۔

یہ تمام مجرم بارہ ہزار کے اسلامی لشکر کی حراست [قید] میں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو کھڑے کانپ رہے تھے اور اپنے دلوں میں یہ سوچ رہے تھے کہ "شاید آج ہماری لاشوں کو کتوں سے نچوا کر ہماری بوٹیاں چیل اور کوّوں کو

کھلادی جائیں گی اور انصار ومہاجرین کی فوجیں ہماری نسلوں کو نیست ونابود کردیں گی‘‘۔ دہشت اور ڈر سے اُن کے بدن کی بوٹی بوٹی پھڑک رہی تھی اور کلیجے منہ کو آگئے تھے۔ ناامیدی کی اِس خطرناک فضا میں شہنشاہِ رسالت کی نگاہِ رحمت اچانک اُن پاپیوں کی جانب متوجہ ہوئی اور آپ ﷺ نے اُن سے فرمایا:

- تمھیں معلوم ہے؟ کہ آج مَیں تمھارے ساتھ کیسا سلوک کرنے والا ہوں؟

پیغمبرِ اعظم ﷺ کی زبانِ اقدس سے نکلنے والے اِس خوف ناک سوال سے اُن کے حواس باختہ ہوگئے اور وہ تھرتھراتی زبان سے بولے:

- اَخٌ کَرِیْمٌ وَّ ابْنُ اَخٍ کَرِیْمٍ ۔ترجمہ: آپ کرم والے بھائی ہیں اور کرم والے باپ کے بیٹے ہیں۔

سب کی للچائی ہوئی نظریں جمالِ نبوت کا منہ تک رہی تھیں اور سب کے کان شہنشاہِ کونین کا فیصلہ کُن جواب سننے کے منتظر تھے کہ اچانک فاتحِ مکہ نے ’’اپنے کریمانہ لہجے‘‘ میں ارشاد فرمایا:

- لَا تَثْرِیْبَ عَلَیْکُمُ الْیَوْمَ فَاذْھَبُوْا اَنْتُمُ الطُّلَقَآءُ۔

ترجمہ: آج تم پر ملامت بھی نہیں کی جائے گی۔ جاؤ! تم سب آزاد ہو۔

- یہ فرمانِ رسالت سن کر سب مجرموں کی آنکھیں فرطِ ندامت سے اَشک بار ہوگئیں اور کفار کی زبانوں پر ’’لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ‘‘ کے نغمے جاری ہوگئے اور ہر طرف اَنوار کی بارش ہونے لگی۔ حضور ﷺ کی شفقت ورحمت کے سبب ایسا انقلاب برپا ہوا کہ سماں ہی بدل گیا۔[1]
- حضور ﷺ کے اِس کریمانہ سلوک اور شانِ رحمۃ للعالمینی سے ثابت ہوگیا کہ پیغمبرِ اعظم ﷺ جس طرح اپنی ہر خوبی میں بے مثال ہیں، ’’فاتح‘‘ ہونے کی حیثیت سے بھی آپ کا کوئی جواب نہیں۔ دنیا کی تاریخ اٹھا کر دیکھ لیجیے! کوئی بھی فاتح ایسا نہ ملے گا، جس نے غلبہ حاصل کرنے کے بعد اپنے کٹر دشمنوں کو معاف بھی کیا ہو، اُن کے ساتھ ساتھ حسنِ سلوک کرنا تو دور کی بات ہے۔ مکۂ مکرمہ کے جانی دشمنوں کے ساتھ محسنِ انسانیت ﷺ کا یہ حسنِ سلوک ایسا بے مثال شاہ کار ہے کہ دنیا کے بادشاہوں کے لیے اِس کا تصور بھی ممکن نہیں۔

جب آ گئی ہیں جوشِ رحمت پہ اُن کی آنکھیں ۔۔۔ دریا بہا دیے ہیں دُرِ بے بہا دیے ہیں

---

[1] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۳۴۷ تا ۳۵۰

## پانچویں فصل — رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اَخلاقِ حَسنہ — تفہیم

**سوال:** ہمارے حضور رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی **''شانِ زُہد و قناعت''** کیسی تھی؟

**جواب:** سب سے پہلے **''زُھد''** کا مفہوم ذہن نشین کرلیں؛ تاکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زاہدانہ شان کا صحیح طور پر اندازہ ہو سکے۔ علماے کرام نے **''زُھد''** کی تشریح اِن الفاظ میں کی ہے **''اللہ تعالیٰ کے پاس جو اَبدی نعمتیں اور سرمدی راحتیں ہیں اُن کو حاصل کرنے کے لیے دنیا کے سامانِ عیش و عشرت سے دست بردار ہو جانا''**۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ساری زندگی اِسی **''زُھد''** سے عبارت تھی۔ اللہ تعالیٰ نے دنیا کے تمام خزانوں کی کنجیاں اپنے حبیب کے حوالے کردی تھیں؛ لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ عزوجل کی محبت میں، اُن تمام نعمتوں کو پسِ پشت ڈال کر عُسرت [تنگی] کی زندگی بَسر فرمائی۔ ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ زہد کو بیان کرتے ہوئے ارشاد فرماتی ہیں:

- رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ساری حیاتِ طیبہ میں کبھی بھی مسلسل تین دنوں تک پیٹ بھر کھانا نہیں کھایا۔

دوسری روایت میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں:

- مَا شَبِعَ آلُ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ مِنْ خُبْزِ بُرٍّ حَتّٰی لَقِیَ اللّٰہَ تَعَالٰی [1]

ترجمہ: رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی آلِ اطہار نے گیہوں کی روٹی سے لگاتار تین دن تک شکم سیر ہو کر نہیں کھایا۔

دونوں روایتوں سے یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خود ہی فاقہ کشی کو اپنا معمول نہیں بنایا؛ بلکہ اپنے اہلِ بیتِ کرام کو بھی زاہدانہ زندگی گزارنے کا خوگر [عادی] بنایا تھا۔

**سوال:** رسولِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کی **''زاہدانہ''** حیاتِ طیبہ پر **''کوئی واقعہ''** بیان فرمائیں!

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم عام طور پر ایسی چارپائی پر آرام فرماتے جو کُھرد ُرے پٹھے سے بنی ہوتی، اُس پر حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم لیٹتے تو اُس کے نشانات جسمِ اطہر پر نمایاں ہو جاتے۔ ام المومنین حضرتِ حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ہمارے پاس ایک چادر تھی جس کو ہم دوہرا کر کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بستر پر بچھاتے تھے۔ ایک دن ہم نے اُسے چوہرا کر کے بچھا دیا؛ تاکہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم آرام سے استراحت فرما سکیں۔ جب صبح ہوئی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آج رات تم نے کیسا بستر لگایا تھا؟ ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! وہی چادر چوہری کر کے بچھادی تھی۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایسا نہ کیا کرو! بلکہ پہلے کی طرح دوہری کر کے بچھایا کرو؛ کیوں کہ آج رات بستر کے زیادہ نرم ہونے کے سبب میں رات کو نہیں جاگ سکا۔[2]

---

[1] ملخصاً از ضیاء النبی، ج:۵، ص:۳۷۲　[2] ضیاء النبی، ج:۵، ص:۳۷۳

## چھٹی فصل — گوشۂ اہلِ بیتِ اَطہار علیٰ نبینا وعلیہم الصلاۃ والسلام — تفہیم

**سوال:** حضور ﷺ کی ساتویں زوجۂ محترمہ **"حضرت زینب بن جحش"** کی شخصیت پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** حضرت زینب بنت جحش رسول اللہ ﷺ کی پھوپھی **"حضرتِ اُمیمہ بنتِ عبدالمطلب"** کی صاحب زادی ہیں۔ حضور ﷺ نے اِن کا نکاح اپنے آزاد کردہ غلام **"حضرت زید بن حارثہ"** رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کیا تھا؛ مگر چوں کہ یہ قریش کی ایک حسین وجمیل اور معزز خاتون تھیں اور زید بن حارثہ ایک آزاد کردہ غلام تھے، اِس لیے میاں بیوی میں اکثر اَن بَن رہا کرتی تھی، یہاں تک کہ حضرت زید نے اُنھیں طلاق دے دی۔

- عِدّت گزر جانے کے بعد حضور ﷺ نے حضرتِ زینب کی دل جوئی کے لیے اُن کے پاس نکاح کا پیغام بھیجا۔ پیغامِ نکاح ملتے ہی حضرت زینب نے سجدۂ شکر ادا کرتے ہوئے رب تعالیٰ کی بارگاہ میں یہ اِلتجا کی

- **اے اللہ!** اگر مَیں تیرے رسول ﷺ کی زوجہ بننے کے لائق ہوں تو تُو میرا نکاح اُن سے پڑھا دے۔

اُن کی دعا قبول ہوئی اور رب تبارک وتعالیٰ نے یہ آیتِ کریمہ نازل فرمائی:

- **فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا۔**[1]

ترجمہ: جب زید نے اُس سے حاجت پوری کر لی [یعنی زینب کو طلاق دے دی اور عدت گزر گئی] تو ہم نے اُس [زینب] کا نکاح آپ کے ساتھ کر دیا۔

- جب حضرتِ زینب کو یہ خوش خبری ملی تو اُنھوں نے شکریہ میں دو ماہ لگاتار روزے رکھے اور خوش خبری سنانے والی خادمہ کو اپنے زیور اُتار کر اِنعام میں دے دیے۔[2]

**سوال:** حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے **"فضائل"** بیان کیجیے!

**جواب:** آپ رضی اللہ عنہا کی سب سے بڑی فضیلت تو یہی ہے کہ نبی کریم ﷺ سے آپ کا نکاح خود پروردگارِ عالَم نے پڑھایا۔ اِس کے علاوہ بھی کئی حدیثوں میں آپ رضی اللہ عنہا کے فضائل ومناقب بیان کیے گئے ہیں۔ ایک روایت ملاحظہ فرمائیں!

- ایک دن رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری وفات کے بعد اَزواجِ مطہرات میں سے سب سے پہلے اُس کی وفات ہوگی جس کا ہاتھ سب سے زیادہ لمبا ہے۔ یہ سن کر تمام ازواجِ مطہرات نے ایک لکڑی لے کر اپنا ہاتھ ناپا، تو حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کا ہاتھ سب سے زیادہ لمبا نکلا؛ مگر جب حضور ﷺ کے بعد سب سے پہلے حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے وفات پائی تو لوگوں کو پتا چلا کہ **"ہاتھ لمبا ہونے سے"** مراد **"کثرت کے ساتھ صدقات وخیرات کرنا"** ہے؛ کیوں وہ اپنے ہاتھ سے دست کاری کرتی تھیں اور اُس کی

---

[1] سورۂ احزاب، آیت نمبر: ۳۷ [2] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۶۷۰ تا ۶۷۲

آمدنی فقیروں میں تقسیم کردیتی تھیں۔[۱]

- آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ۲۰ ر یا ۲۱ ر ہجری میں ۵۳ ر برس کی عمر پاکر مدینۂ منورہ میں وفات پائی، حضرت عمر فاروقِ اعظم نے نماز جنازہ پڑھائی اور جنت البقیع میں دفن کی گئیں۔[۲]

**سوال:** اُمُّ المومنین ''حضرت زینب بنت خُزَیمہ'' رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حالاتِ زندگی مختصراً بیان فرمائیں!

**جواب:** آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نہایت فیاض وسخی ہونے کے ساتھ ساتھ حسنِ ظاہر و باطن کا حسین سنگم تھیں۔ پہلے آپ، حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں؛ مگر جب وہ جنگِ اُحد میں شہید ہوگئے تو ۳ ر ہجری میں رسول اللہ ﷺ نے آپ رضی اللہ عنہا سے نکاح فرمالیا۔

- یہ، حضور ﷺ سے نکاح کے بعد صرف دو یا تین مہینے ہی زندہ رہیں اور ۴ ر ہجری میں تیس سال کی عمر میں وفات پاگئیں۔ اِن کی تدفین بھی جنت البقیع میں دیگر ازواجِ مطہرات کے پہلو میں عمل میں آئی۔

## ساتویں فصل — عام دینی معلومات — تفہیم

**سوال:** امامِ اعظم کی ''تعلیم وتربیت'' کے حوالے سے کچھ بتائیے!

**جواب:** آپ رضی اللہ عنہ اِبتدا میں ''علمِ کلام'' کی جانب مائل تھے، چناں چہ اِس فن میں مہارتِ تامہ حاصل کی اور اُس وقت کے گمراہ فرقوں سے بحث ومناظرہ کرکے ''اُن کے دانت کھٹے کیے''۔ پھر آپ کی رسائی ''امام حماد بن سلیمان'' تک ہوئی اور اُن کے حلقۂ درس میں شامل ہوکر تقریباً اٹھارہ سال تک مسلسل ''فقہ کی تعلیم'' حاصل کرتے رہے۔

- استاذ کے انتقال کے بعد اُن کی جگہ پر جلوہ افروز ہوکر فقہ کا درس دینے لگے اور ایسے کامیاب اور لائق وفائق شاگردوں کی جماعت تیار کی، جنھوں نے مذہبِ حنفی کو بہت فروغ دیا۔[۳]

**سوال:** کیا امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ''تابعی'' تھے؟

**جواب:** جی ہاں! آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضرت عبداللہ ابن اُنیس، حضرت انس بن مالک، حضرت ابن اَوفیٰ اور دیگر کئی صحابۂ کرام کو دیکھنے کا شرف مِلا؛ لہٰذا آپ کا ''تابعی ہونا'' ہر قسم کے شک وشبہ سے بالاتر ہے۔

**سوال:** امامِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ''فقاہت'' [دینی سمجھ بوجھ] کس شان کی تھی؟

**جواب:** دیگر علوم وفنون کی طرح ''علمِ فقہ'' میں بھی آپ رضی اللہ عنہ کو بے مثال کمال حاصل تھا۔ اِسی لیے حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

---

[۱] مدارج النبوۃ، باب دوم، ج ۲: ص: ۴۷۶ [۲] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۶۷۴ [۳] ملخصاً از تذکرۃ ائمۂ اربعہ، ص: ۳۲

- جو شخص فقہ میں کمال حاصل کرنا چاہے وہ امام ابو حنیفہ کا محتاج ہے؛ کیوں کہ وہ اُن با کمال لوگوں میں سے ہیں جنھیں علمِ فقہ سے سرفراز کیا گیا ہے[۱]
- آپ رضی اللہ عنہ کی جلالتِ علمی کا اندازہ صرف اِس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ بعد کے جملہ محدثین وفقہا آپ کے شاگرد ہیں۔

**سوال:** حضرت امامِ اعظم رضی اللہ عنہ کس پایہ کے ''متقی'' تھے۔ بیان فرمائیں!

**جواب:** آپ رضی اللہ عنہ نے ''چالیس سال'' تک عشا کے وضو سے فجر کی نماز ادا کی۔ آپ رات بھر میں ''ایک رکعت میں پورا قرآنِ مجید'' پڑھا کرتے تھے۔ آپ خوفِ خدا سے ''اِس قدر روتے تھے'' کہ پڑوسیوں کو رحم آتا تھا۔ جس جگہ آپ کا وصال ہوا وہاں آپ نے ''ستر ہزار مرتبہ قرآنِ پاک ختم فرمایا''۔

- عبادت وریاضت کے ساتھ جود وسخاوت میں اور حقوق شناسی میں بھی آپ بے نظیر تھے، آپ کے درِ اقدس سے صدقات وخیرات کا دریا بہتا رہتا تھا۔[۲]

**سوال:** امام اعظم رضی اللہ عنہ کی ''تصانیف'' پر روشنی ڈالیں!

**جواب:** آپ رضی اللہ عنہ کے شاگردوں کی جانب جتنی بھی کتابیں منسوب ہیں وہ سب دراصل آپ ہی کی تصانیف ہیں، اِس طرح حضرت امام اعظم کی تصانیف کی تعداد سیکڑوں تک پہنچتی ہے۔

**سوال:** حضرت امامِ اعظم رضی اللہ عنہ کے ''چند تلامذہ'' [شاگردوں] کے نام بتائیں!

**جواب:** آپ رضی اللہ عنہ کے شاگرد ''بے شمار'' ہیں، درجۂ اجتہاد پر فائز ہونے والے آپ کے چند شاگردوں کے نام یہ ہیں:

- حضرت امام ابو یوسف
- حضرت محمد بن حسن، استاذ امام شافعی
- حضرت امام زفر
- حضرت امام حسن بن زیاد
- حضرت عبداللہ بن مبارک، استاذ امام بخاری۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

**سوال:** امام اعظم رضی اللہ عنہ کا ''وصال'' کس سن میں ہوا؟

**جواب:** آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات سن ۱۵۰ ر ہجری میں ہوئی۔ ایک حدیثِ پاک میں حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- ۱۵۰ ر ہجری میں دنیا کی زینت ختم ہو جائے گی۔[۳]
- جب حضرت امام اعظم کی وفات ہوئی تو واضح ہو گیا ہے کہ حضور ﷺ نے اِس حدیثِ پاک میں آپ کے سن وفات کی طرف اشارہ فرمایا ہے؛ کیوں کہ ''آپ کی وفات کے بعد وہ حسن وزیبائی جو آپ کے دور میں تھی دنیا سے رخصت ہو گئی''۔[۴]

---

[۱] الخیرات الحسان، الفصل الثالث عشر، مطبوعہ کراچی

[۲] ملخصاً از تذکرۂ ائمۂ اربعہ، ص: ۳۵

[۳] مسند بزار، رقم الحدیث: ۱۰۲۷۔ مسند ابو یعلی، رقم الحدیث: ۸۵۱

[۴] تذکرۂ ائمۂ اربعہ، ص: ۳۴۔۳۵

# تیرھواں سبق

## پہلی فصل — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** کیا حضور ﷺ کے "تمام صحابہ" نیک، صالح اور عادِل تھے؟

**جواب:** جی ہاں! ہمارے پیارے آقا کے مقدس صحابہ سب کے سب "انتہائی نیک اور اعلیٰ درجے کے پرہیزگار" تھے۔ اُن کا ذکر "خیر کے ساتھ" کرنا فرض ہے۔ اُن پر تنقید کرنا سخت حرام و ناجائز ہے، اُن کی شانِ اقدس میں گستاخی حضور ﷺ کی بارگاہِ عالی میں بے ادبی ہے۔ العیاذ باللہ تعالیٰ منہ۔

**سوال:** جو شخص "کسی صحابی" سے "بغض رکھے" اُس کا کیا حکم ہے؟

**جواب:** ایسا شخص "بد مذہب، گمراہ اور جہنم کے سخت عذاب کا مستحق" ہے۔ کسی صحابی سے بغض رکھنا آقائے دو عالَم ﷺ سے بغض رکھنے کے مترادف ہے۔ خود آقائے دو عالم ﷺ نے اپنے پاک باز صحابہ کا مقام بیان کرتے ہوئے فرمایا:

- میرے صحابہ کے سلسلے میں اللہ سے ڈرتے رہنا، میرے بعد اُن کو تنقید کا نشانہ نہ بنانا۔ جس نے اُن سے محبت کی اُس نے مجھ سے محبت کرنے ہی کی وجہ سے اُن سے محبت کی اور جس نے اُن سے بغض رکھا اُس نے مجھ سے بغض رکھنے ہی کی وجہ سے اُن سے بغض رکھا۔ جس نے اُنھیں تکلیف دی اُس نے مجھے تکلیف دی، جس نے مجھے تکلیف دی اُس نے اللہ عزوجل کو ناراض کیا اور جس نے اللہ عزوجل کو ناراض کیا عن قریب اللہ اُسے گرفتارِ عذاب فرمائے گا۔[1]

**سوال:** خود کو "سنی کہلانے والا" اگر صحابی کی شانِ اقدس میں گستاخی کرے تو اُس کا کیا حکم ہے؟

**جواب:** جو شخص کسی صحابی کی شانِ اقدس میں گستاخی کرے وہ رافضی اور جہنم کے کتوں میں سے ایک کتا ہے، اگرچہ خود کو سنی کہتا ہو، اگرچہ چاروں خلفا کو مانتا ہو، اگرچہ اُس کے باقی عقائد درست ہوں۔

- لہٰذا جو شخص "حضرتِ سیدنا امیر مُعاوِیہ، حضرت سیدنا ابوسفیان، حضرت سیدتنا ہند، حضرت سیدنا عمرو بن عاص، حضرت سیدنا مغیرہ بن شعبہ، حضرت سیدنا ابو موسیٰ اشعری" یا کسی بھی صحابی کی شان میں گستاخی کرے وہ "رافضی، تبرّائی، مستحقِ عذابِ جحیم" ہے۔ ایسا شخص ہرگز ہرگز "سنی" نہیں۔

---

[1] الجامع للامام الترمذی، کتاب المناقب، باب من سب اصحاب النبی ﷺ رقم الحدیث: ۳۸۸۸

**سوال:** کیا کوئی ”ولی“ کسی صحابی کے رتبے کو پہنچ سکتا ہے؟

**جواب:** کوئی ولی کتنے ہی بڑے مرتبے کا ہو وہ کسی صحابی کے رتبے تک نہیں پہنچ سکتا۔[۱]

**سوال:** بعض صحابۂ کرام کے مابین ”سخت اختلافات ہوئے“ یہاں تک کہ جنگیں بھی ہوئیں، کیا ہمیں اُن میں پڑنا چاہیے!

**جواب:** صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم اجمعین کے آپسی اختلافات میں پڑنا حرام حرام سخت حرام ہے۔ مسلمانوں کو صرف یہ دیکھنا چاہیے کہ وہ سب حضور ﷺ کے تربیت یافتہ، آپ ﷺ کے جاں نثار اور آپ ﷺ کے سچے غلام ہیں۔

لہٰذا حضرتِ علی مولائے کائنات اور حضرت امیر معاویہ کے درمیان جو اختلافات ہوئے اُن میں پڑنا ”سخت نقصان دِہ؛ بلکہ ایمان کی بربادی کا سامان“ ہے۔

**سوال:** کیا تمام صحابہ ”جنتی“ ہیں؟

**جواب:** جی ہاں! تمام صحابہ جنتی ہیں، وہ جہنم کی ہلکی سی آواز بھی نہ سنیں گے، ہمیشہ اپنی مَن مانی مُرادوں میں رہیں گے، محشر کی گھبراہٹ اُنھیں غمگین نہ کرے گی؛ بلکہ فرشتے یہ کہتے ہوئے اُن کا استقبال کریں گے کہ یہ ہے وہ دن جس کا تم سے وعدہ تھا۔[۲] سبحان اللہ

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** ”طلاق“ سے کیا مُراد ہے؟ اور طلاق کی ”شرعی حیثیت“ کیا ہے؟

**جواب:** نکاح سے عورت شوہر کی پابند ہو جاتی ہے، مخصوص الفاظ کے ذریعے اُس پابندی کے اٹھا دینے کو ”طلاق“ کہتے ہیں۔

اِس کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ فوراً نکاح سے باہر ہو جائے، اِسے ”بائن“ کہتے ہیں۔ دوم یہ کہ عِدَّت گزرنے کے بعد نکاح سے باہر ہو جائے، اِسے ”رجعی“ کہتے ہیں۔

طلاق دینا بعض صورتوں میں جائز، بعض صورتوں میں ممنوع، بعض صورتوں میں مستحب اور بعض صورتوں میں واجب ہے۔ تفصیل یہ ہے:

- اگر کوئی شرعی وجہ نہ ہو تو طلاق دینا ”سخت ممنوع“ ہے۔ حدیثِ پاک میں اِسے جائز کاموں میں سب سے بُرا کام کہا گیا ہے۔
- بیوی اگر شوہر کو یا اُس کے گھر والوں کو تکلیف دیتی ہو یا نماز نہ پڑھتی ہو تو اُسے طلاق دینا صرف جائز ہی نہیں؛ بلکہ ”مستحب“ ہے۔

---

[۱] المرقاۃ، کتاب الفتن، ج:۹، ص:۲۸۲ [۲] سورۂ انبیا، آیت نمبر: ۱۰۱ تا ۱۰۳

* اور اگر شوہر نامرد یا ہیجڑا ہونے کے سبب ہم بستری پر قادر نہ ہو اور علاج کی بھی کوئی صورت نہ ہو تو طلاق دینا ''واجب'' ہے۔

**سوال:** ''طلاقِ رجعی'' کسے کہتے ہیں، ''طلاقِ بائن'' کیا ہے اور ''طلاقِ مُغَلَّظَہ'' سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** ''طلاقِ رجعی'' میں نکاح فوراً ختم نہیں ہوتا؛ بلکہ ایک مخصوص مدت کے بعد نکاح ختم ہوتا ہے۔ اگر شوہر اُس مدت کے اندر عورت سے ''رجعت'' کر لے تو نکاح برقرار رہتا ہے۔ اُسی مدت کو ''عِدَّت'' کہتے ہیں اور ''طلاقِ بائن'' میں نکاح فوراً ختم ہو جاتا ہے، اب نکاح کے بغیر اُسے نہیں رکھ سکتا؛ لیکن ''طلاقِ مغلظہ'' میں بیوی شوہر پر ہمیشہ کے لیے حرام ہو جاتی ہے۔

**سوال:** طلاقِ رجعی اور طلاقِ بائن ''کن الفاظ'' سے واقع ہوتی ہے؟

**جواب:** شوہر اگر ''صریح الفاظ'' یعنی اُن الفاظ سے طلاق دے جو طلاق کے لیے مقرر ہیں، مثلاً یوں کہے: ''میں نے تجھے طلاق دی، یا تجھے طلاق ہے، یا تو مطلقہ ہے'' تو ایک طلاقِ رجعی واقع ہوگی۔ اور اگر دو بار دے تو دو طلاق رجعی واقع ہوں گی۔ اور اگر اُس نے طلاق کی نیت سے بیوی سے ''کنایہ کے الفاظ'' یعنی اَیسے الفاظ بولے جو طلاق کے علاوہ دوسرے معنوں میں استعمال کیے جاتے ہوں، جیسے: ''جا، نکل، چَل، روانہ ہو، کھڑی ہو، گھر خالی کر وغیرہ'' تو ایک ''طلاقِ بائن'' واقع ہوگی اور بیوی نکاح سے فوراً نکل جائے گی۔

**سوال:** ''طلاقِ مغلظہ'' کب واقع ہوتی ہے؟

**جواب:** تین طلاقیں دینے سے ''طلاقِ مغلظہ'' واقع ہو جاتی ہے اور بیوی ہمیشہ کے لیے شوہر پر حرام ہو جاتی ہے۔ چاہے تینوں طلاقیں ایک ساتھ دے، مثلاً یوں کہے: ''میں نے تجھے تین طلاقیں دیں''۔ یا الگ الگ دے، مثلاً یوں کہے: ''تجھے طلاق، تجھے طلاق، تجھے طلاق'' یا یوں کہے: ''طلاق، طلاق، طلاق''۔ یا یوں کہے: ''میں نے تجھے طلاقِ مغلظہ دی''۔ یا ایک ہی دے، مگر پہلے دو طلاقیں دے چکا تھا۔ اِن سب صورتوں میں طلاقِ مغلظہ پڑے گی۔

**سوال:** طلاق کی ''عدت'' پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** جس عورت کو طلاق دی گئی، عدت اُس کی حالت و کیفیت کے لحاظ سے ہوگی۔ اِس کی تفصیل یہ ہے:

* جس عورت کو ماہواری کا خون آتا ہو اُس کی عدت ''تین حیض'' ہے، تیسرے حیض سے پاک ہوتے ہی اُس کی عدت مکمل ہو جائے گی۔
* جس عورت کو بیماری یا عمر کی درازگی کے سبب حیض نہ آتا ہو اُس کی عدت ''تین مہینے'' ہیں۔
* حاملہ عورت کی عدتِ طلاق ''وضعِ حمل'' یعنی بچے کی ولادت ہے۔ ولادت ہوتے ہی اُس کی عدت پوری ہو جائے گی۔[1]

---

[1] ملخصاً از بہارِ شریعت، طلاق کا بیان

## تیسری فصل　اَخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب　تفہیم

**سوال:** ''رزقِ حلال کی جستجو'' کے سلسلے میں کسی بزرگ کا کوئی واقعہ بیان فرمائیں!

**جواب:** دلوں کو روشن کرنے والا ایک چمکتا دمکتا واقعہ ملاحظہ فرمائیں!

- ہمارے آقا سیدنا صدیقِ اکبر رضی اللہ تعالی عنہ نے ایک مرتبہ اپنے غلام کے ہاتھ سے دودھ پی لیا۔ جیسے ہی معلوم ہوا کہ یہ دودھ حلال طریقے سے حاصل نہیں کیا گیا تھا، آپ نے فوراً اپنی حلقِ مبارک میں انگلیاں ڈال کر قے فرمادی۔ اِس کے باوجود آپ رضی اللہ عنہ پر ایسا خوف مسلط ہوا کہ لگتا تھا آپ کی روح پرواز کر جائے گی۔ آپ رضی اللہ عنہ نے رب تعالیٰ کی بارگاہ میں روتے ہوئے عرض کیا: اے اللہ! مَیں دودھ کے اُس حصے سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو قے کے ذریعے باہر نہیں نکلا۔[1] اللہ اکبر

اللہ عز وجل ہم سب کو کسبِ حلال کا ایسا جذبہ صادق عطا فرمائے! آمین۔

**سوال:** حلال و حرام کے سلسلے میں ''تقویٰ کے کتنے درجات'' ہیں؟

**جواب:** حرام سے بچنے اور حلال اختیار کرنے کے سلسلے میں تقوی [پرہیزگاری] کے پانچ درجے ہیں۔ تفصیل ملاحظہ فرمائیں:

- **پہلا درجہ:** یہ عام مسلمانوں کا پرہیز ہے، یہ لوگ اُن تمام چیزوں سے بچتے ہیں جو ازروئے فتویٰ حرام ہیں، مثلاً چوری، زنا، چغلی، گالی وغیرہ۔ یہ پرہیزگاری کا سب سے نچلا درجہ ہے۔ جو شخص پرہیزگاری کے اِس درجے پر بھی قائم نہ رہ سکے وہ فاسق و فاجر ہو کر مردود الشہادۃ ہوجاتا ہے۔
- **دوسرا درجہ:** یہ صالحین [نیک لوگوں] کا پرہیز ہے۔ یہ لوگ اُس چیز سے بھی بچتے ہیں جو ازروے فتویٰ حرام تو نہ ہو؛ لیکن مفتی نے یہ کہہ دیا ہو کہ اِس میں شبہ ہے۔ یہ پاک باز لوگ ایسی تمام چیزوں سے بھی ہاتھ کھینچ لیتے ہیں۔
- **تیسرا درجہ:** یہ متقیوں کا پرہیز ہے۔ یہ لوگ حرام یا شبہے میں مبتلا ہوجانے کے خوف سے حلال چیزوں سے بھی پرہیز کرتے ہیں؛ کیوں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بندہ متقی لوگوں کے درجے تک نہیں پہنچ سکتا جب تک کہ اُس چیز سے نہ بچے جس میں خطرے والی چیز کے مُرتکِب ہونے کا اندیشہ ہو۔
- **چوتھا درجہ:** یہ صِدِّیقین کا پرہیز ہے۔ یہ حضرات اُس حلال سے بھی بچتے ہیں جو حرام تک پہنچانے کا ذریعہ تو نہ ہو؛ مگر اُس کے حصول کے ذرائع میں سے کوئی ذریعہ گناہ پر مشتمل ہو۔ اِس خوف سے یہ لوگ اُس حلال چیز کے قریب بھی نہیں جاتے۔ اِسی لیے حضرت سیدنا بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ بادشاہ کی کھدوائی ہوئی نہر سے پانی نہیں پیتے تھے۔

---

[1] کیمیاے سعادت، ص: ۳۰۱

- **پانچواں درجہ:** یہ مُقَرَّب و مُوَحِّد لوگوں کا تقویٰ ہے، یہ لوگ ہر اُس چیز کو اپنے لیے حرام تصور کرتے ہیں، جو خدائے تعالیٰ کے لیے نہ ہو، چاہے وہ کھانے سے متعلق ہو یا سونے اور گفتگو کرنے سے تعلق رکھتی ہو۔ یہی لوگ حقیقت میں پکے توحید پرست ہیں۔[1]
- اِس پُرفِتَن دَور میں اگر ہم "**پرہیز گاری کے پہلے درجے**" پر بھی فائز ہو گئے تو ہمیں ایمان کی حلاوت بھی حاصل ہو گی اور رب تبارک وتعالیٰ کی رضا بھی۔ البتہ ترقِّی درجات کے لیے ہمیں "**مشکوک چیزوں**" سے بھی بچنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم ﷺ — تفہیم

**سوال:** "**غزوۂ حُنَین**" کا مختصر حال بیان کریے!

**جواب:** فتحِ مکہ کے بعد "**عرب کے تمام قبیلوں پر**" مذہب اسلام کی حقانیت واضح ہو گئی تو فوج درفوج اسلام میں داخل ہونے لگے؛ لیکن "**مَقَامِ حُنَیْن**" میں آباد "**ہوازن اور ثَقِیف**" نامی قبیلوں پر فتحِ مکہ کا اُلٹا اثر پڑا۔ یہ لوگ بڑے بہادر اور جنگ جو تھے۔ کہنے لگے کہ "**فتحِ مکہ کے بعد ہماری باری ہے، اگر ہم نے مسلمانوں پر حملہ نہ کیا تو وہ ہم پر حملہ کر دیں گے**"۔ اپنے دِلوں میں یہ خیال جما کر مسلمانوں پر ایک زبردست حملے کی تیاری کرنے لگے۔

- حضور ﷺ کو اُن کی تیاریوں کی اطلاع ملی تو آپ ﷺ بارہ ہزار کا لشکرِ جرّار لے کر "**حنین**" کی جانب روانہ ہوئے، جہاں کافروں سے زوردار معرکہ ہوا۔ اِس غزوے میں انصار ومہاجرین اور خود حضور سیدِ عالَم ﷺ نے شجاعت و بہادری کے بے مثال کارنامے انجام دیے اور کافروں کے عَلَم بردار عثمان بن عبداللہ کے قتل ہوتے ہی اُن کے پاؤں اُکھڑ گئے چناں چہ فتحِ مبین نے حضور رحمتِ عالَم ﷺ کے قدموں کا بوسہ لیا اور بہت بڑی تعداد میں مالِ غنیمت ہاتھ آیا۔[2]
- بعد میں حضور ﷺ کے حسنِ اخلاق، رحیمانہ سلوک اور بے مثال جذبۂ عفوودرگزر کو دیکھ کر "**قبیلۂ ہوازن اور قبیلۂ ثقیف**" کے سبھی افراد مشرف بہ اسلام ہو گئے۔ **سبحان اللہ**۔

**سوال:** "**غزوۂ تَبُوْك**" کس موسم اور کس سن میں پیش آیا؟

**جواب:** "**تَبُوْك**" مدینۂ منورہ اور ملکِ شام کے درمیان ایک مقام کا نام ہے، جو مدینۂ منورہ سے چَودہ منزل [تقریباً آٹھ سَو

---

[1] ملخصاً از کیمیاے سعادت، ص: ۳۰۳ تا ۳۰۷ [2] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۳۶۰ تا ۳۶۳

کلومیٹر] دور ہے۔ اِس غزوے کے لیے حضور ﷺ ماہِ رجب المرجب ۹ ھ میں جمعرات کے دن روانہ ہوئے۔ اِس غزوے کو "جَیشُ العُسرَۃ" [تنگی کا لشکر] بھی کہا جاتا ہے؛ کیوں کہ سفر کے طویل ہونے، لشکر کی تعداد بہت زیادہ ہونے اور کھانے پینے کی سخت تکلیف ہونے کے سبب مسلمانوں کو بڑی تنگ دستی کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

**سوال:** "غزوۂ تبوک" کا سبب کیا تھا؟ بیان کریں!

**جواب:** روم کا بادشاہ، عرب کے عیسائی "غسّانی خاندان" کو آلۂ کار بنا کر مدینۂ منورہ پر حملہ کرنے کی تیاری کر رہا تھا۔ ملکِ شام کے سوداگر روغنِ زیتون بیچنے مدینۂ منورہ آئے تو اُنھوں نے خبر دی کہ روم کے بادشاہ نے مدینۂ منورہ پر حملہ کرنے کے لیے ملکِ شام میں بہت بڑی فوج اِکٹھا کر لی ہے۔ چوں کہ وہ لوگ اسلام کے دشمن تھے، اِس لیے اِس خبر کو نظر انداز کرنے کی کوئی وجہ نہیں تھی؛ لہٰذا حضور ﷺ نے بھی فوج کی تیاری کا حکم دیا۔

**سوال:** اِس غزوے کی تیاری کے لیے صحابۂ کرام نے کس جذبے کے ساتھ "اسلامی لشکر کی مالی امداد کی"؟

**جواب:** اِس کی تیاری کے لیے صحابۂ کرام نے "جس خلوص و جذبے کے ساتھ چندہ دیا تاریخِ عالم میں اُس کی نظیر نظر نہیں آتی"۔ ایک جھلک ملاحظہ فرمائیں:

- حضرت صدیقِ اکبر نے اپنا سارا مال یہاں تک کہ بدن کے زائد کپڑے بھی لا کر حضور ﷺ کے قدموں میں پیش کر دیے۔
- حضرت فاروقِ اعظم نے اپنا آدھا مال حضور ﷺ کے قدموں پر نچھاور کر دیا۔
- حضرت عثمانِ غنی نے ساز و سامان کے ساتھ ایک ہزار اونٹ، ستر گھوڑے اور ایک ہزار اشرفیاں پیش کیں۔
- حضرت عبد الرحمٰن بن عوف نے چالیس ہزار درہم پیش کیے۔
- اسلام کی مقدس خواتین نے اپنے زیورات اُتار اُتار کر بارگاہِ رسالت میں پیش کیے۔
- تمام انصار و مہاجرین حسبِ توفیق اِس چندہ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

**سوال:** اِس جنگ کے "نتیجے" پر روشنی ڈالیے؟

**جواب:** مدینۂ منورہ میں حضرت علی کو اپنا نائب بنا کر حضور ﷺ تیس ہزار کے لشکر کے ساتھ "تبوک" روانہ ہوئے۔ اُدھر رومیوں کو معلوم ہوا کہ محمد [ﷺ] تیس ہزار کا لشکر لے کر آ رہے ہیں تو اُن کے دلوں پر ایسی ہیبت طاری ہوئی کہ دہشت کے سبب وہ اپنے گھروں سے باہر بھی نہ نکل سکے۔ جب آپ ﷺ تبوک پہنچے تو وہاں دور دور رومی لشکر کا نام و نشان تک نظر نہ آیا۔ چناں چہ رسول اللہ ﷺ نے بیس دنوں تک تبوک میں قیام فرما کر، کفار کے دلوں میں اسلام کا رُعب بٹھانے کے بعد مدینۂ منورہ واپس تشریف لائے اور بغیر کسی جنگ کے مسلمان فتح و نصرت سے شادکام ہوئے۔[۱]

[۱] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۳۸۷ تا ۳۹۵

## پانچویں فصل — رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاقِ حسنہ — تفہیم

**سوال:** کیا حضور ﷺ کی فاقہ کشی ''اضطراری'' [مجبوراً] تھی؟

**جواب:** حضور رحمتِ عالم ﷺ کی ''فاقہ کشی'' اور آپ ﷺ کی حالتِ اِفلاس ''اختیاری'' تھی، ہرگز اضطراری نہیں تھی۔ سرورِ انبیا ﷺ نے عمداً [جان بوجھ کر] دنیا کی تمام نعمتوں کو ترک کیا؛ تا کہ قربِ الٰہی کی نعمت سے مالا مال ہوں اور جس کریم رب نے اُنھیں ''امام الانبیاء'' بنایا، اُس رب کی زیادہ سے زیادہ رضا اور خوش نودی حاصل کر سکیں۔ خود سرکارِ دوعالم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- اللہ تعالیٰ نے مجھ سے فرمایا: اگر تو چاہے تو مَیں مکہ کے پہاڑوں کو سونا بنادوں! مَیں نے عرض کی: یارب العالمین! مجھے اِس کی خواہش نہیں۔ میری آرزو یہ ہے کہ مَیں ایک دن بھوکا رہوں اور ایک دن کھانا کھاؤں۔ جس روز فاقہ کروں، اُس روز تیری بارگاہ میں عجز و نیاز کا ہدیہ پیش کروں اور تیری یاد میں مصروف رہوں اور جس روز سیر ہو کر کھاؤں اُس دن تیرا شکر ادا کروں اور سارا وقت تیری حمد و ثنا میں گزاروں۔[۱]

**سوال:** حضور ﷺ نے فقیری کو امیری پر ترجیح دی، اِس پر کوئی واقعہ سنائیں!

**جواب:** حضور ﷺ کی ''اختیاری شانِ زہد'' پر ایک ایمان افروز واقعہ سماعت فرمائیں! ایک روز حضرت سیدنا جبریلِ امین علیہ السلام بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے:

- اِنَّ اللهَ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ وَ يَقُوْلُ لَكَ أَتُحِبُّ أَنْ أَجْعَلَ هٰذِهِ الْجِبَالَ ذَهَبًا وَ تَكُوْنُ مَعَكَ حَيْثُمَا كُنْتَ۔

ترجمہ: یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ آپ کو سلام فرماتا ہے اور کہتا ہے: کہ کیا آپ اِس بات کو پسند کرتے ہیں کہ میں اِن پہاڑوں کو سونا بنا دوں اور جدھر آپ تشریف لے جائیں وہ آپ کے ساتھ جائیں؟

یہ سن کر حضور ﷺ نے کچھ دیر کے لیے سرِ مبارک جھکایا اور غور و فکر کرنے کے بعد سرِ اقدس اٹھا کر فرمایا:

- يَا جِبْرِيْلُ! اِنَّ الدُّنْيَا دَارُ مَنْ لَّا دَارَ لَهٗ وَ مَالُ مَنْ لَّا مَالَ لَهٗ۔ قَدْ يَجْمَعُهَا مَنْ لَّا عَقْلَ لَهٗ۔

ترجمہ: اے جبریل! دنیا اُس شخص کا گھر ہے جس کا کوئی اور گھر نہ ہو اور یہ اُس کا مال ہے جس کے پاس کوئی مال نہ ہو۔ اِس دنیا کو وہ آدمی جمع کرتا ہے جو عقل و دانش سے محروم ہے۔

حضور سرورِ عالم ﷺ کا یہ شان دار جواب سن کر حضرت جبریلِ امین علیہ السلام نے عرض کیا:

- ثَبَّتَكَ اللهُ يَا مُحَمَّدُ بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ۔

ترجمہ: اے اللہ کے محبوب! اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ حق پر ثابت رکھے۔[۲]

---

[۱] سبل الہدیٰ، ج:۷، ص: ۱۲۳ [۲] ضیاء النبی، ج:۵، ص ۳۷۵

## چھٹی فصل — گوشۂ اہلِ بیتِ اَطہار علیٰ نبینا وعلیہم الصلاۃ والسلام — تفہیم

**سوال:** اُمُّ المومنین ''حضرت میمونہ'' رضی اللہ عنہا کون تھیں؟

**جواب:** آپ رضی اللہ عنہا، حضرت زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا کی ماں شریک بہن ہیں۔ اِن کے والد کا نام ''حارث'' اور والدہ کا نام ''ہند'' ہے۔ اِن کا نام پہلے ''بَرَّہ'' تھا لیکن حضور ﷺ نے اِنھیں ''مَیْمُوْنَہ'' [برکت دینے والی] سے موسوم کر دیا۔

- یہ پہلے ''ابورُہم بن عبد العُزّٰی'' کے نکاح میں تھیں، مگر جب سات ہجری میں حضور ﷺ عمرۃ القضاء کے لیے مکۂ مکرمہ تشریف لے گئے تو یہ بیوہ ہو چکی تھیں۔ اپنے پیارے چچا حضرت سیدنا عباس رضی اللہ عنہ کے مشورے سے آپ ﷺ نے اِن سے نکاح فرما کر ''ام المومنین'' کے معزز لقب سے سرفراز فرمایا۔
- یہ حضور ﷺ کی آخری زوجۂ مبارکہ ہیں، اِن کے بعد حضورِ اقدس ﷺ نے کسی دوسری عورت سے نکاح نہیں فرمایا۔[1]

**سوال:** اِن کا انتقال ''کس سنہ ہجری'' میں ہوا؟

**جواب:** آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے انتقال کے سال میں مؤرِّخین کا اختلاف ہے؛ مگر مشہور قول یہ ہے کہ اِنھوں نے ''۵۱ ہجری'' میں مقامِ ''سَرِف'' میں وفات پائی، جہاں رسول اللہ ﷺ نے اِنھیں اپنی صحبت وقُربت سے نوازا تھا۔[2]

**سوال:** ''حضرت جُوَیرِیہ'' کون تھیں اور کس طرح یہ حضور ﷺ کی نکاح میں آئیں؟

**جواب:** یہ، قبیلۂ بنو مُصطَلِق کے سب سے بڑے سردار ''حارث بن ابوضرار'' کی بیٹی ہیں۔ اِن کا بھی اصلی نام ''بَرَّہ'' تھا؛ مگر حضور ﷺ نے ''جُوَیْرِیَہ'' سے موسوم کیا۔ یہ بہت ہی عبادت گزار خاتون تھیں، نمازِ فجر سے نمازِ چاشت تک ہمیشہ اوراد ووظائف میں مشغول رہا کرتی تھی۔

- غزوۂ مُرَیسِیع میں مسلمانوں نے جن کافروں کو قیدی بنایا تھا، اُن میں ''حضرت جویریہ'' بھی تھیں۔ جب قیدیوں کو غلام اور باندی بنا کر مجاہدینِ اسلام میں تقسیم کیا گیا تو یہ، حضرت ثابت بن قیس کے حصے میں آئیں۔ حضرت ثابت نے اُن سے کہا:
- اگر تم مجھے اِتنی اِتنی رقم دے دو تو میں تمھیں آزاد کر دوں گا۔ حضرت جویریہ سیدھے حضور ﷺ کی بارگاہِ بے کس نواز میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئیں۔ **یا رسولَ اللہ!** میں بنو مصطلق کے سردارِ اعظم کی بیٹی ہوں، میرا پورا قبیلہ گرفتار ہو چکا ہے، ثابت بن قیس نے آزادی کے بدلے مجھ سے اِتنی اِتنی رقم کا مطالبہ کیا ہے، **حضور!** مَیں مسلمان ہو چکی ہوں؛ مگر اِس وقت مسکین ہوں، آپ میری مدد فرمائیے!

---

[1] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۶۷۶۔۶۷۷ [2] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۶۷۷

اُن کی فریاد سن کر حضور ﷺ نے نہایت مشفقانہ انداز میں اُن سے فرمایا:

- اگر مَیں تمھارے ساتھ اِس سے بہتر سلوک کروں تو کیا تم منظور کرلوگی؟ اُنھوں نے کہا: آپ میرے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مَیں چاہتا ہوں کہ تمھاری طرف سے پوری رقم ادا کر کے تمھیں آزاد کر دوں اور تم سے نکاح کر کے تمھارے خاندانی وقار کو دوبالا کر دوں۔ حضرتِ جویریہ نے انتہائی مسرت کے ساتھ اِس پیش کش کو قبول کیا، حضور ﷺ نے ساری رقم ادا فرما کر، آزادی کا پروانہ عطا کیا اور اپنی ازواجِ مطہرات میں داخل فرما کر ہمیشہ کے لیے اُنھیں "اُم المومنین" کے لقب سے سرفراز فرمایا۔[1]
- جب مسلمانوں کو معلوم ہوا کہ حضور ﷺ نے حضرت جویریہ سے نکاح فرمالیا ہے تو انھوں نے کہا: جس خاندان میں رسولِ پاک ﷺ نے نکاح فرمالیا، اُس کا کوئی بھی فرد لونڈی اور غلام نہیں رہ سکتا، چناں چہ مجاہدینِ اسلام نے تمام باندیوں اور غلاموں کو آزاد کر دیا۔[2]
- آپ رضی اللہ عنہا نے ۵۰ رہجری میں ۶۵ ربرس کی عمر پا کر مدینۂ طیبہ میں وفات پائی، حاکمِ مدینہ مروان بن حکم نے نمازِ جنازہ پڑھائی اور جنت البقیع کے قبرستان میں مدفون ہوئیں۔[3]

## اللہ سے دعا کیا کرو

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَنْ لَمْ يَسْأَلِ اللهَ يَغْضَبْ عَلَيْهِ۔ (الجامع للامام الترمذی، ج:۲، کتاب الدعوات، باب ماجاء فی فضل الدعاء، رقم الحدیث: ۳۷۰۰)

ترجمہ: حضرت سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ آقائے دو جہاں ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص اللہ عزوجل سے دعا نہیں مانگتا اللہ اس سے ناراض ہوتا ہے۔

---

[1] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص:۶۷۸۔۶۷۹
[2] سیرتِ مصطفیٰ، ص:۶۷۹
[3] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص:۶۸۱

ساتویں فصل — اَسمَآءُ النَّبِیِّ ﷺ — تحفیظ

## اَسمَاءُ النَّبِیِّ ﷺ مَعَ تَرْجَمَہ

| | | |
|---|---|---|
| تَرَازِیٌّ ﷺ [مضبوط وتوانا جسم والے] | قُرَشِیٌّ ﷺ [قبیلۂ قریش والے] | مُضَرِیٌّ ﷺ [مُضَر والے] |
| نَبِیُّ التَّوْبَۃِ ﷺ [نبیِّ توبہ] | حَافِظٌ ﷺ [وَحیِ الٰہی کو حفظ کرنے والے] | کَامِلٌ ﷺ [صورت وسیرت میں کامل] |
| صَادِقٌ ﷺ [ہمیشہ سچ بولنے والے] | اَمِیْنٌ ﷺ [امانت دار] | عَبْدُ اللّٰہِ ﷺ [اللہ عزوجل کے بندے] |
| کَلِیْمُ اللّٰہِ ﷺ [اللہ سے ہم کلامی کرنے والے] | حَبِیْبُ اللّٰہِ ﷺ [اللہ عزوجل کے حبیب] | نَجِیُّ اللّٰہِ ﷺ [اللہ سے رازونیاز کی باتیں کرنے والے] |
| صَفِیُّ اللّٰہِ ﷺ [اللہ کے مُنتَخَب کیے ہوئے] | خَاتَمُ الْاَنْبِیَآءِ ﷺ [سب سے آخری نبی] | حَسِیْبٌ ﷺ [مکمّل کفایت فرمانے والے] |
| مُجِیْبٌ ﷺ [قبول کرنے والے] | شَکُوْرٌ ﷺ [رب کا سب سے زیادہ شکر کرنے والے] | مُقْتَصِدٌ ﷺ [میانہ رَوِی اِختیار فرمانے والے] |
| رَسُوْلُ الرَّحْمَۃِ ﷺ [رحمت والے رسول] | قَوِیٌّ ﷺ [بہت زیادہ قوت والے] | حَفِیٌّ ﷺ [عطا کرنے والے۔ روکنے والے] |
| مَأمُوْنٌ ﷺ [وَحیِ اِلٰہی کے امین] | مَعْلُوْمٌ ﷺ [خلقِ خدا میں مشہور] | حَقٌّ ﷺ [رسولِ برحق] |
| مُبِیْنٌ ﷺ [اَحکامِ اِلٰہی کھول کر واضح کرنے والے] | مُطِیْعٌ ﷺ [رب کی خوب اطاعت کرنے والے] | رَسُوْلُ الرَّاحَۃِ ﷺ [راحت پہنچانے والے رسول] |
| اَوَّلٌ ﷺ [سب سے پہلے خلقت ونبوت سے سرفراز ہونے والے] | اٰخِرٌ ﷺ [تمام نبیوں کے بعد مبعوث ہونے والے] | ظَاہِرٌ ﷺ [ظہور میں تمام مظاہرِ عالَم پر غلبہ رکھنے والے] |
| بَاطِنٌ ﷺ [اپنی حقیقی شان کے لحاظ سے انسانی عقل سے پوشیدہ رہنے والے] | نَبِیُّ الرَّحْمَۃِ ﷺ [رحمت والے نبی] | یَتِیْمٌ ﷺ [سب سے منفرد و یکتا] |
| کَرِیْمٌ ﷺ [بے مثل سخاوت کرنے والے] | حَکِیْمٌ ﷺ [حکمت و دانائی والے] | خَاتِمُ الرُّسُلِ ﷺ [تمام رسولوں کے خاتم] |
| سَیِّدٌ ﷺ [کائنات پر حکمرانی کرنے والے] | سِرَاجٌ ﷺ [ہدایت کے آفتاب] | مُنِیْرٌ ﷺ [روشن کرنے والے] |
| مُکَرَّمٌ ﷺ [تمام مخلوق سے زیادہ عزت وکرامت والے] | مُبَشِّرٌ ﷺ [مومنوں کو خوش خبری دینے والے] | مُذَکِّرٌ ﷺ [وعظ ونصیحت کرنے والے] |
| مُطَھَّرٌ ﷺ [کامل طہارت و پاکیزگی والے] | قَرِیْبٌ ﷺ [اللہ سے سب سے زیادہ قُرب رکھنے والے] | خَلِیْلٌ ﷺ [صرف اللہ کی جانب متوجہ ہونے والے] |
| مَدْعُوٌّ ﷺ [شبِ معراج خدا کی جانب سے دعوت پانے والے] | جَوَّادٌ ﷺ [بہت زیادہ سخاوت کرنے والے] | خَاتِمٌ ﷺ [سلسلۂ نبوت ورسالت کو ختم کرنے والے] |
| عَادِلٌ ﷺ [تمام امور میں عدل سے کام لینے والے] | شَہِیْدٌ ﷺ [مخلوق کی خبر رکھنے والے] | شَہِیْرٌ ﷺ [معروف مقام ومرتبے والے] |
| رَسُوْلُ الْمَلَاحِمِ ﷺ [غزوات والے رسول] | رَءُوْفٌ ﷺ [انتہائی رحمت والے] | رَحِیْمٌ ﷺ [رحم فرمانے والے] |
| طٰہٰ ﷺ [یہ اسم حروفِ مقطعات سے ہے] | مُجْتَبٰی ﷺ [مخلوق میں چُنے ہوئے] | مُرْتَضٰی ﷺ [اللہ عزوجل کی رضا کے مطلوب] |

# چودھواں سبق

## پہلی فصل — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** کیا صحابۂ کرام ''معصوم'' تھے؟

**جواب:** معصوم صرف ''انبیا اور فرشتے'' ہیں۔ صحابۂ کرام نہ انبیا تھے نہ فرشتے کہ معصوم ہوں۔ بعض صحابۂ کرام سے لغزشیں [کوتاہیاں] ہوئیں؛ مگر اُن کی کسی بات پر اعتراض کرنا سخت بے ادبی اور اللہ عزوجل اور اُس کے رسول ﷺ کے حکم کی کھلی مخالفت ہے؛ کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے اُنھیں جنت کی بشارت دی ہے۔[1]

سورۂ حدید میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کے تمام صحابہ کی دو قسمیں کیں [۱] جو فتحِ مکہ سے پہلے ایمان لائے [۲] جو فتحِ مکہ کے بعد مومن ہوئے۔ پھر اِن سب کے بارے میں فرمایا:

- وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى[2] ترجمہ: سب سے اللہ نے بھلائی اور جنت کا وعدہ فرما لیا۔

ساتھ ہی یہ بھی ارشاد فرمایا:

- وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ۔ اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ تم کروگے۔ جب اللہ عزوجل نے اُن کے تمام اَعمال [کام] جانتے ہوئے اُن کے لیے جنت بے عذاب اور خوب خوب ثواب کا وعدہ فرما لیا تو دوسرے کو کیا حق پہنچتا ہے کہ اُن پر تنقید کرے اور زبانِ طعن دراز کرے؟

**سوال:** حضرت شیرِ خدا مولا علی اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہما کے مابین ''ہونے والی جنگ'' میں ''کون'' حق پر تھا؟

**جواب:** اِس سلسلے میں علمائے اہلِ سنت کا مَوْقِف یہ ہے کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے امیر المومنین مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے خلاف جو کچھ بھی صادر ہوا، وہ اُن کی ''خطائے اجتہادی'' تھی۔ حق ''مولائے کائنات علی شیرِ خدا رضی اللہ عنہ'' کے ساتھ تھا۔[3] اِس سلسلے میں اِس سے زیادہ کہنے کی کچھ بھی گنجائش نہیں۔

**سوال:** حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو شہید کروانے والے ''یزید'' کے بارے میں ہمیں کیسا عقیدہ رکھنا چاہیے؟

**جواب:** یزید کو کافر کہنے اور اُس پر لعنت بھیجنے کے سلسلے میں علمائے اہلِ سنت کے تین قول ہیں۔ ہمارے امامِ اعظم سیدنا ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ''اُس کے فِسق و فجور'' کو تسلیم کرتے ہوئے، اُس کے ''کفر و ایمان کے سلسلے میں'' سکوت فرماتے ہیں، یعنی نہ اُسے کافر کہتے ہیں نہ مومن؛ مگر تمام اہلِ سنت کا اِس بات پر اتفاق ہے کہ وہ ''نہایت پلید، سخت فاسق، انتہائی بدکردار اور بڑے بڑے گناہوں کا دِل دَادَہ'' تھا۔

---

[1] سورۂ اعراف، آیت نمبر: ۴۳
[2] سورۂ حدید، آیت نمبر: ۱۰
[3] ملخصاً از بہار شریعت، حصۂ اول، امامت کا بیان

- اُسی خبیث نے ''حضرت سیدنا امام حسین، آپ کے اہلِ بیت اور آپ کے ساتھیوں کو'' کو میدانِ کربلا میں نہایت بے دردی کے ساتھ ''شہید'' کرایا۔ اُسی مردود نے حرمینِ شریفین پر حملہ کروا کر اُن کی حرمتوں کو پامال کرایا۔

**سوال:** حضور ﷺ کے ''اہلِ بیت اطہار'' کے بارے میں ہمیں کیسا عقیدہ رکھنا چاہیے؟

**جواب:** اہلِ بیتِ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین، ہم اہلِ سنت و جماعت کے مقتدیٰ و پیشوا ہیں، اِن سے دل و جان سے محبت کرنا عینِ ایمان ہے؛ کیوں کہ اِن نفوسِ قدسیہ سے محبت کیے بغیر نہ اللہ عزوجل کی رضا حاصل ہوسکتی، نہ رسولُ اللہ ﷺ کی محبت۔ جو اِن سے محبت نہ رکھے وہ ملعون، مردود اور بدترین خارجی ہے۔ اِن کی طہارت و پاکیزگی کی گواہی خود قرآنِ عظیم نے دی ہے۔ ارشادِ ربانی ہے:

- اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَیْتِ وَیُطَهِّرَكُمْ تَطْهِیْرًا ۔[1]

ترجمہ: اے نبی کے گھر والو! اللہ یہی چاہتا ہے کہ تم سے ہر قسم کی گندگی کو دور کردے اور تمھیں کامل طور پر پاکیزہ کردے۔

- اہلِ بیت میں حضور ﷺ کی ''پاکیزہ اولاد، مقدس بیویاں اور داماد'' سبھی داخل ہیں۔ سب سے محبت کرنا لازم وضروری ہے، کسی ایک سے بھی بغض رکھنا ہلاکت خیز اور جہنم میں جانے کا سبب ہے۔

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** ''طلاقِ اَحسن، طلاقِ حَسَن اور طلاقِ بِدعی'' کی وضاحت فرمائیں۔

**جواب:** جہاں تک ہو سکے طلاق دینے سے بچے، بات بنانے کی کوشش کرے اور اِس سلسلے میں علمائے کرام سے رجوع کرے؛ لیکن اگر طلاق کے سوا کوئی چارۂ کار نہ ہو تو مرد کو چاہیے کہ ''طلاقِ اَحسن'' دے۔ یعنی اُسے طہر [پاکی کے زمانے] میں جماع کیے بغیر ایک طلاقِ رجعی دے کر چھوڑ دے یہاں تک کہ عدت گزر جائے۔ یہ طلاق دینے کا سب عمدہ طریقہ ہے۔ یہ نہ ہو سکے تو ''طلاقِ حسن'' دے یعنی اُسے تین طہر میں وطی کیے بغیر تین طلاقیں دے۔ یہ طریقہ بھی مسنون ہے۔

- اِن دونوں طلاقوں میں میاں بیوی دونوں کو غور و فکر کرنے کا کافی موقع مل جاتا ہے اور ایک دو دن میں غصے کی آگ بھی ٹھنڈی پڑ جاتی ہے، اِس لیے اگر طلاق کے مذکورہ طریقے اختیار کیے جائیں تو یقیناً رجعت کے اسباب پیدا ہوں گے اور کئی زندگیاں تباہ ہونے سے بچ جائیں گی۔

''طلاقِ بدعی'' یہ ہے کہ ایک طہر میں دو یا تین طلاقیں دے، تین دفع میں، یا دو دفع میں، یا ایک ہی دفع میں۔ یہ طلاق اگرچہ انتہائی قبیح ہے؛ مگر طلاق بہر حال واقع ہوجائے گی۔ **افسوس!** کہ آج کا مسلمان طلاق دینے کے اِسی قبیح

---

[1] سورۂ احزاب، آیت نمبر: ۳۳

[برے] طریقے کو اختیار کر کے اپنی زندگی کے ساتھ، اپنے اہل وعیال کی زندگی کو بھی جہنم بنا رہا ہے۔

**سوال:** ایک اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ اسلام نے عورت کو طلاق دینے کا اختیار کیوں نہیں دیا؟ اِس کی توضیح فرما دیں!

**جواب:** اللہ رب العزت کے ہر حکم میں بے شمار حکمتیں ہیں، ہماری سمجھ میں آئیں خواہ نہ آئیں۔ عورتوں کو طلاق کا اختیار نہ دینے میں بھی اُس کی حکمتِ بالغہ کار فرما ہے۔ ہم اپنی ناقص فہم کے مطابق چند جوابات دیتے ہیں:

- عورت کو فطری طور پر غصہ بہت جلد آتا ہے، وہ غصے کے وقت، بے قابو ہو کر، انجام کی فکر کیے بغیر بہت سے ایسے فیصلے کر لیتی ہے جو اُس کے لیے سخت نقصان دِہ ثابت ہوتے ہیں۔ اگر اُسے طلاق کا حق دے دیا جاتا تو طلاق کی شرح اُس سے کئی گنا زیادہ ہوتی جو آج ہے اور نہ جانے کتنے گھر تباہ و برباد ہو جاتے؛ کیوں کہ عام طور پر یہی دیکھا جاتا ہے کہ شوہر عورت کی ضد اور اُس کے مطالبے پر طلاق دیتا ہے۔
- مرد کے مقابلے میں عورت کی فیصلہ کرنے کی طاقت کمزور اور کم ہوتی ہے، خاص طور پر ماہواری کے دنوں میں اُس کی کیفیت غیر ہو جاتی ہے اور اُس کے مزاج میں کافی چڑ چڑا پن آ جاتا ہے۔ اِس لیے اگر اُسے طلاق کا اختیار دیا جاتا تو وہ طلاق دینے میں بہت جلد بازی سے کام لیتی اور نہ جانے کتنے ہنستے کھیلتے آباد گھر ویران ہو جاتے۔
- اسلام نے بیوی کے تمام اخراجات مردوں پر لازم کیے ہیں۔ بیوی پر شوہر کی خدمت وطاعت کے سوا کچھ بھی لازم نہیں کیا؛ بلکہ شوہر کی جانب سے مہر کی شکل میں اُس کے لیے ایک لمبی رقم کا بھی انتظام کیا ہے۔ یہ بات بدیہی ہے کہ جو شخص اپنی دولت خرچ کر کے کسی چیز کو حاصل کرتا ہے وہ اُسے آخری حد تک اپنے پاس رکھنے اور بچانے کی کوشش کرتا ہے۔ اِس کے برخلاف حقوقِ زوجیت کو قائم کرنے میں نہ ہی عورت کو محنت کرنی پڑتی ہے اور نہ ہی سرمایہ خرچ کرنا پڑتا ہے۔ اِس لیے اگر طلاق کی باگ ڈور عورت کے ہاتھ میں دے دی جاتی تو وہ طلاق دینے میں زیادہ غور وفکر نہ کرتی؛ بلکہ جب بھی اُس کی مرضی کے خلاف کوئی کام ہوتا وہ شوہر کو طلاق دے کر، اُسے ٹھینگا دکھا کر فوراً اپنے میکے چلی جاتی۔
- اسلام نے طلاق کا اختیار مردوں کو دے کر عورتوں کو بہت سی دشواریوں سے بچا لیا ہے؛ کیوں کہ طلاق کا اختیار اگر عورت کو ہوتا تو شوہر نکاح سے چھٹکارا پانے کے لیے بیوی پر ظلم کرتا۔ بیوی سے طلاق ملنے کے بعد سوسائٹی میں خود کو مظلوم اور بیوی کو ظالم ثابت کرتا اور یہ کہتا پھرتا کہ میں تو اُس کے ساتھ رہنا چاہتا تھا؛ لیکن اُس نے میری ایک نہ سنی اور مجھے طلاق دے دی۔ اس لیے اسلام نے عورت کو طلاق کا اختیار نہیں دیا؛ تاکہ عورت کو ظالم بنا کر پیش نہ کیا جا سکے۔
- حاصلِ کلام یہ کہ اسلام کے نظامِ طلاق میں بے شمار حکمتیں اور انسانیت کے فائدے ہی فائدے ہیں، بالخصوص قدم قدم پر عورتوں کی عزت وحرمت کا پاس ولحاظ رکھا گیا ہے۔

تیسری فصل | اَخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب | تفہیم

**سوال:** ''اَمرٌ بِالْمَعْرُوف وَنَہْی عَنِ الْمُنْکَر'' سے کیا مراد ہے؟ اور اِس کا حکمِ شرعی کیا ہے؟

**جواب:** ''اَمرٌ بِالْمَعْرُوف'' کا معنیٰ ہے ''نیکی کا حکم دینا'' یا ''نصیحت کرنا'' اور ''نَہْی عن الْمُنْکَر'' کا معنیٰ ہے ''برائی سے منع کرنا''۔ امر بالمعروف کی چند صورتیں ہیں، ہر صورت کا حکم الگ ہے۔ تفصیل ملاحظہ فرمائیں!

- اگر ظنِّ غالب ہو کہ لوگ نصیحت کو قبول کر کے برائی سے رُک جائیں گے تو نصیحت کرنا واجب ہے۔
- اگر ظنِّ غالب ہو کہ نصیحت کرنے پر لوگ گالی گلوچ یا لڑائی جھگڑا کریں گے تو خاموش رہنا افضل ہے۔
- اور اگر جانتا ہے کہ لوگ نہ ہی نصیحت قبول کریں گے اور نہ ہی مار پیٹ کریں گے تو نصیحت کرنے یا نہ کرنے کا اختیار ہے۔

''برائی کو دیکھنے والے'' پر برائی سے روکنا واجب ہے اگرچہ خود اُس میں مبتلا ہو؛ کیوں کہ شریعت نے ''برائی سے بچنا'' اور دوسروں کو ''برائی سے بچانا'' ہر مومن کے لیے لازم قرار دیا ہے، تو ایک واجب کے ترک ہو جانے سے دوسرے واجب سے بری الذمہ نہیں ہو گا۔[۱]

**سوال:** امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی ''فضیلت و اہمیت'' بیان کریں!

**جواب:** اِس کی فضیلت و اہمیت متعدد روایتوں سے ثابت ہے۔ چند روایتیں ملاحظہ فرمائیں! اللہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- جو شخص کوئی بات خلافِ شرع دیکھے تو اُسے اپنے ہاتھ سے روک دے، اگر ہاتھ سے روکنے کی طاقت نہ ہو تو زبان سے منع کرے اور اگر زبان سے بھی منع کرنے کی قدرت نہ ہو تو دل سے بُرا جانے اور یہ سب سے کمزور ایمان ہے۔[۲]
- جب لوگ خلافِ شرع کوئی بات دیکھیں اور [قدرت کے باوجود] اُسے نہ مٹائیں تو عن قریب خداے تعالیٰ اُنھیں اپنے عذاب میں مبتلا فرمائے گا۔[۳]
- مَیں نے معراج کی شب دیکھا کہ کچھ لوگوں کے ہونٹ آگ کی قینچیوں سے کاٹے جا رہے ہیں۔ دریافت کرنے پر جبریلِ اَمین نے بتایا کہ یہ آپ کی امت کے خطیب اور واعظ ہیں جو لوگوں کو نیکی کی ہدایت کرتے تھے اور اپنے آپ کو بھول جاتے تھے، یعنی خود نیک کام نہیں کرتے تھے۔[۴]

**سوال:** ''کسی نیکی پر خود عمل نہ کرنے والا'' کیا کسی شخص کو اُس نیکی کی دعوت دے سکتا ہے؟

**جواب:** جی! بالکل دے سکتا ہے؛ بلکہ دینا چاہیے! اِسی طرح فعلِ حرام میں مبتلا شخص، دوسرے کو اُس فعلِ حرام سے منع کر سکتا ہے۔[۵]

---

[۱] ملخصاً از انوار الحدیث، ص: ۳۷۹۔ ۳۸۰ [۲] الصحیح للامام مسلم، ج: ۱، ص: ۵۱ [۳] السنن للامام ابن ماجہ، ج: ۲، ص: ۲۸۹
[۴] مشکاۃ المصابیح، ص: ۴۳۸ [۵] اشعۃ اللمعات، ج: ۴، ص: ۱۷۳

- آج ہمارے معاشرے میں مختلف قسم کی برائیوں نے ڈیرا ڈال لیا ہے، اِس کی اصل وجہ یہ ہے کہ سب نے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو مکمل ترک کر دیا ہے۔ اگر ہر مومن کے اندر اپنے دینی بھائیوں کی اصلاح کا جذبۂ صادق پیدا ہو جائے تو بہت جلد برائیوں کا خاتمہ ہوگا اور ہر طرف نیکیوں کی خوش بو پھیل جائے گی۔

اللہ رب العزت ہمیں، تمام مسلمانوں کو ''نیکیوں کی نصیحت کرنے'' اور ''برائیوں سے روکنے'' کی توفیق مرحمت فرمائے۔ آمین۔

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم — تفہیم

**سوال:** ''حَجَّۃُ الْوَدَاع'' کے بارے میں ہمیں کچھ بتائیں!

**جواب:** سَن ۱۰ھ کے واقعات میں ''حَجَّۃُ الْوَدَاع'' کا واقعہ سب سے اہم اور شان دار مانا جاتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ ظاہری کا آخری اور ہجرت فرمانے کے بعد کا پہلا حج ''حَجَّۃُ الْوَدَاع'' کہلاتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ماہِ ذوالقعدہ ۱۰ھ میں حج کے لیے ''اپنی روانگی'' کا اعلان فرمایا۔ یہ خبر بجلی کی طرح سارے عرب میں ہر طرف پھیل گئی اور ''اپنے آقا و مولا کے ساتھ حجِّ بیت اللہ کی سعادت حاصل کرنے کے لیے'' پورا عرب اُمنڈ پڑا۔

- ماہِ ذوالقعدہ کے آخر میں، جمعرات کے دن، غسل سے فارغ ہو کر، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز ''مسجدِ نبوی'' میں ادا فرمائی اور تمام ازواجِ مطہرات کو ساتھ لے کر ''مدینۂ منورہ'' سے روانہ ہوئے۔ ''ذُوالْحُلَیْفَہ'' [اہلِ مدینہ کی میقات] پہنچ کر رات بھر قیام فرمایا، پھر غسل فرما کر ''اِحْرَام'' زیبِ تن کیا اور دو رکعت نماز ادا فرما کر اپنی اونٹنی ''قَصْوَآء'' پر سوار ہوئے اور بلند آواز سے ''لَبَّیْک'' پڑھتے ہوئے جانب مکہ روانہ ہوئے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے، پیچھے، دائیں اور بائیں آدمیوں کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر دکھائی دے رہا ہے۔
- ایک روایت کے مطابق ایک لاکھ چَودہ ہزار اور دوسری روایت کے مطابق ایک لاکھ چوبیس ہزار مسلمان ''حَجَّۃُ الْوَدَاع'' کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ چار ذوالحجہ کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکۂ مکرمہ میں نزولِ اجلال فرما کر ''عُمْرَہ'' ادا فرمایا۔ پھر آٹھویں ذوالحجہ جمعرات کو ''مِنیٰ'' تشریف لے گئے۔ وہاں پانچ نمازیں ''ظہر، عصر، مغرب، عشا، فجر'' ادا فرما کر، نویں ذوالحجہ جمعہ کو ''عَرَفَات'' تشریف لے گئے، جہاں آپ نے قیامت تک آنے والے تمام انسانوں کے لیے نہایت فصیح و بلیغ ''خطبہ'' ارشاد فرمایا۔

- خطبے کے بعد ایک اَذان اور دو اِقامتوں کے ساتھ نمازِ ظہر اور عصر ادا فرمائی ، پھر جبلِ رحمت کے نیچے غروبِ آفتاب تک دعا میں مشغول رہے ۔ اِس کے بعد "مُزْدَلِفَہْ" کو شرفِ قدوم بخشا، یہاں ایک اذان اور دو اقامتوں کے ساتھ "مغرب اور عشا" کی نمازیں ادا فرمائیں ۔ پھر "رمیِ جمرات، طوافِ زیارت اور حلق" سے فارغ ہو کر حج کی تکمیل فرمائی۔[1]

**سوال:** حجۃ الوداع کے "خطبے" میں آپ ﷺ نے کیا کیا باتیں ارشاد فرمائیں!

**جواب:** حجۃ الوداع کے خطبے میں آپ ﷺ نے :

- زمانۂ جاہلیت کی تمام بے ہودہ رسموں کے خاتمے کا اعلان فرمایا۔
- خاندانی تفاخر اور رنگ و نسل کی برتری کے بتوں کو پاش پاش کیا۔
- تقویٰ کے بغیر کسی عربی کو کسی عجمی پر اور کسی گورے کو کسی کالے پر برتری حاصل نہ ہونے کی بات کہی۔
- تمام انسانوں کے حقوق بیان کرتے ہوئے ہمیشہ کے لیے قتل و غارت گری اور لوٹ مار کو حرام قرار دیا۔

**سوال:** حضور ﷺ کی "وفاتِ اقدس" کا واقعہ کس دن اور تاریخ میں پیش آیا؟

**جواب:** حضور ﷺ کی تاریخِ وفات میں مورِّخین کا بڑا اختلاف ہے، البتہ تمام علماے سیرت کا اِس بات پر اتفاق ہے کہ "پیر کا دن" اور "ربیع الاول" کا مہینہ تھا؛ لیکن مشہور یہی ہے کہ ۱۲ / ربیع الاول ۱۱ ھ دوشنبہ کے دن آپ ﷺ نے وصال فرمایا۔[2] واللہ تعالیٰ اعلم۔

**سوال:** حضور ﷺ کی "تجہیز و تکفین اور نمازِ جنازہ" کے بارے میں بتائیے!

**جواب:** حضور ﷺ کی وصیت کے مطابق "تجہیز و تکفین کی خدمت" آپ کے خاندان کے لوگوں نے انجام دی۔ چناں چہ حضرت "فضل بن عباس، حضرت قثم بن عباس، حضرت علی، حضرت عباس، حضرت اسامہ" رضی اللہ عنہم نے مل جُل کر آپ کو غسل دیا۔ جب جنازہ تیار ہوا تو عاشقانِ رسالت نمازِ جنازہ کے لیے ٹوٹ پڑے، پہلے مردوں نے، پھر عورتوں نے، پھر بچوں نے نماز پڑھنے کی سعادت حاصل کی۔ آپ ﷺ کا جسمِ نور "حجرۂ مقدسہ" میں تھا، باری باری سے تھوڑے تھوڑے لوگ اندر جاتے اور نماز پڑھ کر چلے آتے تھے؛ امام کوئی نہ تھا۔

- حضرت "ابو طلحہ انصاری" نے "بغلی قبر" تیار کی اور اہلِ بیتِ کرام نے قبرِ انور میں اتارا۔[3]

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ۔

---

[1] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۴۱۷ تا ۴۲۱ [2] سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۴۳۲
[3] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص ۴۳۵ - ۴۳۶

## پانچویں فصل — رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اَخلاقِ حَسَنہ — تفہیم

**سوال:** حضور شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وسلم کی "شانِ اِستغفار وتوبہ" کو بیان کیجیے!

**جواب:** رسولِ پاک صاحبِ لولاک صلی اللہ علیہ وسلم، ربُّ العالمین کی بارگاہِ اقدس میں سب سے اُونچا مقام رکھنے کے باجود دن میں بار بار "توبہ واستغفار" کیا کرتے تھے۔ امام بخاری کی روایت کے مطابق ایک دن میں ستر دفعہ اور امام طبرانی کی روایت کے مطابق ایک دن میں سَو مرتبہ استغفار کیا کرتے تھے۔ سیدنا امام احمد بن حنبل سندِ صحیح کے ساتھ یہ روایت نقل کرتے ہیں:

- سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْتَغْفِرُكَ مَا قَدَّمْتُ وَمَآ اَخَّرْتُ وَمَآ اَسْرَرْتُ وَمَآ اَعْلَنْتُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

ترجمہ: میں نے رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اے اللہ! میں مغفرت طلب کرتا ہوں تجھ سے، جو میں نے پہلے کیا اور جو بعد میں کیا، جو میں نے چھپ کر کیا اور جو اعلانیہ کیا۔ تو ہی ہر چیز کو اپنے مقام پر رکھنے والا ہے اور تو ہر چیز پر قادر ہے۔

- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اِس دعا میں اپنی امت کو استغفار کا طریقہ سمجھایا ہے۔

حضرت امام مسلم رضی اللہ عنہ نے اپنی صحیح میں حضرت اغر رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

- اے لوگو! اللہ عزوجل کی بارگاہِ اقدس میں توبہ کیا کرو! مَیں ہر روز اللہ عزوجل سے سَو مرتبہ توبہ کرتا ہوں۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا: ایک روز آقائے دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا:

- اے حذیفہ! اللہ تعالیٰ سے بخشش طلب کرنے میں تم کیوں سستی کا مظاہرہ کرتے ہو۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے، آپ نے فرمایا: میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو اِس طرح استغفار کرتے ہوئے دیکھا:

- اَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ قَبْلَ اَنْ يَّقُوْمَ مِنَ الْمَجْلِسِ مِائَةً۔

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ سے استغفار کرتا ہوں، کہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں، جو خود ہمیشہ سے ہے ہمیشہ رہے گا اور کائنات کی ہر چیز کو زندہ رکھنے والا ہے۔ میں اُس کی جناب میں توبہ کرتا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجلس برخواست ہونے سے پہلے سَو مرتبہ توبہ فرماتے۔[1]

**سوال:** جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم معصوم؛ بلکہ سید المعصومین ہیں تو "توبہ واستغفار" کا کیا مطلب؟

**جواب:** اِس کے کئی جوابات دیے گئے ہیں، چند جواب ملاحظہ فرمائیں!

---

[1] ملخصاً از ضیاء النبی، ج: ۵، ص: ۴۰۰-۴۰۱

- حضور رحمتِ عالم ﷺ کثرت کے ساتھ اس لیے استغفار فرمایا کرتے تھے؛ تاکہ حضور ﷺ کی امت کو توبہ کا سلیقہ آجائے، وہ اِس مبارک سنت کو اختیار کرے اور کوئی بھی امتی توبہ و استغفار سے غفلت نہ برتے۔
- حضور ﷺ تو یقیناً ہر قسم کے گناہوں سے معصوم تھے، آپ ﷺ اپنی امت کے گناہوں کے لیے استغفار فرمایا کرتے تھے۔
- جو بندہ رب تعالیٰ سے جتنی محبت کرتا ہے، اُتنی ہی کثرت کے ساتھ استغفار کرتا ہے۔ حضور ﷺ کا ہر لمحہ توبہ و استغفار میں مصروف رہنا درحقیقت ہر لمحہ اللہ تعالیٰ کی محبت میں اضافے کی التجا ہے۔
- اللہ ربُّ العزت اپنے محبوب حضور شفیع المذنبین ﷺ کے طفیل ہم گنہ گار امتیوں کو "سچی توبہ کرنے کی توفیق مرحمت فرمائے"۔ آمین۔

## چھٹی فصل — گوشۂ اہلِ بیتِ اَطہار علیٰ نبینا وعلیہم الصلاۃ والسلام — تفہیم

**سوال:** "ام المومنین حضرت سیدتنا صفیہ" رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا مختصر تعارف پیش فرمائیں!

**جواب:** آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اصلی نام "زینب" تھا؛ مگر رسول اللہ ﷺ نے بدل کر "صَفِیَّہ" کر دیا۔ یہ، یہودیوں کے قبیلے "بنو نَضیر" کے سب سے بڑے سردار "حُیَیّ بن اَخطب" کی بیٹی ہیں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا خاندانِ بنی اسرائیل میں سے، حضرت سیدنا موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام کے بھائی حضرت سیدنا ہارون علیہ السلام کی اولاد میں سے ہیں۔ اِن کا شوہر "کِنانہ" جنگِ خیبر میں قتل ہوگیا تھا۔[1]

**سوال:** حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کس طرح "رسول اللہ ﷺ کے نکاح" میں آئیں؟

**جواب:** جنگِ خیبر کے بعد، حضرتِ صفیہ سمیت جب تمام جنگی قیدی جمع کیے گئے تو حضرتِ دِحیہ کلبی رضی اللہ عنہ نے آقائے کریم ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں حاضر ہو کر ایک باندی کا مطالبہ کیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جس باندی کو لینا چاہو لے لو۔ اُنھوں نے حضرتِ صفیہ کا اِنتخاب کیا۔ ایک صحابی نے عرض کی: **یا رسول اللہ!** صفیہ شہزادی ہیں، اِن کے خاندانی اِعزاز کا تقاضا یہ ہے آپ اِنھیں منتخب فرما کر اَزواجِ مطہرات میں شامل فرمالیں۔

- حضور ﷺ نے اپنے صحابی کے مشورے کو قبول فرمایا اور حضرتِ صفیہ کو، حضرتِ دحیہ کلبی سے لے کر اُنھیں ایک دوسری باندی عطا فرمائی، پھر حضرتِ صفیہ کو آزاد فرما کر اُن سے نکاح فرمالیا اور اُنھیں "ام المومنین" کے گراں قدر لقب سے مشرَّف فرمایا۔[2]

---

[1] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۶۸۱ [2] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۶۸۲

**سوال:** حضرتِ صفیہ رضی اللہ عنہا کی ''فضیلت'' پر کوئی ایک حدیثِ پاک پیش کریں!

**جواب:** جامع ترمذی کے اندر روایت موجود ہے کہ

- ایک مرتبہ حضور ﷺ نے حضرتِ صفیہ کو روتے ہوئے دیکھ کر، رونے کا سبب دریافت کیا۔ اُنھوں نے کہا: **یا رسول اللہ!** حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ نے کہا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں ہم تم سے زیادہ عزت دار ہیں؛ کیوں کہ ہمارا خاندان رسول اللہ ﷺ کے خاندان سے ملتا ہے۔ یہ سن کر حضور رحمتِ عالَم ﷺ نے فرمایا: تم نے اُن سے یہ کیوں نہ کہہ دیا کہ
- تم دونوں مجھ سے بہتر بھلا کیسے ہوسکتی ہو۔ میرے باپ حضرت ہارون علیہ السلام ہیں، میرے چچا حضرتِ موسیٰ علیہ السلام ہیں اور میرے شوہر حضرت محمد ﷺ ہیں۔[1]
- ۵۲ ہجری میں ساٹھ برس کی عمر میں آپ رضی اللہ عنہا کا وصال ہوا اور مدینۂ منورہ کے مشہور قبرستان جنت البقیع میں سپردِ خاک کی گئیں۔[2]

## زیادہ ہنسی دل کو مردہ کردیتی ہے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: إِتَّقِ الْمَحَارِمَ تَكُنْ أَعْبَدَ النَّاسِ وَارْضَ بِمَا قَسَمَ اللهُ لَكَ تَكُنْ أَغْنَى النَّاسِ وَأَحْسِنْ إِلَى جَارِكَ تَكُنْ مُؤْمِنًا وَأَحِبَّ لِلنَّاسِ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ تَكُنْ مُسْلِمًا وَلَا تُكْثِرِ الضَّحِكَ فَإِنَّ كَثْرَةَ الضَّحِكِ تُمِيتُ الْقَلْبَ۔

(الجامع للامام الترمذی، ج:۲، کتاب الزھد، رقم الحدیث:۲۴۷۶)

**ترجمہ:** حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: حرام کاموں سے بچو، سب سے بڑے متقی ہوجاؤ گے۔ جو اللہ نے دے دیا اس پر راضی ہوجاؤ، سب سے زیادہ غنی و بے نیاز ہوجاؤ گے۔ پڑوسی کے ساتھ حسن سلوک کرو، مومن کامل ہوجاؤ گے۔ جو اپنے لیے پسند کرو وہی دوسروں کے لیے پسند کرو، پکے مسلمان بن جاؤ گے۔ بہت زیادہ مت ہنسو، کیوں کہ اس سے دل مردہ ہوجاتا ہے۔

---

[1] الجامع للامام الترمذی، کتاب المناقب، باب فضل ازواج النبی ﷺ، رقم الحدیث: ۴۷۴

[2] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ٦٨٤

ساتویں فصل — سُوَرِ قُرآنِ کَرِیم — تحفیظ

## سُوْرَةُ اللَّيْلِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ اِحْدٰى وَعِشْرُوْنَ اٰيَةً

سورۂ لیل مکی ہے، اِس میں اِکیس آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۝ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ۝

ترجمہ: اور رات کی قسم جب وہ [دن] کو چھپالے ۝ اور دن کی قسم جب وہ روشن ہو ۝ اور اُس ذات کی قسم جس نے نَر اور مادہ کو پیدا کیا ۝

اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ۝ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ۝ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۝

بے شک تمھاری کوشش ضرور مختلف ہے ۝ پس جس نے [اللہ کی راہ میں] دیا اور اللہ سے ڈر کر گناہوں سے بچتا رہا ۝ اور نیک باتوں کی تصدیق کرتا رہا ۝

فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ۝ وَاَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ۝ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۝

پس عن قریب ہم اُس کو آسانی [جنت] مہیا کریں گے ۝ اور جس نے بخل کیا اور اللہ سے بے پرواہ رہا ۝ اور نیک باتوں کی تکذیب کی ۝

فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ۝ وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗۤ اِذَا تَرَدّٰى ۝

پس عن قریب ہم اُس کو دشواری [دوزخ] مہیا کریں گے ۝ اور جب وہ ہلاکت کے گڑھے میں گرے گا تو اُس کا مال اُس کے کسی کام نہ آئے گا ۝

اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ۝ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ۝ فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى ۝

بے شک سیدھا راستہ دکھانا ضرور ہمارے ذمۂ کرم پر ہے ۝ بے شک آخرت اور دنیا کے ہم ہی مالک ہیں ۝ میں تم کو بھڑکتی ہوئی آگ سے ڈراتا ہوں ۝

لَا يَصْلٰىهَاۤ اِلَّا الْاَشْقَى ۝ الَّذِيْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝

اُس [آگ] میں صرف بڑا بدبخت ہی جھونکا جائے گا ۝ جس نے حق کی تکذیب کی اور اُس سے پیٹھ پھیری ۝

وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ۝ الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ۝

اور عن قریب اُس دوزخ سے سب سے بڑے پرہیزگار کو دور رکھا جائے گا ۝ جو اپنا مال اپنے باطن کو پاک کرنے کے لیے دیتا ہے ۝

وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰۤى ۝ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ۝

اور اُس پر کسی کا کوئی [دنیاوی] احسان نہیں جس کا بدلہ دیا جائے ۝ مگر اُس کا مال دینا صرف اپنے ربِّ اعلیٰ کی رضاجوئی کے لیے ہے ۝

وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ۝

اور عن قریب اُس کا رب ضرور راضی ہوگا ۝

### تَمَّتْ بِالْخَيْرِ

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّاۤ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَتُبْ عَلَيْنَاۤ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

اٰمِيْن يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ بِجَاهِ حَبِيْبِكَ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ



دارالعلوم محبوب سبحانی کی کہانی تصویروں کی زبانی۔۔۔
دارالعلوم محبوب سبحانی



دارالافتاء



حافظ ملّت دارالمطالعہ



مزارِ ساحلِ ملّت علیہ الرحمہ



امام احمد رضا لائبریری


ساحلِ ملّت کمپیوٹر لیب




**SHOBA-E-ISHA'AT DARUL ULOOM MEHBOOB-E-SUBHANI**

Kurla West, Mumbai